(۱۰۴۴ھ/ ۱۶۳۴ء) تک وہاں آباد تھا، لیکن اب گنزیٹیر وغیرہ میں اس کا اندراج نہیں مل سکا۔

۴۵/۷۔۸ تا آ نکہ درسال نہصد ونودوہفت (۹۹۷ھ) ہمراہ نواب خانِ خانان مرحوم بہ مہم تہتہ نامزد شدند.....

یہاں حضرت مولف (خواجہ کلاں) کو تعین سنہ میں قدرے سہو ہوا ہے جیسا کہ انہی تعلیقات میں ہم لکھ چکے ہیں (۴۰/۶۔۷) کہ خان خانان کو ۹۹۹ھ میں یہ مہم سپرد کی گئی تھی، البتہ یہ ممکن ہے کہ آپ اس سے پہلے ہی (۹۹۷ھ) کو خانِ خانان سے متوسل رہے (تاریخ اکبری، تعلیقات: ۲۷۳) نواب غازی خان نے خواجہ حسام الدین احمد کو اپنی وفات ۹۹۲ھ کے وقت خانِ خانان کے سپرد کر دیا تھا۔ (مآثر رحیمی: ۳/۲۰)

۴۵/۱۲۔۱۳ اکبر بادشاہ امثالِ ما امراءزادہاء الوس چغتی را در رنگ انگشتانِ دست خود خیال می کرد

اکبر بادشاہ آپ سے اور آپ کے والد نواب غازی خان سے بہت محبت رکھتا تھا، جب نواب غازی خان کی وفات کی اطلاع (۹۹۲ھ) کو اسے ملی تو اکبر "ہموارۂ چشم گریاں و دلِ تفسیدہ داشتے" (اکبرنامہ: ۳/۴۳۶)

اس لئے ممکن نہیں تھا کہ اکبر خواجہ حسام الدین احمد کی ملازمت سے علیحدگی قبول کرتا ناچار آپ نے "وضع سودائی" اختیار کرنے کا فیصلہ کرلیا، استخارہ سے بھی یہی معلوم ہوا ناچار آپ نے یہی طریقہ اختیار کیا خانِ خانان نے آپ کو سمجھانے کی بہت کوشش کی لیکن بے سود آخر اس

Marfat.com

نے اس امر کی اطلاع بادشاہ کو دے دی۔

۴۷/۴-۶ اکبر پادشا تحقیق احوال آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) را بہ نواب شیخ ابولفضل..... کہ قرابتی با آنحضرت نیز داشت حوالہ فرمود

ابوالفضل نے آپ کو اپنے پاس بلا کر نرمی اور سختی دونوں طرح سے سمجھانے کی کوشش کی لیکن بے سود، بادشاہ نے آخر آپ کی علیحدگی منظور کر لی جس پر آپ نے شکر کے سجدات کئے،

ابوالفضل آپ کا برادر نسبتی تھا یعنی اس کی بہن کی شادی خواجہ حسام الدین احمد سے ہوئی تھی، وہ آخر وقت تک آپ کو واپس لانے کی فکر میں رہا اور سختی کرتا رہا، ہم نے ان امور کی تفصیلات کتاب حاضر کے مقدمہ میں دی ہیں۔

۴۷/۱۵-۱۶ جناب سیادت مآب میر محمد زاہد کہ از یاران ہم پرّہ آنحضرت اند نقل می کردند.....

میر سید محمد زاہد ہروی حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ کے خلیفہ اور خواجہ حسام الدین احمد کے تربیت یافتہ تھے، احوال کے لئے کتاب حاضر کا لاحقہ اور اس پر ہمارے تعلیقات ملاحظہ کریں۔

۴۸/۵-۷ بخاطر مقدس ایشاں گذشت کہ از اہل حقوق بہلی طلبند و بار خدمت و حق گذاری آں جماعت را از دوش ہمت خود ساقط نمایند ..... پس نخست آنحضرت بہ ولدہاء خود رجوع نمودند و گشتہ بہلی کردند.....

خواجہ حسام الدین احمد کے دو فرزند تھے اول خواجہ جمال الدین حسین دوم خواجہ سراج الدین محمد اور دو بیٹیاں تھیں، فرزند اول جہانگیر کے منصب داروں میں شامل تھے اور فرزند دوم کو مدت کے بعد منصب

Marfat.com

ملا تھا، سب سے چھوٹی بیٹی کم سنی میں فوت ہوگئیں اور بڑی بیٹی میرابراہیم حسین سے منسوب تھیں (زادالمعاد، تعلیقات مابعدرک مقدمہ کتاب حاضر)۔

۴۸/۱۰۔۱۲ بوالدۂ فرزندانِ خودحضرت عفت قباب..... بی بی فاطمہ کہ درعلو ہمت استعداد مقارن ومعاون آنحضرت بودند

یعنی آپ کی زوجۂ محترمہ بی بی فاطمہ بنت ملا مبارک ناگوری وہمشیرۂ ابوالفضل وفیضی تھیں ان کوآپ نے پیغام بھیجا کہ میں نے دنیا ترک کردی ہے اگر میرے ساتھ فقروفاقہ کی زندگی بسر کرنی ہوتو چلی آؤ، ورنہ تم اپنے بھائیوں کے پاس جاسکتی ہو، لیکن وہ بھی حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کی عقیدت مند تھیں اس راہِ فقر میں ساتھ دینے کا عہد کرلیا، (رک مقدمہ کتاب حاضر)

۴۹/۷۔۱۱ ہمدراں ضمن حضرت خواجہ بیرنگ (باقی باللہ) باشارۂ روحِ مقدس خواجہ احرار..... از دہلی احرام سمرقند بستہ بہ لاہور رسیدند ودراں شہر معظم برآنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) شرف دیدار مبارک حضرت خواجہ دست دادو.....

یہاں حضرت خواجہ باقی باللہ کے آخری سفر ماوراء النہر کی طرف اشارہ ہے جو ۱۰۰۵۔۱۰۰۶ھ کو ہوا، اس سے قبل خواجہ حسام الدین احمد کی حضرت خواجہ کے ساتھ ملاقات ہوچکی تھی اورآپ ان سے بہت متاثر ہوئے تھے جونہی حضرت خواجہ خلافت یاب ہوکر سمرقند سے واپس آئے توآپ نے ان کا استقبال کیا اور حلقہء ارادت میں داخل ہوگئے (رک مقدمہ کتاب حاضر)

Marfat.com

۵۰/۷۔۸ .....مولانا بزرگ مولانا خواجگی املنگی ..... بااجازتِ مطلقہ ارشاد متوجہ ہندوستان شدند.....

حضرت خواجہ اجازت مطلقہ کے بعد ہندوستان آئے ایک سال تک لاہور میں قیام کے بعد ۱۰۰۷ھ کو دہلی تشریف لائے (کلمات الصادقین ۱۴۹ اور طبقاتِ شاہ جہانی ۱۰/۴ میں حضرت خواجہ کے ورودِ دہلی کا سنہ ۱۰۰۸ء غلط طور پر تحریر ہوا ہے (رک مقدمہ کتاب حاضر) ۱۰۰۸ھ کو حضرت خواجہ مولانا خواجگی ابن خواجہ درویش محمد کا وصال ہوگیا، حالات کے لئے ملاحظہ ہو:

محمد ہاشم کشمی: زبدۃ المقامات ص ۱۱، ۱۳

ایضاً: نسمات القدس، خطی، ۱۵۶۔۱۶۰

بدرالدین سرہندی: حضرات القدس، جلد اول قلمی ۳۴۲۔۳۴۸

کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ ۱/۷۳

محمد فضل اللہ قندھاری: عمدۃ المقامات ۸۳۔۸۴

ناصرالدین بخاری: تحفۃ الزائرین، ۶۴۔۶۵

۵۰/۱۴۔۱۶ حضرت خواجہ..... بہ گونہ گوں بی نیازی وتغافل ظاہری آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) را امتیاز بخشیدند وچنداں درشکست نفس آنحضرت کوشیدند.....

معاصر مولف ملا بدرالدین سرہندی کا بیان ہے کہ حضرت خواجہ، خواجہ حسام الدین احمد کو ظاہر میں جلال سے اور باطن میں کمال سے تربیت فرماتے تھے، ظاہر میں آپ کو اپنے پاس سے نکال دیتے تھے اور باطن میں بلا لیتے تھے (حضرات القدس: ۱/۳۲۲)

Marfat.com

۵۲/۱۔۳ اتفاقاً ہمدراں ایام ایشاں ما را فرمودند کہ پیش والدۂ خود بروید کہ از برای شما سخت درآزار ند.....

یعنی حضرت خواجہ نے خواجہ حسام الدین احمد سے فرمایا کہ تمہاری والدہ تمہارے بارے میں سخت تشویش اور پریشانی میں مبتلا ہے ان سے ملو.....

اس کا مطلب ہے کہ خواجہ حسام الدین احمد کی والدہ یعنی نواب غازی خان کی زوجہ اس وقت (۱۰۰۸۔ ۱۰۱۲ھ) بقید حیات تھیں اور انہوں نے طویل عمر پائی تھی، ممکن ہے وہ دہلی ہی میں رہتی ہوں، کیوں کہ ۹۹۲ھ میں نواب غازی خان کی وفات کے بعد جب اکبر نے خواجہ حسام الدین طلب کیا تھا تو وہ ''مخدرات'' سمیت دارالسلطنت آگرہ گئے تھے (زادالمعاد یعنی کتاب حاضر) اور بعد میں ان کے بلانے پر دہلی آگئی ہوں، کتب تاریخ ان امور کی شہادت پیش نہیں کرتیں۔

۵۳۔۵۴/۱۹۔۲

حضرت خواجہ قدس سرہ در قلعہ فیروز آباد دہلی اختیار سکونت فرمودند مسجد ایں قلعہ کہ در کمال ارتفاع ونہایت نور وضیاء ست.....

فیروز شاہ تغلق نے دہلی میں دریائے جمنا کے کنارے ایک شہر ۷۵۵ھ/ ۱۳۵۴ء میں آباد کیا جو اس کے نام سے فیروز آباد سے موسوم ہوا، عفیف کے الفاظ ''درکرانہ لب آب جون زمین موضع کاوین اختیار کردہ'' (تاریخ فیروز شاہی ۱۳۴) ،اس نو تعمیر شہر کے لئے بہت

Marfat.com

سے قریبی علاقے بھی اس میں شامل کئے گئے، اس میں آٹھ مساجد بنوائی گئیں، ایک مسجد خاص تھی (ایضاً ۱۳۵)، برنی نے اس شہر میں تعمیر ہونے والے قلعہ کو مضبوط ترین قرار دیا ہے۔ (فیروز آباد حصنی محکم تر در حدود بھٹنیر بنافرمودہ اند (تاریخ فیروز شاہی ۵۶۶) گویا کوٹلہ فیروز شاہ یہی ہے، یہی اب دارالسلطنت بھی بن گیا تھا، پورا علاقہ حصار اور قلعہ کی مانند تھا۔

مسجد فیروزی دو منزلہ ہے پہلی منزل کے اندر چھوٹے بڑے حجرے ہیں، دوسری منزل پر یہ وسیع مسجد ہے، اس میں ایک تہہ خانہ بھی ہے جس کا ذکر زادالمعاد اور اسرار یہ میں بھی آیا ہے، یہ تین سوفٹ مربع ہے، مسجد کے صحن کے تین طرف کے حجرے منہدم ہو چکے ہیں، اس کے ایوان کی چھت بھی گر گئی ہے، اسی مسجد میں حضرت خواجہ باقی باللہ نے سمرقند سے تشریف لاکر، دعوت وارشاد کا سلسلہ شروع کیا تھا یہیں بڑے بڑے علماء وصوفیہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے ان میں حضرت مجدد الف ثانی اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی جیسے اکابر ان سے وابستہ ہوکر مشق سلوک میں مصروف رہے۔ (دلی کی تاریخی مساجد ۱/ ۱۰۷۔۱۰۹)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو:

۱.....احمد خان، سرسید: آثار الصنادید مرتبہ خلیق انجم ۱/ ۱۳۴۔۱۳۵

۲..... فتوحات فیروز شاہی مرتبہ مترجمہ انگریزی از عذرا علوی، دہلی

Marfat.com

۳..... مرزا سنگین بیگ: سیر المنازل مرتبہ وترجمہ اردو شریف حسین قاسمی دہلی ۱۴۸، بشیر الدین احمد: واقعات دار الحکومت دہلی، دہلی ۱/ ۱۹۲

4. Zafer Hasan: Monuments of Delhi,vol:I

5. Nath, R: History of sultanate architecture. p. 62. 63

6. Verma, Amrist: Forts of India, p.8-9

حضرت خواجہ باقی باللہ (ف ۱۰۱۲ھ/ ۱۶۰۳ء) کے عہد میں اس قلعہ ومسجد کی حالت زار کتاب حاضر (زاد المعاد) سے اہل آثار قدیمہ کچھ معلومات اخذ کر سکتے ہیں کہ یہ بے توجہی کے سبب خراب ہوگئی تھی جس کی تطہیر خود حضرت خواجہ حسام الدین احمد نے اپنے ذمہ لے لی تھی.....

۵۴/ ۱۰۔۱۱ یک طبق طعامی حضرت والدۂ خواجہ ما (خواجہ باقی باللہ) برای ما می فرستادند.....

اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت خواجہ کی والدۂ محترمہ خواجہ حسام الدین احمد اور ان کے اہل خانہ کیلئے طعام خود پکا کر روزانہ بھیجتی تھیں، اس سے مندرجہ ذیل امور کی وضاحت ہوتی ہے:

۱.....حضرت خواجہ کی والدہ متوسلین حضرت خواجہ کے لئے کھانا تیار کرتی تھیں اور وہ حضرت خواجہ کے ساتھ ہی قلعہ فیروزی میں مقیم تھیں۔

۲.....حضرت خواجہ کے والد گرامی قاضی عبد السلام خلجی سمرقندی قرشی کے کابل سے ہندوستان آنے کا تذکرہ کہیں نہیں ملتا جس سے قیاس ہوتا ہے کہ ان کا وہیں وصال ہو گیا ہوگا غالباً کابل سے پورے خانوادہ کی ہجرت کا سبب یہی انتقال والد بھی ہوسکتا ہے۔

Marfat.com

۳.....حضرت خواجہ حسام الدین احمد کے متعلقین بھی حضرت خواجہ کے ساتھ ہی قلعہ فیروزی کے قریب ہی رہتے تھے۔

۵۵/۱۳۔۱۴ از مسجد (فیروزی) تا عمارت تکسال کہ ابنیہ آں عمارت بہ دیوار شمالی منضم است.....

گویا فیروز شاہ تغلق نے سکہ سازی کے لئے جو کارخانہ بنایا تھا وہ اس مسجد شریف سے متصل تھا۔

۵۵/۱۵۔۱۶ تفرج دریا چونکہ پایانِ مسجد جاری است.....

برنی نے فیروز آباد کی تعمیر اور قلعہ (حصار) کی تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ دور دراز مقامات سے نہریں کاٹ کر پانی ان حصاروں کے لئے لایا گیا جوان کی دیواروں کے نیچے بہتا ہے.....

(تاریخ فیروز شاہی:۵۶۶)

دریائے جمنا کو کاٹ کر اس شہر کے نزدیک جاری کیا (سیر المنازل ۱۴۸)

۵۶/۳۔۵ بایں بندہ (مولف) می فرمودند کہ روزی برادرِ ما (خواجہ حسام الدین احمد) خواجہ علاء الدین حسین با تجمل وتعزز امرای بہ دیدن حضرت خواجہ ما (باقی باللہ) آمد.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کے برادر اصغر جن کی خود انہوں نے پرورش کی تھی زمرۂ امراء میں شامل تھے لیکن کتب تاریخ میں ان کا ذکر نہیں ملتا، غالباً ان کا منصب کم درجہ کا ہوگا، زاد المعاد کی اگلی سطور سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ بھی حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ سے عقیدت مندانہ ملنے کے لئے آتے تھے.....

۵۶/۱۹۔۲۰ میاں شیخ رستم کہ از مقبولانِ حضرت خواجہ واکمل احباب آنحضرت اند.....

Marfat.com

حضرت میاں شیخ رستم کے احوال کتاب حاضر کے لاحقہ میں ملاحظہ کریں۔

۵۷/۵۔۶ پس حضرت خواجہ بہ خانِ خانان فرمودند.....

مرزا عبدالرحیم خانِ خانان کے حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ کے ساتھ بہت ہی عقیدت مندانہ روابط تھے وہ آپ کی خانقاہ کے مصارف ادا کرتا رہتا تھا، ہم نے کتاب حاضر کے مقدمہ میں ایسے شواہد یکجا کر دیئے جن کا تعلق ان حضرات کے ساتھ اس کی عقیدت مندی سے ہے، جس وقت خانِ خانان حضرت خواجہ سے ملنے آیا تو خواجہ حسام الدین احمد بھی حاضر تھے انہوں نے اکبری ملازمت سے علیحدگی کے لیے ''دیوانگی اور سودائی'' کا راستہ اختیار کیا تھا اس لئے ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے حضرت خواجہ نے فرمایا کہ ''این دیوانہ مابدنیست''

Marfat.com

فصل چہارم

۵۷/۱۵۔۱۷ آنحضرت درنہایت کارچوں اجازت مطلقہ ءارشاد کہ از حضرت خواجہ خود (خواجہ باقی باللہ) یافتند بحسنِ التجاو کمال تواضع خویشتن را از سرو برگ ایں منصب دوروانمودند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کو حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ سے اجازت مطلقہ حاصل ہوگئی تھی لیکن آپ نے اس امر عظیم سے اپنی معذوری ظاہر کی، حضرت خواجہ نے آپ کو اس قول میں صادق پایا تو عذر قبول کرلیا۔ (حضرات القدس ۱/)

دوسرے معاصر مولف خواجہ محمد ہاشم کشمی نے بھی ایسا ہی لکھا ہے، البتہ یہ بتایا کہ حضرت خواجہ کے حکم کی تعمیل کیلئے صرف ایک فرد طالب کو ''تعلیم ذکر'' دی تھی اور یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت خواجہ نے جب ان کو ''فرط آزادگی وتفرید'' کے باعث اس امر سے معذور جانا تو عذر قبول فرمالیا اور ایک سرد آہ بھری اور فرمایا کہ ''خوب کرد وخود را خلاص ساخت'' (زبدۃ المقامات:۷۹۔۸۰)۔

۵۸/۱۔۴ حضرت خواجہ (باقی باللہ) دراواخر عمر قبل از رحلت بہ دوسہ سال زمام توجہ ازصوبِ ارشادوراہ نمونی طلاب برگرداندہ.....

یعنی حضرت خواہ باقی باللہ قدس سرہ نے اپنے آخری ایام حیات

Marfat.com

میں وصال سے دو تین سال قبل دعوت وارشاد کا سلسلہ روک کر گوشہ نشینی اختیار فرمالی تھی ..... زبدۃ المقامات ۱۵۵۔ ۱۵۶ وبہ بعد، حضرات القدس ۲ / ۳۸ سے بھی اس قسم کے امور کی طرف اشارہ ملتا ہے بلکہ حضرات القدس میں ہے کہ حضرت خواجہ نے فرمایا کہ میری مشیخت کا مقصد حضرت مجدد الف ثانی احمد سرہندی کا ظہور تھا اب ان کی موجودگی میں میں نے ''مشیخت ترک'' کردی ہے۔

یہ حضرت خواجہ کا انتہائی انکسار وتواضع تھا، دراصل زادالمعاد کے مطالعہ سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ حضرت خواجہ کے وصال (۱۰۱۲ھ) کے بعد حضرت خواجہ کے خلفاء نے آپ کے جانشین خواجہ حسام الدین احمد سے رجوع کیا جن میں سے بعض کے حالات کتاب حاضر کے لاحقہ میں درج ہیں اور بعض اصحاب نے حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں رہ کر تکمیل کی، ان دونوں حضرات نے دعوت وارشاد اور تربیت اصحاب کے فرائض انجام دیئے ان میں اختلاف ہرگز نہیں تھا۔ (رک مقدمہ کتاب حاضر)

۵۸ / ۷۔۹ حضرت خواجہ ایشاں (خواجہ حسام الدین احمد) را رفیق اعلاء طریقہ برگزیدہ خود دانستہ ازمیاں سائر اصحاب ہمیں ایشاں رامحرم راز و ہمدم و دمساز خود برگزیدند.....

یعنی حضرت خواجہ کے خلفاء میں سے خواجہ حسام الدین احمد آپ کے سب سے زیادہ قریب، محرم راز، ہمدم اور دمساز تھے، آپ نے ہی حضرت خواجہ کے دو کم سن صاحبزادوں کی تربیت کی اور ان کی تعلیم کا اہتمام فرمایا، پھر دونوں صاحبزادے حضرت مجدد الف ثانی کی تعلیم و

Marfat.com

تربیت سے بہرہ ور ہوکر مرتبہ کمال پرفائز ہوئے (حضرات القدس : ۳۱۲۱۔۳۱۶، زبدۃ المقامات: ۶۱۔۶۴)

۵۸/۱۲۔۱۷ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) ہم از نخست ہماں طریقہ را کہ طریقہ مرضیہ مختارہ آخر عمر حضرت خواجہ بود اختیار نمودہ خود را از ہنگامہ آرائی برکراں داشتند ..... و بعداز رحلت حضرت خواجہ قوام و نظام منتسبان ومخصوصانِ حضرت خواجہ راجع و ایل بوجود مبارک آنحضرت گشت وآنحضرت ولی عہد و قائم مقام و صاحبِ سجادہ راستین حضرت خواجہ بودہ.....

یعنی دہلی میں حضرت خواجہ کی مبارک خانقاہ کی تولیت کی تمام تر ذمہ داری خواجہ حسام الدین احمد نے ادا کی آپ اپنے شیخ حضرت خواجہ کی طریقہ کے مطابق پہلے تو خود کو اس ہنگامہ ارشاد سے الگ رکھا لیکن بالآخر تمام ذمہ داریاں آپ ہی پر آن پڑیں.....(رک مقدمہ کتاب حاضر)

۵۸/۲۰، ۵۹/۱۔۱۰

دراتبداء ایام رحلت حضرت خواجہ قدس سرہ ارادہ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) آں بود کہ با جمعی از کمل اصحاب حضرت خواجہ مثل میاں شیخ الہ داد ..... و میر محمد نعمان ..... میاں شیخ نعمت اللہ ..... و ..... میر محمد زاہد ..... و ..... میاں شیخ یعقوب ..... ومیاں شیخ رستم ..... درجوار تربت منور حضرت خواجہ دیوار بستہ ہا خرگاہ پوش ساختہ مدت اعمار درانجا بسر برند.....

ان اصحاب کے احوال وکمالات کے لئے اس کتاب کے آخر میں لاحقہ اور کتاب پر ہمارا مقدمہ ملاحظہ کریں۔

۵۹/۱۲۔۱۵ آنگاہ سلطان جلالت عنوان جہانگیر پادشاہ جہت تسکین فتنہ خروج سلطان

Marfat.com

خسرو از دارالسلطنت اکبرآباد نہضت نمودہ بہ دہلی رسیدند..... ونواب خان اعظم از سادہ لوحی درمجلس آں پادشاہ..... ذکر آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) درمیان آوردند.....

یعنی جہانگیر بادشاہ اپنے فرزند سلطان خسرو (ولادت ۹۹۵ھ/ ۱۵۸۶ء وفات ۱۰۳۱ھ/۱۶۲۱ء) کی بغاوت (۸ ذی الحج ۱۰۱۴ھ، گرفتاری محرم ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء) کوفرو کرنے کے لئے فوج کے ساتھ روانہ ہوا، اس کے سب سے معتمد امیر نواب مرتضیٰ خان فرید بخاری نے اس بغاوت کوختم کیا (آئین اکبری، تعلیقات بلوخمان ۴۵۵۔۴۵۶) تو ۱۰۱۵ھ کو جہانگیر لاہور سے دہلی پہنچا۔

نواب خان اعظم مرزا عزیز کوکہ (ف ۱۰۳۳ھ/ ۱۶۲۳ء) اکبر بادشاہ کا رضاعی بھائی تھا، اس کی والدہ جے جے آنگہ نے مرزا عزیز کے ساتھ ہی اکبر کو بھی دودھ پلایا تھا، جس کا اکبر آخر وقت تک معترف رہا، وہ مذہب کے معاملہ میں خاصا متصلب تھا اور اکبر کے دین الٰہی کی اس نے پیروی نہیں کی اور اس معاملہ میں وہ بلا تکلف اکبر کو برا کہتا تھا، زمانہ سازی اس میں بالکل نہیں تھی۔ (مآثر الامراء: ۱/۶۸۶) یعنی زادالمعاد میں اس کی جس سادہ لوحی کا ذکر ہے کتب تاریخ سے اس کے شواہد ملتے ہیں اس نے اپنی اس سادگی میں جہانگیر سے خواجہ حسام الدین احمد کی دنیا سے بے نیازی اور حضرت خواجہ کے ساتھ عشق کا تذکرہ کردیا۔

۱۸/۵۹ معلوم آں بادشاہ (جہانگیر) شد پس آں پادشاہ عظیم ایشان استقبال ناکردن آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) موکب ہمایوں راحمل

Marfat.com

براستغناء عرف وعادت نمودہ ..... غیرت بردہ حکم باحضار آنحضرت نمود.....

یعنی جہانگیر آپ کے استغناء کی وجہ سے غصہ میں آ گیا اور کہا کہ اس نے ہماری دہلی آمد پر ہمارا استقبال کیوں نہ کیا، اس لئے اس نے آپ کو طلب کرلیا گویا یہ واقعہ خسرو کی مذکورہ بغاوت ۱۰۱۵ھ/ ۱۶۰۶ء کے دوران کا ہے جب آپ ملازمت وترک علائق فرما کر اس سے پندرہ سال پہلے ہی گوشہ نشین ہو چکے تھے یہ بھی ممکن ہے کہ آپ نے جہانگیر کے والد یعنی اکبر بادشاہ سے گلوخلاصی کے لئے جو ''وضع سودائیانہ'' اختیار کی تھی کے خلاف بھی جہانگیر بادشاہ کے کان بھرے گئے ہوں..... (رک مقدمہ کتاب حاضر)

۶۰/۱۔۳ چوں آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) را حاضر ساختند از شدت غیظ وثورانِ غضب انواع ایذاء جفاء بدنی برآنحضرت اجرا نمود.....

یعنی جب خواجہ حسام الدین احمد جہانگیر کے طلب کرنے پر اس کے پاس گئے تو وہ غضب ناک ہوگیا، اور آپ کو کئی قسم کی جسمانی سزائیں دیں جسے آپ نے صبر وتحمل سے برداشت کیا..... جہانگیر اسی طرح غضب میں آیا کرتا تھا، اس نے اس طرح کئی اور اصحاب کیساتھ بھی کیا حضرت مجدد الف ثانی کو دربار میں طلب کیا جب آپ اپنا دفاع کامیابی سے کر چکے تو سجدہ نہ کرنے کے جرم میں آپ کو قلعہ گولیار میں قید کر دیا اور نہایت بیہودہ الفاظ اپنی توزک میں آپ کے متعلق لکھے لیکن بعد میں حقیقت حال معلوم ہوجانے پر آپ کو رہا کیا معافی مانگی، اس نوعیت کا معاملہ خواجہ حسام الدین احمد کے ساتھ بھی پیش آیا.....

Marfat.com

۶۰/۷۔۱۴ در چند روز اعانت الٰہی و مدد ربانی پذیرائی وقت آنحضرت گشت وآں پادشاہ..... از ثوران قہر وفور آں غضب تنزل فرمود برسر ملایمت ودل جوئی آمدند..... پس موازی دوہزار بیگھا املاک وہزار روپیہ نقد سالیانہ برای خادمان آنحضرت تعین فرمود وحضور درموسم نوروز بہ شرط قرب موکب ہمایوں برایشاں تحمیل نمود.....

آپ نے صبر وتحمل کے ساتھ جہانگیر کی ایذا رسانی کو برداشت کیا آخر وہ نرمی پر آمادہ ہوا اور دو ہزار بیگھا زمین اور ایک ہزار روپیہ سالانہ آپ کی خانقاہ کے مصارف کے طور پر منظور کیا لیکن ساتھ ہی یہ شرط بھی عائد کردی کہ آپ کو ہر نوروز کے موقع پر دربار میں حاضر ہونا ہوگا۔

کتب تاریخ میں اس املاک اور ایک ہزار روپے سالانہ کی تفصیلات نہیں ملتیں البتہ آپ کا جہانگیر کے پانچویں سال جلوس (۱۰۱۸ھ/ ۱۶۱۰ء) میں جشن نوروز کے موقع پر پرگنہ باری کے ایک قصبہ ناگ تھل (توزک جہانگیری مطبوعہ ایران: ۹۵ میں اس قصبہ کو ناگ تھل، توزک مرتبہ سرسید احمد خان ۸۹ میں باک بہل ہے بیورج نے اس کے انگریزی ترجمہ میں اسی کو اپنایا ہے یعنی (Bak Bhal) ۱/ ۱۶۵، اور توزک کے جدید انگریزی ترجمہ تھیکسٹن (Thackston) نے ایرانی ایڈیشن کی پیروی میں اسے (Nag thal) ہی پڑھا ہے (ص: ۱۰۷)، خواجہ حسام الدین احمد کو ایک ہزار روپے نقد اور ایک فرجی شال دینے کا ذکر کیا ہے:

''بہ شیخ حسام الدین ولد غازی خان بدخشی کہ طریقہ درویشی وگوشہ

Marfat.com

نشینی اختیار نمودہ ہزار روپیہ وفرجی شال شفقت نمودم''

(توزک جہانگیری طبع ایران: ۹۵، طبع سرسید احمد خان ص: ۸۰)

یہاں ایرانی ایڈیشن میں ''خرجی سال'' بالکل بے معنی ہے اور سرسید احمد خان کے مرتبہ نسخہ میں ''فردے شال'' بھی غیر واضح ہے۔ البتہ بیورج جس نے اس کا ترجمہ فرجی شال کیا ہے جو مفہوم کے قریب ہے یعنی جہانگیر نے خواجہ شیخ حسام الدین احمد کو ایک ہزار روپے اور ایک ایسی شال دی جسے ڈھیلے لباس کے طور پر اوڑھ لیا جاتا ہے جو صوفیہ طریقہ کے مطابق ہے فرجی اس شال کو کہتے ہیں جو آگے سے کھلا ہوا ہو، ایک قسم کا چغہ ہے (آئین اکبری بحوالہ اردو لغت: ۱۳ / ۸۷۸)

یہاں جہانگیر کے اپنے الفاظ کہ خواجہ حسام الدین احمد نے طریقہ درویشی و گوشہ نشینی اختیار کر لی ہے سے عیاں ہے کہ وہ اس امر سے بخوبی واقف تھا کہ خواجہ حسام الدین احمد نے میرے والد (اکبر بادشا) سے خلاصی حاصل کرنے کے لئے جو طریقہ (وضع سودائیان) اختیار کیا تھا اس کے الفاظ سے صاف معلوم ہو رہا ہے کہ اسے کسی کے اکسانے پر خواجہ حسام الدین احمد کو حاضر ہونے اور ترک ملازمت کیلئے دیوانگی کا بہانہ بنانے کا علم ہو گیا تھا.....لیکن جب اسے یقین ہو گیا کہ آپ واقعی دنیا سے تعلق نہیں رکھتے تو انہیں معاف کر دیا لیکن ان کے لئے ہر سال نوروز کے موقع پر حاضری لازم قرار دے دی.....ممکن ہے بعد میں مزید یقین آجانے پر حاضری موقوف کر دی ہو کیوں کہ کتب تاریخ اور خود توزک جہانگیری میں آپ کی صرف اسی حاضری کا ذکر

Marfat.com

ملتا ہے، بلکہ اسی طرح اس نے بعد میں جب حضرت مجدد الف ثانی کو قلعہ گوالیار سے رہا کیا تو آپ کو اپنے لشکر کیساتھ رہنے کا حکم بھی دیا لیکن جب اس کے شکوک رفع ہوئے تو سرہند جانے کی اجازت دے دی۔ (مقدمہ کتاب حاضر)

اب رہا املاک دو ہزار بیگھا تو اس کا ذکر توزک میں اس نے نہیں کیا اور نہ ہی سالانہ امداد ایک ہزار روپے کا تذکرہ کیا ہے، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپ کی ہر حاضری کے موقع پر جہانگیر آپ کو نذرانہ پیش کرتا ہوگا، جس کا اس نے تذکرہ نہیں کیا کیوں کہ انہیں حاضری کا حکم اور ان کو سزا دینے کا ذکر اس نے اپنی توزک کے پہلے سال جلوس کے واقعات (جب خسرو نے بغاوت کی تھی) کے تحت نہیں کیا البتہ کتاب حاضر (زادالمعاد) کے ذریعہ علمی اور روحانی دنیا کو پہلی بار اس املاک و سالانہ امداد کا علم ہوا ہے۔

۶۰/۱۵-۱۶ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) نیز بہ حکم اقتضاء وقت و دفع اذیت رضا بدن دادہ مصحوب عافیت قرین صحت وسلامت بہ دہلی تشریف آوردند.....

گویا ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء کی طلبی اور سزائے جسمانی سے نجات پا کر آپ بصحت وسلامتی واپس دہلی آ گئے، اس سے صاف عیاں ہے کہ جہانگیر نے آپ کو اپنے قیام دہلی کے دوران طلب نہیں کیا تھا بلکہ اجمیر پہنچ بلایا تھا، آپ وہاں سے بغیر قید و بند کی سزا کے واپس آ مستقر دہلی آ گئے، لیکن آپ بادشاہ کے حکم کے مطابق ہر سال نوروز موقع پر حاضر ہوتے رہے اور ''اہل دولت سے اختلاط'' سے پریشا

Marfat.com

رہے، حضرت خواجہ باقی باللہ کے فرزندان گرامی کی تعلیم وتربیت میں بھی مصروف رہے اور اس ''قرارداد'' کے تحت عمر گذراتے رہے۔

۶۱/۱-۳ سکونت واقامت در گوشہ قلعہ فیروز آباد اختیار نمودند وعزیزان ودوستان مذکور را نزدیک بہ خانہ خود جاہای تعین نمودہ.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد نے قلعہ فیروز آباد (دہلی) کے جوار میں سکونت اختیار کر لی تھی حضرت خواجہ باقی باللہ کے دونوں صاحبزادوں، حضرت خواجہ کی والدہ محترمہ اور دیگر عزیزوں واہل وعیال سمیت وہیں رہنے لگے تھے۔

۶۱/۱۳-۲۰ چوں یک مدتی بریں وضع گذشت از تصور، ملاقات ہر سالہ پادشاہ وابناء دولت در نوروز تفرقہ تمام در وقت شریف بملاحظہ نمودہ ارادۂ سفر حجاز نمودند.....و.....تا اکبر آباد رسیدہ..... کہ از ارواح طیبہ اشارہ بہ فسخ آں عزیمت شدہ

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کو جب اسی طرح چند سال تک حسب حکم نوروز کے موقع پر جانا پڑا تو آپ کے وقت شریف میں تفرقہ پیدا ہو گیا آپ نے مع متعلقین حرمین الشریفین منتقل ہونے کا ارادہ کرلیا، اس سلسلہ میں آپ نے اپنے پیر بھائی حضرت مجدد الف ثانی کو لکھا کہ ''اب چاہتا ہوں کہ مع متعلقین حرمین الشریفین جا کر سکونت اختیار کرلوں اور وہیں دفن ہو جاؤں، اس سلسلہ میں آپ سے کشفی طور پر معلوم کرنے کی درخواست کی تو آپ نے جواباً تحریر فرمایا'' میرے مخدوم مکرم! متعلقین کا جانا نظر نہیں آتا بلکہ نزدیک ہے کہ ان کو روکنا معلوم ہوا اگر آپ تنہا جائیں تو نظر میں اچھا معلوم ہوتا ہے اور امید ہے

Marfat.com

کہ خیریت سے پہنچ جائیں گے اور معاملہ اللہ سبحانہ کے سپرد ہے۔

(مکتوبات امام ربانی: ۳/۴۰)

یہ مکتوب مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی کی تیسری جلد میں شامل ہے جو ۱۰۳۱ھ/۱۶۲۱ء کو مرتب ہو کر مقبول ہو چکی تھی، اس لئے خواجہ حسام الدین احمد کے سفر حجاز کی تاریخ بھی حدود یہی ہوگی، گویا اس سنہ تک آپ کے برابر نوروز کے جشنوں میں شرکت کا ذکر کیا جا چکا ہے، اس سلسلہ میں انہوں نے خود خواجہ کلاں (مولف زاد المعاد) کو بتایا کہ جب انہوں نے ارواح خواجہ قطب الدین بختیار اور خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہما سے رجوع کیا تو انہوں نے بھی سفر کی اجازت نہیں دی، اگرچہ آپ اس سفر کی غرض سے اکبرآباد (آگرہ) تک چلے گئے تھے لیکن جب حضرت مجدد الف ثانی کے مکتوب مذکور کے ملنے اور ارواح بزرگان کی ممانعت کے باعث واپس دہلی تشریف لے آئے اور تاحیات حضرت خواجہ کے تمام مریدین وخلفاء کے ''ظاہر و باطن'' میں معاون رہے، حضرت خواجہ باقی باللہ کی والدہ محترمہ نے بھی کم سن بچوں کی جدائی گوارہ نہ کی، جس کا مطلب ہے کہ آپ کی والدہ محترمہ نے طویل عمر پائی اور وہ اس سفر (حدود ۱۰۳۱ھ/۱۶۲۱ء) تک بقید حیات تھیں۔

۶۲/۱۵-۱۷ روی توجہ وزمام ہمت بہ تربیت و تعلم خواجہ زادہاء خود صرف نمودہ نہایت شفقت و مہربانی و کمال تلطف کہ از ہیچ پدری نسبت بہ فرزندانِ حقیقی متصور نہ باشد.....

اس پورے پیراگراف کا مطلب یہ ہے کہ حضرت خواجہ باقی باللہ کے دونوں کم سن بچوں یعنی خواجہ عبیداللہ ملقب بہ خواجہ کلاں

Marfat.com

(مولف کتاب حاضر)اور خواجہ عبداللہ ملقب بہ خواجہ خرد کی تعلیم و تربیت خواجہ حسام الدین احمد نے کی تھی کیوں کہ حضرت خواجہ نے اپنے وصال (۱۰۱۲ھ) کے وقت انہیں یہی وصیت فرمائی تھی کہ اگر میں زندہ نہ رہا تو میرے بچوں کی تربیت تمہارے ذمہ ہوگی چنانچہ آپ تاحیات اس امر کے تحت ان بچوں کی ہر طرح تربیت کرتے رہے گویا ان میں سے ایک تو کتاب حاضر کے مولف خواجہ کلاں تھے جو خود یہ لکھ رہے ہیں کہ انہوں نے ہماری تربیت ایسے کی کہ کوئی اپنے حقیقی بیٹوں کی بھی نہیں کرسکتا، اس کا اعتراف حضرت مجدد الف ثانی نے بھی کیا ہے، فرماتے ہیں کہ انہوں نے دونوں مخدوم زادوں کی تربیت اور خدمت اپنے ذمہ لے لی ہے (مکتوبات:۱/ ۲۶۶/، ۲۲۹وغیرہ)

یعنی وصال حضرت خواجہ کے وقت خواجہ کلاں دو سال چار ماہ کے تھے اور خواجہ خرد صرف دو سال کے تھے۔ (رک مقدمہ کتاب حاضر احوال، مولف و بردار مولف)

ان دونوں صاحبزادوں کی باطنی تربیت خود حضرت مجدد الف ثانی نے سرہند بلا کر کی تھی (حضرات القدس:۱ / ۳۱۲، زبدۃ المقامات ص: ٦٦) خواجہ خرد کو حضرت مجدد الف ثانی سے بڑا انس تھا وہ کئی بار وارفتگی میں دہلی سے پیدل چل کر ہی سرہند آپ کی خدمت میں پہنچے تھے۔ (زبدۃ المقامات:٦٧)

خود خواجہ کلاں نے کتاب حاضر میں لکھا ہے کہ مجھ سے خواجہ حسام الدین احمد نے فرمایا کہ میری یہ دلی خواہش ہے کہ حضرت خواجہ کے صاحبزادوں سے حضرت خواجہ کے تمام خلفاء کا رابطہ رہے اور وہ حق

Marfat.com

''استاذی واتالیفی'' ادا کریں۔

۶۲/۱۵۔۱۷ اہلیہ بزرگ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) رابعۃ العصر وبارعۃ الدہر ام الکرام بی بی فاطمہ ازیں سرای ناپائیدار بہ جوار رحمت پروردگار رحلت نمودند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی اہلیہ بی بی فاطمہ تھیں جو ملا مبارک ناگوری کے بیٹی اوور ابوالفضل وفیضی کے بہن تھیں، قریب العہد ماخذ ذخیرۃ الخوانین (۱/ ۲۴۳) میں ہے کہ وہ ابوالفضل کی بہن تھیں، یہی بات مآثر الامراء (۲/ ۸۵۷) میں بھی ہے، حضرات القدس (خطی ورق: ۴۱۸۔الف) میں بھی اس قرابت داری کا تذکرہ ہے، بلوخمان نے آئین اکبری (۱/ ۴۸۸) میں بھی ابوالفضل کی بہن کے ساتھ عقد کا ذکر ہے لیکن معاصر ماخذ مآثر رحیمی (۳/ ۱۹) میں ہے:

'' نسبت خویشی میانہ او (نواب غازی خان) و شیخ ابوالفضل بہم رسیدہ بود، چنانچہ شیخ مومی الیہ باونست کردن را فخرِ خود دانستہ ہمشیرۂ خود را بحبالہ او را در آورند''

یعنی ابوالفضل کی بہن نواب غازی خان کے عقد میں تھی اور ابوالفضل اس نسبت پر فخر کیا کرتا تھا، جو خاندانی اور دیگر کتب تاریخ کے خلاف ہے ہم اس سے پہلے ذخیرۃ الخوانین (تالیف ۱۰۶۰ھ/ ۱۶۵۰ء اور مآثر الامراء کے بیانات کے حوالے سے لکھ چکے ہیں کہ ابوالفضل کی بہن خواجہ حسام الدین احمد سے منسوب تھیں یہاں مآثر رحیمی کے مولف عبدالباقی نہاوندی کو غلط فہمی ہوئی ہے، تاہم یہ اس امر کا بین ثبوت ہے

Marfat.com

کہ یہ رشتہ نواب غازی خان کی وفات (۹۹۲ھ/ ۱۵۸۴ء) سے قبل ہی ہوا تھا جبکہ خواجہ حسام الدین احمد کی عمر حدود چودہ پندرہ سال تھی، بی بی فاطمہ بنت ملا مبارک ناگوری کا ۱۰۲۲ھ/ ۱۶۱۳ء کو انتقال ہوگیا۔ (زادالمعاد، ص: ۲۳۴) مقدمہ کتاب حاضر میں ہم نے ان کے اپنے شوہر خواجہ حسام الدین احمد کے ساتھ ترک دنیا کرنے کے شواہد پر بحث کی ہے۔

۶۴/۸۔۱۲ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) بعداز یک مدتی تزوج دوم اختیار فرمودند اعنی حریم..... عصمت وجلال محسودۃ الرجال..... بی بی زہری کہ والدۂ ماجدۂ ایشاں..... بی بی دولت.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد نے اپنی پہلی اہلیہ بی بی فاطمہ کے انتقال (۱۰۲۲ھ) کے ایک عرصہ بعد دوسرا عقد بی بی زہری سے کیا جو بی بی دولت کی صاحبزادی تھیں، بی بی دولت حضرت خواجہ باقی باللہ کی تربیت یافتہ اور خلافت یاب تھیں جو خواتین کی تعلیم وتربیت پر مامور تھیں، بی بی زہری کے بطن سے ایک فرزند خواجہ سراج الدین محمد اور ایک دختر متولد ہوئیں اور زوجہ اول بی بی فاطمہ کے بطن سے بھی ایک فرزند جمال الدین حسین اور ایک دختر نے جنم لیا تھا۔ (زادالمعاد) بی بی دولت کے حالات کتاب کے لاحقہ میں ص ۲۳۳۔۲۳۵ ملاحظہ کریں۔

۶۴/۱۹۔۲۰ چوں از تربیت یک طبقہ فارغ می شدند میلان..... طبع مبارک بہ صحرا علی الخصوص بہ جوار تربت حضرت خواجہ انتقال می فرمودند.....

یعنی جب خواجہ حسام الدین احمد اپنے مخدومزادوں اور اپنے فرزندوں کی تعلیم وتربیت سے فارغ ہوگئے تو تنہا یاد الٰہی میں بسر کرنے

Marfat.com

لگے اور خود حضرت خواجہ کے مزار مبارک پر زیادہ وقت صرف کرنے لگے اور جمعہ کے سوا آپ کم ہی شہر تشریف لاتے تھے۔

۶۵/۱۰، ۲۰_۶۶/۱_۳

بار دیگر چشم زخمی غریب عارض وقت نازک آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) گشت شرح ایں مقال آنکہ حضرت پادشاہ دین پناہ صاحبِ قران ثانی (شاہ جہان)..... کہ دراں ایام..... برگزیدہ ترین شاہزادہ ہای عصر بودند بملاحظہ اختلال قواعد ملت وملک ولی ضبطی تمام کہ از.....ابہت تمام بجہتہ تسخیر اردوی والد بزرگوار خود نہضت نمودہ بودند..... آں پادشاہ، از یورش بنگش بہ کابل رجوع نمودہ بہ لاہور رسیدہ بودند.....

جہانگیر بادشاہ کے بہت سے فرزند تھے جن میں سے بعض کم سنی میں فوت ہو گئے اور ان میں سے (۱) سلطان خسرو (۲) سلطان پرویز (۳) سلطان خرم (شاہ جہان) (۴) سلطان جہاندار (۵) سلطان شہریار، قابل ذکر ہیں جن کا سیاسی کردار بھی کتب تاریخ میں واضح طور پر مذکور ہے، ان میں سے سلطان خسرو کی بغاوت کا حال اس سے پہلے (تعلیقات حاضر: ۵۹/۱۱_۱۶) میں بیان کیا جاچکا ہے، ان شہزادوں میں سب سے قابل سلطان خرم تھا جو بعد میں شاہ جہان کے لقب سے تخت نشین ہوا یہاں اپنے باپ (جہانگیر) کے خلاف اس کی بغاوت کی طرف اشارہ ہے، کہ اس نے فوج جمع کر کے اکابر امراء کو ہم خیال بنالیا، دراصل نور جہاں ملکہ جہانگیر بری طرح حکومتی وسیاسی معاملات پر چھائی ہوئی تھی اور جہانگیر شراب میں بدمست تھا عملی سیاست میں تمام تر کاروائیاں نور جہان کی مرضی سے ہو رہی تھیں وہ چاہتی تھی کہ

Marfat.com

وہ اپنے داماد یعنی شہزادہ شہریار کو جہانگیر کا جانشین بنائے لیکن اکابر امراء جن میں آصف خان جو شاہجہان کا خسر بھی تھا نور جہان کا اس اقدام میں مخالف اور اپنے داماد شاہ جہان کو بادشاہ کے روپ میں دیکھنا چاہتا تھا، بہر حال شہزادہ خرم یعنی شاہ جہان نے نور جہان کے اس رویہ کے خلاف بغاوت کردی اور مختلف مقامات پر شاہی فوج کا مقابلہ کرتا ہوا ۱۰۳۳ھ/ ۱۶۲۳ء کو دہلی پہنچا، ہمارے نقشبندی بزرگ بھی شاہ جہان کے حامی تھے اور اس کی کامیابی کیلئے دعائیں کرتے رہتے تھے، عین ممکن ہے کہ وہ اس دوڑ دھوپ میں اور اس بغاوت سے پہلے خواجہ حسام الدین احمد سے بھی ملا ہو لیکن اس کا کوئی معاصر ثبوت موجود نہیں، کتاب حاضر سے اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ آپ سے عقیدت رکھتا تھا اور خواجہ صاحب اس کے لئے دعا بھی فرمایا کرتے تھے، مخالفین نے اسے غلط رنگ دے کر جہانگیر کے سامنے پیش کیا تو اس نے آپ کو حاضر ہونے کا حکم دیا، تو آپ لاہور میں جہانگیر سے ملے۔

۶۶/۵-۱۰ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) از مکاتیب بعضی دوستان اردوی معلّٰی بر کیفیت حال مطلع گشتہ روانہ ملازمت آں پادشاہ (جہانگیر) گشتند ..... بہ لاہور رسیدند از اتفاقات حسنہ بل بمحض تائیدات الٰہی ہماں روز سخت ترین کوفتی و مولم ترین آزاری کہ دراں ایام عارض وقت آں بادشاہ معظم بود دفع شد.....

یعنی جہانگیر کی طلب پر آپ دہلی سے لاہور روانہ ہوئے کیوں کہ جہانگیر بھی اس بغاوت کو فرو کرنے کیلئے لاہور آیا ہوا تھا، آپ نے روانگی سے قبل شاہی لشکر کے بعض اہم افسروں کے ساتھ مراسلت کر

Marfat.com

کے تمام احوال سے ان کو آگاہ کر دیا تھا لیکن خوش نصیبی سے جب آپ دربار میں حاضر ہوئے تو اس وقت جہانگیر کو سخت مرض سے افاقہ ہوا تھا اس نے اس شفایابی کو آپ کی تشریف آوری سے تعبیر کیا اور آپ پر سختی کی بجائے نرمی سے کام لیا، جہانگیر کو ضیق النفس کا عارضہ لاحق تھا اور اسی مرض میں ۱۰۳۷ھ/ ۱۶۲۸ء کو اس کا چار سال بعد انتقال ہوا،

1. Beni prasad: History of Jahangir , pp.305-18

2. Saksena, B.P: History of Shahjahan of Dilhi p.p.32.65

یعنی اپنی وفات سے پہلے اس نے خواجہ حسام الدین احمد کو طلب کیا تھا یعنی ۱۰۳۳ھ/ ۱۶۲۳ء کو عین انہی ایام میں آپ کے پیر بھائی حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی جہانگیر کی قید سے رہائی کے بعد اس کے ساتھ لشکر میں رہنے کے پابند تھے، دراصل وہ ذرا سا شک ہونے پر بڑے سے بڑے فرد کو بھی معاف نہیں کرتا تھا بلکہ مواخذہ کئے بغیر نہیں رہتا تھا۔

۶۷/ ۳_۸ برادرزادۂ پادشاہ..... اکبر..... عاجزۂ مرزا محمد حکیم مہد علیا کابلی بیگم را کہ بہ صلاح وعفت وتقوی وعبادت از سائر بیگمانِ حرم بہ عمل غازہ امتیاز برجبین روزگار خود داشتند بہ مواصلت آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) قرار دادہ بزبان بعضی مقربان درگاہ سلطنت برآں حضرت پیغام کردند.....

یعنی اکبر کے برادر مرزا محمد حکیم (رک تعلیقاتِ حاضر ۲۹ / ۱۴_۱۵) کی بیٹی کابلی بیگم جو تمام بیگمات حرم شاہی میں سب سے زیادہ عفت، تقوی اور عبادت میں ممتاز تھی، خواجہ حسام الدین احمد سے عقد نکاح کے لئے کسی منصب دار کے ذریعہ پیغام بھیجا جس پر آپ بہت پریشان

Marfat.com

ہوئے کیوں کہ آپ پہلے ہی جہانگیر کے زیر عتاب تھے، دوسری طرف گوشہ نشینی اور ترک علائق کر چکے تھے، مرزا محمد حکیم کی دختر کابلی بیگم مرزا شاہ رخ بن مرزا ابراہیم بن مرزا سلیمان والی بدخشاں (رک تعلیقات حاضر) کے عقد میں تھی، مرزا شاہ رخ کا ۱۰۱۶ھ/ ۱۶۰۷ء کو اجین میں انتقال ہوگیا، کابلی بیگم نے حج بھی کیا تھا وہ کئی دیگر معزز اصحاب کے نکاح میں بھی رہی تھی۔ (مآثر الامراء: ۳/ ۲۸۲)

۶۷/ ۱۳۔۱۹ خلاصی ازیں ورطہ مسالت نمودند..... بہ نواب بیگم عصر اعظم الخوانین نور جہان بیگم نمودہ..... بہ وسیلہ مساعی ..... ایشاں چشم داشتند ..... پس آن بیگم ..... تمشیۂ این مہم را برذمہ ہمت خود گرفتہ..... آں پادشاہ معظم (جہانگیر) راازاں اندیشہ برآوردند.....

یعنی اس ''مواصلت'' (نکاح) سے خواجہ حسام الدین احمد نے ملکہ نور جہان کی وساطت سے خلاصی حاصل کرنے کی سعی کی جو کامیاب ہوئی اس پر خواجہ صاحب نے اللہ تعالیٰ کا بہت شکر ادا کیا، کتاب حاضر کے مابعد اوراق میں یہ روایت بھی آئی ہے (ص: ۱۱۰) کہ آپ نے جہانگیر سے نجات حاصل کرنے کے لئے نواب آصف خان وکیل دادالسلطنت سے بھی بات کی تھی لیکن بادشاہ سے ملاقات کے وقت وہ دربار مین موجود نہیں تھا، محض اللہ کے فضل سے معاملہ درست ہوا۔

۶۸/ ۷۔۱۳ آں پادشاہِ معظم (جہانگیر) املاک مقبوضہ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) را دو چند نمودہ و درباب مخدومزادۂ بزرگ آنحضرت ..... خواجہ جمال الدین حسین و داماد..... مخدومی میر ابراہیم حسین ادرارات و مناصب مناسب رحمت فرمودہ.....

Marfat.com

یعنی جہانگیر نے نہ صرف آپ سے درگذر کیا بلکہ آپ کی مذکورہ املاک دو ہزار بیگھا و ہزار روپیہ نقد سالانہ (تعلیقات حاضر: ۶۰/۷۔ ۱۴) کو بھی دوگنا کر دیا، اس طرح آپ جہانگیر کے پنجے سے اس مرتبہ بھی ''سالماً و غانماً'' واپس دہلی آ گئے، جہانگیر نے آپ کے فرزند بزرگ خواجہ جمال الدین حسین اور آپ کے داماد میر ابراہیم حسین کو ''مناصب مناسب'' بھی دیئے۔

آپ کے داماد میر سید ابراہیم حسین کو بھی جہانگیر نے منصب دیا تھا لیکن اس امر کی وضاحت نہیں ہے کہ انہیں کیا عہدہ دیا گیا، تزک جہانگیری میں جہانگیر نے ایک خواجہ ابراہیم حسین بخشی، صوبہ دکن کو عقیدت خان کا خطاب ۱۰۱۷ھ/ ۱۶۰۹ء کے واقعات کے تحت دیئے جانے کا ذکر کیا ہے۔ (توزک ۲۹۲ طبع ایران) یہ کوئی دوسری شخصیت ہیں، خواجہ میر سید ابراہیم حسین بن حسینی کی ولادت کلاب میں ہوئی تھی، ۷ رمضان شب معراج ۱۰۵۴ھ/ ۱۶۴۴ء کو فوت ہوئے، دہلی میں خواجہ حسام الدین کی قبر کے متصل مغرب رویہ مزار خواجہ باقی باللہ میں دفن ہوئے، (مفتاح العارفین، خطی ورق: ۲۴۳۔ الف) ایک اور معاصر مولف کمال محمد سنبھلی (مرید خواجہ خرد) نے لکھا ہے کہ ان کی وفات ۱۰۵۰ھ کو ہوئی اور ان کی دینداری سے متاثر ہو کر شاہ جہان نے انہیں مقبرہ ہمایوں کی تولیت پر مامور کیا۔ (اسراریہ ورق: ۲۵۴) تفصیل مقدمہ میں خواجہ حسام الدین احمد کی اولاد کے حالات کے تحت ملاحظہ کریں،

۶۸/۱۱۔۱۳ مخدوم زادۂ خرد آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد).....خواجہ سراج

Marfat.com

الدین محمد بسن تمیز وایام تعلیم از التزام گوشہ.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کے چھوٹے فرزند خواجہ سراج الدین محمد سن تمیز سے گوشہ نشینی پسند کرتے تھے آپ نے ان کی تعلیم وتربیت اسی طرح کی جس طرح مخدومزادگان خود خواجہ کلاں وخواجہ خرد کی کی تھی، خواجہ سراج الدین محمد آپ کی زوجۂ ثانیہ بی بی زہری بنت بی بی دولت (رک تعلیقاتِ حاضر: ۲۶۴/ ۱۰۔وبہ بعد) کے بطن سے تھے، ہم نے اس کتاب کے مقدمہ میں خواجہ حسام الدین احمد کی اولاد کی تفصیل دی ہے۔

۶۹/۱۔۴ چوں..... پادشاہ معظم اعنی حضرت جنت مکانی (جہانگیر) از عالم رحلت نمودند و پادشاہ دیں پناہ صاحبِ قران ثانی (شاہ جہان) برسریر سلطنت صعود فرمودند.....

یعنی نورالدین جہانگیر کی وفات ۱۰۳۷ھ/ ۱۶۲۸ء کے بعد اس کا فرزند شہاب الدین شاہ جہان (شہزادہ خرم) اسی سنہ میں جانشین بنا۔

۶۹/۵۔۹ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) را بحضرت پادشاہ دین پناہ (شاہ جہان) رسوخ تمام داشت ..... آنحضرت ..... دربار سلاطین عظام اقدام نمی نمودند.....

یعنی جب شاہ جہان ۱۰۳۷ھ/ ۱۶۲۸ء کو تخت نشین ہوا تو بہت سے اکابر مشائخ اسے مبارک باد دینے کے لئے گئے کیوں کہ وہ فقراء دوست تھا لیکن خواجہ حسام الدین احمد اپنے ''استغناء'' عجز، ضعف و ناتوانی'' کے باعث اس کے پاس نہیں گئے اور غائبانہ دعا کا سلسلہ جاری رکھا، ان کے ساتھ اس کا پرانا تعلق تھا اور اس کی اپنے باپ کے

Marfat.com

خلاف بغاوت کے دوران بھی اس کی حمایت کے شعبہ میں آپ کو دربار میں طلب کیا گیا تھا اب اس کی تخت نشینی پر کسی مواخذہ کی توقع نہیں تھی اس دوران آپ حاجت مندوں کے لئے شاہ جہان کو برابر سفارشی خطوط بھی لکھتے رہے، اتنے میں دارالسلطنت اکبرآباد (آگرہ) سے خبر آئی کہ بادشاہ ایک قافلہ حجاز مقدسہ بھیجنا چاہتا ہے اور ''میر حاج'' کے سلسلہ میں متردد ہے کہ کس کو نامزد کرے، چنانچہ آپ نے اس نیک کام کا ارادہ کرلیا اور اکبرآباد کے لئے روانہ ہوگئے، جب بادشاہ سے ملاقات ہوئی تو اس نے آپ کے اس ارادہ کو ''نعمتِ غیر مترقبہ'' تصور کرتے ہوئے حکم دیا کہ آپ کے متعلقین کے سفر کے انتظامات کئے جائیں، ابھی یہ بندوبست ہو ہی رہا تھا کہ یہ خبر آئی کہ اس سال فرنگیوں کے ساتھ بحری راستہ سے اہل ہند کی کشتیوں کے گذرنے کے ''قول و قرار'' کی تجدید نہیں ہوئی اس لئے یہ راستہ مسدود ہے، اس لئے آپ نے رضا بقضا کے تحت سفر مقدس کا ارادہ ترک کردیا، مغل حکومت ہند اور انگریزوں کے مابین سفر کے معاہدات باقاعدہ ہوتے رہتے تھے، تفصیل کے لئے دیکھئے

1. Chakrabarty, p: Anglo-Mughal commerical relations (1583-1717) p.p 128-137

2. Arasaratnam S: merchants, companies and the commerce on coromandel coast.

۷۱۔۷۲/۱۶۔۲۰، ۱۔۲

روزی چند بجہۃ شیفتگی بلقاء مبارک حضرت پادشاہ..... در اکبرآباد توقف

Marfat.com

فرمودند و در خلال آں ایام صحبتاء شگرف می گذشت چنانچہ مکرر حکم عالی شد کہ آنحضرت در حینِ ملازمت بہ بعضی از آداب محدثہ سلطنت مثل کورنش و تسلیم قیام نہ نمایند.....

یعنی شاہ جہان نے خواجہ حسام الدین احمد سے کہا کہ آپ سلطنت کے غیر اسلامی (محدثہ) آداب ''کورنش اور تسلیم'' بجانہ لایا کریں، کورنش میں درباری تخت کے پاس آکر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو پیشانی پر رکھ کر اپنا سر جھاتے، اس طرح تسلیم میں دائیں ہاتھ کی پشت کو زمین پر رکھ کر اس کو اٹھاتے اور سیدھے کھڑے ہو کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی کو سر پر رکھتے، اس رواج کا آغاز ہمایوں بادشاہ نے کیا تھا (ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے عہد کے تمدنی جلوے ص ۱۴ مولفہ صباح الدین عبدالرحمن)، عہد اکبری میں رائج کورنش اور تسلیم کی تفصیل آئین اکبری ۱/۲۹۹ میں درج ہے۔

۷۲/۱۳-۱۶ بندگان حضرت پادشاہ دین پناہ (شاہ جہان) از یورش دکھن بعد از چہار سال ہمہ عنانِ فتح وظفر بہ دار السلطنت رجوع فرمودند و از اطراف فریقِ از علماء و مشائخ بجہۃ استیصال افاغنہ و تعزیت رحلت حضرت بیگم بیگمان خاتون ربع مسکون والدۂ حضرت شاہزادہا متوجہ دار السلطنت گشتند .....

یعنی شاہ جہان کی اپنے باپ کے خلاف بغاوت اور مہابت خان کی بغاوت، پھر جہانگیر کی موت اور شاہ جہان کی تخت نشینی کے مسائل نے دکنیوں کو قوت جمع کرنے کا موقع فراہم کر دیا، خان جہان کی بغاوت نے اس سلسلہ میں زیادہ خرابی کی، جس کے باعث شاہ جہان کو دکن کی طرف متوجہ ہونا پڑا، یہاں متن میں ''استیصال افاغنہ'' اسی خانِ

Marfat.com

جہان کی بغاوت کے فرو کرنے کی طرف اشارہ ہے ملاحظہ ہو:

۱۔ نجیب اشرف ندوی: مقدمہ رقعات عالمگیر ۱۴۱۔۱۴۸

2. Yar Muhammad Khan: Deccan Policy of the Mughals. p.p. 166-264

دوسرا اہم اشارہ شاہ جہان کی محبوب ترین بیوی ارجمند بانو بیگم مخاطب بہ ممتاز محل کی وفات ہے جو ۱۷ ذی قعد ۱۰۴۰ھ/ ۱۶ جون ۱۶۳۱ء کو ہوئی وہ یمین الدولہ آصف خان کی بیٹی تھی اس کا دکن میں برہان پور کے مقام پر ۳۹ سال کی عمر میں انتقال ہوگیا۔ (تاریخ محمدی: ۲/ ۵/ ۲۰۲) شاہ جہان کو اس کا بہت صدمہ ہوا اور وہ دکن کی مہمات ترک کر کے واپس دارالسلطنت اکبر آباد (آگرہ) آگیا، جہاں اس نے اس کی یادگار کے طور پر اس کا مقبرہ تاج محل کے نام سے بنوایا جو دنیا کے عجائبات میں سے ہے، شاہ جہان مدتوں اس کی موت کے صدمہ سے آزاد نہ ہوسکا، کتاب حاضر میں اس کے چار سال دکن میں قیام کے بتائے گئے ہیں جو قیاسی ہیں، شاہ جہان ۸ جمادی الاول ۱۰۳۹ھ/ ۲۵ جنوری ۱۶۳۰ء کو دکن کے معاملات کے سلسلہ میں روانہ ہوا، ۱۷ ذی قعد ۱۰۴۰ھ/ ۱۶ جون ۱۶۳۱ء کو ممتاز محل کا برہانپور میں انتقال ہوا اب وہ اس صدمہ کے باعث وہاں ٹھہرنا نہیں چاہتا تھا لیکن بعض مصالح کی بنا پر مزید نو ماہ تک وہاں رکا رہا اس طرح اس کا قیام تقریباً تین سال اور چند ماہ وہاں رہا۔

Yar Muhammad Khan: Deccan policy pp.169-176)

Marfat.com

۷۲/۱۷-۱۹, ۷۳/۱-۵

آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) ایں مرتبہ نیز بحکم عادت قدیم در استقبال موکب ہمایوں توقف نمودند.....تا آنکہ حضرت پادشاہ را نیز عدم استقبال ایشاں بآں ہم ارتباطہا و.....ناخوش آمد و روز بروز ثقل بخاطری افزود قضارا ہم دریں ایام.....صاحب عہدہ دہلی کہ تحقیق اراضی آنہمہ منصوب اند مطابق وانمودہ.....

سابقہ تعلیقات میں مذکور سنین (۱۶۳۲ء) کو شاہ جہان دکن سے واپس آگرہ جاتے ہوئے دہلی میں ٹھہرا تو خواجہ حسام الدین احمد اپنی گوشہ نشینی کے باعث اس کے استقبال کے لئے نہ گئے، آپ کے بادشاہ کے ساتھ جس قسم کے روابط تھے اس سے اس نے برا مانا، اس دوران یہ واقعہ پیش آیا کہ دہلی کے تحقیق آراضی کے عہدہ دار اور قانون گو جو حضرت کے بارے میں کچھ نہیں جانتے تھے کہ جہانگیر نے آپ کو املاک دی تھی پھر اسے دوگنا کر دیا تھا، جب ان لوگوں نے املاک کے کاغذات اور دستاویزات کے انبار دیکھے تو منفی طور پر سوچنے لگے، مخالفوں نے اسے غلط رنگ دے کر شاہ جہان کے سامنے پیش کیا جس سے بادشاہ کا رویہ مزید سخت ہو گیا.....زاد المعاد کی عبارت سے یہ واضح نہیں تھا کہ جہانگیر نے آپ کو جو زمین مدد معاش کے طور پر دی تھی وہ کہاں تھی؟ اس تحقیق اراضی کے عمل سے معلوم ہوا کہ وہ دہلی میں ہی تھی۔

دراصل سلاطینِ مغلیہ کے ہاں ائمہ کے لئے وقف املاک کا سلسلہ جاری تھا اکبر کے زمانہ میں جب ائمہ و اکابر مسلمین کے خلاف ''مسلمانانِ ہندو مزاج'' نے کاروائیاں کیں تو ان ائمہ کی املاک و مدد معاش بھی ضبط

Marfat.com

ہوئی تھیں، جن کے متفرق اشارات منتخب التواریخ میں ملتے ہیں۔

۷۴/۱۵_۱۹

اگر چہ شاہ جہان نے آپ سے ملاقات کے وقت اس کا اظہار نہ کیا لیکن خلوت میں اس پر ناراضی ظاہر کی، آپ دوستوں کے اصرار کرنے پر اکبر آباد گئے اور وہاں جا کر ایک مضافاتی علاقہ میں مقیم ہو گئے اور مقربین بادشاہ کے ذریعہ املاک کے طومار کی تحقیق کیلئے کوشش کرتے رہے یہاں تک کہ بادشاہ کے ''غبارِ ملال'' میں تبدیلی آئی، شاہ جہان کے متعلق کتاب حاضر میں لکھا ہے کہ وہ اعلیٰ درجہ کے اخلاق کا مالک تھا اور ''حیا، شرم وحلم'' میں اس کا کوئی ثانی نہیں تھا جب آپ ''درویشانہ و بے غرضانہ'' اس کے پاس گئے تو اس نے سابقہ قاعدہ کے مطابق بہت ہی ''اعزاز و احترام'' کیا آپ نے بزرگانہ نصائح سے نوازا۔

۷۵/۱۰۔۱۴ فرمان می شد کہ در مسجدِ خاص کہ داخل حرم معلّٰی پادشاہی است بہ نشینند و نواب خان عالم وامثال ایشاں را از دولت مندان سعادتیار حکم می شد کہ نزد آنحضرت نشستہ ہمزبانی بجامی آوردند

یعنی خواجہ حسام الدین احمد سے شاہ جہان نے کہا کہ آپ آگرہ میں حرم شاہی کی مسجد خاص میں قیام کریں، یہ مسجد اب بھی موجود ہے اور نگینہ مسجد کے نام سے مشہور ہے جو مریم چمن کے مشرقی جانب اور اس سے ملی ہوئی ایک چھوٹی مسجد ہے جو حرم سرا کی بیگمات کے لئے بنائی گئی تھی اور ایک چار دیواری سے محصور تھی (آثار اکبری یعنی تاریخ فتح پور سیکری مولفہ محمد سعید احمد مارہروی ۱۱۲۔۱۱۳) اطہر عباس رضوی اور جون فلائی

Marfat.com

(John Flynn) کی مرتبہ کتاب فتح پور سیکری میں امپریل حرم کا جو نقشہ دیا گیا ہے اس میں زنانہ باغ کے قریب اس مسجد کو دکھایا گیا ہے۔

اس کے علاوہ شاہ جہان نے بعض اکابر امراء کو بھی خواجہ حسام الدین احمد کی صحبت میں حاضر رہنے کا حکم دیا ان میں سے نواب خان عالم کا ذکر خصوصیت سے کیا گیا ہے، یہ خان عالم میرزا برخوردار بن میرزا عبدالرحمن دولدی ہے جس کے اجداد خاندان تیموریہ میں معزز عہدوں پر فائز رہے تھے، خان عالم نے اکبر کے ہاں ملازمت کا آغاز کیا، پھر جہانگیر کے عہد میں بھی منصب دار رہا، شاہ جہان تخت نشین ہوا تو وہ چھ ہزاری ذات اور پانچ ہزار سوار کے منصب اور علم ونقارہ سے سرفراز ہا۔ اس کو بہار کی صوبہ داری ملی، شاہ جہان جب مذکورہ سنین میں برہان پور سے اکبرآباد واپس آیا تو اسے بڑھاپے کی وجہ سے معزول کر دیا گیا، اکبرآباد میں مقیم تھا (مآثر الامراء: ۱/ ۷۳۰) مزید حوالوں کیلئے ملاحظہ ہو: Athar Ali: Apparatus of Empire, (بامداد اشاریہ) ۷۵/ ۱۴_۱۸ ۔ ۷۶/ ۱_۸

پس بندگان حضرت (شاہ جہان) بعداز فراغ از ہنگامہ ہای بیرونی بہ سکینہ ووقار نزد آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) تشریف آوردہ ساعتی دراز بآنحضرت صحبت می داشتند وبسی از مشکلات ومعضلات دین و دولت رااز آنحضرت تحقیق نمودہ مسرور و.....

گویا شاہ جہان جب امور مملکت سے فارغ ہو جاتا تو رات گئے تک آپ کے پاس اس مسجد میں بیٹھتا اور دینی مسائل پر گفتگو ہوتی اور تحقیق طلب امور زیر بحث آتے، شاہ جہان کی دین داری اور پابندی

Marfat.com

شرع شریف کا کتب تاریخ اور اس عہد کے تذکروں میں ذکر ملتا ہے، اس نے تخت نشینی کے بعد جو پہلا فرمان جاری کیا وہ بادشاہ کو سجدہ تحیت کی ممانعت تھی (عبدالحمید لاہوری: پادشاہ نامہ: ۱/۱/۱۱۰) حضرت مجدد الف ثانی کے ساتھ اس کے قریبی روابط تھے (نتائج الحرمین: ۳/۱۷۱۔الف،ب)

۷۵/۱۸۔۹ ۔ ۷۶/۱۔۸

ایں صحبتہا در رخصت آنحضرت بہ دہلی توقفہا فرمودند بلکہ بہ اشارہ در حضور و تصریحاً در غیبت اظہار می فرمودند کہ آنحضرت اختیار اقامت در دارالسلطنت نمایند انسب و الیق است ..... بہ نیت آنکہ شاید در بودن ایشاں نفعی باسلام و مسلمانان برسد.....

یعنی شاہ جہان کے ساتھ ان مذکورہ صحبتوں میں کبھی آپ کے واپس دہلی جانے کا تذکرہ نہیں ہوتا تھا بلکہ بادشاہ اشارتاً آپ کے اکبر آباد میں رہنے کو پسند کرتا تھا اور پھر آپ کی غیر موجودگی میں واضح الفاظ میں وہ آپ کے یہاں قیام کا خواہش مند تھا جس کا وہ اظہار بھی کیا کرتا تھا، اگرچہ اس شہر میں آپ کو جسمانی و روحانی اعتبار سے وہ سکون اور اطمینان قلب میسر نہیں تھا جو دہلی میں جوار حضرت خواجہ میں مل سکتا تھا تاہم آپ نے اسلام کی سربلندی اور مسلمانوں کے فائدہ کے لئے وہاں قیام کرنا پسند فرمایا۔

۷۶/۹۔۱۲ تا آنکہ در اوائل سال ہزار و چہل و سہ در معمورۂ صوفی آباد کہ نزدیک بہ دارالسلطنت آباد ساختہ آنحضرت ست بہ عارضہ مرض رحلت ممتحن گشتہ بہ جوار اقدس اتصال یافتند

آخر وہیں خواجہ حسام الدین احمد کا ۱۰۴۳ھ کو وصال ہو گیا او

Marfat.com

آپ کو آپ کے آباد کردہ شہر صوفی آباد میں دفن کر دیا گیا۔

جیسا کہ انہی تعلیقات میں تبصریح بتایا گیا ہے کہ شاہ جہان ممتاز محل کے انتقال کے بعد برہان پور میں ۹ ماہ کے توقف کے بعد ۱۰۴۱ھ/ ۱۶۳۲ء کو اکبر آباد پہنچا تو انہی دنوں خواجہ حسام الدین احمد بھی اکبر آباد گئے، اس سے ملے اور پھر اوائل ۱۰۴۳ھ میں وہیں آپ کا وصال ہو گیا، گویا آپ وہاں تقریباً تین سال مقیم رہے۔

خواجہ حسام الدین احمد کا اکبر آباد کے نزدیک آباد کردہ شہر صوفی آباد کے موجودہ محل وقوع کا ہمیں تا حال علم نہیں ہو سکا، ۱۸۹۶ء میں جب مشہور مورخ سید محمد لطیف نے آگرہ کی تاریخ پر انگریزی میں کتاب لکھی تو اس شہر کا ذکر نہیں کیا، اسی طرح منشی محمد سعید احمد مارہروی نے ۱۹۰۵ء میں آثار اکبری یعنی تاریخ فتح پور سیکری تالیف کی تو بھی انہوں نے صوفی آباد کا تذکرہ نہیں کیا، اسی طرح انگریزوں نے ۱۹۰۹ء میں ۲۵ جلدوں میں ہندوستان کے شہروں، قصبات اور دیہات کا جو امپریل گزیٹیر شائع کیا تو اس میں بھی صوفی آباد نام کے کسی قصبہ کا ذکر نہیں ملتا ہے، میر سید ابو العلاء نقشبندی (ف ۱۰۶۱ھ) کا مسکن و مدفن بھی یہی علاقہ تھا، متاخرین نے اس کا نام صوفی پورہ لکھا ہے اور بتایا کہ یہ مابین محلہ وزیر پورہ و محلہ سلطان گنج، متصل قدم رسول ﷺ ہے جس کا شہر سے ایک کروہ فاصلہ ہے، شاہ نور زمان کا مزار بھی وہیں ہے (کیفیت العارفین مولفہ عطا حسین فانی، گیا ۱۳۵۱ھ: ص: ۲۲)، خواجہ حسام الدین احمد کی نعش وہاں سے منتقل کر کے دہلی لا کر جوار حضرت خواجہ میں دفن کی گئی تھی۔

Marfat.com

مقصد دوم

۷۹/۱۵_۱۹ ، ۸۰/۱_۵

بہم زمانی اصحاب طریقت انبساط می فرمودند واز یاران حاضر..... میراں سید احمد و..... میاں شیخ مرتضیٰ..... میاں شیخ عبدالغفور و..... میاں شیخ نعمت اللہ و..... میر محمد زاہد و..... میاں شیخ رستم و..... میاں محمد ہاشم سنبھلی، مولانا محمد دوست.....

یہ وہ تمام اصحاب ہیں جن کو حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ سے بیعت واجازت طریقہ حاصل تھی لیکن آپ نے انہیں خواجہ حسام الدین احمد کے سپرد کر دیا تھا کہ وہ ان کی تربیت باطنی کریں، ان کے احوال کے لئے کتاب حاضر کا لاحقہ ملاحظہ کریں۔

۸۰/۵_۸ واگر ازیں اعزہ ہیچکس حاضر نمی بود در آں وقت نازک بہ مطالعہ مثنوی مولوی یا مکتوبات شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری با بیاض خاصہ کہ.....

یعنی اس تنہائی کے وقت میں جب مذکورہ اصحاب میں سے کوئی حاضر نہیں ہوتا تھا تو آپ مثنوی مولانا روم اور مکتوبات شیخ شرف الدین یحییٰ منیری (ف ۷۸۲ھ/ ۱۳۸۰ء) کا مطالعہ فرماتے تھے، اس کے علاوہ آپ نے خود ایک بیاض بنا رکھی تھی جس میں بطرز نثر بہت سے اشعار لکھے تھے آپ ان کے مطالعہ سے لطف اندوز ہوتے رہتے تھے امتداد زمانہ سے آپ کی اس بیاض کے وجود کا تا حال علم نہیں ہے اہل

Marfat.com

اللہ کی یہ مبارک محفل اکثر نصف شب تک جاری رہتی تھی۔

۸۳/۵۔۷ ابتدا بہماں می کردند مثل حلیم و ہریسہ و آش..... متنجنہ و قلیہ برنج.....

یہ تمام عہد وسطیٰ کے ہندوستانی کھانوں کے نام ہیں حلیم ایک کھانا جو گیہوں، چینے کی دال، گوشت، گرم مصالحہ ادرک وغیرہ ڈال کر پکایا جاتا ہے۔ (اردو لغت: ۶/ ۲۶۲) ہریسہ، ایک کھانا جو گیہوں کے آٹے، گوشت اور دودھ سے ملا کر پکاتے ہیں (ایضاً: ۲۱/ ۷۹۷) آش، اناج یا گوشت کی رقیق غذا، گندم کا دلیا جو گوشت میں پکایا جائے، یخنی، شوربا، حریرہ، (ایضاً: ۲/ ۲۱۷) غذای آبدار (فرہنگ فارسی عمید) متنجنہ، تنجن، ایک پر تکلف کھانا، میٹھے چاول جن میں خشک میوے، جیس بادام، پستے وغیرہ اور گوشت بھون کر ڈالا جاتا ہے۔ (ایضاً: ۱۷/ ۲۷۴)

قلیہ برنج، قلیا، سادہ گوشت کا گھی میں بھنا شوربہ دار سالن (ایضاً) یہاں مراد ہے گوشت والے چاول، بریانی، پلاؤ (ایضاً) سیر، غذای گیاہی مانند پیاز، قوت باہ را زیادہ می کند (فرہنگ فارسی عمید)

۸۵/۱۵۔۱۶ دستار، پگڑی، عمامہ، دستارِ آنحضرت پرکالہ درست می بود کہ قریب بیست گزا کبری باشد

یعنی خواجہ حسام الدین کے عمامہ کا پرکالہ درست اور تقریباً ۲۰ گزا کبری کے برابر اس کی لمبائی ہوتی تھی، گزا کبری کو گز الہی کیا جاتا تھا جو ۴۱۔انگل کا یعنی ۳۳۔انچ کا ہوتا تھا اور صرف لکڑی ناپنے کے کام آتا تھا اسی طرح گز شاہ جہانی بھی تھا جو ۴۲ انگل کے بقدر ایک گز (اردو لغت: ۱۶/ ۶۷۔۶۸) گز کے دیگر طول کے لئے دیکھئے۔ فرہنگ

Marfat.com

فارسی از معین : ۳/۳۳۰۰) گز الہی یا گز اکبری کی تفصیل کے لئے
ملاحظہ ہو آئین اکبری: ۱/۲۰۶ (اردو ترجمہ)

۷۵/۱۷_۱۸ پیرہن وفرجی یکتہ از مرتبہ وسط.....
پیرہن ، پیراہن ، جامۂ نازک ، پیراہان و پرھن بھی کہتے ہیں
(فرہنگ فارسی عمید) فرجی ،رک تعلیقات حاضر (۶۰/۷_۱۴)

۸۵/۱۸_۱۹ پیرہن آنحضرت از قسم پرچہ وسط کہ بزبان ہندی ادھوتر نامند.....
ادھوتر ، ایک قسم کا سوتی کپڑا جو گزی اور گاڑھے سے زیادہ گف
اور موٹا ہوتا ہے ، اسکی مخفف شکل دھوتر زیادہ عام اور فصیح ہے۔ (اردو
لغت: ۱/۳۲۹)

۸۶/۱۲_۱۳ تہ بند سرخ غیر معصفر کہ آں را بزبان ہندی اتان نامند.....
اتان ، اتھلا (ہندی اردو لغت : ۳۱ ، پیٹھ کے بل لیٹا ہوا جت
(اردو لغت: ۱/۱۲۵)

۸۶/۱۵
نعلین چوبین ، ایک قسم کی لکڑی کی جوتی ، کھڑاؤں (نور اللغات:
۴/۲۲۷)

۸۸/۱۹_۲۰ ، ۸۹/۱_۶
بوی خوش را عظیم دوست می داشتند واز زوات العطر ہر چہ فرد..... مثل
گلاب وعبیر.....و.....آنحضرت عطریات مذکورہ را پیشتر آں بود.....
ان خوشبویات وعطریات کی تفصیل کیلئے دیکھئے آئین اکبری
(۱/۱۵۵_۱۶۷)

۹۰/۱_۶ تفکہ وتنعم آنحضرت نیز اختیارات شاقہ و.....آنکہ از میوہاء ہندوستان

Marfat.com

آنچہ.....زردک وخیار.....

زردک ، گزر ، ہوتیج ، گیاہی است داری ساقہ ہای باریک وبرگہای.....زردۂ تخم مرغ.....انڈے کی زردی

خیار، گیاہی از تیرۂ کدوییان..... ومیوہ اش درشت وسبز .....(فرہنگ فارسی معین)

۹۰/۸_۱۱ (میوہا).....مثل انگوروخربوزہ وانار وتربز و.....پوچاک.....

خربوزہ،خربزہ،خربزوخربوزہ (فرہنگ فارسی عمید) برہان قاطع پرڈاکٹرمحمد معین کے حواشی ملاحظہ کریں،تربز،تربزہ، ہندوانہ بمعنی چناروبادرنگ ، پوچاک، پوچ ، بی مغز، میوہ یا دانہ ای کہ میانش خالی باشد، پچ وپوک ، کاواک ، کادک ہم گفتہ شدہ (فرہندفارسی عمید)

Marfat.com

مقالہ سوم

۹۱/۱۔۱۳ ..... والدۂ ماجدۂ مخدوم زادۂ خرد خواجہ سراج الدین محمد بوسیلہ ایشاں .....عرض وقائع خود نمودہ و وسیلہ ایشاں از آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) مدد ی یا سفارشی یا تدبیر مصلحتی می بردند .....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی زوجہء ثانی بی بی زہری بنت بی بی دولت (رک تعلیقات حاضر گویا آپ کی زوجہ محترمہ بھی خواتین کی تعلیم وتربیت میں مصروف رہتی تھیں اور عورتوں کے احوال باطنی کی اصلاح ان کے ذریعہ سے خواجہ حسام الدین احمد کرتے تھے، رک لاحقہ کتاب حاضر

اگلی سطور میں بتایا گیا ہے کہ خواتین کی تعلیم وتربیت کے سلسلہ میں یہی ام العارفین بی بی زہری آپ کی صحیح جانشین ہیں۔

۹/۹۲ مطابق حدیث نبوی علی صاحبہ الصلوۃ والسلام کہ در منقبت حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا وارد است کہ ''خذوا دینکم من هذه العارفة الكاملة''.....

یہ حدیث شریف غالباً زبانی لکھی گئی ہے یا اس کا مفہوم بتایا گیا ہے، حدیث پاک کے اصل الفاظ کئی طرح سے وارد ہوئے ہیں:

۱..... خذوا ثلث دینکم من بیت الحمیرا (موسوعۃ اطراف

Marfat.com

الحدیث: ۴/ ۶۰۳)

۲.....خذوا بکتاب اللہ من بیت عائشة (ایضاً)

۳.....خذوا شطر دینکم من الحمیرا (ایضاً: ۴/ ۶۰۴)

۹۲/ ۱۲۔ ۱۳ بی بی سالمہ درسن مراہفت از عالم رحلت کردند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی زوجہء ثانیہ کے بطن سے تولد ہونے والی بچی صرف سات سال کی عمر میں فوت ہوگئیں تو آپ نے اس کی تجہیز و تکفین کا کام دوستوں کے سپرد کر کے خود اپنی زوجہ محترمہ کی اس غم میں دل جوئی کے لئے ان کے پاس چلے گئے۔

Marfat.com

مقالہ چہارم

۹۵/۵_۶ ..... درحین تعداد اصحاب مشورہ جناب مشیخیت مآب میاں شیخ رستم را بر زانت رائے ورضانت فہم امتیازی تمام دارند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد اپنے ذاتی معاملات اور دیگر خانقاہی امور میں حضرت خواجہ کے خلیفہ خاص میاں شیخ رستم جن کی رائے بہت صائب ہوتی تھی کے مشورے سے انجام دیتے تھے، ان کے احوال کے لئے ملاحظہ ہو لاحقہ کتاب حاضر

۹۷/۵_۱۵ .....(خواجہ حسام الدین احمد) بایں بندہ (مولف کتاب حاضر خواجہ کلاں) می فرمودند کہ درآنچہ بجہتہ بعضی از متشابہات میان ما وخدمت میاں شیخ احمد (حضرت مجدد الف ثانی) قدس سرہ گفت وشنید بود وغبار کدورتی درآئینہ مصافات علی حسب الاشتباہ حائل می گشت ..... وبکرم الٰہی ہمیشہ منتظر توجیہہ وتبین آں متشابہات بودم والحمدللہ والمنۃ کہ ہماں کہ بیانِ واضح از خدمت میاں جیو شنیدیم ازاں کدورت وملالت نام ونشان نماند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد نے خود مولف زادالمعاد خواجہ کلاں سے بیان کیا کہ ایک مرتبہ حضرت میاں شیخ احمد (مجدد الف ثانی) اور میرے درمیان بعض شبہات کی بنا پر ''کدورت'' پیدا ہوگئی تو میں اس سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کے کرم کا منتظر رہا یہاں تک کہ خود حضرت مجدد الف ثانی کی طرف سے ''بیان واضح'' موصول ہوگیا جس سے وہ شبہات دور

Marfat.com

ہو گئے اور ''کدورت وملالت'' کا اب نشان تک باقی نہیں ہے۔

ہمارا خیال ہے کہ یہاں حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے اس مکتوب کی طرف اشارہ ہے جو شیخ محدث نے حضرت مجدد الف ثانی کے بعض افکار پر اعتراضات کرتے ہوئے لکھا تھا جو حسن خان افغان کی مکتوبات حضرت مجدد کی محرف عبارات پر مبنی تھا، معلوم ہوتا ہے کہ حسن خان افغان اس کو لے کر تقریباً تمام سربرآوردہ علماء و مشائخ کے پاس گیا تھا یقیناوہ سب سے پہلے اس سلسلہ کی مرکزی خانقاہِ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ میں آیا جہاں اس وقت خواجہ حسام الدین احمد سجادہ نشین تھے آپ کے ساتھ ان امور پر بحث ہوئی، پھر وہ حضرت شیخ محدث کی خدمت میں گیا اور آپ نے تحقیق کئے بغیر ہی اعتراضات پر مبنی ایک طویل مکتوب لکھ دیا، پھر جب حضرت مجدد الف ثانی کی طرف سے اصل مکاتیب اور توضیحات موصول ہوئیں تو شیخ محدث نے اپنے اعتراضات سے رجوع کرلیا، چنانچہ رجوع کے سلسلہ کا مکتوب بھی آپ نے خواجہ حسام الدین احمد ہی کو لکھا ہے، پھر حضرت مجدد الف ثانی نے ایک طویل مکتوب (۳/۱۲۱) خواجہ حسام الدین احمد کو ارسال کیا اور مزید توضیحات پیش کیں جن سے ان کا دل اس ''کدورت وملالت'' سے بالکل صاف ہو گیا، زاد المعاد کا بیان بالکل معاصر شہادت کا درجہ رکھتا ہے اس کے بزرگ مولف خواجہ کلاں نے اس کتاب میں شیخ محدث کو جا بجا ''مخدومی'' لکھا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ آپ کے شاگرد تھے اس لئے رجوع اور رفع شبہات کی یہ روایت جو انہوں نے بیان کی ہے معاصر دستاویز سے کم نہیں ہے، ہم نے کتاب حاضر کے مقدمہ میں بھی ان امور کی تفصیل بیان کردی ہے۔

Marfat.com

مقالہء پنجم

۹۹/۷۔۱۰ .....(خواجہ حسام الدین احمد).....چوں از سفر رجوع می فرمودند.....
نخست بہ مسجد می در آمدند و.....بہ منازل اہلیہ ہاء حضرت خواجہ خود تردد
می نمودند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد جب کسی سفر سے واپس آتے تو سنت نبوی ﷺ کے مطابق پہلے مسجد جاتے احباب سے ملاقات کرتے اور دو رکعت نفل ادا کرنے کے بعد اپنے شیخ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ کی دونوں ازواج محترمات کے گھروں میں جاتے تھے، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت خواجہ کی دونوں ازواج اس وقت تک بقید حیات تھیں۔

اس کے بعد سنت نبوی کے مطابق اپنی بیٹی ماہ بوبو کے گھر جاتے اور ان پر شفقت و مہربانی فرماتے تھے، ماہ بوبو آپ کی زوجہء اول بی بی فاطمہ (بنت ملا مبارک ناگوری) کے بطن سے تھیں جو ایک متقی سید زادہ میر سید ابراہیم حسین کے عقد میں تھیں (تعلیقاتِ حاضر: ۶۸/۱۔۸) یہاں ان کے فرزندوں پر بھی لطف و کرم کی طرف اشارہ ہے، ہمیں افسوس ہے کہ اب تک خواجہ حسام الدین احمد کی اولاد کی تفصیلات معلوم نہیں ہیں۔

Marfat.com

مقالہ ششم

۵/۱۰۰ .....گلوگرفتگی رابہ میوۂ آملہ کہ تر وسبز می بود.....

آملہ، ایک قسم کا کسیلا اور ترش پھل جو رنگ میں انگور سے مشابہ اور جسامت میں آلوچے کے برابر ہوتا ہے..... دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔ (اردو لغت)

۵/۱۰۲۔۷ پنجاہ شصت خانہ دار مردم از اکابر واہالی وچند مقدار آن از غرباء ومساکین در قلعہ فیروز آباد دہلی وبلاد شتی باستظہار آنحضرت اوقات می گذراندند و .....

یعنی قلعہ فیروز آباد دہلی میں خواجہ حسام الدین احمد کے متعلقین و غربا تقریباً پچاس ساٹھ کی تعداد میں رہتے تھے، جن کے ساتھ آپ کو معاملات کرنا ہوتے تھے۔

۱۰۷/۱۳۔۱۷ جمعی کثیر از دولت مندانِ وقت آرزومند آں بود کہ نذر وفتوح ایشاں رابہ گوشہ چشم قبول نہ گرند ومیسر نمی شد..... امراء دلیری نمودہ از نقود ومبلغہا کامل واز املاک جاگیرہا دروبست بہ طریق نیاز می فرستادند وآنحضرت بہ معذرتہا.....نمودہ بری گرداندند.....

دولت مند حضرات اس امر کے آرزو مند رہتے تھے کہ آپ صرف ایک اشارہ کریں تو ہم خدمت میں نذر وفتوح پیش کریں لیکن آپ نے ایسا نہ کیا..... اس طرح بعض امراء بھی نقد رقم اور املاک بصورت جاگیر دیتے لیکن آپ صاف الفاظ میں معذرت کر دیتے تھے۔

Marfat.com

۱۰۷/۱۸۔۲۰، ۱۰۸/۱۔۲

یک دفعہ ملازمان نجابت..... مرزا فتح پوری ولد امجد مرزا شاہ رخ ..... پرگنہ متضمن ..... ہشتاد و چند قریہ رانیاز خادمان آنحضرت کردند ..... بانکسار وتواضع تمام واستعفاء نمودند.....

یعنی مرزا فتح پوری اسی سے زیادہ قریہ آپ کے خادموں کے لئے بطور نیاز لے کر حاضر ہوا لیکن آپ نے قبول نہ فرمایا، یہ منصب دار مرزا بدیع الزمان بن مرزا شاہ رخ بن مرزا سلیمان تیموری بدخشی، جہانگیر کے اکابر امراء میں سے تھا، پٹن گجرات میں اپنے بھائیوں کے ہاتھوں ۱۰۳۲ھ/ ۱۶۲۲ء کو قتل ہوا۔ (تاریخ محمدی: ۲/ ۵/ ۱۶۸) مزید حوالوں کے لئے ملاحظہ ہو:

Athar Ali: Apparatus of Empire (see Index)

۱۰۸/ ۳۔۶ ..... ہزاراں از نقد مسلوک از جانب امراء وقت می رسید واصلاً قبول نمی یافت ولیکن تلافی وتدارک خاطر ہاءِ آں امراء بریں وجہ می کردند کہ در باب جماعت علماء وصلحاء وارباب استحقاق سفارش می نوشتند .....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی خدمت میں امراء ہزار ہا روپے بطور نقد لاتے تھے لیکن آپ کبھی قبول نہیں فرماتے تھے البتہ علماء وصلحاء اور مستحق حضرات کی وجہ معیشت وغیرہ کیلئے آپ امراء کے نام سفارشی خطوط دیا کرتے تھے۔

۱۰۸/ ۹۔۱۱ .....وخود (اعنی خواجہ حسام الدین احمد) برہمانچہ از جانب سلطانِ وقت از بیت المال حقوق المسلمین یا امیری فائز باخلاص صادق مثل خانِ خانان مرحوم می رسید قانع وخورسند بودند.....

Marfat.com

یعنی خواجہ حسام الدین احمد قناعت پسند تھے اپنے لئے محض وہی وجہ معیشت قبول کی جو سلطانِ وقت جہانگیر نے بیت المال سے آپ کے لئے مقرر کردی تھی یعنی ایک ہزار روپے سالانہ اور دو ہزار بیکھا زمین (تعلیقات حاضر :٦٠/ ٧۔ ١٤) اور پھر اس امداد کو دوگنا بھی کردیا گیا (تعلیقات:٦٨/ ١۔ ٨)

اس کے علاوہ مرزا عبدالرحیم خانِ خانان کی طرف سے جو امداد خانقاہِ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ کے لئے باقاعدہ بارہ ہزار روپیہ سالانہ ارسال کرتا تھا ، (ذخیرۃ الخوانین ١/ ٢٤٢۔ ٢٤٣، مآثرالامراء : ٣/ ٢٧٣) لیکن کیا یہ امداد خانِ خانان کی وفات (١٠٣٦ھ/ ١٦٢٧ء) کے بعد جاری رہی؟ ہمارے پاس اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے اس کے فرزندوں میں سے مرزا داراب اور مرزا ایرج کے حضرت مجدد الف ثانی کی ساتھ اچھے تعلقات تھے ان دونوں کے نام آپ کے مکاتیب بھی ہیں (رک مقدمہ کتاب حاضر) ممکن ہے یہ امداد جاری رہی ہو۔

١١٠/ ١۔ ٥ .....بحکم تسبب باسبب صوری بہ نواب آصف خان کہ وکیل دارالسلطنت بودند حقیقت حال معلوم نمودیم واز ایشان معاونت وامداد ہنگام برآشفتگی پادشاہ خواست درکردیم.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد مجسم اخلاق بزرگ تھے ، ان کے چہرے پر بشاشت رہتی تھی لیکن جہانگیر کے طلب کرنے پر جب آپ اس سے ملے تو سلاطین سے نفرت وترک ملازمت کے باعث اس وقت ان کے چہرے سے ناراضگی ظاہر ہوتی تھی جس کو جہانگیر نے نوٹ کیا اور اس کی بے رخی زیادہ بڑھ گئی ، اب معاملہ رفع دفع کرنے کے لئے

Marfat.com

آپ نے دارالسلطنت کے وکیل نواب آصف خان سے مدد کی درخواست کی لیکن اتفاق ایسا ہوا کہ ملاقات کے وقت وہ دربار میں نہیں تھا تاہم تائید الٰہی سے بادشاہ کے مزاج میں تبدیلی آ گئی۔

یہ آصف خان، ابوالحسن یمین الدولہ خانِ خانان (ف ۱۰۵۱ھ/ ۱۶۴۱ء) بن اعتماد الدولہ غیاث بیگ طہرانی، آصف خان نور جہان کا بھائی اور ملکہ ممتاز محل کا والد تھا اس لحاظ سے دربار میں خاص مرتبہ و مقام رکھتا تھا (دانشنامہ زبان و ادب فارسی در شبہ قارہ: ۱/ ۷۲۔ ۷۳) اسی مناسبت سے آپ نے جہانگیر کا غصہ دور کرنے کے لئے اس سے مدد چاہی تھی اس سے قبل اس کتاب میں (۶۷/ ۱۳۔۱۹) آپ کے نور جہان سے مدد لینے کا ذکر بھی کیا جا چکا ہے۔

۱۱۳/ ۷۔۹ چنانچہ در کتب قوم علی الخصوص در تصانیف حضرت شیخ العالم و حضرت شیخ اکبر قدس سرہما مقرر گشتہ است

یہاں تصانیف حضرت شیخ العالم و حضرت شیخ اکبر سے مراد شیخ العالم شیخ شہاب الدین ابو حفص عمر سہروردی (ف ۶۳۲ھ/ ۱۲۳۴ء) صاحبِ عوارف المعارف اور شیخ اکبر سے مراد حضرت محی الدین ابن عربی (ف ۶۳۸ھ/ ۱۲۴۰) ہیں، جن کے میدان تصوف کے اجتہادات معروف ہیں۔

۱۱۴/ ۶۔۱۷ بسلسلہ ملکہ عدالت و مواسات آنحضرت..... از بعضی کمل عقلا مثل نواب خانِ خانان مرحوم منقول است کہ می گفتہ اند کہ اگر پادشاہِ عصر... سر ہر سال دستور العمل یک سالہ در جمیع امور ملکی و مالی از حضرت ایشا (خواجہ حسام الدین احمد) نویسانیدہ بہ گیرند..... تا آئندہ..... از تعب...

Marfat.com

خلاصی می شود.....واکثر امراء اخلاص مند مثل خانِ خانان.....و.....مہابت خان.....ونواب قلیچ خان ثانی وہم چنیں اکثر مشائخ واکابر دیار دہلی واکبر آباد ولاہور درسنوخ سوانح واصلاح قضایا استدعا صواب نمائی از خادمان آنحضرت نمودہ.....ونتائج وقت مستحسنہ درجیب وقت مشاہدہ می کردند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد اپنے ملکہ ''عدالت ومواسات'' میں اس قدر کامل تھے کہ عبدالرحیم خانِ خانان جیسے تجربہ کار امیر سلطنت کا قول ہے کہ اگر سلطان وقت ہر سال کے آغاز میں اپنی مملکت کا دستورالعمل جمیع امور ملکی خواجہ صاحب سے مرتب کروالیا کریں تو ذمہ دار محکموں کو وہ کوفت نہ کرنی پڑے جوان کو اٹھانی پڑتی ہے، اس قسم کی رائے دیگر امرائے مخلصین کی بھی تھی جن میں سے مہابت خان، اور نواب قلیچ خان ثانی بھی شامل ہیں۔

ایسا کیوں نہ ہوتا خواجہ حسام الدین احمد صاحب علم ہونے کے علاوہ ایک بزرگ اور تجربہ کار منصب دار نواب غازی خان کے فرزند تھے، اگرچہ اکبری الحاد کے باعث دنیا وملازمت ترک کر چکے تھے پھر بھی اتنی فراست کے مالک تھے کہ امور مملکت کی انجام دہی میں ان کی رائے کی اہمیت تھی، اس کا مطلب یہ ہے کہ جب مذکورہ امرائے اخلاص مند آپ کی خدمت میں جاتے تو امور مملکت بھی زیر بحث آتے تھے اور کئی امور میں آپ کی رائے بھی لی جاتی تھی اور یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ ترک وتجرید کے باوجود آپ اپنی مجالس میں امور مملکت پر بھی اظہار خیال کیا کرتے تھے، دوسری طرف آپ کو خانقاہی نظام کا اتنا تجربہ بھی ہوگیا تھا کہ اگر ہندوستان کے مرکزی علاقوں کے مشائخ آپ سے اپنی

Marfat.com

اپنی خانقاہوں کے معاملات میں بھی مشورہ لیتے تو یہ نظام زیادہ بہتر ہو سکتا تھا، ان امراء کے ساتھ مراسم کی تفصیلات ہم نے کتاب حاضر کے مقدمہ میں دی ہیں۔

۱۱۶/ ۱۲۔۱۷ .....درِ زمانِ حضرت خواجہ بیرنگ قدس سرہ مکرر واقع شد کہ حضرت خواجہ اختیار امری و ارادۂ کاری نمودہ بودند.....و آنحضرت را رائے دیگر بہ خاطر گذشتہ و چوں بہ عرض حضرت خواجہ رسیدہ تغیر و فسخ ارادۂ خود نمودہ موافق صواب دید آنحضرت بہ عمل آوردند.....

یعنی اپنے ذاتی اور خانقاہی امور کے سلسلہ میں حضرت خواجہ باقی باللہ اگر کوئی ارادہ فرماتے اور خواجہ حسام الدین احمد کی رائے اس سے مختلف ہوتی تو آپ اس کام کا ارادہ ترک کر دیتے اور ان کے مشورہ کے مطابق عمل کرتے تھے۔

۱۱۷/ ۲-۵ ..... از حضرت خواجہ منقول است کہ می فرمودند تخمی در نہاد در استعدادِ یارانِ خود کاشتہ ایم و آب و پرورش دادن ..... و میوہ دار ساختن آں تخم باین جوان آدمی (خواجہ حسام الدین احمد) حوالہ نمودہ ایم.....

یعنی حضرت خواجہ باقی باللہ فرمایا کرتے تھے کہ میں نے اپنے مریدین کی استعداد میں روحانیت کا بیج بو دیا ہے اب اس کی پرورش کرنا، پروان چڑھانا اور اسے میوہ دار درخت بنانے کا سارا کام میں نے خواجہ حسام الدین احمد کے سپرد کر دیا ہے اور خود اس سے عہدہ برآ ہو گیا ہوں، واقعی آپ نے حضرت خواجہ کے حین حیات اور آپ کے وصال کے بعد بھی تاحیات اس ''تخم پاک روحانیت'' کی اس طرح آبیاری کی یہ حضرات اپنے اپنے مستقر اور متعین مقامات پر سلسلہ

Marfat.com

نقشبندیہ کی خانقاہوں میں دعوت وارشاد کے فرائض انجام دیتے رہے کہ اس سے خانقاہی نظام میں بہت سی تبدیلیاں اور اصلاح ہوئی، اس امر کے مزید اشارات بھی کتاب حاضر میں ملتے ہیں۔

۱۱۷/۷۔۱۸ .....بسلسلہ حزم وتیقظ آنحضرت ..... تدبیرات دافعہ آں قیام می نمودند چنانچہ قبل ازعروض آفات وفرات کہ بہ جناب عالی حضرت میاں شیخ احمد رحمۃ اللہ سبحانہ وخدام فتوت ونجات التیام میر منصور بیگ..... کہ از یارانِ برگزیدہ حضرت ایشاں وحضرت میاں جیو اندروی داد آنحضرت استمزاج زمان وابناء زمان نمودہ وراہِ احتراز وتوقی ازان بلا یا نمودہ.....

گویا خواجہ حسام الدین احمد اعلی درجہ کی حزم واحتیاط کے مالک تھے، آپ جس طرح دو مرتبہ جہانگیر بادشاہ کے پنجۂ استبداد سے بچ کر واپس آئے تھے وہ تائید الٰہی کے ساتھ آپ کی محتاط پالیسی اور ایسا حزم و بردباری تھی جس کی مثال نہیں ملتی، اس فارسی اقتباس میں بتایا گیا ہے کہ جب حضرت میان شیخ احمد (مجدد الف ثانی) پر جہانگیر نے گرفت کی اور آپ کو قلعہ گوالیار میں قید کیا گیا تو اس سے پہلے آپ نے حضرت مجدد الف ثانی کو اس بلا سے بچنے کی تدابیر بتائیں جس سے اس نتیجہ پر پہنچنا دشوار نہیں رہ جاتا کہ آپ نے خواجہ حسام الدین احمد جو اس سے پہلے اس بلا سے محفوظ واپس آئے تھے سے مشورہ کیا ہوگا اور جہانگیر کے پاس جانے سے پہلے دہلی میں آپ کی خانقاہ میں آئے ہوں گے لیکن قضا وقدر کو یہی منظور تھا کہ آپ کو نظر بند کیا جاتا وہاں قیدی اسلام قبول کرتے اور قرآن مجید پڑھتے۔

میر منصور بیگ پر کیا گرفت آئی؟ اس کا علم نہیں ہے، حضرت مجدد الف ثانی کے مکتوبات کی تیسری جلد میں ان کے نام مکاتیب موجود ہیں۔

Marfat.com

۱۱۸/۱۹_۲۰ ، ۱۱۹/۱

.....شجاعت.....درآنحضرت طبیعی وموروثی بوددرعہد حضرت جنت مکانی جہانگیر پادشاہ غیرمرۃ ودفعاً مکررۃً طلبہا موحش وغضبہاء مہیب.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد میں شجاعت اور پردلی اتنی تھی کہ بادشاہ جہانگیر جیسے سفاک سے آپ بچ کر آگے، یہ آپ کا حسن تدبیر و شجاعت میں شمار ہونے کے قابل ہے ..... جب آپ اکبر بادشاہ کے ہاں ملازم تھے تو وہاں بھی یہی صورت درپیش تھی ..... کہ کس طرح آپ نے اکبر سے گلوخلاصی حاصل کی .....

آپ کی پیشانی پر اس قدر شرم وحیا تھی کہ جب جہانگیر سے ملاقات ہوئی تو غضب ناک ہونے کے باوجود اس نے کہا کہ آپ کی جبیں سے ''شرم وحیا'' جھلکتی ہے۔ (رک تعلیقاتِ سابقہ)

۱۱۹/۲۰ ، ۱۲۰/۱_۱۹

.....آنچہ حضرت جنت مکانی (جہانگیر) بہ عالم بالا انتقال نمودند وقرتی کہ در امثال ایں اوقات شائع می شود.....مختار خان ملک رابی کدخدا دیدہ دست دراز یہا.....نہاد..... باکابر واعزۂ حضرت دہلی درمیان آورد.....دریں اثنا.....اقبال بندگانِ حضرت پادشاہ دین پناہ ازافق سعادت بردمید.....

یعنی جب جہانگیر کا انتقال (۱۰۳۷ھ/ ۱۶۲۷ء) ہوا تو اس وقت ہر طرف افراتفری اور لوٹ مار کا بازار گرم تھا مختار خان ملک نے دہلی کے اکابر سادات اور دیگر شرفا کی جائیدادیں ضبط کیں انہیں پریشان کیا قریب تھا کہ اس کے اور اہل دہلی کے مابین ایک خونریز جنگ ہوجاتی کہ اتنے میں شاہ جہان تخت نشین ہوا تو حالات میں بہتری کے آثار نمایاں ہوئے۔

Marfat.com

یہ مختار خان ملک دہلی کا صوبہ دار تھا، جب اس کی شکایات شاہ جہان تک پہنچیں تو اس نے اپنے وفادار امیر قلیچ خان تورانی کو دو ہزار پانسو ذات اور دو ہزار سوار کا منصب دے کر اس کی جگہ دہلی کا صوبہ دار مقرر کیا۔ (مآثر الامراء: ۳/ ۸۳)

یہ دراصل مختار خان سبزواری تھا، اس کا نام سید محمد تھا جس کے اجداد ساداتِ بنی مختار سے تھے، بلخ میں روضہء حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی تولیت اسی خاندان کے پاس تھی..... بلخ کے حالات کی خرابی کی باعث یہ خاندان ہندوستان چلا آیا اور جہانگیر کے زمانہ میں اسے مختار خان کا خطاب ملا، اور صوبہ دہلی کا ناظم مقرر ہوا، شاہ جہان نے تخت نشینی کے آغاز میں اسے معزول کر کے پٹنہ کی مہم پر روانہ کیا جہاں اس نے پھر زیادتیاں کیں اور قتل ہوا (ایضاً: ۳/ ۳۴۶۔۳۴۹) اس کا سال وفات ۱۰۴۷ھ/ ۱۴۳۷ء ہے (تاریخ محمدی: ۲۱/ ۵/ ۲۳۴)

۱۲۱/ ۱۰۔۱۳ .....جمعی از کبار مشائخ نوع شرکتی با آنحضرت دادند مثل ابراہیم ادہم.....و ابوبکر شبلی و ابوعلی رودباری و ابوعبداللہ خفیف و شیخ رکن الدین المکارم علاء الدولہ سمنانی.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی عزیمت ان بزرگوں جیسی تھی۔

شیخ ابرہیم ادہم (ف ۲۸۱ھ/

حضرت ابوبکر شبلی (ف ۳۳۴ھ/

حضرت ابوعلی رودباری (ف ۳۲۲ھ/

حضرت ابوعبداللہ خفیف (ف

حضرت شیخ علاء الدولہ سمنانی (ف

Marfat.com

۱۲۲/۹۔۱۲ .....آنکہ حضرت ابوسلمان داؤد بن نصیر الطائی کہ بہ علو ہمت وخیریت و خلوص توجہ.....از اخص اولیاء ایں است اندو بہ شرف تلمند واستفادہ نزد حضرت امام اعظم اقدم ابوحنیفہ.....

امام الفقیہ ،قدوۃ الزاہد، ابوسلیمان، داؤد بن نصیر الطائی الکوفی (ف ۱۶۲ھ/ ۷۷۸ء)، آپ اکابر ائمہ فقہا میں صاحب رائے تھے، انہوں نے امام ابوحنیفہ سے تحصیل علم کیا۔ (سیر اعلام النبلاء: ۷/ ۴۲۲۔۴۳۵)

۱۲۲/ ۱۳۔۱۴ حضرت امام اعظم اقدم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت الکوفی الصوفی.....

وصال امام ابوحنیفہ

۱۲۲/ ۱۴ .....ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم الاویسی الانصاری.....

امام یوسف بن ابی یوسف یعقوب بن ابراہیم القاضی (ف ۱۹۲ھ / ۸۰۷ء) (رک تاریخ مدینۃ السلام :۱۶/ ۴۳۴۔ ۴۳۶) مولف کتاب الخراج، تالیف بامر ہارون الرشید (المذہب الحنفی :۲/ ۶۲۵۔۶۲۸)

۱۲۲/ ۱۷ ابوعبداللہ محمد بن الحسن الشیبانی رحمۃ اللہ علیہ

ابوعبداللہ محمد بن الحسن بن فرقد الشیبانی (۱۳۰۔۱۸۹ھ/ ۷۴۷۔ ۸۰۵ء) خلیفہ ہارون الرشید نے انہی قاضی کے منصب پر فائز کیا تھا، امام محمد ہی فقہ حنفی کے مدون ہیں اس سلسلہ میں ان کی تصانیف المبسوط (کتاب الاصل) جامع الصغیر، جامع الکبیر، الحجۃ علی اہل المدینۃ، الزیادات زیادات الزیادات، السیر وغیرہ قابل توجہ ہیں، ملاحظہ ہو:

۱..... خطیب بغدادی: تاریخ مدینۃ السلام ۲/ ۵۶۱

۲..... ذہبی، شمس الدین محمد: سیر اعلام النبلاء ۹/ ۵۴۳

۳..... صیمری، ابی عبداللہ حسین: اخبار ابی حنیفہ واصحابہ ۱۲۰، ۱۲۹

Marfat.com

مقصد سوم

۱۲۵/۱۰-۱۱ .....اگر چہ آنحضرت.....از رسوم مشیخت ولوازم ارشاد برکراں می زیستند

اس سے پہلے بیان ہو چکا ہے کہ جب حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ نے اپنے آخری سالوں میں مشیخت سے دست برداری اختیار کرتے ہوئے اپنے مریدین تربیت کیلئے خواجہ حسام الدین احمد کے سپرد کرنا چاہے تو آپ نے اس بارگراں سے معذرت کی جسے حضرت خواجہ نے ان کی طبع شریف کے پیش نظر قبول فرمالیا لیکن آپ کے وصال کے بعد جب خانقاہ کی تولیت کی تمام تر ذمہ داری ان پر آن پڑی تو دعوت وارشاد کا سلسلہ بھی شروع کرنا پڑا۔

۱۲۵/۱۳-۱۴ .....لیکن نسبت بافرادی معدود کہ سر ارادت برعتبہ و اخلاص آنحضرت نہادہ وقف درگاہ مکرمت وعنایت ایشاں بودند.....

یعنی حضرت خواجہ حسام الدین احمد سے وابستہ ہو کر تربیت سلوک حاصل کرنے والے افراد معدودِ چند ہی تھے، ان کے مقابلہ میں اپنے کے پیر بھائی حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی قدس سرہ سے فیض یاب ہونے والوں کی تعداد احاطۂ شمار سے باہر ہے، ان دونوں حضرات نے حضرت خواجہ کی جانشینی کا حق ادا کیا، خواجہ حسام الدین احمد نے مرکز دہلی میں بیٹھ کر ایسا نظام عوت وارشاد وضع کیا جو مثالی بن گیا اور حضرت مجدد الف ثانی نے سرہند شریف میں رہ کر جس خانقاہی نظام کی

Marfat.com

بنیاد ڈالی اور دعوت وارشاد کا جس وسیع پیمانہ پر اہتمام کیا اس کے اثرات سارے عالم اسلام پر پڑے۔

۱۲۶/۷۔۸ موجب فرمودۂ ایشان (حضرت خواجہ باقی باللہ) کہ تخمی کہ در استعدادِ یارانِ خود انداختہ.....

رک تعلیقاتِ حاضر: ۵۷/۱۵۔۱۷

۱۲۸/۷۔۱۱ ..... در ہر کہ بوی ہوس ایں راہ استشمام می فرمودند بیکی از کبار مشائخ وقت مثل حضرت میاں شیخ احمد وحضرت میاں شیخ تاج الدین وحضرت میاں شیخ الہ داد ..... کہ بہ ترتیب مذکور از کمل خلفاء حضرت خواجہ اند دلالت می فرمودند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد اگر کسی میں حصولِ روحانیت کا جذبہ محسوس کرتے تو حضرت خواجہ باقی باللہ کے اکابر خلفاء حضرت میاں شیخ احمد مجدد الف ثانی، شیخ تاج الدین سنبھلی ثم مکی اور شیخ الہ داد میں سے کسی ایک کی خدمت میں بھیج دیتے اور خود اس سے بری ذمہ ہو جاتے تھے..... البتہ تین چار اصحاب پر آپ نے کمال درجہ کی نوازشات فرمائی تھیں وہ بھی بحکم حضرت خواجہ.....

۱۲۷/۱۹۔۲۰ کاتب حروف فرودترین آں چند کس است وسرمایہ سعادتِ دارین.....

یعنی کتاب زاد المعاد کے بزرگ مولف خواجہ کلاں بھی ان خوش نصیب افراد میں شامل ہیں جن کو خواجہ حسام الدین احمد سے تربیت حاصل کرنے کی سعادت نصیب ہوئی تھی ..... (مقدمہ کتاب حاضر، احوال مولف)

۱۳۰/۶۔۷ این مخلص (مولف) نیز سی وسہ سخن موازی عدد سنین تکمیل آنحضرت را

Marfat.com

مصدر یہ بہ نجم نجم کردہ درج می نماید.....

یعنی مولف نے خواجہ حسام الدین احمد کے سخنان وملفوظات کی تعدد ۳۳ صرف اس لئے مقرر کی ہے کہ یہ ان کی تکمیل کے بعد دعوت وارشاد کے سال (۳۳) ہوتے ہیں یعنی:

وصالِ حضرت خواجہ باقی باللہ..... ۱۰۱۲ھ

حصولِ خلافت واجازت..... ۱۰۱۰ھ

وصال خواجہ حسام الدین احمد..... ۱۰۴۳ھ۔ ۱۰۱۰ھ= ۳۳ سال

۱۳۱/۹۔۱۸ .....می فرمودند کہ بیان اسرارِ وحدتِ وجود ومعارف وصفات الٰہی مرکسی را سزاوار است کہ..... قائل آں معرفت (وحدت الوجود) را بہ قانونِ مقررہ مسلمہ کبار این قوم شیخ اکبر محی الدین عربی وشیخ صدرالدین قونوی و خواجہ عالم خواجہ احرار ومولانا عبدالرحمن جامی وحضرت خواجہ آفاق خواجہ ما (باقی باللہ) بہ سنجد.....

یہاں مولف نے ان اکابر صوفیہ کے نام لیے ہیں جو وحدت الوجود کے قائل تھے اور ان حضرات نے باقاعدہ اس نظریہ کے قواعد و ضوابط بتائے ہیں اور کہا ہے کہ اگر ان حضرات کے افکار کے مطابق اس کا بیان ہو تو درست ہے ورنہ وہ محض ''عقل ودماغ'' کی پیداوار ہے، ان حضرات میں سے شیخ اکبر محی الدین ابن عربی (ف ۶۳۸ھ/ ۱۲۴۰ء)، مولانا عبدالرحمن جامی (ف ۸۹۸ھ/ ۱۴۹۲ء) خواجہ باقی باللہ قدس اسرارہم یعنی قائلین وحدت الوجود میں حضرت خواجہ باقی باللہ بھی شامل تھے، آپ کے ملفوظات واشعار سے بھی اس امر کی تصدیق ہوتی ہے لیکن آخر عمر مبارک میں آپ پر یہ کشف ہوا تھا کہ وحدت الوجود

Marfat.com

روحانیت کا ایک ''کوچہ تنگ'' ہے شاہراہ اس سے آگے یعنی وحدت الشہود ہے، فرماتے ہیں:

.....بجہت رعایت ظاہر شریعت ازین تصنیفِ (سلسلۃ الاحرار) خود کہ سخنِ وحدتِ وجود درانجا بخوب ترین تدقیقات مبین است ناراضی بودند ومی فرمودند از ما ایں تصنیف خوب واقع نشدہ ومی فرمودند کہ محقق شد کہ ورای طریق توحید راہے است وسیع وراہِ توحید نسبت باں شاہراہ کوچہ تنگی پیش نیست'' (کلیات باقی باللہ ص:۶۴)

حضرت مجدد الف ثانی نے بھی یہی تحریر فرمایا ہے کہ حضرت خواجہ کچھ عرصہ کے لئے مشرب توحید وجودی کے قائل رہے جس کا اظہار آپ نے اپنے رسائل ومکتوبات میں بھی فرمایا ہے لیکن آخر اللہ تعالیٰ کی عنایت سے اس مقام سے ترقی ہوئی اور اپنے وصال سے ایک ہفتہ پہلے آپ نے حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی سے اس امر کا ذکر فرمایا، لکھتے ہیں:

معرفت پناہی قبلہ گاہی حضرت خواجہ ماقدس اللہ تعالیٰ سرہ چند گاہ مشرب توحید وجودی داشتند و در رسائل ومکتوباتِ خود آن را اظہار می فرمودند اما آخر کار حق سبحانہ وتعالیٰ بکمال عنایتِ خویش ازآں مقام ترقی ارزانی فرمودہ بشاہراہ انداختہ از ضیق ایں معرفت خلاصی داد، میاں عبدالحق کہ یکی از مخلصانِ ایشانند نقل کردند کہ پیش از مرضِ موت ایشان بیک ہفتہ فرمودہ اند کہ مرا بعین الیقین معلوم شد کہ توحید کوچہ ایست

Marfat.com

تنگ شاہراہ دیگراست ، پیش ازیں ہم می دانستم اما اکنون
یقینی دیگر حاصل گشت .....(مکتوبات امام ربانی:۱/ ۴۳/ ۱۱۴)

(زبدۃ المقامات : ۱۵۵) حضرت خواجہ محمد معصوم نے ان امور کی بہترین توضیحات کی ہیں۔(مکتوبات معصومیہ:۱/ ۱۵۶/ ۳۱۳)

۱۳۲/۱۔۳ .....اگر موافق قانوں ایں اکابر یابد برصدق وحقیقت آں جازم گشتہ اظہار نماید والا بیقین بداند کہ آں معرفت زادۂ عقل ودماغ است نہ متولد ازدل وباطن

یعنی حضرت خواجہ حسام الدین احمد فرماتے ہیں کہ اگر کوئی بھی اس راہِ کشف وجودی پر ہو اور وہ وحدت الوجود کے معارف کا اظہار کرنا چاہے تو ان اکابر مذکورہ کے ''قانون'' (مکشوفاتِ روحانی) کے مطابق بیان کرے اگر وہ اس سے الگ کوئی بات کرتا ہے تو یہ محض اس کی ناقص عقل اور گمان پر مبنی ہے نہ کہ اس کے روحانی دل وباطنی کیفیت کا اظہار ہے.....

یہ دراصل اس فضا کی طرف اشارہ ہے جو صوفیہء خام نظریہء وحدت الوجود کو غلط رنگ دے کر اسے عوام میں پھیلا رہے تھے اور اس سے اکبر کے زیر اثر صلح کل اور وحدت ادیان کا رنگ دے رہے تھے۔
(رک مقدمہء کتاب حاضر)

۱۳۲/۵۔۷ می فرمودند کہ دین درست وعقائد صحیح درحقیقت ہماں است کہ در اذہانِ محب کرام وتبع عظام مقرر گشتہ بود واقوال ایں بزرگواران دریں باب قرین نصوصِ آسمانی وسنن نبوی است درتقویۃ ایں مدعی.....

Marfat.com

یعنی خواجہ حسام الدین احمد فرماتے تھے کہ صحیح دین اور عقائد صرف وہی ہیں جن پر صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین نے عمل کیا اور ان بزرگوں کے اقول ''نصوص آسمانی وسنن نبوی'' ہیں جو دین کی تقویت کا باعث ہیں، دراصل یہ اشارہ ہے اس اکبری الحاد اور اس کے گرد ملحدین کے عقائد کی طرف جو شعائر اسلامی کا مذاق اڑاتے اور عبادات کو بے کار جانتے تھے انہوں نے ہندوستان کے مسلم معاشرے میں شریعت کی عملی حیثیت کو بری طرح نقصان پہنچایا تھا، اس سلسلہ میں دین برحق کو سب سے زیادہ نقصان ملا مبارک ناگوری اور ان کے دو نہایت نابغہ روزگار فرزندوں فیضی اور ابوالفضل نے پہنچایا تھا، خواجہ حسام الدین احمد ان کے داماد و بہنوئی تھے وہ ان لصوص دین حضرات کے گھر کے بھیدی تھے اس لئے ان کے عقائد پر نام لیئے بغیر ایک ضرب کاری لگائی ہے اس کے بعد نجم سوم میں خواجہ حسام الدین احمد کا جو ملفوظ درج ہے وہ اس کی تائید کرتا ہے کہ بعد نبوت کے باعث جو بدعات پیدا ہوتی ہیں ان کا ازالہ لازم ہے۔

۹۔۸/۱۳۳ .....ابوعبداللہ محمد بن علی الحکیم الترمذی.....

حضرت ابوعبداللہ محمد بن علی ملقب بہ حکیم ترمذی، تیسری صدی ہجری کے محدث و عارف تھے ترمذ میں ۲۵۵ھ/۸۶۸ء کو وصال ہوا نوادر الاصول اور ختم الاولیاء آپ کی معروف ترین تالیفات میں ہیں، صوفیہ کی کتب و ملفوظات میں آپ کے اقوال بکثرت ملتے ہیں

(طبقات الصوفیہ:۳۰۶، نفحات الانس:۱۱۸۔۱۱۹، کشف المحجوب:۲۱۵۔۲۱۷

Marfat.com

۱۳۳/۹۔۲۰ ..... درعنفوانِ شباب زنی نیکو منظر به خود خواند وایشاں اجابت نہ کردند.....

یہ سارا واقعہ تذکرۃ الاولیاء خواجہ عطار سے ماخوذ ہے۔

(۵۲۹۔۵۲۸)

۱۳۷/۱۔۳ .....ازعزیزان مثل شیخ پیر میرتی ومیر سید احمد قادری کہ باختیار بہمراہی سلاطین بہ تعمیر اوقات وحفظِ ذوق وحال موفق اند، نزدِ ما محسوب از خوادق عادت آں عزیزاں ست.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد فرماتے ہیں کہ صوفیہ کا سلاطین وقت کی محفلوں میں رہنا اور اپنے اوقات اور روحانی نسبت کی حفاظت کرنا، احاطہ امکان سے باہر ہے لیکن دو اصحاب معاصر یعنی شیخ پیر ٹھی اور میر سید احمد قادری نے اس سلسلہ میں جو سلاطین کے ساتھ نشست و برخاست رکھی ہوئی ہے وہ ان کی کرامت سے کم نہیں ہے، شیخ پیر ٹھی کا تعلق سلسلہء شطاریہ سے تھا، وہ وسیع المشرب تھے، جہانگیر کے لشکر میں رہتے تھے، بادشاہ ان کا احترام کرتا تھا، ان کا نام شیخ پیر میرٹھی ہے وہ اپنے مستقر میرٹھ میں ۱۰۴۰ھ/ ۱۶۳۰ء کو فوت ہو کر دفن ہوئے (اسراریہ:۱۳۹) وہ جہانگیر کیساتھ رہتے تھے، انہوں نے اپنے علاقہ میں ایک مسجد بنائی تھی، بادشاہ نے انہیں چار ہزار روپیہ اور فرجی شال خاصہ عنایت کی اور رخصت کر دیا، خود جہانگیر نے ۱۰۲۲ھ/ ۱۶۱۳ء کے واقعات کے تحت لکھا ہے:

شیخ پیر کہ از وارستگان و بس تعلقانِ وقت وخاص بہ بہت محبت و

Marfat.com

اخلاص کہ بامن دارد طریقہ خدمتگاری وہمراہی اختیار نمودہ است ودر پرگنہ میرتھہ کہ وطن اوست قبل ازاین بنای مسجد نہادہ دریں ولا بہ تقریبی مذکورگشت چوں خاطر اورا متعلق باتمام ایں بنای خیریافتم، چہار ہزار روپیہ بہ او دادم کہ خود رفتہ بہ او صرف نماید وفرجی شال خاصہ بہ او مرحمت نمودم رخصت کردم .....(جہانگیرنامہ:۱۳۷)

اسی طرح ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ءکو جہانگیر نے انہیں ایک ہزار روپیہ مرحمت کیا(ایضاً:۱۹۷ طبع ایران)

میر سید احمد قادری، یہ لکھنو کے مخدوم زادہ تھے، تحصیل علم کیلئے دہلی آئے اور حضرت خواجہ باقی باللہ سے نیاز حاصل ہوا، (رک کتاب حاضر لاحقہ) میر سید احمد حاجی عبدالوہاب بخاری دہلوی کے نبائر میں سے تھے، شیخ سلیم دہلوی انہی کے فرزند تھے جو ۱۰۵۰ھ کوفوت ہوئے۔ (اسراریہ:۱۶۸۔۱۶۹) ان کے کس سلطان کے ساتھ تعلقات تھے؟ یہ ہمیں معلوم نہیں ہے، ایک سید احمد قادری نام کی شخصیت کو ۱۰۲۸ھ/ ۱۶۱۹ء میں منصب ہشتصدی وشصت سوار پر ترقی دی گئی (جہانگیرنامہ: ۳۰۳) گویا وہ مذکور سنہ تک جہانگیر سے وابستہ رہے تھے، ان کی ملکی معاملات میں زیادہ خدمات کا علم نہیں ہے ہمارا خیال ہے کہ خواجہ حسام الدین احمد نے جن میر سید احمد قادری کی اختلاطِ سلاطین کے باوجود حفظ نسبت کو کرامت قرار دیا ہے وہ یہی توزک جہانگیری میں مذکور شخصیت مراد ہیں، معلوم ہوتا ہے میر سید احمد قادری نے اس کے بعد ملازمت ترک کردی کیوں کہ عہد مغلیہ کے امراء ومنصب داروں کی فہارس مرتبہ

Marfat.com

ڈاکٹر اطہر علی (Apparatus of Empire) میں ان کا نام تک درج نہیں ہے۔

۱۴۰/۳۔۴ .....سلسلہ علیہ احراریہ نقشبندیہ.....

سلسلہ احراریہ نقشبندیہ سے مراد سلسلہ نقشبندیہ کی وہ شاخ ہے جس کے موسس حضرت خواجہ عبیداللہ احرار(۸۰۶۔ ۸۹۵ھ/ ۱۴۰۳۔۱۴۹۰ء تھے، آپ سے سلسلہ نقشبندیہ کی ماوراء النہر، ایران، ترکستان اور ہندوستان وعرب میں خوب اشاعت ہوئی اور آپ کا اتنا اثر ونفوز ہوا کہ یہ اس سلسلہ کی جداگانہ شاخ کی حیثیت سے متعارف ہوئی۔(تذکرہ علماء ومشائخ پاکستان وہند:۲/)

۱۴۳/۱۔۷ می فرمودند کہ اختیار توطن در ہندوستان ..... تضیع اولاد و تضلیل اخلاف است پدر ما یعنی حضرت غازی خان ہنگامی کہ اختیار توطن ہند بنا بر ضرورت نمودند بارہا با سلطان خواجہ اندیشہ تضیع اولاد را درمیان آوردہ باتفاق می گریستند و مادراں ایام بسن ہفت سالگی بودیم.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد نے فرمایا کہ بدخشان یعنی اپنے مستقر جدی سے میرے والد حضرت غازی خان کی ہجرت ہندوستان ایک ضرورت کے تحت تھی، جب ہم وہاں سے روانہ ہونے لگے تو ہمارے بزرگ سلطان خواجہ نے منع کرتے ہوئے کہا کہ یہ اولاد کے ضائع کرنے اور اپنے اجداد کی توہین کے برابر ہے، انہوں نے اپنے زانو پر ہاتھ مارتے ہوئے گریہ کیا اور میں اس وقت کم سن فقط سات سال کا تھا اس کی حقیقت کو نہ سمجھ سکا بعد میں جب حالات سے دوچار ہوا تو ان کی بصیرت کا اندازہ ہوا تو ارادہ کرلیا کہ میں یہاں سے عربستان یا ماوراء

Marfat.com

التمہر چلا جاؤں لیکن موانع اتنے تھے کہ ایسا نہ ہوسکا، اب میں اپنے خواجہ زادگان (فرزندان حضرت خواجہ باقی باللہ) اور اپنے بیٹوں کو اس کی وصیت کرتا ہوں کہ اگر ہندوستان میں ہی رہنا ہے تو صرف لاہور یا احمد آباد میں سکونت اختیار کریں کہ یہ دونوں خطے دوسرے شہروں کی نسبت کم تعصان دہ ہیں۔

ہم ان کے جد بزرگوار سلطان خواجہ جنہوں نے نواب غازی خان کو ہندوستان جانے سے روکا تھا کے حالات زندگی سے واقف نہیں ہیں یقیناً یہ خواجہ حسام الدین احمد کے دادا یا پردادا ہوں گے کتاب حاضر کی بنیاد پر اسماء شجرہ کچھ یوں مرتب ہوتے ہیں۔

سلطان خواجہ

علی بصری

ملا نظام الدین احمد بدخشی (نواب غازی خان)

خواجہ حسام الدین احمد (صاحب سوانح حاضر) خواجہ علاء الدین حسین (مقیم اکبرآباد) دختر (عصمت ماہ؟)

زادالمعادص: ۱۶۴)

گویا جب نواب غازی خان اپنے مستقر قندز بدخشان سے روانہ ہوئے تو خواجہ حسام الدین احمد کم سن اور صرف سات سال کے تھے، ابتدائی تعلیم وہیں بدخشان میں حاصل کی تھی معلوم ہوتا ہے کہ بچپن سے جوانی تک تحصیل کا سلسلہ راستہ میں کابل اور پھر ہندوستان پہنچ کر مکمل ہوا تھا، نواب غازی خان ۹۸۲ھ/ ۱۵۷۴ء کو ہندوستان پہنچے او

Marfat.com

اکبر بادشاہ سے ملاقات کی (رک تعلیقات سابقہ ومقدمہ کتاب حاضر)

۱۴۳/۱۹ ، ۱۴۴/۱

می فرمودند کہ یکی از مضار.....دردہلی وآگرہ وسائر بلاد وقصبات، قریبہ بہ پای تخت آں ست کہ سکنہ این دیار.....

خواجہ حسام الدین احمد فرماتے ہیں کہ ہندوستان میں پائے تخت کے قریب رہنے والوں کے لئے کئی مصائب ہیں کہ سلاطین کی تمام نقل وحرکات سے متاثر ہوتے ہیں پھر اکبر بادشاہ کے زیر اثر جو معاشرتی ومذہبی حالات میں بے اعتدالیاں واقع ہوئی تھیں ان کے اثرات روحانی زندگی پر بری طرح پڑے تھے، اس لئے یہاں سے دور رہنا ہی بہتر ہے، لاہور اور احمد آباد (گجرات) کا قیام سنٹرل ایشیا جیسا ہے، یعنی یہاں قدرے سکون ہے۔

۱۴۹/۱۳-۱۹ می فرمودند کہ اشتغال بہ علوم معقولہ کلامیہ مرا کثر اقراد اتساقی را ضرر پیشتر از نفع می رساندست.....

یہاں خواجہ حسام الدین احمد نے واضح الفاظ میں علوم عقلیہ کے مضمرات کی طرف اشارہ کیا ہے اور اپنے زمانہ حدود ۱۰۴۰ھ/ ۱۶۳۰ء کو مامون الرشید عباسی کے زمانہ سے مشابہت دی ہے کہ کس طرح اس کے عہد میں یونانی زبان کی کتب فلسفہ کے عربی میں تراجم ہوئے اور ان سے ملتِ اسلامیہ میں انتشار پھیلا اور خلق قرآن جیسا مسئلہ پیدا ہوا بالکل اسی طرح آج بھی کیا جارہا ہے، آپ کا واضح اشارہ اکبر اور اس کی جماعت شوم کی طرف ہے (رک مقدمہ کتاب حاضر)

۱۵۳/۲-۴ بایں بندہ می فرمودند خواجہ (مولف) کسی اگر شما ویرا در شما محمد عبید اللہ در

Marfat.com

تحصیل علوم لسانی ومعارف کتابی بہ نہایت درجات مولویت وتدریس وتصوف دانی می رسید یدند.....

یعنی مولف کتاب حاضر خواجہ کلاں سے آپ نے فرمایا کہ اگر تم علوم حاصل کر کے درجہ مولویت پر پہنچ جاؤ اور تحصیل تصوف کے بعد درجہ مشیخت بھی حاصل کرلو لیکن پھر بھی تم اپنے والد بزرگوار حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ جیسے نہیں ہو سکتے بعض دیگر نصائح میں یہاں مولف کے چھوٹے بھائی خواجہ محمد عبداللہ کا نام بھی لیا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ کتاب زادالمعاد ان کے بڑے بھائی خواجہ عبیداللہ معروف بہ خواجہ کلاں کی تالیف ہے۔

فصل سوم

درتصرفات وخوارق عادات آنحضرت

۱۵۶ / ۴_۹ .....راہِ ملامت اختیار نمودہ باشند درغایت بعد است ومراد ازیں ملامت نہ آں ملامت است کہ درسمع وذہن اکثر مردم قرار گرفتہ بلکہ مراد ازاں ملامتی است کہ بہ تصریح شیخ اکبر..... وشیخ شہاب الدین سہروردی ..... راس ورئیس اہل آں ملامت سید الانبیاء.....صلی اللہ علیہ وسلم .....

صوفیہ کے متون میں ملامت اور طریقہ ملامت کی تصریحات کی گئی ہیں سب سے عام فہم بحث کشف المحجوب (باب ملامۃ ۸۵۔۹۴) کی ہے جو قابل توجہ ہے جہاں ان امور کی تفصیلات دی گئی ہیں، شیخ ابن

Marfat.com

عربی نے ملامت کے بارے میں اپنی کتاب فتوحات مکیہ میں اور شیخ شہاب الدین سہروردی نے عوارف المعارف میں اس کی مختلف توضیحات بیان کی ہیں، ڈاکٹر ابوالعلاء عفیفی نے شیخ ابوعبدالرحمن سلمی کے رسالہ ملامتیہ کے مقدمہ میں ان تمام تشریحات کو یکجا کردیا ہے، ملامتیان و صوفیان وجواں مردان مولفہ علامہ سلمی فارسی ترجمہ از علی رضوی، مطبوعہ کابل ملاحظہ کیجئے۔

۱۵۷/۱۰-۱۱ .....آنچہ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) بہ بلدۂ اجمیر بموجب حکم حضرت جنت مکانی (جہانگیر) تشریف بردہ.....

اس سے اگلی کرامت کے تحت یہ واضح کردیا گیا ہے کہ جہانگیر بادشاہ نے ''وکلاء بوالفضول'' کے اکسانے اور کان بھرنے پر جہانگیر نے خواجہ حسام الدین احمد اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی کو اجمیر طلب کیا، یہ دونوں بزرگ بیک وقت بادشاہ سے ملاقات کے لئے روانہ ہوئے بادشاہ کا لشکر ان دنوں کابل و بنگش کے نواح میں تھا، ان دونوں اولیاء نے عام مروجہ سفر کا راستہ اختیار کرنے کی بجائے براہ سیالکوٹ جانا پسند کیا ایک تو وہاں خواجہ حسام الدین احمد کے ایک مرید میاں محمد ہاشم سنبھلی رہتے تھے جن سے ملاقات ہوگئی دوسرے اس عہد کے معروف عالم وبزرگ علامی عبدالحکیم سیالکوٹی (ف ۱۰۶۷ھ/ ۱۶۵۶ء) رہتے تھے جن کے ساتھ خواجہ حسام الدین احمد اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے ساتھ پُرخلوص مراسم تھے ان سے ملاقات مقصود تھی۔ اتفاق ایسا ہوا کہ ان دنوں مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی غالباً کسی جائیداد کے تنازعہ میں اپنے

Marfat.com

مستقر سیالکوٹ سے ورے دامن کوہ میں ایسے افراد کے ہاں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے تھے جو طاقتور تھے، مولانا کو ان لوگوں سے جان کا خطرہ تھا لیکن اس کے باوجود ان سے ملنے کے لئے آئے اور ساری صورت حال بتائی کہ آپ نے مفسدوں کو بلا کر سمجھایا جس سے معاملہ بہتر ہو کر صلح ہوگئی، جس پر مولانا آپ کے شکر گذار ہوئے، مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی کے احوال کے ضمن میں اس اہم امر کا اس سے پہلے کسی تذکرہ نویس نے ذکر نہیں کیا گویا ان تینوں بزرگوں کے خوشگوار تعلقات کا بھی ہمیں پہلے علم نہیں تھا، عین ممکن ہے کہ مولانا سیالکوٹی حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ سے بھی ارارت رکھتے ہوں اور خواجہ حسام الدین احمد کے ساتھ ان کے تعلقات حضرت خواجہ کے حین حیات ہی استوار ہوئے ہوں، کتاب اسراریہ جو معاصر ماخذ ہے میں درج ہے کہ علامہ سیالکوٹی خانقاہ حضرت خواجہ میں آئے تھے اور خواجہ خرد بن حضرت خواجہ کی بہت تعریف بھی کرتے تھے جو ان کے حضرت خواجہ سے عقیدت کا ثبوت ہے۔ (ورق: ۱۲۹۔۱۳۰) ہم نے اس کتاب کے مقدمہ میں خواجہ حسام الدین احمد اور ابوالفضل کے مابین کشیدگی کی تفصیلات درج کی ہیں، ملاحظہ کیجئے، مولف زادالمعاد خواجہ کلاں نے شیخ عبدالحق محدث دہلوی کو ''مخدومی ملاذی استاذی'' لکھا ہے جس سے بخوبی واضح ہے کہ وہ شیخ محدث کے باقاعدہ شاگرد تھے، محمد دین فوق نے علامہ سیالکوٹی کی تعمیر کردہ عمارات واملاک کا بھی ذکر کیا ہے ملاحظہ ہو:

سوانحات عمر ملک العلماء علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی (ص: ۴۳۔۴۷)

۱۶۱/۶۔۷ ہمدریں سفر چوں آنحضرت بتانی قطع مسافت می نمودند حضرت مخدومی

Marfat.com

(شیخ عبدالحق) راخوش نمی آید.....

یعنی حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی اس سفر سے خوش نہیں تھے، جس کی وجہ یہی تھی کہ ابوالفضل کے مکتبۂ فکر (وکلاء بوالفضول) نے جہانگیر کے کان بھرے اوران دونوں حضرات کو بادشاہ نے اجمیر طلب کرلیا، داراشکوہ نے ان دونوں بزرگوں کی حاضری کے احکام کا ذکر کیا ہے کہ ''بعض مردم سخنانِ غیر واقع'' جہانگیر سے کہے جس سے متاثر ہوکران حضرات کی طلبی کا احکام صادر کئے گئے، لکھا ہے:

در وقتی کہ جہانگیر بادشاہ در کشمیر بودند بعضی مردم سخنان غیر واقع از طرف شیخ عبدالحق دہلوی کہ امام محدثان وقت اند و مرزا حسام الدین کہ از مریدان شیخ احمد سرہندی بودند بعرض پادشاہ رسانیدند و پادشاہ فرمودند کہ شیخ عبدالحق و مرزا حسام الدین را از دہلی بحضور بیاورند و شیخ نورالحق ولد شیخ عبدالحق رابہ کابل بفرستند ..... (سکینۃ الاولیاء ۱۱۵ مطبوعہ تہران)

یعنی بادشاہ نے بیک وقت دونوں اصحاب کو طلب کیا اور شیخ محدث کے صاحبزادہ شیخ نورالحق کو جہانگیر نے کابل جانے کا حکم دیا..... تو شیخ محدث پریشان حالی میں حضرت میاں میر لاہوری کی خدمت میں گئے پریشانی کا سبب دریافت کرنے پر آپ نے حقیقت حال بیان کرنے سے گریز کیا اور فرمایا کہ اس پیرانہ سالی میں اپنے وطن اور اولاد سے جدائی کے باعث ہے حضرت میاں میر نے تسلی دی کہ خاطر جمع رکھیں، چنانچہ ایسا ہی ہوا اور چار روز کے بعد بادشاہ کے فوت ہونے کی خبر ملی گویا ملاقات ہی نہ ہوسکی یہ واقعہ جہانگیر کی وفات ۱۰۳۷ھ/

Marfat.com

۱۶۲۷ء کا ہے۔

داراشکوہ نے جہانگیر کی ان سے ناراضی کا سبب لوگوں کے ''سخنانِ غیر واقع'' لکھ کر پردہ پوشی کی ہے، لیکن خاندانی روایت ہے کہ ملکہ نور جہان نے کسی ضرورت سے آپ کو بلا بھیجا جس پر آپ نے فرمایا کہ فقیر کا شاہی محل اور بیگمات سے کیا کام، جو امر میرے لائق ہو کہہ دیں میں پورا کرنے کی کوشش کروں گا، جس پر وہ بہت ناراض ہوگئی آپ کو تکلیف پہنچانے اور ہلاک کرنے کی خفیہ کوشش بھی کی (مراۃ الحقائق: ۸۷۔۸۸) خواجہ حسام الدین احمد کا تو وہی معاملہ ہوگا کہ اعداء دین نے بادشاہ کے کان بھرے تھے ورنہ اس سے پہلے جہانگیر ان دونوں حضرات کے ساتھ بڑی موانست رکھتا تھا۔ ۱۰۲۸ھ/۱۶۱۸ء کو جب شیخ محدث سے اس کی ملاقات ہوئی تو اس نے آپ کی تصنیف اخبار الاخیار کی تعریف کرتے ہوئے لکھا کہ بانواع مراحم دل نوازی کردہ رخصت فرمودم (توزک: ۳۲۰ طبع ایران)، خواجہ حسام الدین احمد کے ساتھ حسن سلوک پھر بدسلوکی کا تذکرہ انہی تعلیقات میں کیا جاچکا ہے۔ داراشکوہ نے خواجہ حسام الدین کے متعلق لکھا کہ آپ شیخ احمد سرہندی (مجدد الف ثانی) کے مرید تھے، جس کی تصدیق کتاب حاضر سمیت کسی تذکرہ سے بھی نہیں ہوسکی۔

۱۲/۱۶۱ .....نواب.....مرزا محمد زمان الملقب بہ مہابت خان خانان.....

یعنی یہ دونوں حضرات جہانگیر سے ملاقات کے لئے روانہ ہوئے تو نواب مہابت خان جن کے ساتھ آپ کی شناسائی تھی سے اس وقت

Marfat.com

ملاقات ہوئی جب وہ لشکر سے نکل کر لکھی جنگل کی طرف جارہا تھا وہ ان حضرات سے عزت کے ساتھ ملا اس نے اپنا سفری قالینچہ بچھایا اور چند لمحات ان حضرات کے ساتھ بیٹھا اور پھر رخصت ہوگیا، جہانگیر کی وفات ۱۰۳۷ھ اوراس کے بعد شاہ جہان کی تخت نشینی سے حالات بدل گئے، مہابت خان، زمانہ بیگ خانِ خانان سپہ سالار بن غیور بیگ اندجانی ثم کابلی جہانگیر وشاہ جہان کے اکابر امراء میں سے تھا، ہفت ہزاری منصب دار تھا ۱۰۴۴ھ/ ۱۶۳۴ء کو انتقال ہوا (تاریخ محمدی: ۲/۵/۲۲۲، مآثر الامراء: ۳/۳۲۷۔۳۴۶) مہابت خان اوائل میں حضرت خواجہ باقی باللہ سے آشنا تھا اور صحبت یافتہ بھی تھا (اسراریہ، خطی ورق:۱۷۱) اسی لئے اس کی ان حضرات سے عقیدت تھی۔

۱۶/۱۶۱ متوجہ لکھی جنگل شدہ بودند.....

لکھی جنگل، پنجاب کے صحراؤں میں سے ایک صحرا تھا جس کا نام باد بھی ہے۔(چار باغ پنجاب: ۳۰۲، ۱۲۵)

مغلوں کی طرف سے یہاں فوجدار مقرر کئے جاتے تھے (عمل صالح: ۱/۴۵۷، ۲/۵، ۲۴۷، ۲۴۸)

۱۶۲/۵۔۷ مرتبہ اولیٰ کہ آنحضرت بارادۂ سفر حجاز تا اکبر آباد عرف آگرہ رسیدہ سبب راہ نادادن استخارہ ہا ورخصت.....

ان امور کی تفصیلات انہی تعلیقات (۶۱ / ۱۳۔۲۰) میں بیان کی جا چکی ہیں۔

۱۶۲/۱۳ میاں شیخ جعفر کہ از یاران مقبول حضرت خواجہ.....

Marfat.com

میاں شیخ جعفر کے حالات کے لئے کتاب حاضر کا لاحقہ ملاحظہ کریں۔

۱۶۴/ ۳_۴ .....آنحضرت.....درا کبرآباد روزی چند اقامت نمودہ بودند.....

یعنی جب خواجہ حسام الدین احمد اکبرآباد گئے تو آپ نے اپنی ہمشیرہ جن کا نام عصمت ماہ تھا قیام کیا، آپ کی ان ہمشیرہ محترمہ کے حالات سے ہم واقف نہیں ہیں کہ کس کے نکاح میں تھیں؟ ان فقرات سے تو عیاں ہوتا ہے کہ وہ کسی بڑے منصب دار سے منسوب تھیں اور ان کی حویلیاں اکبرآباد میں تھیں۔

۱۶۴/ ۱۲_۱۳ دراندک فرصتی از قضا صاحب صوبہ اکبرآباد نواب خواجہ جہان را عبور براں کوچہ افتاد.....

یعنی ان دنوں بعض مفسد (بیلداران) وہ حویلی مسمار کرنا چاہتے تھے کہ نواب خواجہ جہان کی مداخلت سے معاملہ رفع دفع ہوا، نواب خواجہ جہان کا نام خواجہ دوست محمد تھا اور وہ کابل کا رہنے والا تھا، اس کی بیٹی جہانگیر بادشاہ سے بیاہی گئی تو پھر اس کے عہدوں میں اضافہ ہوا..... جب جہانگیر آگرہ سے باہر شکار وغیرہ کے لئے جاتا تو قلعہ کا انتظام اور شہر کی حکومت خواجہ جہان کے سپرد ہوتی تھی، وہ بڑا علم دوست تھا مثنوی مولانا روم روزانہ اس کی مجلس میں پڑھی جاتی تھی ..... اس نے آگرہ میں ایک عالی شان عمارت بھی بنوائی تھی (مآثر الامرا: ۱/ ۶۶۸_۶۷۰) خواجہ جہان پنج ہزاری منصب دار تھا اس کی وفات لاہور میں اواخر صفر ۱۰۲۹ھ/ ۱۶۲۰ء کو ہوئی۔ (تاریخ محمدی: ۲/ ۵/ ۱۵۳) لیکن خواجہ حسام الدین احمد کے ساتھ اس کی عقیدت کا حال ہمیں پہلی بار زاد المعاد کے

Marfat.com

ذریعہ معلوم ہوا ہے گویا یہ واقعہ خواجہ جہان کی وفات ۱۰۲۹ھ/ ۱۶۲۰ء
سے پہلے کا ہے۔

۱۶۵/ ۲۔۵ .....درسال ہزاروسی وہشت جناب.....صوفی قربان کہ از اعاظم اصحاب حضرت.....میاں شیخ احمد اند بحکم اخلاص والفتی کہ بحضرت ایشان ما (خواجہ حسام الدین احمد) وعزیزان دیگر ایں قلعہ دارند.....

صوفی قربان کا تذکرہ حضرت مجدد الف ثانی کے خلفاء میں مفصل طور پر نہیں ملتا زبدۃ المقامات (ص ۳۸۹) میں اس نام کی دو شخصیتوں کے نام ملتے ہیں ایک صوفی قربان قدیم اور دوسرے صوفی قربان جدید لیکن ان دونوں حضرات کے احوال یا اماکن ہائے وطن مولوف نہیں بتائے گئے یہاں زادالمعاد میں ان کے القاب ''استقامت نصابی المختص بالمواجید والعرفان'' سے قیاس کیا جاسکتا ہے کہ یہاں صوفی قربان قدیم مراد ہیں، ان دونوں حضرات کے نام حضرت مجدد الف ثانی کے مکاتیب ہیں ان میں سے مکتوب ۲۸۳ جلد اول میں صوفی قربان بیگ تحریر کیا گیا ہے، اس جلد میں مکتوب ۱۱۴ میں ان کے نام کے ساتھ بیگ تحریر نہیں ہے، جلد سوم میں مکتوب ۹۷ میں صوفی قربان کے نام کے ساتھ لفظ جدید تحریر ہے لیکن کسی مکتوب میں اول الذکر کے نام کے ساتھ قدیم کا لفظ نہیں ہے بلکہ بیگ لکھا گیا ہے تاہم زبدۃ المقامات میں واضح طور پر ایک کو قدیم اور دوسرے کو جدید کہا گیا ہے گویا وہ ۱۰۳۸ھ تک بقید حیات تھے۔

۵/۱۶۶ میاں ہاشم سنبھلی.....

Marfat.com

ان کے حالات کتاب ہذا کے لاحقہ میں ملاحظہ کریں۔

۱۶۷/۵۔۱۰ دراواخر عہد حضرت جنت مکانی (جہانگیر)..... قحطی غریب عارض وقت اہل دہلی گشت چنانچہ پانزدہ سیر گندم بیک روپیہ..... بدست می آمدو.....

یہ قحط ۱۶۱۷۔۱۶۱۸ء میں ہندوستان کے کئی شہروں میں نمودار ہوا بہت ہی اموات ہوئیں، وبائیں لاہور اور پھر سارے دوابہ میں پھیل گئیں ..... (توزک جہانگیری ترجمہ راجرس: ۲/ ۶۵ و بہ بعد) البتہ کتاب ہذا سے یہ معلوم ہوا کہ اس دوران دہلی جیسے مرکزی علاقہ میں گرانی کا کیا حال تھا کہ گندم ایک روپیہ کی پندرہ سیر ملنے لگی۔ اس قسم کا ایک قحط جہانگیر کے اواخر عہد میں بھی رونما ہوا تھا۔

۱۶۷/۱۲۔۱۳ .....درمزار والدِ بزرگوار خود باندوہ تمام نشستہ بودند.....

یعنی سنہ مذکورہ سے قبل خواجہ حسام الدین احمد اپنے والد نواب غازی خان کی نعش اودھ سے لاکر جوار حضرت خواجہ باقی باللہ میں دفن کر چکے تھے۔

۱۶۹/۱۶۔۱۷ .....قبل از تحریر ایں رسالہ (۱۰۴۴ھ) بہ چند ماہ ایں فقیر بنا بر مشاغل لاطائل از ملازمت حضرت والدۂ خود محروم ماندہ بود..... شبی آنحضرت رادر خواب می بینم کہ برسر وقت این.....

یعنی مولف رسالہ (کتاب زادالمعاد) کی تالیف (۱۰۴۴ھ/ ۱۶۳۴ء) سے پہلے کئی ماہ تک اپنی والدہ محترمہ یعنی زوجہء حضرت خواجہ کی خدمت میں ملاقات کے لئے نہیں جاسکے جس کے باعث وہ پریشان تھیں تو خواجہ حسام الدین احمد نے ان کو خواب میں آکر ملاقات

Marfat.com

کا حکم دیا.....

اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت خواجہ باقی باللہ کی زوجۂ محترمہ اور خواجہ کلاں کی والدہ حضرت خواجہ حسام الدین احمد کے وصال کے بعد تک بقید حیات تھیں۔

خاتمہ
در ذکر مرض رحلت آنحضرت.....

۱۷۳/۱۷۔۲۰.....رحلت آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) در بقعہ منورۂ صوفی آباد کہ درنواح اکبرآباد (آباد) کردۂ خادمان آنحضرت است بوقوع آمد و درآں ایام ایں روسیاہ (مولف) بگرفتاریہابی اصل زن وفرزند در دہلی پای بند بود.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد اپنے آخری ایام اور ہجوم امراض کے دوران اپنے آباد کردہ قصبہ صوفی آباد جو نواح اکبرآباد میں ہے گئے ہوئے تھے اور یہ مولف اپنے خانوادہ کے ساتھ بامر مجبوری دہلی میں تھا.....اس کی تفصیل انہی تعلیقات (۶۹/۵۔۹) میں بیان کی جا چکی ہے کہ شاہ جہان کے طلب کرنے پر آپ اکبرآباد میں مقیم تھے وہیں آپ کا وصال ۱۰۴۳ھ) کو ہو گیا.....

۱۷۴/۴۔۷ .....ایں مطلب (خاتمہ) منقول از زبان اخوت.....آبی.....مولانا دوست محمد ولد میر محمد یوسف مرغینانی است.....

Marfat.com

گویا مولف خواجہ حسام الدین احمد کے آخری ایام حیات میں ان کے پاس نہیں تھے اس لئے ان ایام کی روایات انہوں نے مولانا دوست محمد کی زبانی سن کر لکھی ہیں جو کم سنی سے کہولت تک آپ کے ساتھ ہی رہے اور آپ کے سب سے زیادہ مزاج شناس تھے..... ان کے احوال کتاب حاضر کے لاحقہ میں ملاحظہ کریں۔

۱۷۵/۱۶۔۱۸ از تصور مردن درنواح آگرہ (اکبرآباد) خیلگی مکروہ می نمود و مرگ دریں شہر بسیار بد بخاطر قرار گرفتہ است لیکن چوں.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد آگرہ جیسے شہر میں مرنا بہت ہی برا تصور کرتے تھے ایک تو یہ حکومت کا دارالسلطنت تھا دوسرے یہیں اکبری عہد یں تمام بدعات وخلاف اسلام حرکات ہوتی رہتی تھیں اور پھر یہ وہ شہر ہے جہاں آپ کے مرشد بزرگوار حضرت خواجہ باقی باللہ کا جسد خاکی مدفون نہیں تھا..... تاہم شاہ جہان کے روکنے پر آپ وہاں رکے رہے تھے۔

۱۷۶/۱۔۵ ہم دراں ایام از حضرت مخدومزادۂ خرد (خواجہ سراج الدین محمد) پرسیدہ اند کہ ای پسر سن شما بچند رسیدہ است ایشاں معروض داشتہ اند کہ قدم در شانزدہم نہادہ ایم..... آنحضرت فرمودند پدرِ مادر حین رحلت در ہمیں سن بودہ اند.....

یعنی ان دنوں آپ کے فرزند کو چک خواجہ سراج الدین محمد آگرہ آئے تو آپ نے دریافت کیا تمہاری عمر کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا سولھویں سال میں قدم رکھا ہے، فرمایا جب میرے والد نواب غازی خان کا انتقال ہوا تو میں بھی پندرہ سولہ سال کا تھا، اب ۶۶ سال کا ہوں.....

Marfat.com

اس سے مندرجہ ذیل امور واضح ہوتے ہیں۔

۱..... فرزند خُرد (خواجہ سراج الدین محمد) اپنے والد کے وصال ۱۰۴۳ھ کے وقت سولہ سال کے تھے گویا ان کا سالِ ولادت (۱۰۴۳۔ ۱۶).....۱۰۲۷ھ متعین کیا جا سکتا ہے۔

۲..... خواجہ حسام الدین احمد وصال کے ایام میں ۶۶ سال کے تھے گویا آپ کی ولادت (۱۰۴۳ھ۔۶۶ ..... ۹۷۷ھ) کو ہوئی جو اس کتاب کے آغاز میں درج ہے اور ان قرائن کے عین مطابق ہے۔

۳..... خود خواجہ حسام الدین احمد اپنے والد (نواب غازی خان) کے انتقال پر سولہ سال کے تھے گویا (۸۸۲ھ۔ ۹۷۷ = ۱۵ سال کے تھے۔

۱۷۶/ ۱۴۔۱۹ قبل از رحلت بہ شش سال جزوی از احوال شریفہ حضرت ابوذر غفاری را ..... کہ متضمن رحلت ایشاں در غربت بود خوش نمودہ بایں بندہ (مولف) امر نمودہ کہ ایں قصہ را از لسان عربی بزبان فارسی ترجمہ نمائید.....

حضرت ابوذر جندب بن جنادہ غفاری (ف ۳۲ھ/ ۶۵۳ء) ان اصحاب میں سے تھے جنہوں نے اسلام قبول کرنے میں پہل کی، حالات کے لئے ملاحظہ ہو:

۱.....طبقات ابن سعد: ۴/ ۲۱۹

۲.....حلیۃ الاولیاء ۱/ ۱۵۶۔ ۱۷۰

لیکن یہ معلوم نہ ہو سکا کہ خواجہ کلاں (مولف) نے شیخ خواجہ ابوذر غفاری کے احوال مسافرت پر کس عربی رسالہ کا فارسی میں ترجمہ کر کے خواجہ حسام الدین احمد کو پیش کیا جو آپ سفر کے دوران ہمراہ

Marfat.com

رکھنے والی کتب وقایہ اور تفسیر حسینی کے ساتھ رکھتے تھے۔

۱۷۷/۱۱۔۱۵ .....من بعد صحبتی شگرف کہ بہ بندگان حضرت پادشاہ داشتند ودرآں صحبت .....از کلمات حق بسمع عالی بندگان حضرت رسانیدہ .....فرمودند کہ از زمان امیر تیمور.....

فرماتے تھے کہ جس قدر نصائح وکلماتِ حق میں نے بادشاہ شاہ جہان کو کئے تھے اس سے قبل امیر تیمور کے سوا کسی بادشاہ کے لئے نہیں کئے گئے یہ بھی فرماتے تھے کہ اس کے بغیر دربار میں جانا نہایت نازیبا ہے.....امیر تیمور کی علماء ومشائخ سے صحبتیں بہت مشہور ہیں.....

۱۷۸/۲ .....درون شہر بردہ درحویلی ہمشیرۂ خود باندازید.....

یعنی آخری ایام حیات میں آپ نے کھانا پکانے کے تمام برتن وغیرہ ہٹادیئے اور اپنی ہمشیرہ کی حویلی میں جاکر کھانا کھانے لگے وہیں سے چند ساتھیوں کے لئے کھانا آتا تھا آپ صرف کھچڑی پر اکتفا کرتے تھے.....

۱۷۸/۷۔۸ .....مثل میراں سید محمود ومیاں الہ داد سہارنپوری می دادند.....

ان حضرات کے حالات اس کتاب کے لاحقہ میں مطالعہ کریں۔

۱۷۸/۱۶۔۱۸ .....قبیل عصر خادمان را فرمودند کہ اسپ زین بکنید کہ قصد دیدن جناب مخدوم زادگی خواجہ خاوند محمود داریم.....

یہاں خواجہ خاوند محمود سے مراد حضرت خواجہ خاوند محمود عطاری نقشبندی (ف ۱۰۵۲ھ/ ۱۶۲۲ء) ہیں جو حضرت خواجہ عطار کی اولاد میں سے تھے اور سلسلۂ نقشبندیہ سے نسبی تعلق تھا آپ خواجہ اسحاق

Marfat.com

دھبیدی کے خلیفہ تھے، پہلے کشمیر میں رہے پھر لاہور آئے یہیں آسودۂ خاک ہیں (عمل صالح: ۳/ ۲۸۴، تاریخ محمدی ۳/ ۵/ ۲۵۲، معین الدین خاوندی کشمیری: کتاب رضوانی ومقاماتِ محمودیہ خطی) خواجہ خاوند محمود نقشبندی جہانگیر سے ۱۰۲۸ھ/ ۱۶۱۹ء کو ملے تھے اور اس نے ان کی درویشی وخواجہ زادگی کی تعریف کرتے ہوئے انہیں ایک ہزار روپیہ انعام دیا تھا (توزک جہانگیری ۲۶۷، طبع سرسید احمد خان) گویا خواجہ خواند محمود خواجہ حسام الدین احمد کے سال وصال ۱۰۴۳ھ کے وقت اکبرآباد میں مقیم تھے جن سے ملنے کا انہوں نے ارادہ ظاہر کیا تھا اور ضعف وناتوانائی کے باوجود آپ ان سے ملنے گئے تھے۔

۱۸۴/ ۱۶۔۱۷ درہماں چند روز نواب سعادت نصاب مرزا برخوردار المشتہر الخان عالم از جای استماع ایں خبر (بیماری خواجہ حسام الدین احمد) نمودند.....

یعنی مرزا برخوردار ملقب بہ خان عالم نے خواجہ حسام الدین احمد کی بیماری کا کہیں سے سن کر اپنے ایک ساتھی کو آپ کی خدمت میں صوفی آبادی بھیجا کہ آپ کے اور میرے تعلقات بچپن سے ہیں پھر میرے اجداد بھی آپ کے عقیدت مند تھے مجھ سے کیوں اس حالت کو مخفی رکھا؟

یہ خان عالم مرزا عبدالرحمن دولدی کا فرزند تھا اس کے اجداد خاندانِ تیموریہ کے ہاں معزز عہدوں پر خدمات انجام دیتے رہے تھے، شاہ جہان کے عہد میں وہ چھ ہزاری ذات اور پانچ ہزار سوار کے منصب پر فائز تھا۔ ۱۰۴۱ھ/ ۱۶۳۲ء کو بڑھاپے کے باعث ملازمت سے سبکدوش ہوکر آگرہ میں مقیم ہوگیا اور یہیں طبعی موت سے فوت ہوا۔

(مآثر الامراء: ۱/ ۷۲۷۔۷۳۰)

Marfat.com

کتاب حاضر (زادالمعاد) سے پہلی بار اس امر کا اشارہ ہوا ہے کہ خان عالم خود اور اس کے اجداد خواجہ حسام الدین احمد آپ کے والد نواب غازی خان اور حضرت خواجہ باقی باللہ سے عقیدت رکھتے تھے۔

۱۸۵/۱۰۔۱۴ چوں ایں جواب بہ نواب خان عالم رسید خان .....خبر بیماری آنحضرت رابہ بندگان حضرت پادشاہ رسانید ندوہم درآں ایام نواب بلقیس مکانیٔ جانانہ بیگم یکی از اطبائ رابجہتہ معالجہ آنحضرت تعین فرمودند.....

یہاں جانا نہ بیگم سے مراد مرزا عبدالرحیم خانِ خانان کی بیٹی جانان بیگم مراد ہے جو سلطان دانیال بن اکبر بادشاہ سے منسوب تھی وہ خواجہ محمد سعید سرہندی سے بیعت تھی (مکتوبات سعیدیہ: ۵۶/ ۱۱۲۔۱۱۵) وہ حج کی سعادت بھی رکھتی تھی قرآن مجید کی تفسیر بھی لکھی تھی اور شاعرہ بھی تھی (بزم تیموریہ:/ ۲۴۳) وہ اپنے مکاشفات حضرت خواجہ محمد سعید کو لکھ کر تعبیر پوچھا کرتی تھی ایک مکتوب میں آپ نے لکھا ہے کہ خطوط کی تشریحات میں دشواری ہو تو میر محمد نعمان بدخشی سے رجوع کریں، جس کا مطلب واضح ہے کہ وہ اکبر آباد میں ہی رہتی تھیں (مقامات معصومی ۱/۱۹۶) جہاں سے اس نے خواجہ حسام الدین احمد کے لئے طبیب کو روانہ کیا، نیز ملاحظہ ہو آئین اکبری ۱/ ۳۲۲ (تعلیقات بلوخمان)

۱۸۶/۱۔۲ .....پسرِ حکیم عبدالشکور را فرستادند وآں جوان آدمی آمدہ.....

حکیم عبدالشکور اور ان کے فرزند کے حالات ہمیں نہیں مل سکے۔

۱۸۶/۴۔۹ بندگانِ حضرت (شاہ جہان) دراں ایام مکرر نزدیک بمنزل آنحضرت گذشتہ تفقد احوال نمودند و یک مرتبہ..... برسم عیادت پرس جوئی احوا نمود ساعتی دراز آنجا توقف نمودند چندانکہ نماز مغرب را بامامت جنا

Marfat.com

خلافت مآبی ہمانجا خواندہ سوار شدند.....

یعنی شاہ جہان جب کبھی بھی آپ کے مسکن (صوفی آباد) کے قریب ہوتا تو آپ کا حال دریافت کرتا، ایک بار شکار سے واپس آتے ہوئے وہ آپ کے پاس عیادت کے لئے آیا اور دیر تک وہاں قیام کیا مغرب کی نماز باجماعت ادا کر کے رخصت ہو گیا.....نماز کی امامت میاں شیخ رستم خلیفہ حضرت خواجہ باقی باللہ نے کروائی کیوں کہ یہاں ان کے نام کے ساتھ ہر جگہ خلافت مآبی لکھا گیا ہے۔

۱۸۷/۸۔۱۹ حضرت مخدومزادہ خرد (خواجہ سراج الدین محمد).....نزدیک بہ خود طلبیدہ امر بہ خواندن.....غزل زلف حضرت مولانا عبدالرحمن جامی.....ای دل من صید دام زلف تو.....

مولانا جامی کی اس غزل کے تمام اشعار غیر مترتب شکل میں نقل ہوئے ہیں اصل غزل یوں ہے:

ای دل من صید دام زلف تو　　دام دلہا کشتہ نام زلف تو
بندشد در زلف تو دلہا تمام　　دام و بند آمد تمام زلف تو
داد تشریف غلامی بندہ را　　زلف تو ای من غلام زلف تو
لائق رخسار گل رنگ تو نیست　　جز نقاب مشک خام زلف تو
رم کنند از دام مرغان وی عجب　　جان بی آرام رام زلف تو
زلف تو بالای مہ دارد مقام　　بس بلند آمد مقام زلف تو
صبح اقبال است طالع ہر نفس　　بندہ جامی را ز شام زلف تو

(دیوان کامل جامی مرتبہ ہاشم رضی، مطبوعہ تہران ص: ۶۴۴)

Marfat.com

اگلی سطور میں لکھا ہے کہ ان اشعار کے قاری خواجہ ابو مدین کو اس وقت اس کا غزل کا صرف ایک شعر یاد تھا باقی اشعار کیسے یاد آئے معلوم نہیں یہ حضرت کا تصرف تھا، اس امر کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ پڑھنے والے کو جو شعر جب یاد آیا پڑھ دیا۔

۱۸۸/۳ اخوی سعادت آثار خواجہ ابو مدین کہ بہ سعادت.....

ان کے حالات اسرار یہ میں ہیں

۱۸۸/۱۷۔۱۸ حضرت.....سہل بن عبداللہ التستری رحمۃ اللہ سبحانہ.....

حضرت سہل بن عبداللہ تستری اکابر صوفیہ میں سے تھے ان کا وصال ۲۸۳ھ/۸۹۶ء کو ہوا (طبقات الصوفیہ سلمی: ۲۰۶۔۲۱۱، تذکرۃ الاولیاء عطار ۳۰۴۔۳۲۳)

۱۹۰/۱۔۲ .....سرعت در بردن نعشِ ما بحضرت دہلی نہ خواہیدہ کرد کہ موجب ایذاء خادمان است تا چند گاہ مارا ہمیں جا بگذارید.....

یعنی میاں شیخ رستم کے سوال کرنے پر آپ نے فرمایا کہ مجھے ابھی یہیں اکبر آباد میں دفن کر دینا اور میری نعش دہلی لے جانے میں جلدی نہ کرنا، پھر اس سوال پر کہ دہلی میں آپ کو کہاں دفن کریں؟ کیا حضرت خان (یعنی والد خود نواب غازی خان) کے مقبرہ میں دفن کیا جائے، تو فرمایا کہ نہیں مجھے میرے مرشد حضرت خواجہ کے صفہ پر دفن کیا جائے اس میں سمت کا تعین نہ کیا فرمایا کہ جہاں اہل محلہ اجازت دیں دفن کر دینا۔

۱۹۰/۱۱۔۱۳ .....این حالت در شب ماہ صفر روی داد پگاہ آں شب کہ روز یکشنبہ غرہ ماہ صفر سال ہزار و چہل و سہ باشد.....

Marfat.com

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کا وصال ماہ صفر روز یکشنبہ ۱۰۴۳ھ کو ہوا، تقویم کی رو سے یکم صفر یکشنبہ کو ہی بنتی ہے یعنی مولف نے ماہ صفر کی تاریخ نہیں بتائی (رک مقدمہ کتابِ حاضر احوالِ خواجہ حسام الدین احمد)

۱۹۱/۹۔۱۰ ..... یکی از خدایانِ خطہ بدخشان میر محمد یوسف نام کہ از آشنایان قدیم آنحضرت بودند وارد شدند

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کے نزاع کے عالم میں آپ کے ایک قدیم دوست اور بدخشان کے ہم وطن میر محمد یوسف آپ کے پاس آئے ..... ہمیں ان کے حالات کا علم نہیں ہے، جہانگیر نے ۱۰۳۲ھ/ ۱۶۲۳ء میں محمد یوسف بدخشی کو رستم خان کا خطاب دیا وہ مختلف صوبوں میں ملازم رہا، شاہ جہان کی بغاوت کے زمانہ میں یہ مہابت خان سے مل کر جہانگیر کے ملازمین میں شامل ہو گیا جس پر شاہ جہان کو افسوس ہوا اور اس نے تخت نشینی کے بعد اسے معزول کر دیا وہ اسی حالت میں فوت ہوا (مآثر الامراء: ۲/ ۲۰۲۔ ۲۰۳)

۱۹۱/۱۱ .....خواجہ محمد افضل.....

ان کے احوال کتاب حاضر کے لاحقہ میں ملاحظہ کریں۔

۱۹۳/۱۱۔۱۲ ..... بموجب فرمودۂ آنحضرت در بقعہ منورہ صوفی آباد بطریق امانت گذاشتند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کو ان کے آباد کردہ قصبہ صوفی آباد میں دفن کر دیا گیا۔

۱۹۳/۱۶۔۲۰ .....بموجب وصیت نعش شریف آنحضرت را بہ دہلی بیارند و چوں شش ماہ

Marfat.com

گذشت در آوردن و نا آوردن نعش مقدس اختلافی میاں متعلقان و خادمان .....بجہۃ اختلاف دو ماہ دیگر توقف واقع شد آخر الامر در اوائل ماہ شوال..... جناب سیدی اعتصامی میر ابراہیم حسین توفیق قیام بایں خدمت یافتند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی وصیت کے مطابق ان کی نعش اکبر آباد سے دہلی لاکر ان کے مرشد حضرت خواجہ کے صفہ مبارک پر دفن کرنا تھی لیکن خدام و متعلقین میں اختلاف کے باعث ایسا جلد نہ کیا جاسکا یہاں تک کہ چھ ماہ گذر گئے پھر مزید دو ماہ کی تاخیر ہوگئی آخر آپ کے داماد میر ابراہیم حسین نے یہ خدمت انجام دی اور دہلی سے اکبر آباد جاکر آپ کی نعش مبارک لائے، آپ کے جسم شریف میں آٹھ ماہ گذر جانے کے باوجود کوئی فرق نہیں پڑا تھا۔

۳-۲/۱۹۵

جب آپ کی نعش اکبر آباد سے دہلی آئی تو استقبال کرنے والے فقراء میں مؤلف بھی شامل تھے۔

۱۹۵/۱۷-۲۰.....نعش مبارک آنحضرت را بہ دہلی آوردہ متصل صفہ منورۂ حضرت خواجہ بیرنگ مشرق رویہ محاذی قبر حضرت خواجہ.....دفن نمودند و.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی نعش دہلی لاکر آپ کے مرشد حضرت خواجہ کے صفہ مبارکہ کے متصل مشرق کی جانب دفن کی گئی اور آپ کی دوسری زوجہ محترمہ والدۂ مخدومزادہ خرد نے ایک دوسرا صفہ تعمیر کروایا۔

مرتب کتاب حاضر احقر محمد اقبال مجددی اگست ۱۹۹۰ء کو دہلی گیا

Marfat.com

توحضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ کی درگاہ شریف کی زیارت کے لئے ڈاکٹر نثار احمد فاروقی مرحوم (سابق صدر شعبہ عربی دہلی یونیورسٹی) کی معیت میں حاضر ہوا، اس وقت خواجہ حسام الدین احمد کی قبر مبارک کسی صفہ پر نہیں ہے بلکہ حضرت خواجہ کے مزار شریف کے پائین کی طرف قدرے دور بفاصلہ تقریباً بیس گز ایک عام قبر ہے جس پر کوئی کتبہ نہیں ہے، تاہم اس کی فوٹو اتار لی گئی جو کتاب ہذا میں شامل ہے۔

۱۹۶/۱۰۔۱۲ تمام شد فاتحہ ومقاصد ایں رسالہ..... روز شنبہ ہشتم رجب المرجب سال ہزار وچہل وچار، باید دانست کہ اگرچہ ایں مسکین در تسوید این سالہ.....

یعنی کتاب حاضر زادالمعاد ۸ رجب ۱۰۴۴ھ کو مکمل ہوگئی گویا صاحب سوانح خواجہ حسام الدین احمد کے وصال صفر ۱۰۴۳ھ کے صرف اٹھارہ ماہ بعد پایۂ تکمیل کو پہنچی گویا اس کتاب میں مندرج تمام تر روایات معاصر اور براہِ راست روایات کا درجہ رکھتی ہیں۔ (رک مقدمہ تعارف کتاب ہذا)

۱۹۷/۱۳۔۱۵ ..... این فقیر (مولف) آں ست کہ ایں فقیر اگرچہ ببرکت صدق و اخلاص آنحضرت نوعی از اطوار فہمی آنحضرت دارد و باعتماد ہمین حیثیت جرأت در تسوید ایں رسالہ واقع شد.....

یعنی مولف (خواجہ کلاں) کو صاحب سوانح خواجہ حسام الدین احمد کا اتنا قرب حاصل تھا کہ ان کے والد بزرگوار حضرت خواجہ باقی باللہ کے وصال (۱۰۱۲ھ) کے وقت وہ صرف ۲ سال چار ماہ کے تھے جب انہوں نے ان کی پرورش اور تعلیم وتربیت کا آغاز کیا، اس طرح اس کتاب میں مندرجہ تمام روایات نہ صرف ثقہ ہیں بلکہ عینی شاہد کی

Marfat.com

حیثیت کی حامل ہیں

۱۹۹/ ۷۔۱۰ .....بعضی قطعات در مرثیہ آنحضرت گفتہ اند،.....این چند قطعہ کہ جناب کمالات.....مولانا حسن ہمدانی کشمیری ثم دہلوی گفتہ اند

مولانا حسن ہمدانی کشمیری، دہلی کے اکابر علماء ومشائخ میں سے تھے ان کے والد مولانا محمد ہمدانی کشمیری (ف۱۰۰۶ھ/ ۱۵۹۷ء) بھی ذی علم بزرگ تھے، معروف تذکرہ نویس مولانا محمد صادق کشمیری (مولف کلمات الصادقین، وطبقاتِ شاہ جہانی) انہی کے بھانجے تھے، مولانا حسن کشمیری نے مروجہ علوم کی تحصیل مولانا محمد یزدی قاضی دہلی (ف۹۹۸ھ/۱۵۹۹ء) سے کی اور شیخ چائیندہ ملقب بہ نجم الحق چشتی (ف۹۹۸ھ/۱۵۹۸) سے سلوک کی تعلیم حاصل کی، ان کی وفات کے بعد حضرت خواجہ باقی باللہ سے منسلک ہوئے، شاعری سے بھی گہرا لگاؤ تھا۔ (طبقاتِ شاہ جہانی ۱۰/۳۸۔۳۹)، ۱۰۵۱ھ/۱۶۴۱ء کو دہلی میں فوت ہوئے اور روضۂ ملکیار پیران میں دفن کئے گئے۔ (اسراریہ: ورق،۱۴۶) گویا مولف زادالمعاد نے ان کے مصنفہ پانچ قطعات تاریخ وفات خواجہ حسام الدین احمد نقل کئے ہیں جو اور کہیں نہیں ملتے، یہی مولانا حسن کشمیری تھے کہ جب ۱۰۰۸ھ/ ۱۶۰۰ء کو حضرت مجدد الف ثانی حج کے ارادہ سے دہلی آئے تو آپ کو حضرت خواجہ باقی باللہ کی خدمت میں لے گئے، پھر آپ کو سب کچھ یہیں مل گیا جس کا اعتراف خود حضرت مجدد نے مکتوب (۳/۱۲۲) میں کیا ہے ان کے نام حضرت مجدد الف ثانی کے کئی مکاتیب ہیں (فہارس تحلیلی.....)

Marfat.com

۴/۲۰۰ ''مہربان بابای خلق''

یہ خواجہ حسام الدین احمد کے وصال (۱۰۴۳ھ) کا مادۂ تاریخ ہے، جس کے اعداد جمع کرنے سے ۱۰۴۴ھ برآمد ہوتا ہے یعنی اس میں ایک عدد زائد ہے:

م=۴+ہ=۵+ر=۲۰۰+ب=۲+الف=۱+ن=۵۰+ب=۲+الف=۱

ب=۲+الف=۱+ی=۱۰+خ=۶۰۰+ل=۳۰+ق=۱۰۰=۱۰۴۴ھ

(افادات ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی)

۱۵/۲۰۰ '' آہ قطب زمان ز عالم رفت''

یہ بھی آپ کے قطعہ تاریخ وفات کا مادہ ہے جس سے ۱۰۴۳ھ برآمد ہوتے ہیں یعنی

آ=۱+ہ ۵+ق=۱۰۰+ط=۹+ب=۲+ز=۷+م=۴۰+ا=۱+ن ۵۰+ز=۷+ع=۷۰+الف=۱+ل=۳۰+م=۴۰+ر=۲۰۰+ف=۸۰+ت=۴۰۰=۱۰۴۳ھ

(افادات ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی)

۴/۲۰۱ آہ شیخ جنید دویم

یہ خواجہ حسام الدین احمد کا مادۂ تاریخ وصال ہے، جس سے ۱۰۴۳ھ برآمد ہوتا ہے یعنی

آ=۱+ہ=۵+ش=۳۰۰+ے=۱۰+خ=۶۰۰+ج=۳+ن=

Marfat.com

۵۰+ ے=۱۰+د=۴+د=۴+و=۶+ی=۱۰+م=۴۰=۱۰۴۳ھ

اس میں لفظ دویم کی ی بھی دس عدد شمار کئے گئے ہیں۔(افادات ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی)

۱۱/۲۰۱ ''ہای شبلی رفتہ''

یہ بھی آپ کے قطعہ تاریخ وصال کا مادہ ہے، جس سے ۱۰۴۳ھ برآمد ہوتا ہے، یعنی

ہ=۵+الف=۱+ی=۱۰+ش=۳۰۰+ب=۲+ل=۳۰+ی=

۱۰+ر=۲۰۰+ف۸۰+ت=۴۰۰+ہ=۵=۱۰۴۳ھ

(افادات ڈاکٹر شیرانی)

۸/۲۰۲ '' زسر حلقہ خواجہاوای''

یہ بھی قطعہ تاریخ وفات کا مادہ ہے جس سے ۱۰۴۳ھ نکلتا ہے، یعنی

ز=۷+س=۶۰+ر=۲۰۰+ح=۸+ل=۳۰+ق=۱۰۰+ہ=

۵+خ=۶۰۰+و=۶+الف=۱+ج=۳+ہ=۵+الف=۱+و

=۶+الف=۱+ی=۱۰=۱۰۴۳ھ(افادات ڈاکٹر شیرانی)

۱۰/۲۰۲ ..... فاضلی دیگر از فضلای وقت کہ شجاعی تخلص می کند ایں قطعہ گفتہ

شجاعی تخلص کے اس شاعر کے حالات معلوم نہیں ہیں البتہ حکیم سیف الملوک متخلص بہ شجاعی نام کے ایک طبیب وشاعر کا تذکرہ منتخب التواریخ (۳/ ۱۱۲، ۱۷۴) میں آیا ہے جو دہلی میں گوشہ نشین تھے ممکن ہے مولانا حسن کشمیری کی طرح انہوں نے بھی طویل عمر پائی ہو اور یہ قطعہ تاریخ وفات خواجہ حسام الدین احمد انہی کا ہو، ہفت اقلیم (۲/

Marfat.com

۱۲۳۲۔۱۲۳۷) میں بھی ان کے قطعات درج ہیں۔

۲۰۳/۷ ہوافضل الملک

یہ آپ کی وفات کا مادۂ تاریخ ہے جس سے ۱۰۴۳ھ برآمد ہوتا ہے، یعنی:

ہ=۵+و=۶+الف=۱+ف=۸۰+ض=۸۰۰+ل=۳۰+م=۴۰+ل=۳۰+ک=۲۰=۱۰۴۳ھ (افادات ڈاکٹر شیرانی)

۲۰۳/۱۳ ''من شہر الصفر اولیٰ''

یہ بھی آپ کے وصال کے قطعہ تاریخ کا مادہ ہے، جس سے ۱۰۴۳ھ اخذ ہوتے ہیں یعنی م=۴۰+ن=۵۰+ش=۳۰۰۰+ہ=۵+ر=۲۰۰+الف=۱+ل=۳۰+ص=۹۰+ف=۸۰+ر=۲۰۰+الف=۱+د=۶+ل=۳۰+ی=۱۰=۱۰۴۳ھ

(افادات ڈاکٹر شیرانی)

مولف نے جہاں آپ کے وصال کی تفصیل بیان کی ہے وہاں واضح طور پر وفات کی تاریخ یکم صفر نہیں لکھی ہے، اس قطعہ کے مادۂ حاضر سے معلوم ہوا ہے کہ آپ کی وفات یکم صفر کو ہوئی تھی۔

۲۰۳/۱۴-۱۵ ..... خدام فضائل انتظامی۔ خواجہ محمد صادق طغائی کاتب ایں حروف (مولف) چند قطعہ دریں باب گفتہ اند.....

یہاں خواجہ محمد صادق سے مراد مولانا محمد صادق ہمدانی کشمیری دہلوی ہیں جو کلمات الصادقین اور طبقاتِ شاہ جہانی وغیرہ کے مولف تھے، حضرت خواجہ باقی باللہ کی دوسری اہلیہ انہی کے بہن تھیں جن کے بطن سے مولف زادالمعاد کے بھائی خواجہ خرد تولد ہوئے، خواجہ محمد صادق

Marfat.com

کا وصال ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء کو ہوا (خواجہ خرد : شرح رباعیات: خطی ۱۲۵_۱۲۶) (مقامات معصومی :۱/۲۷۹_۲۸۱) رک مقدمہ کتاب حاضر احوال مولف

مولف نے ان کے مصنفہ چھ قطعاتِ تاریخ وفات نقل کئے ہیں، خود مولانا محمد صادق نے پانچواں قطعہ ''چوں حسام الحق از جہاں بگذشت'' طبقاتِ شاہ جہانی (۱۰/۱۰) میں درج کیا ہے۔

۱۵/۲۰۴ ''آہ خیر المومنین''

یہ اس قطعہ کے آخری شعر میں مادۂ تاریخ وصال ہے جس کے عدد جمع کریں تو سال وفات ۱۰۴۳ھ برآمد ہوتا ہے یعنی:

آ=۱+ہ=۵+خ=۶۰۰+ی=۱۰+ر=۲۰۰+الف=۱+ل=

۳۰+م=۴۰+و=۶+م=۴۰+ن=۵۰=۱۰۴۳ھ

(افادات ڈاکٹر شیرانی)

۱۵/۲۰۵ '' کجا شد آن بہاء الدین ثانی''

اس مادہ سے بھی ۱۰۴۳ھ نکلتا ہے یعنی گ =۲۰+ج =

۳+الف=۱+۱+ش=۳۰۰+د=۴+آ=۱+ن=۵۰+ب=۲

+ہ=۵+الف=۱+ =ء=۱+ل=۳۰+د=۴+ی=۱۰+ن=

۵۰+ث۵۰۰+الف=۱+ن=۵۰+ی=۱۰=۱۰۴۳ھ

(افادات ڈاکٹر شیرانی)

۱۶/۲۰۵

یہ دونوں اشعار عرفی کے ہیں جو قصائد عرفی ص ۱۵ از منقبت امیر

Marfat.com

سے منقول ہیں دوسرے شعر کے دوسرے مصراعہ میں لفظ تنگ نہیں بلکہ ننگ ہے (افادات ڈاکٹر شیرانی)

۲۰۵/۱۶-۱۷ ''برفتہ قطب مدار''

اس مادہ سے بھی سال وصال ۱۰۴۳ھ برآمد ہوتا ہے، یعنی:

ب=۲+ر=۲۰۰+ف=۸۰+ت=۴۰۰+ہ=۵+ق=۱۰۰+

ط=۹+ب=۲+م=۴۰+د=۴+الف=۱+ر=۲۰۰=۱۰۴۳ھ

(افادات ڈاکٹر شیرانی)

۲۰۷/۸ '' آہ عارف رفت آہ''

یہ بھی خواجہ حسام الدین احمد کے سال وصال کا مادہ ہے جس سے ۱۰۴۳ھ نکلتا ہے، یعنی:

آ=۱+ہ=۵+ع=۷۰+ر=۲۰۰+الف=۱+ف=۸۰+ر=

۲۰۰+ف=۸۰+ت=۴۰۰+آ=۱+ہ=۵=۱۰۴۳ھ

(افادات ڈاکٹر شیرانی)

۲۰۸/۸ '' آہ قطب زمان ز عالم رفت''

اس مادہ سے بھی ۱۰۴۳ھ برآمد ہوتا ہے، تفصیل کے لئے دیکھئے تعلیقات حاضر: ۲۰۰/۱۵

۲۰۸/۱۵ '' قطب حق خواجہ حسام الدین آہ''

یہ خواجہ حسام الدین احمد کا مادۂ تاریخ وفات ہے، جس کے اعداد:

ق=۱۰۰، ط۹+ب۲+ح۸+ق=۱۰۰+خ=۶۰۰+و=۶+

الف=۱+ج ۳+ہ=۵+ح=۸+س=۶۰+الف=۱+م=۴۰

Marfat.com

+الف=۱+ل=۰۳۰+د=۴+ی=۱۰+ن=۵۰+آ=۱+ہ=

۵=۱۰۴۴ھ ہوتے ہیں اور آپ کا سال وصال ۱۰۴۳ھ ہے گویا اس میں ایک عدد زاید ہے، تاریخ گو حضرات کو اگر عمدہ مادہ ہاتھ آجائے تو ایک عدد کے کم یا زیادہ ہونے کو عیب نہیں جانتے۔ (از افادات ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی)

۲۰۸/۱۷۔۱۹.....جناب فضائل مآبی.....مولانا حافظ محمد خیالی کہ بہ شرف علم وفضل وقرابت حضرت خواجہ ما قدس سرہ مشرف اند.....

یہاں حافظ محمد خیالی سے مراد شیخ محمد کشمیری مذکور کے نبیرے حافظ مولانا محمد خیالی ہیں، جو مروجہ علوم دینیہ میں مہارت تامہ رکھتے تھے اور فارسی میں شعر بھی کہتے تھے اور معروف شاعر انوری کے ہم پلہ تھے، نمونہ کلام خواجہ محمد صادق ہمدانی نے دیا ہے (طبقات شاہ جہانی: ۱۰/۵۷۔ ۵۸)، یہاں قرابت حضرت خواجہء ما سے مراد ہے کہ وہ مولف کے والد گرامی حضرت خواجہ باقی باللہ سے قرابت رشتہ رکھتے تھے یعنی خواجہ محمد صادق ہمدانی کشمیری کی بہن حضرت خواجہ کی دوسری زوجہء محترمہ تھیں اور حافظ محمد خیالی شیخ محمد کشمیری مذکور کے نواسے تھے اس طرح وہ حضرت خواجہ کے معنوی بھائی تھے، حافظ خیالی بھی حضرت خواجہ کے صحبت یافتہ تھے، مولفِ اسراریہ شیخ کمال محمد نے جو خواجہ خرد کے مرید خاص تھے خانقاہِ شریفہ میں حافظ خیالی سے متعدد مرتبہ ملے بھی تھے اور حافظ خیالی کی وفات پر قطعہء تاریخ لکھا ہے۔ ''آہ آہ حافظ محمد خیالی بے مثل'' (اسراریہ: ۱۶۸) حافظ خیالی کا انتقال اسراریہ کی تکمیل کے بعد ۱۰۷۰ھ کو ہوا۔ (اسراریہ: ۴۰۲)

Marfat.com

۳/۲۰۹ آہ از میرزا حسام الدین..... آن مہ آسمان صدق وصفا

یہ بھی خواجہ حسام الدین احمد کے وصال کا مادۂ تاریخ ہے پہلے مصرع سے ۴۷۶ عدد برآمد ہوتے ہیں یعنی آہ = ۶، از = ۸، میرزا = ۲۵۸، حسام = ۱۰۹، الدین = ۹۵، ۴۷۶

دوسرے مصرع سے ۶۱۹ عدد نکلتے ہیں یعنی آن = ۵۱، مہ ۴۵، آسمان = ۱۵۲، صدق = ۱۹۴، و = ۶، صفا = ۱۷۱ = ۶۱۹ اس طرح دونوں مصرعوں سے ۴۷۶ + ۶۱۹ = ۱۰۹۵ ھ نکلتا ہے جبکہ آپ کا صحیح سال وصال ۱۰۴۳ ھ ہے گویا اس میں ۵۲ عدد زاید ہیں، اس قطعہ کے چھٹے اور ساتویں شعر کی وضاحت سے:

آ ـ ہ ـ آ ـ ا ـ د ـ و ـ ا

۵۲ = ۱۷ + ۳۵ = ۱ + ۶ + ۴ + ۱ x x + ۵ + x

جو اس سنہ ۱۰۹۵ سے نکال دیئے جائیں تو ۱۰۴۳ھ = (۵۲-۱۰۹۵)

(افادات ڈاکٹر شیرانی)

۸/۲۰۹ ”نماند آہ قدوۃ العرفاء“

یہ بھی خواجہ حسام الدین احمد کا مادۂ تاریخ وفات ہے، جس کے عدد شمار کرنے سے ۱۰۴۳ھ برآمد ہوتے ہیں جو درست ہے۔

۱/۲۱۰ آہ قطب مدار رفت

یہ بھی آپ کے وصال کا مادۂ تاریخ ہے جس سے ۱۰۴۳ھ برآمد ہوتا ہے یعنی آہ = ۲ (الف ممدودہ کے دو عدد شمار کئے گئے ہیں) + ہ =

۵ + ق = ۱۰۰ + ط = ۹ + ب = ۲ + م = ۴۰ + د = ۴ + الف = ۱ + ر =

Marfat.com

۲۰۰+ر=۲۰۰+ف=۸۰+ت=۴۰۰=۱۰۴۳ھ

(افادات ڈاکٹر شیرانی)

۲۱۰/۳ .....مولانا محمد حافظ دائرہ طرح نمودہ اند.....

۲۱۱/۴ یہ دائرہ جو متن میں درج کیا گیا ہے نہایت پیچیدہ ہے اور مولف نے اس دائرے کی مدد سے اخذ مادۂ تاریخ کا جو طریقہ لکھا ہے وہ بھی غیر واضح ہے، ان حالات میں یہ دائرہ اور متعلقہ عبارت نقل کرنے پر اکتفا کی گئی ہے۔

اس دائرہ میں مندرجہ تاریخ کے سلسلہ میں بھی ہم نے فارسی زبان وادب کے نامور محقق ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی کی خدمت میں رجوع کیا، موصوف نے بڑے غور اور تامل کے بعد فرمایا کہ یہ دائرہ خاصا پیچیدہ ہے۔

۲۱۲/۱_۲ ''میر محمد زاہد کہ از خلص اصحاب حضرت خواجہ و''.....

ان کے احوال کتاب حاضر کے لاحقہ کی فصل اول میں ملاحظہ کریں۔

۲۱۲/۵ ..... ''شیخ اسلام''

یہ بھی خواجہ حسام الدین احمد کے وصال کے قطعہ تاریخ کا مادہ ہے جس سے ۱۰۴۲ھ نکلتا ہے گویا اس میں ایک عدد کم ہے، لیکن جب سید میر محمد زاہد کو اس عمدہ مادہ میں ایک عدد کی کمی کا احساس ہوا تو انہوں نے اسے اسی حالت میں رہنے دیا یعنی ش=۳۰۰+ی=۱۰+خ=۶۰۰+الف=۱+س=۶۰+ل=۳۰+الف=۱+م=۴۰=

۱۰۴۲ھ (افادات ڈاکٹر شیرانی)

Marfat.com

لاحقہ

۲۱۲/۱۱-۱۹ .....ایں گروہ والاشکوہ (خلفائے خواجہ باقی باللہ) پیشتر آنانند کہ بحسب بیعت واخذ طریقہ محسوب واز اصحاب..... حضرت خواجہ بیرنگ اند..... وصیتِ حضرت خواجہ..... کہ تخم درنہادِ یاران کاشتہ ایم.....آب دادن و بجا رسانیدنِ این تخم حوالہ بفلانی (خوجہ حسام الدین احمد).....نمودہ ایم.....

گویا اس لاحقہ کی قسم (فصل) اول میں جن اصحاب کا تذکرہ کیا گیا ہے وہ سب کے سب حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ سے بیعت واجازت یافتہ تھے، حضرت خواجہ نے ان کی روحانیت میں تخم روحانیت کاشت کردیا تھا اب اس کو آب رسانی کر کے اسے بآور کرنا خواجہ حسام الدین کے سپرد کردیا گیا اور آپ نے وصیت کے مطابق اس امر پر عمل کیا، اس سلسلہ میں اصحاب حضرت خواجہ میں سے کئی ایسے تھے جنہیں آپ نے خود اپنے حین حیات تربیت کیلئے شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی قدس سرہ کے سپرد فرمادیا تھا اور بعض اصحاب خواجہ حسام الدین احمد کی خدمت میں رہ کر مصروف مشق رہے ان امور کا انہی تعلیقات میں تذکرہ کیا جاچکا ہے۔ گویا ان دونوں بزرگوں نے حضرت خواجہ کے حکم کے مطابق عمل کرتے ہوئے ان کی ایسی تعلیم وتربیت کی کہ ملک و بیرون ملک میں دعوت وارشاد کا بہترین سلسلہ شروع ہوگیا۔

Marfat.com

۶/۲۱۴ .....مسقط الراس آں عالی جناب (شیخ میاں الہ داد) بقعہ منورہ انبروہہ است.....

یعنی حضرت خواجہ کے خلیفہ شیخ الہ داد کا مسکن انبروہہ تھا اس کا تلفظ ابتداء میں انبروہہ ہی رہا بعد میں کثرت استعمال سے امروہہ ہوگیا چنانچہ تاریخ فیروز شاہی برنی (ص: ۳۲۰) سے آئین اکبری (ترجمہ بلوخمان: ۱/ ۲۱۲، ۴۲۴، ۴۸۵) امروہہ ہی استعمال ہوا ہے، ابن بطوطہ نے بھی ''امروہا'' لکھا ہے، رحلۃ ابن بطوطۃ، قاہرہ ص: ۳۵۰، البتہ جہاں بادشاہ کے حکم پر دس ہزار من غلہ لے جانے کا حکم ہے وہاں اس فرمان کے ساتھ کہ باقی ایک ہزار من غلہ امروہہ لے لیا جائے اسے ''ہزار امروہا'' لکھ دیا ہے وہ محض انتظامی اصطلاح ہے جب جہاں کہیں ابن بطوطہ اسے جداگانہ لکھتا ہے وہ اسے امروہا ہی لکھتا ہے (رحلۃ: ۳۴۹)

امروہہ، (Mahdi. Husain: Rehla of Ibin Battuta, p. 144)
مرادآباد کی حدود میں ہے (امپریل گزٹیئر آف انڈیا)

۲۱۴/ ۹_۱۰ .....ولایت توران کہ عبارت از قبچاق وترکستان وماوراء النہر است.....

تُوران، ماوراء النہر کے بلاد کو توران کہا جاتا ہے۔ (معجم البلدان: ۲/ ۵۸، قبچاق کو مورخین نے قدیم سغناق ہی شمار کیا ہے جو کہ شمال میں ۲۴ فرسخ درکنار رود سیحون واقع تھا، جہاں مسلمانوں کی آبادی تھی منگولوں نے اسے تباہ کر دیا، (جغرافیہ تاریخی سرزمین خلافت شرقی ۵۱۷_۵۱۸، ترکستان، قدیم ودور وسطیٰ کی تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو:

Marfat.com

Barthold, w: Turkistan, down to the Mangol invasion

۲۱۴/۱۶-۱۷ .....از دہلی باستماع تبحر خدام شیخ چوہر سرہندی و ملا جمال لاہوری مدتہا بہ سرہند ولاہور تردد نمودہ اند و درملازمت ایں دوعالم عظیم ایشاں.....

یعنی شیخ الہ داد جب دہلی میں تحصیل علم میں مصروف تھے تو انہیں شیخ چوہڑ سرہندی اور جمال لاہوری کے تبحر علم کا پتہ چلا تو وہ ان کی خدمت میں تحصیل کے لئے گئے اور سرہند ولاہور میں ایک مدت تک رہ کر ان حضرات کی خدمت میں تکمیل کی، شیخ چوہڑ سرہندی ایک ذی علم بزرگ تھے، معاصر مولف امین احمد رازی نے مولانا جوہر اور مولانا بایزید کا مشترکہ ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے:

درفنون فضائل سرآمد عشایر وقبائل اند وہموارہ بلوازم درس و بحث پرداختہ نقش افادہ برالواح خواطر طلبہ می نگارند (ہفت اقلیم: ۲/ ۲۵۸)

شیخ چوہڑ کا انتقال ۱۰۲۷ھ/ ۱۶۱۸ء کو ہوا، پروفیسر پریہار نے مجمع الاولیاء کے حوالہ سے ان کا یہی سال انتقال دیا ہے۔

History and Architectural Remains of Sirhind p. 34

معارج الولایت (خطی، ورق ۶۰۴) میں بھی شیخ جوہڑ کا مختصر سا تذکرہ ہے، یہاں یہ بات قابل توجہ کہ ان کا اصل نام جوہر نہیں بلکہ چوہڑ ہے، چوہڑ کے معنی ہندی میں شکار کو تدبیر سے قابو میں لانے کے ہیں، چونکہ علماء وصوفیہ اپنے نفس کو مجاہدہ وریاضت سے خدا کی بندگی کے لئے رام کرلیا کرتے ہیں، اس لئے وہ چوہڑ کے لقب ونام سے مشہور ہوتے ہیں مثلاً شیخ عبدالجلیل چوہڑ بندگی لاہوری (ف ۹۱۰ھ) (حدیقۃ الاولیاء: حواشی: ۱۶۰-۱۶۱)

Marfat.com

شیخ الہ داد کے دوسرے استاد ملا جمال لاہوری تھے، جو لاہور کے ایک محلہ تلہ میں رہتے تھے۔ جو اعیانِ مشائخ میں بھی شمار کئے جاتے تھے وہ لاہور کے اعلم علماء میں سے تھے، حضرت خواجہ باقی باللہ سے بہت عقیدت تھی، ان کا ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء کو وصال ہوا (طبقاتِ شاہ جہانی: ۹/۴۹) تاریخ محمدی ۲/۵/۹۴ میں ان کا سال وفات ۱۰۱۶ھ درج ہے، بدایوانی نے لکھا ہے کہ مولانا جمال اپنے وقت کے اعلم العلماء تھے، انہوں نے فیضی کی تفسیر بے لفظ کی اصلاح کر کے مربوط بنایا (منتخب: ۳/۷۲)

حضرت مجدد الف ثانی سے بھی ملا جمال لاہوری بہت عقیدت رکھتے تھے متعدد مرتبہ ملاقات کا ذکر ملتا ہے (زبدۃ المقامات: ۱۵۸) خواجہ محمد ہاشم کشمی نے زبدۃ المقامات کا مسودہ شیخ الہداد کی خدمت میں بھیجا کہ وہ حضرت خواجہ کے قرب ترین اصحاب میں سے ہیں اسے بنظرِ اصلاح دیکھیں تو انہوں نے اس پر بعض ''دقائق وحقائق'' تحریر کئے۔ (ص ۸۷)

۲۱۵/۱۔۲ ہمدراں اثنا در بلدۂ فاخرہ لاہور بحضرت ایشاں.....آشنا شدہ اند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد جن دنوں ''ترک دولت مندی'' کی فکر میں تھے اور ہندوستان کے مختلف خطوں میں ''فقراء، صلحاء اور علماء'' کی تلاش میں پھرتے تھے انہی دنوں (حدود ۹۹۹۔۱۰۰۰ھ) لاہور میں آپ کی ملاقات جب میاں شیخ الہ داد سے ہوئی تو وہ حضرت میاں کے ''صید'' دام میں پھنس گئے، اور ان کا بہت ہی اعزاز واکرام کیا.....

Marfat.com

اس اشارہ سے اس نتیجہ پر پہنچا دشوار نہیں رہ جاتا کہ مہم سندھ کے دوران خواجہ حسام الدین احمد پر اچانک جذبہ الٰہی کا ورود نہیں ہوا تھا بلکہ باقاعدہ آپ اس سے قبل اس کی تیاری کر رہے تھے اور جونہی موقع ملا ''اکبر اور مسلمانانِ ہندو مزاج'' سے چھٹکارا حاصل کیا۔ (رک مقدمہ کتاب حاضر)

۲۱۵/۹۔۱۱ .....(میاں شیخ الہ داد) بہ رفاقتِ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) ملاقات حضرت خواجہ قدس سرہ مشرف شدہ اند و دستِ بیعت بحضرت خواجہ قدس سرہ دادہ اند.....

یعنی میاں شیخ الہ داد اپنے قیام لاہور کے زمانہ میں جب کہ خود حضرت خواجہ باقی باللہ ''تلاشِ صلحاء'' میں پھرتے تھے اور حضرت خواجہ احرار سے اویسی طور پر فیض یافتہ تھے اصحاب سے باقاعدہ بیعت بھی لیتے تھے، انہی دنوں میاں شیخ الہ داد بھی آپ سے بیعت ہوئے۔

۲۱۶/۱۷۔۲۰.....دریاء شہود را کہ خدا ساز ندتا اشتغال مشاغل خانہ داری دافع سباحت روحی ایشاں گردد پس حضرت ایشان ما (خواجہ حسام الدین احمد) بموجب امر عالی حضرت پیر دستگیر (خواجہ باقی باللہ) یکی از بنات طبقہ علیہ جہریہ را کہ در محل شریف آنحضرت ..... در رنگ فرزندان تربیت یافت بودند بہ زوجیت آں عالی جناب اختیار نمودہ.....

یعنی میاں شیخ الہ داد جب سلوک کی مشق کے دوراں سکر سے سہو میں آ گئے تو حضرت خواجہ نے خواجہ حسام الدین احمد سے فرمایا کہ اب ان کا نکاح کر دو، چنانچہ انہوں نے ایک ایسی خاتون سے جس کی تربیت، اپنی بیٹیوں کی طرح کی تھی کے ساتھ ان کا عقد کر دیا، اور ان کو اپنے گھر

Marfat.com

کے قریب ہی رہنے کے لئے بھی جگہ دی۔

۲۱۸/۳۔۶ ..... آنحضرت والدۂ مخدومزادۂ بزرگ بی بی فاطمہ .....نقد احوال فرزندانِ ایشاں رابرا کثر حوائج حرم معلّٰی تقدیم می دادند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی زوجہ محترمہ بی بی فاطمہ بنت ملا مبارک ناگوری خود میاں شیخ الہ داد کے فرزندوں کے احوال دریافت کرتیں اور اپنے ذاتی وگھریلو معاملات بھی ان کے سپرد کررکھے تھے۔

۲۱۸/۱۰۔۱۸ ہنگام عزم سفر حجاز کہ درعہد حضرت پادشاہ جنت مکانی (جہانگیر) تا اکبر آباد درسیدہ.....آں عالی جناب (میاں شیخ الہ داد) رابا اہل خانہ وعشیرہ و اقرباء ایشاں ہمراہ گرفتہ.....ایں قصہ راست مانند سرگزشت حضرت خواجہ محمد پارسا..... کہ ہنگام توجہ بحرمین شریفین مفارقت حضرت خواجہ علاءالدین غجدوانی راتاب نیاوردند کما شرح فی الرشحات

ان امور کی تفصیلات انہی تعلیقات میں بیان کی جاچکی ہیں۔

اس اقتباس میں حضرت مولف سے تین سہو ہوئے ہیں:

اول ..... حضرت خواجہ محمد پارسا بخاری کا اتصال حضرت خواجہ علاء الدین غجدوانی سے ممکن نہیں ہے، کیوں کہ خواجہ غجدوانی کا سال وصال ۵۷۵ء/۱۱۷۹ء ہے اور حضرت خواجہ محمد پارسا بخاری کا ۸۲۲ھ/ ۱۴۲۰ء میں وصال ہوا گویا ان دونوں بزرگوں کے مابین ۲۴۷ سال کا فرق ہے نیز خواجہ علاء الدین غجدوانی کا اسم گرامی بھی درست تحریر نہیں فرمایا ان کا نام خواجہ عبدالخالق غجدوانی ہے۔ (رشحات مطبوعہ ایران: ۳۴۔۵۰)

خواجہ خرد بن حضرت خواجہ باقی باللہ کی روایت ہے کہ میاں شیخ

Marfat.com

الہ داد کا وصال ۲۳ شعبان ۱۰۵۱ھ/ ۱۶۴۱ء کو ہوا انہیں حضرت خواجہ کے صفہ پر دفن کیا گیا، انہوں نے وصال سے دو ماہ قبل خواجہ کو بلایا اور فرمایا کہ مجھے جو کچھ حضرت خواجہ سے روحانی طور پر ملا ہے وہ میں تمہیں دیتا ہوں اسی طرح حضرت غوث اعظم سے قادریہ سلسلہ کے عطیات اور چشتیہ حضرات سے جو کچھ حاصل ہوا ہے وہ بھی میں تمہیں دیتا ہوں، انہوں نے خواجہ خرد کو جو اجازت نامہ لکھ کر دیا تھا وہ یہ ہے

" بسم اللہ الرحمن الرحیم، الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ علی خیر خلقه محمد وآله و اصحابه اجمعین اما بعد معلوم ہمہ اخوان طریقت بادکہ باشارت غیبی و اذن بزرگان قدس اللہ اسرارہم آنچہ از حضرت پیر دستگیر قطب عارفان و عاشقان خواجہ محمد باقی قدس اللہ سر، بفقیر الہ داد دریں راہ رسیدہ بودند بفرزند عزیز خواجہ محمد عبد اللہ بخشید و گذرانید وایشان را خلیفہ خود ساخت و وصیت نمود کہ بعداز من ہمہ مردم کہ بمن ربط مجردی تعلیم طریقہ ء نقشبندیہ برسد قبول نمایند و شجرۂ پیرانِ پیر بدہند ونیز الطافی کہ از حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ بایں فقیر ہست بآں فرزند عزیز گذراند و ہمچنیں الطافی و عنایتی کہ حضرات چشتیہ دارند بآں فرزند گذراند و وصیت نمود آں فرزند عزیز کہ بعداز من و فرزند من و ہرکہ بمن تعلقی و قرابتی دارد طریقہ محبت و رعایت و خدمت بر قدرت و امکان مرعی دارند و از خدامی خواہم کہ آں فرزند عزیز را برا حکام شریعت و آداب طریقت و انوارِ حقیقت استقامت یابد بحرمت النبی وآلہ صلی اللہ علیہ وسلم تاریخ دوازدہم شہر شعبان المعظم تحریر

Marfat.com

یافت (۱۰۵۱ھ)،

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی روایت ہے کہ حضرت خواجہ فرماتے تھے میاں الہ داد توجہ وحضور میں اس آب رواں کی مانند ہیں کہ ''میاں الہ داد مادر توجہ وحضور آب روانند کہ ایستادگی ندارند واز ہمہ یاران دریں صفت منفرد وممتاز'' خواجہ خرد فرماتے تھے کہ وہ مجھ پر وہ عنایات جو حضرت میاں شیخ احمد (مجدد الف ثانی) نے فرمائی ہیں اور میاں شیخ الہ داد نے کی ہیں میں انہیں یکساں محسوس کرتا ہوں، (اسراریہ خطی: ۳۹۔ ۴۳) شیخ الہ داد کی زوجہ محترمہ کا عارضہ جنون میں ۱۰۶۳ھ/ ۱۶۵۲ء کو انتقال ہوا۔ (ایضاً: ۴۴)

حضرت خواجہ جب ماوراء النہر کے سفر پر آخری مرتبہ روانہ ہوئے تو مخلصین کی ایک جماعت کو میاں شیخ الہ داد کے سپرد کیا کہ وہ ان کی تربیت کریں (کلیات باقی باللہ: ۷۳، ۱۰۷)، حضرت خواجہ کے وصال کے بعد اگر کوئی طالب خواجہ حسام الدین احمد کے پاس آتا تو آپ اسے میاں شیخ الہ داد کی خدمت میں بھیج دیتے تھے (زبدۃ المقامات: ۸۸) حضرات القدس: ۱/ ۴۵۳ خطی میں میاں شیخ الہ داد کا سال وصال رمضان ۱۰۴۹ھ درج ہے جو کتاب اسراریہ کے مذکورہ سنہ کے مقابلہ میں اہمیت نہیں رکھتا کیوں کہ مولف اسراریہ کی تمام تر روایات ان کے اپنے شیخ خواجہ خرد سے منقول ہیں اور مولف کو خود بھی میاں شیخ الہ داد کا قرب حاصل تھا۔

میاں شیخ الہ داد دہلوی کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو:

۱..... محمد ہاشم کشمی: زبدۃ المقامات ۸۶۔۸۸

Marfat.com

۲..... بدرالدین سرہندی: حضرات القدس جلد اول ورق ۴۵۳ خطی نسخہ عجائب گھر، لاہور

۳..... محمد صادق ہمدانی کشمیری: طبقاتِ شاہ جہانی: ۱۰/ ۱۸

۴..... کمال محمد سنبھلی: اسراریہ، خطی ۳۹۔ ۴۳ نسخہ کتابخانہ ندوۃ العلماء، لکھنو

۵..... باقی باللہ، خواجہ: کلیات (رقعہ: ۴۴، ۲، ۸۶، ۱۹ وغیرہ)

۶..... احمد سرہندی مجدد الف ثانی: مکتوبات میں میاں شیخ الہ داد کا ذکر آیا ہے (رک فہارس تحلیلی)

شیخ الہ داد امروہوی نام کے ایک اور بزرگ اکبر کی فوج میں ملازم تھے جن کا انتقال ۹۹۰ھ/ ۱۵۸۲ء کو ہوا (منتخب التواریخ: ۳/ ۱۰۷، ۱۷۱) جن کا زیر نظر شخصیت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

۲۲۰/۹۔۱۰ ..... الیوم کہ اواسط سال ہزار وچہل وچہارم است از عمر شریف آں عالی جناب (میاں شیخ الہ داد) ہفتاد وسہ سال منقضی گشتہ.....

یعنی کتاب حاضر (زادالمعاد) کی تالیف کے وقت (۱۰۴۴ھ) میاں شیخ الہ داد بقید حیات ہیں اور ان کی عمر ۷۳ سال ہے، اس اعتبار سے ان کا سال ولادت ۹۷۱ھ = (۱۰۴۴۔ ۷۳) متعین کیا جا سکتا ہے۔

۲۲۰/۱۹۔۲۰ زوجہ شریفہ ایشان را قریب چہل سال است کہ بانحران عقل وتشویش ظنون وغلبہ جنون مبتلا است.....

یعنی میاں شیخ الہ داد کی زوجہ محترمہ جنہوں نے خواجہ حسام الدین،

Marfat.com

احمد کے گھر میں پرورش پائی تھی اور حضرت خواجہ کے حکم پر ان کا عقد ان سے ہوا تھا تقریباً چالیس سال سے عارضہ جنون میں مبتلا ہیں، گویا ان پر اس مرض کا غلبہ ۱۰۰۴ھ کو حضرت خواجہ کے حین حیات ہوا، ان کا انتقال اس مرض میں ۱۰۶۳ھ کو ہوا (اسراریہ: ۴۴)

۲۲۱/۷۔۱۰ ..... بعد از حضرت زنگی آتا علیہ الرحمہ کہ بہ تحمل و برداشت زوجہ جفا بیشہ غازہ امتیاز بر جبین روزگار خود دارند.....

یہاں حضرت مولف کو پھر سہو ہوا ہے حضرت خواجہ زنگی آتا کی زوجہ عنبر آتا تھیں وہ پہلے خواجہ حکیم آتا کے عقد میں تھیں ان کے وصال کے بعد وہ ان کے خلیفہ خواجہ زنگی آتا کے نکاح میں آئیں انہوں نے اس عقد ثانی پر انکار کیا تو ان کی گردن ٹیڑھی ہوگی پھر خواجہ زنگی کے تصرف سے درست ہوئیں ان کے جفا پیشہ ہونے کا ذکر نہیں ملتا۔ (رشحات: ۱/۲۱/۲۳)

۲۲۳/۱۱۔۱۲ ..... مردم قبیلہ ایشان (میاں شیخ رفیع الدین محمد عباسی) خود را از اولاد حضرت عباس عبدالمطلب رضی اللہ عنہ می دانند

یعنی حضرت میاں شیخ رفیع الدین محمد عباسی کے خانوادہ کے افراد خود کو حضرت عباس بن عبدالمطلب کی اولاد میں سے سمجھتے ہیں۔

یعنی عباس بن عبدالمطلب بن ہاشم بن مناف القرشی الھاشمی، ابوالفضل المکی، عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، وہ غزوۂ بدر میں مشرکین کی طرف سے شریک ہوئے تھے اس کے بعد اسلام قبول کرلیا، ان سے بہت سی احادیث مروی ہیں، ۳۲ھ/ ۶۵۲ء کو انتقال ہوا، ملاحظہ ہو:

۱..... جمال الدین المزی: تہذیب الکمال فی اسماء الرجال ۱۴/

Marfat.com

۲۲۵_۲۳۰

۲..... ذہبی، شمس الدین محمد: سیر اعلام النبلاء ۲/ ۷۸_ ۱۰۳

۳..... ایضاً: تاریخ الاسلام (حوادث ۱۱_ ۴۰ھ) ۳۷۳_۳۷۸

۲۲۳/ ۱۲_ ۱۳ ..... والحق اثر نجابت ونیک ذاتی وطہارت وعلو فطرت در جمیع اشخاص عشیرہ ایشاں ہویدا است.....

مولف کلمات الصادقین ص: ۱۳۵ نے شیخ عبدالعزیز چشتی دہلوی کے حالات کے ضمن میں یہی بات کہی ہے۔ ''از ایام طفلی آثار عظمت و بزرگی از ناصیہ حال وی ظاہر و پیدا بود''

۲۲۳/ ۱۵_ ۱۶..... مدت یک صد و پنجاہ سال است کہ آباء کرام ایشاں بہ تجدید طریقہ علیہ چشتیہ و قادریہ اشاعت کمالات ایں سلسلہ ہا

میاں شیخ رفیع الدین محمد عباسی کے اجداد اگذشتہ ایک سو پچاس سال سے دہلی میں سلسلہ چشتیہ و قادریہ کی اشاعت و تربیت مریدین میں مصرف رہے، یعنی شیخ رفیع الدین کے دادا شیخ عبدالعزیز چشتی کے والد گرامی شیخ حسن طاہر جونپوری ثم دہلوی کا وصال ۹۰۹ھ کو دہلی میں ہوا۔ کلمات الصادقین: ۱۰۲) اس طرح زاد المعاد کی تالیف (۱۰۴۴ھ ۔۹۰۹ھ) کے وقت اس خانوادہ کو دہلی میں دعوت وارشاد کی مصروفیت میں ۱۳۵ سال ہو چکے تھے اگر اس میں شیخ حسن طاہر کا زمانہ حیات شامل کریں تو پورے ۱۵۰ سال ہی بنتے ہیں۔

۲۲۳/ ۱۷_ ۱۸..... خصوصاً حضرت شیخ محمد خیالی و حضرت شیخ عبدالعزیز قدس سرہما کہ از اکثر مشائخ.....

یہ دونوں بزرگ شیخ حسن بن طاہر جونپوری ثم دہلوی (ف ۹۰۹ھ/

Marfat.com

۱۵۰۳ء) کے فرزند تھے جن کے چار فرزندوں میں یہی دونامور ہوئے ان میں سے بڑے شیخ محمد حسن خیالی تھے جو اپنے والد کے مرید وخلیفہ تھے۔ ان کے ایک خلیفہ شیخ فضل اللہ دہلوی عرف شیخ منجھو تھے جنہوں نے اس خانوادے کے احوال پر ایک رسالہ احوال آل شیخ حسن طاہر بھی لکھا تھا، مخدوم حسن طاہر کے دوسرے فرزند شیخ شاہ محمد تھے جو شیخ امان پانی پتی کے خلیفہ تھے ان کے تیسرے فرزند شیخ عبدالعزیز چشتی دہلوی سب سے زیادہ مشہور ہوئے۔ (تذکرہ مشائخ شیراز ہند جونپور ۳۰۶۔۳۰۷، دیار پورب میں علم اور علماء ۲۱۹۔۲۲۰، اخبارالاخیار: ۳۳۸)

شیخ محمد حسن خیالی کی ولادت جونپور میں ہوئی دومرتبہ حج کے لئے گئے مدتوں وہاں قیام کیا دوسری مرتبہ حاجی عبدالوہاب بخاری کو بشارت نبوی ملنے پر واپس دہلی آئے اور ۹۴۴ھ/ ۱۶۳۷ء کو انتقال ہوا، وہ شاعر بھی تھے، خواجہ محمد صادق ہمدانی نے ان کی ایک غزل نقل کی ہے، ان کے مجموعہ مکتوبات میں سے بھی اقتباسات دیئے ہیں (کلمات الصادقین: ۱۲۶۔۱۲۸، انفاس العارفین: ۱۶۳)

حضرت شیخ عبدالعزیز چشتی دہلوی، خواجہ شیخ حسن بن طاہر جونپوری کے تیسرے فرزند تھے وہ اس خانوادہ میں سے زیادہ نامور ہوئے، جو قاضی میاں خان ظفرآبادی (خلیفہ شیخ حسن بن طاہر) کے خلیفہ تھے ان کا سلسلہ سلوک حضرت خوجہ نظام الدین اولیاء سے واصل ہوتا ہے، شیخ عبدالعزیز کی ولادت جونپور میں ۸۹۸ھ/ ۱۴۹۳ء کو ہوئی یہ دوسال کے تھے کہ ان کے والد جونپور سے دہلی چلے آئے، والد کی وفات کے بعد وہ قاضی میاں خان کی خدمت جونپور گئے تحصیل کے بعد

Marfat.com

واپس آئے ۹۷۵ھ/ ۱۵۶۷ء کو دہلی مین وصال ہوا، ان کے کئی فرزند تھے جن میں سے میاں قطب عالم سب سے مشہور ہوئے (کلمات الصادقین ۱۳۵۔۱۴۰) شیخ عبدالعزیز کو دہلی میں ''شکر بار'' کے عرف بھی یاد کیا جاتا ہے۔ (سیر المنازل: ۶۵) ان کے دو رسائل بھی مشہور ہیں جن میں سے رسالہ عزیزیہ اور دوسرا رسالہ عینیہ ہے جو وحدت الوجود کے موضوع پر ہے ان کے بعض اقتباسات خواجہ محمد صادق نے دیئے ہیں (کلمات الصادقین: ۱۳۷۔۱۳۹، منتخب التواریخ: ۲/ ۲۶۱، ۳/ ۷۵)

۲۲۴/۱۔۴ ..... والد بزرگوار ایشاں جناب ..... الشیخ قطب الدین محمد المشہور بالقطب العالم ..... در وقت خود با قامت مراسم ہدایت وترویج طریقہ بزرگان خود از سائر برادران مستغنی بودہ اند.....

شیخ قطب عالم اپنے والد کے شاگرد ومرید تھے، شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے لکھا ہے انجب اولاد شیخ قطب عالم است، عالم و فاضل و صاحب اخلاق حمیدہ و صفات پسندیدہ، قدم صدق و استقامت بر سجادہ پدر نہادہ اوقات بہ طاعت و عبادت معمور دارد (اخبار الاخیار: ۵۶۴)

جب ان کے والد شیخ عبدالعزیز کا وصال ہوتو انہیں دہلی بلایا گیا کیونکہ شیخ قطب عالم شاہی لشکر میں ملازم تھے، انہیں ان کے والد کا سجادہ حوالہ کیا گیا۔ (منتخب التواریخ: ۳/ ۷۵، اسراریہ: ۱۴۴) شیخ قطب عالم کا وصال ۱۰۲۳ھ/ ۱۶۱۴ء کو دہلی میں ہوا ان کی قبر ان کے والد کے روضہ میں ہے (ایضاً ۱۴۵) خواجہ محمد صادق ہمدانی نے ان کا سال وفات ۱۰۲۴ھ لکھا ہے۔ (طبقات شاہ جہانی: ۹/ ۴۸) وہ کئی مرتبہ حضرت

Marfat.com

خواجہ باقی باللہ سے ملے تھے ان کے ساتھ طویل صحبتیں رہتی تھیں،
مولف اسرار یہ نے بعض مجالس کی تفصیل دی ہے۔

۲۲۴/۵-۷ .....خواجہ بیرنگ.....درایام تردد فراحضرات مشائخ مختلفہ الاطوار قبل از حصول نسبت بروح منور حضرت خواجہ..... احرار چندگاہی در خانقاہِ حضرت شیخ مذکور نیز بودہ.....

یعنی جب ایام طلب میں حضرت خواجہ باقی باللہ ہندوستان کے مختلف مشایخ سے مل رہے تھے اور روحانیت کی تسکین کیلئے متردد تھے مولف نے ان دنوں کو ''ایام تردد'' قرار دیا ہے کہ ان ایام میں آپ حضرت شیخ عبدالعزیز چشتی دہلوی کی خانقاہ میں بھی رہے اور ان سے بعض ''اوراد و رواتب'' بھی سیکھے اور ان کا ورد کرتے رہے انہی دنوں شیخ قطب عالم کے فرزند میاں شیخ رفیع الدین محمد کا حضرت خواجہ سے فرط محبت وکمال تعلق قلبی پیدا ہو گیا تھا کم سنی سے ہی وہ حضرت خواجہ کے گرویدہ ہو گئے تھے انہی دنوں حضرت خواجہ، خواجہ احرار کے روحانی اشارہ پر ماوراء النہر کے لئے روانہ ہوئے تھے۔

۲۲۴/۱۷-۱۹ جناب رفیع المکانی در غیبت حضرت خواجہ آفاق ہمراہی نواب مرتضوی اختیار فرمودہ.....در خلال آں ایام در بلدۂ مجددہ لاہور بآنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد).....ما آشنا شدند.....

یعنی شیخ میاں رفیع الدین محمد نے حضرت خواجہ باقی باللہ ہندوستان سے غیر حاضر کے ایام میں اس سلسلہ کے معتقد ورکن خاص نواب مرتضیٰ خان فرید بخاری کی مصاحبت اختیار کر لی اور لاہور آ حضرت خواجہ کی واپس ہندوستان آمد کے منتظر تھے کہ ان کی وہاں خوا

Marfat.com

حسام الدین احمد سے ملاقات ہوئی اوران دونوں کے مابین دوستی ہوگئی۔

۲۲۵/۵۔۹ .....رفیع المکانی تادرلاہور بودندا کثر اوقات بملازمت آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) رسیدید تا آنکہ حضرت خواجہ آفاق..... از خدمت حضرت مولانا (خواجگی امکنگی) بزرگ.....رخصت یافتہ بملک ہندوستان رجوع فرمودند.....

یعنی میاں شیخ رفیع الدین محمد اپنے قیام لاہور کے دوران اپنا زیادہ وقت خواجہ حسام الدین احمد کے ساتھ گذارتے تھے، جب حضرت خواجہ سمرقند سے حضرت خواجگی امکنگی سے اجازت مطلقہ حاصل کرکے واپس آئے تو میاں شیخ رفیع الدین امراء وملوک کی ہمراہی ورفاقت ترک کرکے حضرت خواجہ کی خدمت میں باریاب ہوئے آپ سے بیعت کی اور چند کتب تصوف حضرت خواجہ سے پڑھیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ جب حضرت خواجہ روحانی اشارہ پر سمرقند گئے تو متعلقین کی وہ جماعت جو آپ میاں شیخ الہ داد کی نگرانی میں چھوڑ گئے تھے بے چینی سے منتظر تھی جن میں میاں شیخ الہ داد، خواجہ حسام الدین احمد، میاں شیخ رفیع الدین محمد اور نواب مرتضیٰ فرید بخاری وغیرہ قابل ذکر ہیں، شامل تھے.....

۲۲۶/۱۲۔۱۳ ..... وبہ ہماں نظرہا قبول کہ از پدر بزرگوار خود (شیخ قطب العالم) در حیات یافتہ بودند وبرکات وثمرات صحبت حضرت خواجہ ..... اکتفا نمودہ.....

یعنی شیخ رفیع الدین محمد نے جب اپنی آبائی خانقاہ اور طریقہ کے ساتھ حضرت خواجہ باقی باللہ کی صحبت اختیار کی تو ان کے والد گرامی شیخ

Marfat.com

قطب العالم بقید حیات تھے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے لکھا ہے کہ شیخ رفیع الدین محمد نے اپنے والد شیخ قطب العالم کی ترغیب پر حضرت خواجہ کی صحبت اختیار کی اور پھر حضرت خواجہ کی نسبت ان پر غالب آ گئی اور وہ حضرت خواجہ کے معشوق بن گئے۔ (انفاس العارفین: ۱۷۳)

۲۲۶/۱۵۔۲۰ یعنی شیخ قطب العالم نے اپنی موروثی خلافت ترک کر دی تو ان کے برادر اصغر میاں شیخ عالم (ف ۱۰۲۹ھ) جانشین بنے جو دعوت وارشاد کے ساتھ درس وتدریس میں بھی مشغول رہے۔ (طبقات شاہ جہانی: ۹/ ۴۷)

۲۲۷/۷۔۸ .....سرانجام باغربت مسافرت وتنہائی در بلدۂ برہانپور مسافر عالم بالا گشتند

یعنی شیخ رفیع الدین محمد اپنی آخری عمر میں برہانپور (دکن کے مشہور شہروں میں سے ایک شہر) گئے وہیں ان کا انتقال ہو گیا، معاصر تذکرہ نویس خواجہ محمد صادق ہمدانی نے ان کا سال وصال ۱۰۲۹ھ/ ۱۶۱۹ء تحریر کیا (طبقات شاہ جہانی: ۱۰/ ۴۴) ایک اور معاصر شیخ کمال محمد سنبھلی (مرید خواجہ خرد) نے بھی ان کا یہی سال وفات درج کیا ہے۔ (اسراریہ: ۸۶) ان دونوں نے لکھا ہے کہ ان کی نعش برہانپور سے لا کر دہلی میں دفن کی گئی۔

مولف اسراریہ نے لکھا ہے کہ میرے والد سید لعل بن سید بدہ، شیخ رفیع الدین محمد کے مرید تھے اور ان پر بڑی مہربانی فرماتے تھے۔

(اسراریہ: ۸۶)

شیخ رفیع الدین محمد کی زوجہ محترمہ کا جب انتقال ہو گیا تو انہوں نے شیخ محمد عارف بن شیخ عبدالغفور اعظم پوری کی دختر سے عقد ثانی کیا

Marfat.com

اوران کے اصرار پر حضرت خواجہ باقی باللہ بھی اعظم پور تشریف لے گئے اور نکاح میں شرکت کی، اس خاتون کے بطن سے ایک صاحبزادی متولد ہوئیں جن کا نکاح شاہ ولی اللہ کے دادا شیخ وجیہہ الدین سے ہوا جن کے بطن سے تین فرزند شیخ ابوالرضا محمد، شیخ عبدالرحیم (والد شاہ ولی اللہ) اور شیخ عبدالحکیم متولد ہوئے (انفاس العارفین: ۱۶۷۔ ۱۷۳)، النبذۃ الابریزیۃ فی اللطیفۃ العزیزیۃ مولفہ شاہ ولی اللہ محدث (مشمولہ انفاس العارفین)

شیخ رفیع الدین محمد کی اولاد کا سلسلہ اس طرح ہے:

شیخ عبدالعزیز چشتی کے کئی فرزند تھے (کلمات الصادقین: ۱۳۷) لیکن صرف دو نام ملتے ہیں یعنی میاں شیخ عالم (ف ۱۰۲۹ھ) اور میاں شیخ قطب عالم (۱۰۲۴ھ) ان کے علاوہ تین نبیروں کے احوال بھی ملے ہیں، ممکن ہے یہ ان کے فرزندوں کی بجائے صاحبزادیوں کی اولاد میں سے ہوں۔

Marfat.com

شیخ طاہر ملتانی

۱

شیخ حسن (مرید شیخ راجی حامد شاہ)

شیخ محمد حسن خیالی

شیخ عبدالعزیز چشتی دہلوی

شیخ قطب العالم (ف ۱۰۲۴ھ)

شیخ عالم (ف ۱۰۲۹ھ) (طبقات شاہ جہانی ۹/۴۸)

دختر (منسوب بہ شیخ اسماعیل) — ابورضا دہلوی (اسراریہ: ۲۷۰، نزہۃ: ۵/۱۹)

دختر منسوب بہ شیخ محمد — شیخ جلال (خلیفہ و داماد شیخ چائیلدہ) (اسراریہ: ۱۷۰)

دختر عبدالرشید (اسراریہ: ۳۸۸)

دختر منسوب بہ شیخ وجیہہ الدین — مولانا شاکر محمد ف ۱۰۶۳ھ (اسراریہ ص: ۱۳۳۔ طبقات: ۱۰/۴۱)

میاں شیخ اسماعیل رشدی (جامع ملفوظات حضرت خواجہ)

شیخ رفیع الدین محمد (خلیفہ حضرت خواجہ باقی اللہ)

شیخ علاء الدین (بنگالہ چلے گئے) (اسراریہ: ۸۷)

شیخ لطف اللہ (مرید خواجہ خرد بن خواجہ باقی باللہ) ف ۱۰۵۰ھ (اسراریہ: ۸۷)

شیخ عبدالحی (ف ۱۰۶۰ھ) (اسراریہ: ۱۰۶)

دختر (منسوب بہ شیخ وجیہہ الدین) (شاہ ولی اللہ کے دادا) (انفاس العارفین: ۱۶۷، ۱۷۳)

شیخ ابوالرضا محمد

شیخ عبدالرحیم — شاہ ولی اللہ محدث دہلوی

شیخ عبدالحکیم

Marfat.com

۲۲۸/۷۔۸ ..... بی بی دولت القرشیہ.....نسب بہ معشر کرام قریش.....می رسند.....

علامہ عبدالکریم سمعانی نے نسبت قرشی اور قریشی دونوں طرح سے دی ہے اور دونوں نسبتوں سے منسوب اعیان علماء وصلحاء کا ذکر کیا ہے: القرشی، بضم القاف وفتح الراء وفی آخرها الشین المعجمة، هذه النسبة الی قریش (الانساب:۱۰/۳۲۹)

۲۲۸/۹۔۱۰ .....حضرت شیخ بہلول وجناب شیخ حاجی محمد وشیخ عبدالغنی بیابانی بودہ .....

یعنی بی بی دولت حضرت خواجہ سے منسلک ہونے سے پہلے ان تینوں بزرگوں سے روحانی فیض حاصل کر چکی تھیں۔

ان میں سے شیخ بہلول دہلوی کو علم حدیث پر کامل عبور تھا اور روحانیت میں بھی کامل تھے (منتخب التواریخ: ۳/۷۶)، شاہ قمیص قادری کے مرید تھے (تاریخ محمدی ۲/۵/۴۹) شیخ بہلول کے مکتوبات کا مجموعہ مرتب ہوا تھا، خواجہ محمد صادق ہمدانی نے دو اقتباسات دیئے ہیں (کلمات الصادقین:۱۵۶) دہلی میں ۱۴ رجب ۱۰۰۷ھ/۱۵۹۹ء) کو فوت ہوئے (کلمات، تاریخ محمدی) ان کے ایک فرزند بھی دہلی میں مدرس اور ماہر فن استاد تھے جن کا نام شیخ محمد مدرس تھا۔ (طبقات شاہ جہانی: ۱۰/۴۲) شیخ حاجی محمد دہلوی کا تعلق بھی سلسلۂ قادریہ سے تھا، ابتداء میں ان کا شمار امراء میں تھا پھر ترک وتجرید اختیار کی، نہایت پابند شرع تھے، خلاف شرع اصحاب پر سخت جرح کرتے تھے، ان کا وصال بھی ۱۰۰۷ھ/۱۵۹۹ء) کو ہوا، شیخ بہلول مذکور کے ساتھ کامل موانست تھی انہی کے پہلو میں دفن ہوئے۔ (کلمات الصادقین ۱۵۶)

تیسری شخصیت شیخ عبدالغنی بیابانی کی ہے جن سے بی بی دولت

Marfat.com

نے روحانی فیض پایا، جن کے والد گرامی شیخ ولی محمد دہلوی (ف ۱۸ جمادی الآخر ۱۰۱۷ھ/ ۱۶۰۸ء) چشتی سلسلہ کے اکابر میں سے تھے، شیخ عبدالغنی ابتداء میں لشکر میں ملازم تھے جب شیخ عبدالعزیز چشتی دہلوی کی صحبت میں آئے تو سب کچھ ترک کر دیا اور مسجد فیروزی میں شب و روز گذارنے لگے یہیں ۹ جمادی الثانی ۱۰۱۷ھ/ ۱۶۰۸ء کو وصال ہوا۔

(تاریخ محمدی ۲/ ۵/ ۹۹، کلمات الصادقین: ۱۵۷، طبقات شاہ جہانی ۹/ ۴۳)

عبدالقادر بدایونی نے شیخ عبدالغنی کو بدایونی لکھا ہے اور بتایا ہے کہ وہ شیخ عبدالعزیز چشتی کے معتقد خاص تھے (منتخب التواریخ: ۳/ ۷۵۔ ۷۶) یہی بات شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے بھی تحریر کی ہے (اخبار الاخیار: ۵۶۴) ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مولف اور خواجہ محمد صادق ہمدانی مذکور کو یہاں غلط فہمی ہوئی ہے کہ انہوں نے انہیں ''بیابانی'' سمجھ لیا۔

۱۱/ ۲۲۸ .....مخدومی میاں شیخ اللہ دیا متمتع گشتہ.....

میاں شیخ الہ دیا کے احوال اسی لاحقہ میں ملاحظہ کریں:

۲۲۸/ ۱۷۔ ۲۰ .....آں بارعۃ الدہر از استماع ایں نوید جاں بخش بوساطت زوج شریف خود فصل دراز از خود اخلاص و نیاز خود معروض داشتہ طلب تعلیم طریقہ نمودند.....

یعنی بی بی دولت جو عرصہ دراز سے حضرت خواجہ کی سمرقند سے واپسی کا انتظار کر رہی تھیں جب حضرت خواجہ واپس تشریف لائے اور دہلی میں قیام فرمایا تو بی بی دولت نے اپنے شوہر کے ذریعہ حضرت خواجہ کی خدمت میں طلب طریقہ کی درخواست کی، یہاں بی بی دولت

Marfat.com

کے شوہر کا نام نہیں بتایا گیا جبکہ کتاب حاضر زادالمعاد اور اسراریہ میں انہیں حضرت خواجہ کے خلیفہ میاں شیخ اللہ دیا کی زوجہ لکھا گیا ہے (ص: ۲۴۱) پھر اس امر کی وضاحت بھی موجود ہے کہ خواجہ حسام الدین احمد کی زوجہ اول کے انتقال کے بعد انہوں نے بی بی دولت کی دختر سے نکاح ثانی کیا، (ص:۳۱۶) گویا یہ واضح ہو گیا ہے کہ بی بی دولت کے شوہر میاں شیخ الہ دیا ہی تھے۔

۲۲۹/۱۵۔۱۷ ..... وبعداز اندک مدتی آں بارعۃ الدہر را با جازت مطلقہ ارشاد و امتیاز بخشیدہ از جنس عورات ہر کہ.....

یعنی حضرت خواجہ نے بی بی دولت کی روحانی تربیت کے بعد انہیں اجازت مطلقہ (خلافت) دے کر خواتین کی تربیت کے لئے امر فرمایا:

خواجہ خرد بن حضرت خواجہ کی روایت ہے کہ جب حضرت خواجہ بی بی دولت کو خلافت عطا کرنے لگے تو آپ کے خلیفہ خاص میاں شیخ تاج الدین سنبھلی نے عرض کیا کہ پہلے ان کا امتحان لے لیں چنانچہ انہیں کسی پر توجہ کرنے کیلئے فرمایا تو وہ شخص ان کی توجہ سے بے خود ہو گیا جس پر حضرت خواجہ نے انہیں اجازت مطلقہ عنایت کی اور ان کی سعی سے بہت سی خواتین مرتبہ اخلاص پر فائز ہو کر رشد و ہدایت میں مصروف ہوئیں۔ (اسراریہ:۶۶)

۲۳۰/۱۰۔۱۲ ..... بعداز رحلت حضرت خواجہ..... وہمچناں کہ سر حلقہ نشینی طائفہ رجال بحضرت میاں شیخ الہ داد زیدہ عمرہ مسلم داشتہ بودند امامت و مقتدائی و ارشاد و راہنمائی طائفہ نسوان بآں بارعۃ الدہر باز گذاشتند.....

Marfat.com

یعنی حضرت خواجہ کے وصال کے بعد مردوں کے تربیت کا کام
میاں شیخ الہ داد کرتے تھے اوران کی زوجہ محترمہ بی بی دولت خواتین کی
تعلیم وتربیت کے فرائض انجام دیتی تھیں۔

۲۳۰/۱۹_۲۰.....حضرت ام العارفین والدۂ حضرت مخدومزادۂ خردخواجہ سراج الدین
محمد را کہ ذروہ فاخرہ وصدف بطن منورآں بارعۃ الدہرا ند.....

اس قبل بھی انہی تعلیقات (۶۴/۸_۱۲) میں ذکر آیا ہے کہ
خواجہ حسام الدین احمد کی زوجہ اول کے انتقال کے بعدان کا دوسرا
نکاح بی بی دولت کی صاحبزادی سے ہوا تھا جن کے بطن سے مخدومزادۂ
خردخواجہ سراج الدین محمد تولد ہوئے۔

۲۳۳/۱۵_۱۷ حضرت بی بی فاطمہ.....حسب ونسب از صفاتِ ملوک وامراء عالی شانِ
ہندوستان اندو بحکم پادشاہ.....بشرف مواصلت آنحضرت مشرف شدند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی زوجہ محترمہ بی بی فاطمہ کا نسب
ملوک وامراء سے ملتا تھا، بی بی فاطمہ اکبر کے مشہور منصب دار ومقرب
ملامبارک ناگوری کی بیٹی اور ابوالفضل وفیضی کی بہن تھی۔ (تعلیقات
حاضر: ۶۴/۱۷_۱۸) خود اکبر بادشاہ کے حکم سے ان کی شادی خواجہ
حسام الدین احمد سے ہوئی تھی معاصر کتب تاریخ میں اکبر کے اس حکم کا
ذکر نہیں ملتا لیکن قریب العہد کتاب ذخیرۃ الخوانین (تالیف: ۱۰۶۰ھ/
۱۶۵۰ء) میں انہی ابوالفضل کی ہمشیرہ لکھا گیا ہے۔ (۱/۲۴۳) مآثر
الامراء: ۲/۸۵۷ میں بھی یہی درج ہے۔

۲۳۳/۱۷_۲۰.....چوں داعیہ ترک وتجرید در باطن حق موطن آنحضرت پیدا شد آں
جلیلۃ القدر (بی بی فاطمہ) نیز بروفق ارادۂ آنحضرت ترک آشنائی

Marfat.com

اختلاط اخوان واخوات خود بدولتہا وحشمتہ عظیمہ دنیاداری

یعنی جب خواجہ حسام الدین احمد نے امارت ترک کردی تو آپ کی وفاشعار بیوری نے بھی اپنے بھائیوں اور بہنوں سے ترک تعلق کرلیا، ذخیرۃ الخوانین سے اس کی مزید وضاحت ہوتی ہے، لکھا ہے:

منکوحہ ایشاں کہ ہمشیرۂ شیخ ابوالفضل بود بزرگی برادر را بی وقردانستہ باشوہر خود ساخت وترک اختلاط برادران نمود (۱/ ۲۴۳)

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی زوجہء محترمہ نے جو شیخ ابوالفضل کی بہن تھی اپنے بھائی کی بزرگی اور وقار کی کوئی پروانہ کی اور اپنے شوہر سے تعلق رکھا اس نے اپنے دوسرے بھائیوں سے تعلقات بھی منقطع کرلئے۔

ابوالفضل کے سات بھائی تھے جن میں سے ابوالفیض فیضی اکبر کا ملک الشعراء تھا ان کے سنین ولادت اس نے آئین اکبری میں لکھے ہیں یہ سب صاحب ثروت و جاہ تھے (آئین اکبری: ۳/۲۶۶۔۲۶۷ مطبع اسماعیلی ۱۸۵۵ء) ان کے علاوہ ابوالفضل کی چار بہنیں تھیں بی بی فاطمہ دوسری بہن تھیں ان کی بڑی بہن کی شادی اکبر کے حکم سے خداوند خان دکھنی (ف ۹۹۸ھ) سے ہوئی جو رافضی تھا اور گجرات کا قصبہ کری اسے بطور جاگیر ملا تھا (منتخب التواریخ: ۲/ ۲۶۰) گویا یہ ایک بدعقیدہ کی بیوی بن چکی تھی اس لئے بی بی فاطمہ نے ان سے بھی تعلقات نہ رکھے، زادالمعاد کے متن میں لفظ ''اخوان واخوات'' دونوں سے قطع تعلق کا ذکر اسی لئے کیا گیا ہے۔

۲۳۴/۵۔۷ .....از متملکات واموال موروثی ومکتسبی آنچہ داشتند ہمہ را درخدمت

Marfat.com

گاری حضرت ایشان وترفیہ احوالِ درویشاں حضرت خواجہ قدس سرہما صرف فرمودند.....

یعنی حضرت بی بی فاطمہ کے پاس جس قدر موروثی وکسبی مال و جاگیرات تھیں وہ سب کی سب انہوں نے اپنے شوہر اور حضرت خواجہ کے مریدین کے لئے نثار کردیا تھا، ذخیرۃ الخوانین میں ہے:

ہرچہ زیور و نقد وجنس دربساط داشت بہ فرمودہ شاہ حسام الدین خیرات بدرویشان دہلی کردہ، المفلس فی امان اللہ ماند ہردد در گذشتند (۱/ ۲۴۳)

۲۳۴/۷-۹ .....درحقیقت انتظام وجہ معیشت عزیزاں رادرعہد حضرت خواجہ واوائل ظہور حضرت ایشاں.....

یعنی بی بی فاطمہ نے حضرت خواجہ کے مریدین کے لئے اپنے شوہر کے اوائل ترک امارت کے دوران گذربسر کا تمام انتظام انہی بی بی فاطمہ نے اپنی املاک سے کیا تھا پھر انہون نے بھی کامل ترک وتجرید کی زندگی اختیار کرلی جیسا کہ ذخیرۃ الخوانین کے مندرجہ بالا اقتباس کے آخر مین ہے کہ دونوں مفلسی کی حالت میں فوت ہوئے، زادالمعاد کے اس جملہ کی کہ محترمہ نے اوائل ظہور خواجہ حسام الدین احمد کے دوران وجہ معیشت درویشوں کیلئے مقرر کی تھی کی وضاحت مآثرالامراء (۲/ ۸۵۸) سے بھی ہوتی ہے لکھا ہے کہ ''وہ ہر سال بارہ ہزار روپیہ شاہ حسام الدین کی خانقاہ کے خرچ کے واسطے بھیجتی تھی''۔

جیسا کہ انہی تعلیقات (۶۴/ ۶-۹) میں لکھا جاچکا ہے کہ مولف

Marfat.com

مآثر رحیمی نے سہواً ابوالفضل کی بہن کے عقد کا نواب غازی خان سے ہونے کا ذکر کیا ہے، لیکن اس غلط فہمی کے باوجود یہ معاصر بیان اس امر کا شاہد ہے کہ خواجہ حسام الدین احمد کی یہ شادی ان کی کم عمری میں اپنے والد کی حین حیات (قبل وفات نواب غازی خان ۹۹۲ھ) ہوئی۔

۲۰/۲۳۴ .....آخرالامر درسال ہزار وبیست ودو داعی یا ایہاالنفس.....

یعنی بی بی فاطمہ کا انتقال ۱۰۲۲ھ/ ۱۶۱۳ء کو ہوا خواجہ حسام الدین احمد کی اس زوجہ محترمہ ان کے بھائیوں اور بہنوں اور خاندانی تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو کتاب حاضر پر ہمارا مقدمہ۔

۲۳۵/۱۱-۱۲ .....نسب شریف ایشان بانسب عالی حضرت شیخ الکبیر گنج شکر ..... متحد است.....

یعنی حضرت خواجہ باقی باللہ کے خلیفہ شیخ عبدالواحد اجودھنی کا نسب حضرت شیخ فریدالدین گنج شکر سے واصل ہوتا ہے، حضرت گنج شکر (ف ۶۶۴ھ/ ۱۲۶۵ء) اپنے شیخ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہ کے حکم پر دعوت وارشاد کیلئے ہندوؤں کے ایک قصبہ اجودھن میں قیام پذیر ہوئے، یہ مقام دریائے ستلج عبور کر کے ڈیرہ غازی خان اور ڈیرہ اسماعیل خان کے سنگم پر واقع تھا، اب یہ علاقہ پاک پتن کے نام سے مشہور اور پاکستان کے معروف صوبہ پنجاب کا ایک روحانی مرکز ہے۔

1. Nizami . K.A; Life and Times of Sh.Farid-ud-din Gang -i- Shaker. pp.36-37

2. Chawla, J.K: Ajodhan in 13th and 14th centuries.

Marfat.com

(Punjab History confernce, 30 session (1998)pp.43.46

۲۳۵/ ۱۳_۱۵ آباء کرام ایشان از زمان ملک الکامل العادل سلطان فیروز شاہ ..... در حضرت دہلی بجلالت شان و رفعت مکان مرجع و مآب فقراء چشتیہ بودہ اند.....

یعنی شیخ عبدالواحد اجودھنی کے اجداد سطان فیروز شاہ کے زمانہ میں دہلی میں بڑی شان وشوکت سے رہتے اور سلسلہ چشتیہ کے مریدین کی تربیت بھی کرتے تھے، حضرت شیخ فریدالدین گنج شکر کے فرزندوں کی اولاد ہندوستان کے مختلف علاقوں میں جا کر آباد ہوگئی تھی جن میں سے آپ کے فرزند ثانی خواجہ شہاب الدین کے بیٹے دہلی آئے وہاں قیام کیا، پھر آپ کے تیسرے فرزند شیخ بدرالدین سلیمان کے بیٹے شیخ علاءالدین کے فرزند شیخ عالم الدین کو سلطان محمد بن تغلق نے دہلی بلا کر ''شیخ الاسلام ہندوستان'' کے عہدہ پر متعین کیا، اسی طرح دیگر بزرگان خانوادہ کا بھی بڑے جلال و احترام کے ساتھ دہلی اور دیگر مقامات پر قیام کے شواہد معاصر اور قریب العہد تذکروں میں ملتے ہیں ہاں(Nizami, K.A: Life and Times of p p. 60-64) تذکروں سے یہ معلوم نہ ہوسکا کہ شیخ عبدالواحد اجودھنی حضرت شیخ گنج شکر کے کس فرزند کی اولاد میں سے تھے؟

۲۳۶/ ۸_۹ .....حضرت خواجہ بکمال تواضع وفروتنی ہمچناں برزوی قالینچہ نشستہ بایشاں صحبت می داشتند .....

یعنی حضرت خواجہ باقی باللہ شیخ عبدالواحد اجودھنی کا بہت ہی احترام کرتے تھے وہ اپنا سجادہ اجداد ساتھ لاتے اور سی پر بیٹھتے تھے

Marfat.com

اور حضرت خواجہ بہت ہی انکسار کے ساتھ ان کے سامنے بیٹھ کر ''تواضع وفروتنی'' کا مظاہر فرماتے تھے۔ معاصر تذکرہ نویس خواجہ محمد صادق ہمدانی لکھتے ہیں:

آنحضرت نیز در رعایت خاطر شیخ می کوشیدند وغایت التفات و مرحمت داشتند (کلمات الصادقین: ۱۵۸)..... حضرت خواجہ نیز رعایت خاطروی تعظیم وتوقیر بسیار می کردند (طبقات شاہ جہانی: ۹/۴۰)

۲۳۶/۱۴۔۱۵.....میاں شیخ مرتضیٰ کہ از اخص اصحاب حضرت خواجہ.....اند نقل می کردند کہ.....

میاں شیخ مرتضیٰ سنبھلی حضرت خواجہ کے خاص اصحاب میں سے تھے ان کے حالات اسی لاحقہ میں ملاحظہ کریں۔

۲۳۸/۶ .....ترفیہ احوال وقطع مضایقات اولادایشان نمودہ.....

یعنی شیخ عبدالواحد کی وفات کے بعد ان کی اولاد کی تربیت بھی خواجہ حسام الدین احمد نے کی تھی اور ان کی جائیداد واملاک کی تقسیم پر آپ نے خلاف معمول اپنی مہر لگا کر دستخط بھی کئے تھے.....ہمیں ان کی اولاد کی تفصیلات مروجہ تذکروں نہیں مل سکیں ..... شیخ عبدالواحد اجودھنی کا وصال دہلی میں خواجہ حسام الدین احمد کے حین حیات ۱۰۱۹ھ/ ۱۶۱۰ء کو ہوا (کلمات الصادقین: ۱۵۸، طبقات شاہ جہانی: ۹/۴۰، تاریخ محمدی: ۲/۴/۱۰۸) میاں شیخ ولی محمد بن شیخ عبدالواحد نے خواجہ حسام الدین احمد کی خدمت میں رہ کر تربیت حاصل کی۔ (زادالمعاد ۲۹۲)

انہوں نے بہت سے مشائخ کی خدمت میں حاضر ہوکر فیض

Marfat.com

حاصل کیا تھا لیکن آخر میں حضرت خواجہ باقی باللہ کی خدمت میں گئے تو انہی کے ہو کر رہ گئے۔ (کلمات الصادقین: ۱۵۸) انہیں شیخ سلیم چشتی فتح پوری (ف ۹۹۳ھ/ ۱۵۸۵ء) سے باقاعدہ خلافت بھی حاصل تھی۔

(طبقاتِ شاہ جہانی: ۹/ ۴۰)

۲۳۸/ ۱۸۔۲۰..... از حداثت سن بشرف اخلاص وعز اختصاص حضرت خواجہ آفاق قدس سرہ مشرف در سلک اعزہ اصحاب آں عالی حضرت منسلک بودند.....

یعنی شیخ نورالحق بن شیخ عبدالحق محدث دہلوی کم سنی سے ہی حضرت خواجہ باقی باللہ سے منسلک ہو گئے تھے، دیگر معاصر تذکرے اس امر سے خالی ہیں بلکہ ان کے حضرت خواجہ سے انسلاک کا ذکر صرف زادالمعاد میں ہی ملتا ہے۔

۲۳۸/ ۲۰ .....والد بزرگوار ایشاں حضرت شیخنا سلمہ اللہ سبحانہ نیز از یاران بزرگ و صدیقانِ صاحبِ نسبتِ حضرت خواجہ اند.....

یعنی شیخ نورالحق کے والد گرامی حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی حضرت خواجہ کے صاحب نسبت خلفاء میں سے تھے یہاں اس کتاب کے لاحقہ میں ہم نے ادباً ان کا ذکر نہیں کیا۔ خود مولف نے انہیں ''شیخنا'' لکھا ہے اور اس کتاب میں انہیں ''مخدومی'' (ص: ۲۳۸) بھی بتایا ہے۔ جو اس امر کا مظہر ہے کہ مولف خواجہ کلاں آپ کے شاگرد تھے اور علم ظاہری کی تحصیل شیخ محدث کی خدمت میں کی تھی، ان کے چھوٹے بھائی خواجہ خرد نے اسراریہ کے مولف سے خود بیان کیا تھا کہ میں نے اوائل میں علوم ظاہری میں حضرت شیخ سے استفادہ کیا تھا (اسراریہ: ۱۲۸) اس لئے یہ زیادہ قرین قیاس ہے کہ خواجہ کلاں نے بھی

Marfat.com

انہی ایام میں آپ ہی کی خدمت میں تحصیل کی ہوگی۔

یہاں حضرت شیخ محدث کو حضرت خواجہ کے صاحبِ نسبت خلفاء میں بتایا گیا ہے جس کی تفصیل اس طرح سے ہے:

جب حضرت خواجہ سمرقند سے خلافت یاب ہوکر ہندوستان تشریف لائے اور دہلی میں قیام فرمایا تو حضرت شیخ حجازِ مقدس سے فیض یاب ہوکر واپس دہلی آچکے تھے اور اکبری بدعات وفتنوں کے باعث سخت مغموم تھے کہ حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ نے عالم رویا میں ان پر نزول فرمایا اور انہیں حکم دیا کہ حضرت خواجہ باقی باللہ کی خدمت میں جاکر اخذ فیض کریں، شیخ محدث کے شاگرد خواجہ محمد صادق ہمدانی اس کے راوی ہیں انہوں نے بڑی عقیدت سے اس واقعہ کی تفصیلات بیان کی ہیں کہ کس عقیدت واحترام کے ساتھ آپ حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہوکر فیض یاب ہوئے اور سلسلہ نقشبندیہ میں آپ سے خلات کی نعمت پائی (کلمات الصادقین ۱۴۹، طبقاتِ شاہ جہانی: ۱۰/۴)

۲۳۹/۱۴۔۱۵.....آں زبدۃ الاذکیا از سرگذشتہاء صحبت خود بحضرت خواجہ قدس سرہ نقل می کردند کہ.....

یعنی شیخ نورالحق حضرت خواجہ کے ساتھ اپنی ملاقات اور ارادات کا حال خود مولف زادالمعاد سے بیان کرتے ہیں کہ میں جن دنوں نواب مرتضیٰ خان فرید بخاری کے ہمراہ رہتا تھا تو میرا لاہور میں قیام تھا کہ حضرت خواجہ بھی ان دنوں وہیں قیام فرماتھے کہ میں خدمت عالی میں حاضر ہوا.....

Marfat.com

حضرت مجدد الف ثانی کے جہانگیر کے لشکر میں رہنے کی پابندی کے دوران شیخ نورالحق آگرہ میں حضرت مجدد الف ثانی سے ملے تھے زبدۃ المقامات میں لکھا ہے کہ شیخ نورالحق امراء وخوانین کی صحبت میں آمدورفت رکھتے ہیں (زبدۃ:۲۲۶) غالباً اسی صحبت نواب مرتضیٰ خان کی طرف اشارہ ہے، شاہ جہان زمانہء شہزادگی سے ہی شیخ نورالحق سے متاثر تھا، تخت نشین ہوا تو اصرار کر کے آگرہ کی قضا ان کے سپرد کی، شیخ محدث اس منصب کے ملنے اور قبول کرنے پر ان سے قدرے ناراض بھی ہوئے تھے، لیکن جلد ہی انہوں نے یہ منصب ترک کر دیا اور اپنے والدگرامی کے وصال ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۳ء کے بعد والد کے قائم مقام کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھال لی تھیں۔ (مراۃ الحقائق ۱۱۲۔ ۱۱۳)، شیخ نورالحق شیخ عاشق محمد نبیرۂ بندگی خواجہ شاہ نظام نارنوی سے بھی بیعت ہوئے تھے۔ (ایضاً: ۱۱۳)

۲۳۹/۱۸_۱۹ ..... درخلال آں ایام خبر فوت عمہ مشفقہء ایں فقیر (شیخ نورالحق) از حضرت دہلی رسید.....

یعنی شیخ نورالحق لاہور میں تھے کہ وہاں انہیں دہلی سے ان کی کسی عزیزہ کی وفات کی خبر ملی تو وہ دہلی کے لئے روانہ ہو گئے، ہمیں اس عزیزہ کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

۲۴۱/۱_۳ .....اخلاص نامہای حضرت شیخ (نورالحق) سلمہ سبحانہ بآنحضرت..... نوشتہ اند ودر کتاب شواہد الاخلاص درج یافتہ روشن می گردد.....

یعنی شیخ نورالحق نے خواجہ حسام الدین احمد کو جو خطوط تحریر کئے ہیں ان سے ان دونوں حضرات کے مابین موانست کا بخوبی اندازہ

Marfat.com

لگایا جاسکتا ہے، وہ مکاتیب کتاب شواہد الاخلاص میں درج ہیں۔

افسوس کہ ہمیں اس وقت تک کتاب شواہد الاخلاص کے کسی خطی نسخے کے وجود کا علم نہیں ہے، مختلف فہارس کے مدد سے پروفیسر خلیق نظامی نے شیخ نورالحق کی آٹھ تصانیف کے نام درج کئے ہیں (حیات شیخ عبدالحق: ۲۵۹۔۲۶۰)۔ شیخ نورالحق بھی اپنے والد گرامی کی طرح درس وتدریس سے مناسبت کامل رکھتے تھے، انہوں نے صحیح بخاری کی شرح فارسی میں چھ جلدوں میں تالیف کی جو تیسر القاری کے نام سے طبع ہو چکی ہے جسے آپ نے اورنگ زیب عالمگیر کے نام معنون کیا ہے، اس کے علاوہ شرح شمائل ترمذی، تفسیر سورۂ فاتحہ، حاشیہ علی شرح الجامی، شرح عضدی، شرح قران السعدین، رسالہ در بیان رویا، محی القلوب (ایضاً: ۲۶۰) حاشیہ برحاشیہ میر (اسراریہ: ۱۶۴) اورزبدۃ التواریخ (اس میں سلطان محمد غوری سے لے کر جہانگیر کے عہد کے واقعات درج ہیں نواب مرتضیٰ خان فرید بخاری کے حالات تفصیل سے لکھے گئے ہیں اورانہی کی فرمائش سے آپ نے یہ کتاب تالیف کی تھی، اس کے خطی نسخے دنیا کے مختلف کتب خانوں میں پائے جاتے ہیں ابھی تک اس کا فارسی متن طبع نہیں ہوا۔

شیخ نورالحق شاعر بھی تھے اور مشرقی تخلص کرتے تھے، ان کی ایک مثنوی تحفۃ العراقین اورا یک دیوان پانچ ہزار اشعار پر مشتمل تھا۔ (حیات شیخ عبدالحق: ۲۵۹) اسراریہ (ص: ۱۶۴) میں شیخ نورالحق کے اشعار کا انتخاب بھی درج ہے، آپ نے فقہ حنفی کی تقویت کے لئے بہت جدوجہد کی۔ (مراۃ العالم: ۲/۴۴۹، فرحۃ الناظرین: ۶۸)

Marfat.com

مراۃ العالم (۲/۴۴۹) میں ہے کہ شیخ نورالحق ۱۰۸۳ھ/ ۱۶۷۲ء کوفوت ہوئے جبکہ فرحۃ الناظرین ۶۹ ، اور تاریخ محمدی : ۲/۵/۳۳۰ میں ان کا سال وفات ۱۰۷۳ھ درج ہے۔

گویا زاد المعاد پہلا معاصر تذکرہ ہے جس میں شیخ نورالحق کے حضرت خواجہ باقی باللہ اور خواجہ حسام الدین احمد سے فیض یاب ہونے کا ذکر ہے، حضرت مجدد الف ثانی کا ایک طویل مکتوب (۳/۱۰۰) شیخ نورالحق کے نام ہے جو کشف سرگرفتاری حضرت یعقوب بحضرت یوسف علیہما السلام کے موضوع پر ہے ، جب شیخ نورالحق آگرہ میں حضرت مجدد الف ثانی سے ملے تھے تو آپ نے ان سے یہی سوال دریافت کیا تھا جس کے جواب میں حضرت مجدد نے مکاشفہ کا انتظار کرنے کے لئے فرمایا تھا۔ (زبدۃ المقامات : ۲۲۶) ، شیخ نورالحق ، حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی سے بیعت بھی تھے۔ (تذکرہ علماء ہند : ۵۳۴) مولوی سید احمد قادری نے اس بیعت سے انکار کیا ہے لیکن کوئی ثبوت پیش نہیں کیا۔ (تذکرہ شیخ عبدالحق ص: ۲۱۱۔ ۲۱۳)

نقشبندی سلسلہ کے ساتھ شیخ نورالحق کی یہ عقیدت اس امر کا کھلا ثبوت ہے کہ ان دونوں حضرات یعنی حضرت مجدد الف ثانی اور شیخ عبدالحق کے مابین جو وقتی اختلاف تھا وہ دور ہو چکا تھا پھر شیخ محدث کے اپنے خیالات سے رجوع کے راوی بھی شیخ نورالحق ہی ہیں (مناقب العارفین بحوالہ سیرت امام ربانی؛ ۱۹۸)

۱۰۔۹/۲۴۱ ..... میاں شیخ الہ دیا انصاری جدِ مادری حضرت مخدومزادہ خرد خواجہ سراج الدین محمد ند

Marfat.com

یعنی حضرت خواجہ باقی باللہ کے خلیفہ میاں شیخ الہ دیا خواجہ حسام الدین احمد کے چھوٹے فرزند خواجہ سراج الدین محمد کے نانا تھے اس کی تفصیل یہ ہے کہ خواجہ حسام الدین احمد نے اپنی زوجہ اول بی بی فاطمہ کے فوت (۱۰۲۲ھ) ہونے کے بعد میاں شیخ اللہ دیا مذکور کی بیٹی سے نکاح کرلیا تھا بی بی دولت انہی کی زوجہ اوراس صاحبزادی کی والدہ تھیں جو حضرت خواجہ کی اجازت یافتہ تھیں اور خواتین کی تعلیم وتربیت پر مامور تھیں (رک تعلیقات حاضر ۲۳۱/۹۔۱۲)

۲۴۱/۱۱۔۱۲ .....مثل حضرت میاں شیخ بہلول وشیخ حاجی محمد وشیخ محمود حصاری.....

یعنی میاں شیخ الہ دیا آغاز شباب سے ہی میاں شیخ بہلول، حاجی محمد اور شیخ محمود حصاری کی صحبت میں رہتے تھے، یہ دہلی کے اکابر بزرگوں میں سے تھے ان میں سے میاں شیخ بہلول قادری (ف ۱۴ رجب ۱۰۰۷ھ/۱۶۱۱ء) ایک ذی علم بزرگ تھے۔ (کلمات الصادقین: ۱۵۶) ان کی وفات کے بعد میاں شیخ الہ دیا حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے، اسراریہ کے مولف نے میاں شیخ بہلول کا سال وصال ۱۰۲۰ھ لکھا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی بتایا کہ ان کی وفات کے بعد میاں شیخ الہ دیا حضرت خواجہ سے منسلک ہوئے تھے، جوان کا سہو صریح ہے وہ خود ہی کئی مقامات م پر اسراریہ میں حضرت خواجہ کا سال وصال ۱۰۱۲ھ لکھ چکے ہیں۔

میاں شیخ الہ دیا کی جن دوسرے بزرگ سے صحبت رہی وہ حاجی شیخ محمد دہلوی تھے، شیخ بہلول اور حاجی محمد دونوں آپس میں گہرے دوست بھی تھے حاجی محمد کا انتقال رمضان ۱۰۰۷ھ کو ہوا دونوں کی قبور

Marfat.com

ایک دوسرے کے پہلو بہ پہلو ہیں (کلمات ۱۵۶۔۱۵۷) تیسری بزرگ شخصیت شیخ محمود حصاری جن سے شیخ الہ دیا کی صحبت رہی کے حالات سے ہم واقف نہیں ہیں، دہلی کے ایک بزرگ شیخ محمد حصاری کا ذکر اسراریہ میں ہے خواجہ خرد نے انہیں ایک بار حدود ۱۰۳۰ھ کو دیکھا تھا وہ بزرگ تھے (اسراریہ: ۲۷۲) ممکن ہے کہ وہ یہی شیخ محمود حصاری ہوں اور اسراریہ میں سہو کتابت سے محمود کو محمد لکھا گیا ہو۔

کتاب اسراریہ کے مولف شیخ کمال محمد سنبھلی نے لکھا ہے کہ میں نے میاں شیخ الہ دیا کو بارہا مسجد فیروزی میں دیکھا ہے اور ان کی مبارک صحبت سے مستفید ہوا ہوں موصوف ۱۰۵۰ھ/ ۱۶۷۰ء کو فوت ہوئے اور ان کی زوجہ محترمہ بی بی دولت ۱۰۵۸ھ/ ۱۶۴۸ء کو فوت ہوئیں۔

(اسراریہ: ٦٦)

۲۴۴/۴۔۵ .....والد بزرگوار ایشاں (میاں شیخ مرتضیٰ سنبھلی) جناب میاں شیخ مصطفی .....کہ بہ صفاء وقت ولطافت حال و.....

یعنی میاں شیخ مرتضیٰ کے والد میاں شیخ مصطفی بھی ایک صوفی باصفا بزرگ تھے مولفِ کتاب حاضر کے برادر اصغر خواجہ خرد سے روایت ہے کہ میاں شیخ مصطفیٰ ایک ہندو عورت پر فریفتہ ہو گئے اس نے اسلام قبول کر لیا تو ان سے نکاح کر لیا، میاں شیخ مرتضیٰ اسی خاتون کے بطن سے متولد ہوئے تھے۔ (اسراریہ: ۷۲)

۲۴۴/۱۱۔۱۳ ..... بعداز رحلت ایشاں .....خود را بہ نوکری زدیم و در صحبتِ نواب سعید خان و مخصوص خان بطریق مصاحبت می گذراندیم

یعنی میاں شیخ مرتضیٰ اپنے والد میاں شیخ مصطفی کی رحلت کے بعد

Marfat.com

پریشانی کے عالم میں نواب سعید خان اور مخصوص خان کی نوکری کر لی اور بطوران کے مصاحب ان کے ہمراہ رہنے لگے.....

سعید خان چغتا کے اجداد بھی سلاطین مغلیہ کے ہاں معزز عہدوں پر فائز رہے، سرکار سنبھل جو کہ میاں مرتضیٰ سنبھلی کا مستقر تھا نواب سعید خان کو بطور جاگیر اکبر کی طرف سے ملا تھا، یہ واقعہ ۹۹۴ھ/ ۱۵۸۶ء سے پہلے کا ہے کیوں کہ مذکورہ سنہ میں وہ نظامت بنگالہ کے لئے روانہ ہوا تھا، گویا میاں شیخ مرتضیٰ کے والد میاں مصطفی حدود ۹۹۴ھ کو فوت ہوئے، یہ محض قیاس ہے، سعید خان چغتا ۱۰۱۱ھ/ ۱۶۰۲ء کو مرزا غازی بیگ ترخان کی تنبیہ کیلئے بھی مقرر ہوا تھا (مآثر الامراء ۲/ ۴۰۸۔ ۴۱۴، مرزا غازی بیگ ترخان اور اس کی بزم ادب مولفہ سید حسام الدین راشدی، بامداد اشاریہ)

اس طرح میاں شیخ مرتضیٰ نواب مخصوص خان کے بھی مصاحب رہے تھے، مخصوص خان سعید خان چغتا کا چھوٹا بھائی تھا وہ بھی کئی مہمات میں شریک رہا اس کا منصب تین ہزاری تھا (مآثر الامراء ۳/ ۲۷۳، ۲۷۴)

میاں شیخ مرتضیٰ نے یہ ملازمت جلد ہی ترک کردی اور حضرت خواجہ کی مبارک صحبت اختیار کر لی، سنبھل میں ہی حضرت خواجہ کے خلیفہ شیخ تاج الدین سنبھلی کی صحبت میں بھی رہے۔ (اسرایہ:۷۱)

۲۴۷/۸۔۱۰.....تا حال کہ او اسط سال ہزار و چہل و چہار باشد آں عالی منقبت (میاں شیخ مرتضیٰ سنبھلی) زندہ و سلامت اند.....

یعنی کتاب حاضر کی تالیف ۱۰۴۴ھ کے دوران شیخ مرتضیٰ بقید حیات ہیں، لیکن آپ اس کے صرف دو سال بعد ۱۰۴۶ھ/ ۱۶۳۶ء کو فوت ہو گئے، خواجہ محمد صادق ہمدانی نے قطعہء تاریخ وصال لکھا

Marfat.com

(طبقات شاہ جہانی: ۱۰/۱۰) اسی طرح ایک اور معاصر شیخ کمال محمد سنبھلی نے بھی قطعات تاریخ لکھے (اسراریہ: ۷۴) میاں شیخ مرتضیٰ سنبھلی حضرت خواجہ کے خلیفہ خاص تھے لیکن انہوں نے نہایت انکسار سے کام لیتے ہوئے کہا کہ طالبوں کی تربیت کے قابل نہیں ہوں اس کام کے لئے آپ شیخ تاج الدین سے یا شیخ احمد سرہندی (مجدد الف ثانی) سے فرمائے (ایضاً) حضرت خواجہ کے وصال کے بعد زیادہ تر گوشہ نشین ہی رہے۔

۲۴۷/۱۷۔۱۸.....آباء کرام ایشاں بطناً بعد بطن در مملکت پورب مسند آرای مشیخت و.....

یعنی میاں شیخ نعمت اللہ کے اجداد دیار پورب میں مسند مشیخت کی زینت تھے۔

ہندوستان کے مسلم دور حکومت میں دہلی کے مشرق میں صوبہ الہ آباد، صوبہ اودھ اور صوبہ عظیم آباد پر مشتمل جو خطہ ہے اس کو ''مملکت پورب'' کہتے تھے۔ (سبحۃ المرجان، دریار پورب میں علم اور علماء ۲۱)

یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ ان کے بزرگوں میں سے کون جونپور یا پورب میں رہتے تھے۔ معاصر تذکرہ نویس شیخ کمال محمد سنبھلی کا بیان ہے کہ شیخ نعمت اللہ مشہور شیخ خواجہ عبداللہ انصاری کی اولاد میں سے تھے اور ۱۰۰۸ھ کو حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہوکر فیض یاب ہوئے تھے۔ (اسراریہ: ۷۹)

جونپور سے خواجہ عبداللہ انصاری کی اولاد میں سے جو فرد دہلی آئے اور پھر حملہ تیمور کے وقت واپس چلے گئے وہ مخدوم شیخ رکن الدین سہروردی (ف ۸۷۴ھ/۱۴۶۹ء) تھے (تذکرہ مشائخ شیراز ہند: ۲۶۲۔ ۲۶۴) قیاس ہے کہ اگر اسراریہ میں مذکور یہی میاں شیخ نعمت اللہ ہیں تو وہ

Marfat.com

انہی کی اولاد میں سے ہوں گے۔

۲۴۷/۱۹۔۲۰ ، ۲۴۸/۱۔۴

.....چوں خطبہ مواصلت بیگی از.....خاندان حضرت شیخ قطب عالم دہلوی .....درمیان آمد ہم درصغرسن بجہتہ تمشیۃ مہم خیر بہ دہلی رسیدند.....بہ رفاقت حضرت شیخ رفیع الدین انوار دیدار حضرت خواجہ بیرنگ قدس سرہ باصرہ پیرای خدمت ایشان گشت.....

یعنی میاں شیخ نعمت اللہ کے خاندان کا اتصال شیخ قطب عالم بن شیخ عبدالعزیز دہلوی سے تھا ان دونوں کے احوال تعلیقات حاضر (۲۲۳/۱۵۔۱۶) میں ہی ملاحظہ کریں، میاں شیخ حضرت شیخ رفیع الدین بن شیخ قطب العالم کے ہمراہ حضرت خواجہ کی خدمت گرامی میں حاضر ہوئے تھے، شیخ رفیع الدین کے حالات بھی سابقہ حواشی (۲۲۴/ ۱۔۴) میں ملاحظہ فرمائیں۔

۲۵۰/۹۔۱۰ .....درسال رحلت (۱۰۴۳ھ) آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد) چوں از ولایتِ پورب با کبرآباد تشریف آوردند.....

یعنی میاں شیخ نعمت اللہ، خواجہ حسام الدین احمد جب اپنے آخری ایام حیات میں اکبرآباد (آگرہ) میں مقیم تھے تو وہ آپ سے ملاقات کے لئے وہاں گئے تھے اور پھر وہ اپنے مستقر یعنی دہلی واپس آگئے۔

۲۵۰/۱۴۔۱۵ .....اللہ تعالیٰ سنین عمر شریف ایشاں برکت دہد و.....

یعنی کتاب حاضر کی تالیف (۱۰۴۴ھ) کے دوران میاں شیخ نعمت اللہ بقید حیات تھے، معاصر تذکرہ نویس شیخ کمال محمد نے ان کا

Marfat.com

سال وفات ۱۰۶۸ھ/ ۱۶۵۸ء لکھا ہے اور اس موقع پر انہوں نے ایک قطعہ تاریخ بھی کہا تھا جسے انہوں نے نقل کر دیا ہے۔ (اسرار یہ: ۸۰)

۲۵۱/۱_۳ .....اجداد بزرگ ایشاں (میر سید احمد) در مملکت پورب خصوصاً در بلاد لکھنو کہ دار الملک سلاطین شرق ہند بودہ بہ.....

جونپور اس خطے کا مرکز رہا ہے جونپور کے شرقی سلاطین مشہور ہوئے ہیں، ان کی تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو:

Muhammad Saeed; Sharqi Sultante of Jounpur.

۲۵۱/۶_۸ از وطن شریف (لکھنو) بدہلی رسیدہ در خدمت حضرت قطب عالم بہ تحصیل علم مشغول شدہ اند.....

یعنی میر سید احمد لکھنو سے تحصیل علم کیلئے شیخ قطب عالم بن شیخ، عبدالعزیز چشتی کی خدمت میں دہلی آئے، حصول علم میں مصروف ہو گئے پھر شیخ رفیع الدین بن شیخ قطب عالم مذکور سے رفاقت والفت پیدا ہو گئی تو ہو وہ ''خدمت مرزا'' میں لاہور میں رہ کر حضرت خواجہ کے سمرقند سے واپس آنے کا انتظار کرنے لگے۔

جانشین خواجہ حسام الدین احمد کی خدمت میں آتے اور حضرت خواجہ کے مزار پر معتکف رہتے تھے، جب خواجہ حسام الدین احمد آخری ایام حیات میں اکبر آباد (آگرہ) میں مقیم تھے تو موصوف آپ سے ملاقات کے لئے وہاں حاضر ہوئے اور آپ کے عوارض دیکھ کر خود بھی بیمار ہو گئے۔ (زاد المعاد)

میاں شیخ مرتضیٰ سنبھلی شعری ذوق بھی رکھتے تھے کبھی کبھی شعر بھی کہتے تھے ایک قصیدہ حضرت خواجہ کی خدمت میں لکھا جس میں ''تربیت

Marfat.com

طالبان'' سے معذرت کی، حضرت خواجہ کو یہ قصیدہ پسند آیا اوران کی ''شکستگی ونیازمندی'' سے متاثر ہوئے، خواجہ محمد صادق نے اس قصیدہ کا ایک شعر نقل کیا ہے۔(طبقات شاہ جہانی:۱۰/۱۵)

میاں شیخ مرتضیٰ کے ایک قابل فرزند شیخ نجم الدین بھی تھے جو جواں سال ہونے کے باوجود ''حقیقت پژوہ'' تھے وہ بھی شاعر تھے، والد کے وصال کے بعد انہوں نے ایک تازہ غزل کہی جو شیخ کمال محمد سنبھلی نے نقل کی ہے۔(اسراریہ:۷۵)

یہاں خدمت مرزا سے مراد مرزا شیخ فرید مرتضی بخاری ہیں جو ایک بڑے منصب دار اور حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت بخاری کی اولاد میں سے تھے گویا میر سید احمد اور میاں شیخ رفیع الدین مذکور بھی شیخ مرتضیٰ بخاری کی صحبت میں رہتے تھے اور دیگر صوفیہ کی طرح یہ بھی حضرت خواجہ کے واپس ہندوستان آنے سے منتظر تھے۔

۲۵۳/۱۰۔۱۱ .....بوطن شریف (لکھنو) رجوع فرمودندوآں جابا قامت سنت ازدواج اقدام نمودہ صاحبِ فرزندان شدند.....

مولف بزرگ نے میر سید احمد کی اولاد کی تفصیل بیان نہیں کی ہے البتہ دوسرے معاصر مولف شیخ کمال محمد سنبھلی نے ان کے ایک فرزند شیخ سلیم دہلوی کا ذکر کیا ہے کہ وہ بخاری سید تھے اور حاجی عبدالوہاب بخاری کے نبائر میں سے تھے، شیخ سلیم کی وفات حدود ۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰ء کو ہوئی اور مولف کو کئی مرتبہ ان سے ملنے کا اتفاق ہوا (اسراریہ:۱۶۸) اس سے حسب ذیل نتائج برآمد ہوتے ہیں:

۱.....میر سید احمد بخاری سید تھے۔

Marfat.com

۲..... انہوں نے حاجی عبدالوہاب بخاری دہلوی کی صاحبزادی سے نکاح کیا تھا۔

۳..... شیخ سلیم اسی صاحبزادی کی بطن سے لکھنو میں تولد ہوئے تھے۔

۴..... اسی نسبی تعلق کی بنا پر غالباً میر سید احمد کا تعلق نواب مرتضیٰ خان فرید بخاری سے تھا اور وہ وجہ معیشت کے طور پر نواب کی مصاحبت میں رہے تھے۔

۳/۲۵۴ این فقیر از زبان حق ترجمانی میر (سید احمد) می شنیدہ کہ حضرت خواجہ بارہا فرمودہ اند کہ تقید چند روز ما باحکام مشیخت محض برای ایں جواں بدخشی بودہ است

یعنی حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ کی یہ بات مولف نے کئی بار میر سید احمد کی زبانی سنی ہے کہ میں نے مشیخت کا سلسلہ محض اس جواں سال بدخشی یعنی خواجہ حسام الدین احمد کی خاطر اختیار کیا ہے ورنہ مجھے دوسرے امر کے لئے پیدا کیا گیا ہے یعنی احیاء دین متین کیلئے۔

۲۵۴/ ۱۳۔ ۱۴ ہمدراں روز درد پیچش شکم واسہال خون وبلغم در حضرت ایشاں پیدا شد.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کے آخری زمانہ کے ایام امراض کی طرف اشارہ ہے اس کی تفصیلات اسی کتاب میں الگ فصل کے تحت ملاحظہ کریں۔

۲۵۵/ ۱۲۔ ۱۴ درسال رحلت حضرت ایشاں خدمت میر نیز از .....لکھنو .....بہ اکبر آباد رسیدند

یعنی ان آخری ایام میں جب آپ شاہ جہان کی طلب پر اکبر آباد (آگرہ) تشریف لے گئے تھے تو میر سید احمد اپنے مستقر لکھنو سے

Marfat.com

بعد مسافت کا خیال کئے بغیر آپ کی صحبت گرامی میں حاضر ہوئے عیادت کے ساتھ کچھ عرصہ وہاں قیام بھی کیا۔

۲۵۶/۲۔۴ دوسہ ماہ است کہ بوطن مراجعت فرمودہ اند .....وجود شریف ایشاں دریں عرصہ دیرگاہ دارد.....

یعنی اس کتاب کی تالیف (۱۰۴۴ھ) کے دوان میر سید احمد بقید حیات تھے، معاصر تذکرہ نویس شیخ کمال محمد نے لکھا ہے کہ میر سید احمد حدود ۱۰۵۰ھ کوفوت ہوئے، نیز مولف نے حضرت خواجہ کے کئی معارف میر سید احمد کی زبانی بروایت خواجہ خرد نقل کئے ہیں۔ (اسراریہ: ۷۶۔۷۷)

۲۵۶/۹۔۱۰ .....بزرگانِ ایشان درخطہء ہرات بہ نیک ذاتی .....وجد شریف ایشاں مصحوب موکب ہمایوں حضرت پادشاہ مغفور جنت آشیانی از ایران بہ ہندوستان آمدہ اند.....

یعنی میر محمد زاہد ہروی کے اجداد کا تعلق ہرات سے تھا ان کے جد اعلیٰ ہمایوں بادشاہ کے ساتھ ایران سے ہندوستان آئے۔

یہاں بیان میں تضاد پایا جاتا ہے اول یہ بتایا ہے کہ میر محمد زاہد کے اجداد اصلاً ہرات کے تھے دوسرے یہ کہ ان کے جداعلیٰ ہمایوں کے ساتھ ایران سے ہندوستان آئے، یہاں ان کے اس دادا کا نام نہیں بنایا گیا، دوسرے مولف شیخ کمال سنبھلی جنہوں نے میر محمد زاہد کو دیکھا تھا اوران کا وہ بہت ہی احترام کرتے تھے نے لکھا ہے کہ میر محمد زاہد کے والد محمد صالح ہندوستان آئے اور یہیں توطن اختیار کرلیا۔ (اسراریہ: ۸۷)

Marfat.com

۲۵۶/۱۳_۱۵ .....درعہد حضرت عرش آشیانی (اکبر) پدر وعم بزرگ ایشاں کہ بحلیہ فضائل.....

تذکرۂ ہمایوں واکبر (۱۸۱) میں ہمایوں کے ساتھ ایران و افغانستان سے ہندوستان آنے والے بعض اصحاب کی فہرست موجود ہے جس میں خواجہ محمد صالح برادر خواجہ عبداللہ مروارید کا ذکر بھی ہے، ممکن ہے کہ یہی خواجہ محمد صالح، میر محمد زاہد ہروی کے والد ہوں۔

۲۵۶/۱۵_۱۸ .....مصاحب نوکر نواب منعم خان۔ وبعد از فوت آں خان عالی نشان اختیار صحبت نواب زین خان کوکلتاش نمودہ.....

یعنی میر محمد زاہد ہروی کے والد نواب منعم خان اور پھر اس کے بعد نواب زین خان کوکلتاش کے مصاحب رہے تھے، منعم خان ہمایوں کے دربار کے اکابر میں سے تھا، اس کے بھائی فاضل بیگ کو بھی قرب حاصل تھا، جب ہمایوں ایران سے واپس ہندوستان آیا تو منعم خان اس سے وابستہ ہوا، ۹۶۱ھ/ ۱۵۵۳ء کو اسے شہزادہ اکبر کا اتالیق بنایا گیا، جب ہمایوں نے ہندوستان فتح کرلیا تو اسے کابل کا گورنر بنا کر وہیں رہنے دیا گیا، وہ اکبر بادشاہ سے لدھیانہ کے مقام پر ۹۶۷ھ/ ۱۵۵۹ء کو منسلک ہوا، بیرم خان کے خلاف اقدام کے دوران اسے خانِ خانان اور وکیل بنایا گیا، اس کے بعد وہ کئی اہم مہمات میں شریک رہا، جونپور میں اسے جاگیریں بھی ملی تھیں اس کے بعد اسے بہار کا گورنر بھی بنایا گیا، ۹۸۲ھ/ ۱۵۷۴ء کے بعد بھی وہ بنگال میں سخت مصروف رہا وہیں بخار کی حالت میں اس کا انتقال ہوا۔ (آئین اکبری: ۳۳۱_۳۳۴ تعلیقات بلوخمان)

Marfat.com

منعم خان کے انتقال (بعد ۹۸۲ھ/ ۱۵۷۴ء) کے بعد خواجہ صالح نواب زین خان کوکلتاش سے منسلک ہوگیا وہ اکبر کا رضاعی بھائی تھا، بہت سی اہم مہمات میں شریک رہا اور مغل سلطنت کے وسعت واستحکام کے لئے خدمات انجام دیں، اس کی بیٹی شہزادہ سلیم (نور الدین جہانگیر) کے عقد میں تھی، ۱۰۱۰ھ/۱۶۰۱ء کوفوت ہوا، وہ شاعر اور علماء نواز تھا۔ (مآثر الامراء ۲/ ۳۶۶۔ ۳۷۳، آئین اکبری: ۱/ ۳۶۷۔ ۳۶۹ تعلیقاتِ بلوخمان)

۲۵۸/۷۔۹ الحال یک ماہ است کہ بعزم سفر حجاز از دہلی متوجہ اکبر آباد شدہ اند.....

یعنی اس وقت ۱۰۴۴ھ ہے اور میر سید محمد زاہد ہروی حج کے ارادے سے دہلی سے روانہ ہوئے ہیں اور اکبر آباد کی طرف چل پڑے ہیں، لیکن ہمیں دیگر مآخذ سے ان کے سفر حج کی کوئی معلومات نہیں ملتی ہیں۔

دوسرے معاصر بزرگ شیخ کمال محمد نے ان کے بارے میں لکھا ہے کہ میر سید محمد زاہد ہروی کے والد محمد صالح نے ہندوستان آکر سکونت اختیار کرلی۔ کہتے ہیں کہ میر سید زاہد حضرت خواجہ کی صحبت اختیار کرنے والے پہلے فرد تھے، حضرت خواجہ نے ان پر بہت ہی عنایات فرمائی تھیں، خواجہ خرد کی روایت ہے کہ حضرت خواجہ فرماتے تھے کہ انہوں نے ''فنای ذاتی'' حاصل کرلی ہے، میر محمد زاہد شاعر بھی تھے اور کبھی کبھی شعر بھی کہتے تھے ان کے اشعار سن کر خواجہ حسام الدین احمد خوش ہوتے تھے، ان کا وصال حدود ۱۰۵۰ھ/ ۱۶۳۰ء کو ہوا، مجھے چند مرتبہ ان سے ملنے کی سعادت نصیب ہوئی تھی میں نے ان کا بے حد ادب و

Marfat.com

احترام کیا۔ (اسراریہ: ۸۷۔۸۸) لیکن بادشاہ نامہ میں عبدالحمید لاہوری نے ان کا سال وفات ۳ جلوس شاہ جہانی (۱۰۴۰ھ) لکھا ہے (۲/ ۳۴۳) جسے اسراریہ پر ترجیح حاصل ہے۔

یہاں یہ امر یاد رہے کہ میر محمد زاہد ہروی نام کے ایک اور عالم بھی تھے جن کے والد کا نام قاضی محمد اسلم تھا، یہ میر محمد زاہد اورنگ زیب کی خواہش پر کابل کی صدارت پر فائز ہوئے تھے، ان کا انتقال ۱۱۰۱ھ/ ۱۶۸۹ء کو ہوا (تذکرہ علمائے ہند ۴۲۹، نزہۃ الخواطر ۶/ ۳۰۶، سبحۃ المرجان ۱/ ۱۷۳۔ ۱۹۴، مآثر الکرام: ۲۰۶ وغیرہ) گویا زمانہ اور ولدیت کے اعتبار سے دونوں الگ الگ شخصیتیں ہیں۔

۲۵۸/ ۱۳۔۱۴ ..... شیخ یعقوب ..... از شیخ زادہا قصبہ تھانہ اند کہ از بقعات معمورہ ملک میانِ دوآب است

یعنی شیخ یعقوب کے اجداد کا تعلق قصبہ تھانہ سے تھا جو کہ دوآب کے مابین واقع ہے، ہمارے پاس اس امر کی تحقیق کا اب کوئی ذریعہ نہیں ہے کہ یہ معلوم ہو سکے کہ شیخ یعقوب کے بزرگ کون تھے جو تھانہ میں شیخ طریقت تھے۔

۲۵۸/ ۱۶ حوزہ درس مخدوم معظم شیخ جمال تلی گشتہ .....

شیخ جمال تلوی (تعلیقات سابقہ ۲۱۴/ ۱۶۔۱۷) کے لاہور میں شاگردوں کا ایک بڑا حلقہ تھا۔

۲۵۹/ ۴۔۵ حضرت خواجہ خدمت رو براہی مطبخ طعام خاص کہ ہمیشہ تعلق بہ خادمان ولی نعمت والدۂ ماجدہ را بہ عالی حضرت داشت بہ نیت تخفیف .....

یعنی حضرت خواجہ کے باورچی خانہ میں کھانا پکانے کا کام

Marfat.com

حضرت خواجہ کی والدہ انجام دیتی تھیں، حضرت خواجہ کے ملفوظات میں ہے یہ خدمت حضرت خواجہ کی والدۂ محترمہ نے اپنے ذمہ لے لی تھی لیکن بڑھاپے کے باعث آپ نے ان سے یہ کام لے کر بی بی بانو زن محمد صادق خسرو پورہ اور زنِ شیخ محمد صدیق کشمی (کشمیری سہو کتابت) کے سپرد کر دیا تو آپ کی والدہ ماجدہ کو اس کا بڑا رنج ہوا، جس پر آپ نے یہ خدمت پھر ان کی سپرد کر دی تاہم مذکورہ دونوں بیگمات خمیر بنانے میں معاون رہیں، جب یہ کام میاں شیخ یعقوب کے سپرد کیا گیا تو وہ یہی موقع ہوگا۔

۲۶۰/۱۶۔۱۸ ..... درسال ہفتم از رحلت حضرت خواجہ از حضرت ایشاں رخصت وطن گرفتہ ہم درسال مذکور در وطن بجوار رحمت ایزدی انتقال نمودہ

یعنی میاں شیخ یعقوب حضرت خواجہ کے وصال کے ساتوں سال یعنی ۱۰۱۹=(۱۰۱۲+۷) کو خواجہ حسام الدین احمد سے اجازت لے کر اپنے مستقر تھانہ کے لئے رخصت ہوئے اور اسی سال وہیں فوت ہو گئے۔

یہاں سماعتِ روایت میں حضرت مولف سے سہو ہوا ہے دوسرے معاصر تذکرہ نویس خواجہ محمد صادق ہمدانی کشمیری نے لکھا ہے کہ حضرت خواجہ کے وصال کے بعد میاں شیخ یعقوب کچھ عرصہ آپ کے فرزندان گرامی کی خدمت میں رہے اور پھر ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء کو اپنے وطن کے لئے رخصت ہوئے اور اسی سال جو وبا پھوٹی ہوئی تھی میں انتقال کیا

(طبقاتِ شاہ جہانی ۹/۶۰۔۶۱)

یہ وہی طاعون کی وباء ہے جو ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء کو پنجاب اور اس

Marfat.com

کے نواح میں پھیلی تھی اور اس سے بہت سے افراد شہید ہوئے تھے، خود حضرت مجدد الف ثانی کے صاحبزادہ حضرت خواجہ محمد صادق کا اسی سال اسی وباء میں وصال ہوا تھا، جس کی تفصیلات اس سلسلہ کی تمام کتب میں ملتی ہیں۔

۲۶۱/۵-۶ (بی بی قطب).....سعادات طبخ طعام درویشان وفقراء مسافر را برذمہ ہمت خود گرفتہ بودند.....

یعنی حضرت خواجہ کے متوسلین کے لئے کھانا پکانے کی خدمت بی بی قطب نے اپنے ذمے لے لی تھی، اس سے قبل آپ کے باورچی خانہ میں شامل معاون بزرگ خواتین کا ذکر کیا جاچکا ہے۔ (تعلیقاتِ حاضر: ۲۵۹/۴-۵) یہ خاتونِ ولیہ بھی ان میں شامل تھیں۔

۲۶۱/۱۴-۱۸ .....علی الخصوص خاندان عالی نواب.....خانِ خانان مغفور کہ بموجب امر حضرت ایشاں..... پارۂ وقتی مقید بہ تنویر عالی نشان را از برکات صحبت خود مستفید ساختہ.....

یعنی حضرت خواجہ کے وصال کے بعد خواجہ حسام الدین احمد کے حکم پر بی بی قطب نے خواتین کی تعلیم وتربیت کا سلسلہ شروع کیا خاص طور پر مرزا عبدالرحیم خانِ خانان جو کہ حضرت خواجہ کا معتقد خاص اور آپ کی خانقاہ کا کفیل بھی تھا کے محل کی خواتین کی تربیت کے لئے بی بی قطب کو مقرر کیا گیا تھا، خانِ خانان کے خاندان کی خواتین خصوصاً اس کی بیٹی جانِ جانان بیگم صوفیہ کے ساتھ بڑی عقیدت رکھتی تھی وہ حضرت خواجہ محمد سعید بن حضرت مجدد الف ثانی سے بیعت تھی اور اپنے مکاشفات

Marfat.com

آپ کی خدمت میں لکھ کر ان کی تعبیر وحقیقت معلوم کرتی رہتی تھی ۔

(مقامات معصومی:۱/۱۹۶)

۲۶۲/۱۳۔۱۴ بعد از رحلت حضرت ایشان بہ سہ ماہ از دارِ ملال بہ سرای قرب حضرت ذی الجلال انتقال نمودند.....

یعنی حضرت خواجہ حسام الدین احمد کے وصال صفر ۱۰۴۳ھ کے تین ماہ بعد جمادی الاول ۱۰۴۳ھ کو بی بی قطب کا انتقال ہوا۔

خواجہ خرد کا مکاشفہ ہے کہ وصال کے بعد انہوں نے بی بی قطب کو ایک شیر کی مانند بیٹھے ہوئے دیکھا تھا، گویا وہ حضرت خواجہ کی محبت سے مغلوب تھیں (اسراریہ:۶۷) بی بی قطب حضرت خواجہ کے خلیفہ میاں شیخ رستم کی والدہ محترمہ تھیں جن کے حالات اسی لاحقہ میں ملاحظہ کریں۔

۲۶۳/۱۱۔۱۲ ..... حضرت ایشاں ..... در رسالہ کہ بقلم خاص در بعضی احوال مرضِ رحلت حضرت خواجہ تالیف فرمودہ اند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد نے حضرت خواجہ باقی باللہ کے ایام رحلت کے واقعات پر ایک رسالہ تالیف کیا تھا، افسوس کہ آج ہم اس اہم رسالہ کے وجود سے بے خبر ہیں، گویا خواجہ کلاں کے پیش نظر یہ مبارک رسالہ تھا، اس سے پیشتر خواجہ حسام الدین احمد کے ایک اور رسالہ شواہد الاخلاص کی تالیف کا بھی پہلی بار کتاب حاضر سے معلوم ہوا ہے۔ اس کے وجود کی بھی ہمیں کوئی اطلاع نہیں ہے۔

۲۶۳/۱۹۔۲۰ ..... خدمتِ مولانا (احمد لاہوری) بعد از رحلت حضرت خواجہ در رنگ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بعد از رحلت حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم تاب بودن در مدینہ نیاوردہ بملک شام رحلت نمودند.....

Marfat.com

یعنی حضرت خواجہ کے خلیفہ مولانا احمد لاہوری کو حضرت خواجہ سے اتنا انس تھا کہ وہ حضرت خواجہ کی رحلت وجدائی برداشت نہ کر سکے اور دہلی میں قیام ان کی محبت کے باعث ممکن نہ ہوا تو وہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی طرح جو محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں مدینہ میں قیام نہیں کر سکتے تھے وہاں سے شام کی طرف چلے گئے اور دمشق میں ۲۰ھ کو وصال ہوا۔ (تاریخ مدینۃ دمشق لابن عساکر ۱۰/ ۴۳۳، حلیۃ الاولیاء: ۱/ ۱۴۷۔۱۵۱، سیر اعلام النبلاء: ۱/ ۳۴۷، ۳۶۵)

۲۶۴/ ۱۴۔۱۷ ..... (میر سید زید) از مخدومزادہ ہائے عظام ہندوستان اند بنی اعمام ایشاں در ولایت میانِ دوآب صاحب ..... سلسلہ جلیلہ قادریہ بہ عظمت شان ورفعت مکان نشان مند آمدہ اند .....

یعنی میر سید زید کے اجداد ولایت میان دوآب کے مشائخ میں سے تھے، اگلی ہی چند سطور میں مولف نے وضاحت کے ہے کہ ان کا وطن قصبہ ساڈھورہ تھا، اس بآسانی اس نتیجہ پر پہنچا جا سکتا ہے کہ میر سید زید قادری سلسلہ کے مشہور بزرگ شاہ قمیص قادری حسنی (ف ۹۹۲ھ/ ۱۵۸۴ء) کی اولاد میں سے تھے جن کا نسب حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ تک اس طرح واصل ہوتا ہے:

شاہ قمیص بن سید ابی الحیات گیلانی بن تاج الدین محمود بن بہاء الدین محمد بن جلال الدین احمد بن شاہ داؤد بن جمال الدین علی بن ابی صالح نصر بن شاہ عبدالرزاق بن غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی (خزینۃ الاصفیاء: ۱/ ۱۳۵، تاریخ محمدی: ۲/ ۴/ ۴۰)

۲۶۵/ ۱۔۴ ..... ایشاں (میر سید زید) را استماع کمالات حضرت خواجہ بودہ از زبان

Marfat.com

حضرت میاں شیخ بہلول قدس سرہ وشیخ حاجی محمد وجناب شیخ اللہ دیہ.....

یعنی میر سید زید نے میاں شیخ بہلول، حاجی محمد اور شیخ الہ دیا سے حضرت خوجہ کے اوصاف ومناقب سنے تو وہ مشتاق دیدار ہوئے۔

ہمیں دیگر متعارف تذکروں میں میر سید زید کے حالات نہیں مل سکے، کتاب حاضر سے معلوم ہوتا ہے کہ موصوف کی خواجہ حسام الدین احمد سے بھی گہری وابستگی تھی جب آپ شدید علیل اور اکبر آباد میں مقیم تھے تو وہ آپ کی عیادت کے لئے وہاں گئے تھے۔

۲۶۸/۱۱۔۱۲.....مخترعہ ایشاں ترتیب میزان گردان مفردات ومزیدات صرف است

میاں شیر محمد لاہوری کی اس تالیف کے وجود کا ہمیں تا حال علم نہیں ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی کا ایک مکتوب (۳/۵۱) میاں ملا شیر محمد لاہوری کے نام ہے جو در بیان ''فرق میاں تصدیق قلب ویقین آں'' کے موضوع پر ہے۔

۲۶۹/۹۔۱۱ .....میاں شیخ رستم.....عشیرہ کرام حضرت شیخ عبدالعزیز (چشتی) دہلوی ..... از یک دوحہ نسب ایں اعزہ بحضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ منتہی می شود

حضرت عباس بن عبدالمطلب کے نسب کی تفصیل انہی تعلیقات (۲۲۳/۱۱۔۱۲) میں ملاحظہ کریں۔

۲۶۹/۱۴۔۱۵ ..... بسر کردگی محمد بن قاسم بن یوسف ثقفی برادر زادۂ حجاج بجہتہ تسخیر مملکت سندھ ودر ملک پنجاب رحل اقامت افگندہ است

محمد بن قاسم نے ۹۴ھ/ ۷۱۲ء کو سندھ فتح کیا اس لشکر کے ساتھ بہت سے اکابر آئے اور ہندوستان کے مختلف شہروں میں آباد ہو گئے ان

Marfat.com

میں سے حضرت عباس کی اولاد کے سیالکوٹ میں آباد ہونے کی اطلاع بھی اس کتاب سے ملی ہے سیالکوٹ کی تاریخ پر لکھی جانے والے جدید کتب اس قسم کی معلومات سے خالی ہیں۔

۲۷۰/۲/۲-۵..... جناب خلافت مآب (میاں شیخ رستم) درسن دوازدہ سالگی بودند کہ ہمراہی حضرت میر محمد نعمان ..... بہ ملازمت حضرت خواجہ بیرنگ فائز گشتہ اند.....

یعنی میاں شیخ رستم بارہ سال کی عمر میں حضرت میر محمد نعمان بدخشی (ف ۱۰۵۹ھ/۱۶۴۹ء) کے ہمراہ حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔

۲۷۰/۱۲-۱۶..... باصغرسن وقدِ مختصر ہمیشہ قصد ہم نشینی اعاظم اصحاب..... میاں شیخ احمد، میاں شیخ تاج..... ومیاں شیخ الہ داد..... می بودند.....

یعنی میاں شیخ رستم کم سنی میں اکابر اور معمر بزرگوں مثلاً حضرت میاں شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی، میاں شیخ تاج الدین سنبھلی مکی اور میاں شیخ الہ داد کی صحبت میں بیٹھا کرتے تھے۔

۲۷۲/۳-۶ .....موجب فرمودہ آنحضرت (خواجہ حسام الدین احمد)..... کمر ہمت بربستہ در ایام غیبت ونہضت بندگان حضرت بادشاہ دین پناہ (شاہ جہان).....

یعنی ان دنوں جب شہزادہ شاہ جہان نے دربار جہانگیر کی سیاست سے گھبرا کر اپنے باپ جہانگیر کے خلاف بغاوت کی تو خواجہ حسام الدین احمد نے جن کے شاہ جہان سے پرانے مراسم تھے کی فتح مندی کے لیے دعاو ختم خواجگان کا سلسلہ شروع کروایا جب مخالفین نے جہانگیر کے کان

Marfat.com

بھرے تو اس نے آپ کو حاضر ہونے کا حکم دیا اس کی تفصیلات انہی تعلیقات (۶۰/۷۔۱۴، ۶۸/۱۔۸) میں ملاحظہ کریں تو اس کام کے لئے آپ نے میاں شیخ رستم کو مقرر کیا جنہوں نے دعا، فاتحہ اور ختم کا اہتمام کیا اور آخری سطر میں بتایا گیا ہے کہ یہ محض ''خدمت اسلام وِمہم سازی مسلمین'' کے تحت کیا گیا تھا۔ بادشاہ بننے کے بعد شاہ جہان ان سے حسن سلوک پیش آتا تھا (اسراریہ:۶۷)

۲۷۲/۱۲۔۱۳ (میاں شیخ رستم) کہ صجتہاء سنجیدہ بہ نواب ..... مرتضیٰ خان داشتہ..... و نواب خانِ خانان بزرگ ونواب خواجہ عبداللہ خان .....

یعنی میاں شیخ رستم حضرت خواجہ کے عقیدت مند امراء نواب مرتضیٰ خان فرید بخاری، عبدالرحیم خان خانان اور نواب خواجہ عبداللہ کی مصاحبت میں بھی رہے تھے۔ اول الذکر دونوں امراء کے احوال انہی تعلیقات میں جابجا آئے ہیں لیکن خواجہ عبداللہ خان کے بارے میں مآثر الامراء (۲/۷۷۱۔۷۸۳) میں درج ہے کہ عبداللہ خان فیروز جنگ حضرت خواجہ عبیداللہ احرار کی اولاد اور خواجہ حسن نقشبندی کا بھانجا تھا، وہ بہت سی ملکی مہمات میں شریک رہا مذہب سے گہری وابستگی تھی ۱۰۵۴ھ/ ۱۶۴۴ء کو انتقال ہوا، جب خانِ خانان اور خواجہ عبداللہ خان کے مابین کچھ رنجش پیدا ہوئی تو میاں رستم نے صلاح کروائی (زادالمعاد)

میاں شیخ رستم کی والدہ بی بی قطب بھی ولیہ اور حضرت خواجہ کی اجازت یافتہ تھیں (رک تعلیقات حاضر ۲۶۱/ ۳۔۵)

میاں شیخ رستم کا ۱۰۷۲ھ/ ۱۶۶۱ء کو وصال ہوا صفہء حضرت خواجہ پر دفن کئے گئے، شیخ کمال محمد سنبھلی نے قطعہ تاریخ وفات کہا (اسراریہ:۶۸)

Marfat.com

میاں شیخ رستم کے ایک فرزند شیخ محمد قلی بھی تھے جو خواجہ حسام الدین احمد کے منظور نظر اور خواجہ کلاں (مولف) کے مقبول خاطر، مصاحب اور مزاج شناس تھے، انہوں نے شرح مشکوٰۃ (فارسی) مولف شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی ایک بہت عمدہ لغت تیار کی تھی اور سراج المشکوٰۃ اس کا نام رکھا تھا جس سے اس کا سال تالیف (۱۰۶۱ھ) برآمد ہوتا ہے، جو درست معلوم نہیں ہوتا شیخ محمد قلی کا ۱۰۷۳ھ کو انتقال ہوا۔ (اسراریہ: ۶۸)

۲۷۳/ ۱۴۔۱۶ میاں شیخ اسماعیل.....ابن عم جناب.....میاں شیخ رفیع الدین محمد اند.....

یعنی میاں شیخ اسماعیل شیخ رفیع الدین محمد بن قطب العالم بن شیخ عبدالعزیز چشتی دہلوی کے ''ابن عم'' تھے، (رک تعلیقاتِ حاضر: ۲۲۳/ ۱۶۔۱۷) گویا میاں شیخ اسماعیل کا آبائی طور پر سلسلہ چشتیہ سے تعلق تھا، اس لئے حضرت خواجہ نے شب برأت کی رات ان سے یہ دریافت فرمایا کہ تمہارے سلسلہ چشتیہ میں اس رات کو جو نماز پڑھی جاتی ہے اس میں کتنی رکعت ہوتی ہیں؟ (ملفوظات خواجہ باقی باللہ مشمولہ کلیات: ۶۳) یہ ۱۰۰۷ھ کا واقع ہے گویا میاں شیخ اسماعیل حضرت خواجہ کے خلافت یاب ہوکر سمرقند سے واپس آتے ہی منسلک ہو گئے تھے، زادالمعاد کا یہ جملہ ''از صغرسن توفیق ملازمت حضرت خواجہ یافتہ'' کی ملفوظاتِ مذکورہ سے تصدیق ہو جاتی ہے۔

۲۷۴/ ۱۱۔۱۶ .....بعد از رحلت حضرت خواجہ مطابق ارادۂ حضرت ایشاں ..... جمیع سر برزدہای وقت عالی آں عالی حضرت را از نظم ونثر ورسائل ورقعات جمیع فرمودہ و در آخر آں مسموعاتِ خود را نبذی از خصائص احوال آں عا

Marfat.com

حضرت مرتب ساختہ اند والیوم آں مجموعہ درمیان اصحاب .....شہرت و انتشار تمام دارد.....

یعنی حضرت خواجہ باقی باللہ کے وصال (۱۰۱۲ھ) کے بعد حضرت خواجہ حسام الدین احمد کی خواہش کے مطابق میاں شیخ اسماعیل نے حضرت خواجہ کے تمام نظم ونثر کے رسائل اور مکتوبات جمع کئے اور اس مجموعہ کے آخر میں انہوں نے اپنے مسموعات (ملفوظاتِ حضرت خواجہ) بھی لکھے اور پھر آپ کے چند خصائص بھی درج کئے،

اس اقتباس سے مندرجہ ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں:

۱..... حضرت خواجہ کے تمام منظوم ومنثور رسائل آپ کے خلیفہ میاں شیخ اسماعیل نے جمع کئے تھے۔

۲..... آپ کے مکتوبات بھی اسی میں شامل کر لئے گئے تھے۔

۳..... مجموعہ کے آخر میں انہوں نے وہ فرمودات بھی جمع کر دیئے جو انہوں نے خود سنے تھے۔

۴..... یہی مجموعہ رسائل وملفوظات ومکتوبات آج آپ کے اصحاب و احباب میں مروج ہے۔

دوسرے معاصر تذکرہ نویس شیخ کمال محمد سنبھلی نے جو خواجہ خرد بن خواجہ باقی باللہ کے مرید خاص تھے لکھا ہے:

ایک روز میاں شیخ اسماعیل نے حضرت خواجہ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں چاہتا ہون کی مجالس مبارک میں جو کچھ سنوں وہ لکھ لوں آپ نے فرمایا لکھ لیا کرو، اس پر میں نے اس سے پہلے جو کچھ بلا اجازت لکھا تھا پیش کیا تو سن کر فرمایا کہ اس قسم کی باتیں بزرگوں کی

Marfat.com

کتابوں میں بہت سی درج ہیں تم یہ لکھ کر کیا کرو گے؟ گویا منع فرما دیا.....
پھر ایک مجلس میں جس میں شیخ احمد سرہندی (حضرت مجدد الف ثانی) اور دوسرے مقربین حاضر تھے میں نے مکرر یہی درخواست کی تو فرمایا کہ صرف وہ امور جن کا تعلق طریقت سے ہے لکھ لیا کرو (اسراریہ: ۲۷۰).
یہی امر جامع نے ملفوظاتِ حضرت خواجہ میں پنجشنبہ ششم صفر ۱۰۰۹ھ کے تحت لکھا ہے (کلیات ۲۵۔ ۲۸) جس سے واضح ہے کہ یہ ملفوظات حضرت خواجہ کے حین حیات ہی جمع کر لئے گئے تھے اور زاد المعاد کے اندراج کے مطابق آپ کے وصال کے بعد جب تمام رسائل کی جمع آوری ہوئی تو اس کے آخر میں آپ کے بعض خصائص بھی تحریر کئے گئے اس مروجہ مجموعہ کلیات کے جامع نے انکساری سے اپنا نام نہیں لکھا، بلکہ بتایا ہے:

ایں ذرۂ احقر کہ نام خود را از غایت بے اعتباری شائستہ اندراج ایں نامۂ بلند قدر نمی بیند از جملہ باریافتگان درگاہ خواجہ جہاں پناہ شد (کلیات: ۱۹)

۲۷۴/۱۷۔۲۰ .....میاں شیخ اسماعیل بعد از انقضاء یک مدتی از رحلت حضرت خواجہ قدس سرہ چوں زیر بار علائق بسیار بودند ناچار اختیار نوکری سلاطینِ وقت نمودہ ہمدراں وضع از دنیا رحلت فرمودند.....

یعنی جامع ملفوظات و مولفاتِ حضرت خواجہ میاں شیخ اسماعیل نے حضرت خواجہ کے وصال کے ایک عرصہ بعد خاندان کی معاشی ذمہ داریوں کے باعث اس وقت کے سلاطین کے ہاں ملازمت کر لی تھی

Marfat.com

اوروہ اسی حالت میں فوت ہو گئے،

اب ہمیں اس امر کی جستجو ہوئی کہ میاں شیخ اسماعیل نے کس سلطان کی ملازمت اختیار کی ہوگی ؟ اکبر کی مذہبی پالیسی تو ہمارے حضرات کے سراسر خلاف تھی بلکہ خواجہ حسام الدین احمد نے جس طرح اکبر سے گلوخلاصی کروائی وہ تو ان پر بھی واضح ہی تھا، قیاس ہوا کہ انہوں نے یا تو مرزا عبدالرحیم خان خانان کے ہاں ملازمت کی ہوگی یا میر مرتضیٰ فرید بخاری کی مصاحبت اختیار کر لی ہوگی، اسی قیاس آرائی کے دوران خانِ خانان کے حالات پر ضخیم وجیم کتاب مآثر رحیمی کی ورق گردانی شروع کی تو ایک متوسل شاعر مولانا رشدی کے حالات اور کلام کا سراغ ملا، ہمیں گماں گذرا کہ یہی بزرگ ہوں گے کیوں کہ انہوں نے ملفوظات مذکور کے آخر میں صاف الفاظ میں اپنا تخلص رشدی لکھا ہے جو آپ کے وصال میں مرثیہ میں آیا ہے اور اس سے قبل اس نظم کو انہوں نے اپنی تصنیف بھی واضح طور پر بتایا ہے:

محررِ سطور درمرثیہ حضرت ایشان ایں ابیات مرقوم قلم خونین رقم گردانیدہ

رشدی ازاں نفس کہ رخ خود نہفت دوست
سازِ طرب شکست و نوائ تو ترانہ مرد

(کلیات:۶۷)

مآثر رحیمی میں مولانا رشدی کے جو حالات ملا عبدالباقی نہاوندی نے لکھے ہیں ان سے بھی ان کے اپنے حالات بیان کرنے سے گریز

Marfat.com

اور گمنامی کا صاف اندازہ ہوتا ہے، لکھا ہے:

مولا نا رشدی از غایت رشد و رشاد با آنکہ مدتی در دربار فیض آثار ایں عالی شان چاکر و ملازم بودہ ہیچ کس از مقام و مکان و نام و نشان او خبر نمی دہد و اطلاعی بر احوال او ندارد کہ قابل تحریر و تقریر بودہ باشد، ایں قدر ظاہر شد کہ صاحبِ طبعیت و خوش سلیقہ بودہ، واز مداحان قدیم ایں سپہ سالار (خانِ خانان) است و مدتی ملازم و جاگیردار بودہ و حکیم رشدی قمی کہ از فحول اطباء و شعرای ایران بود رشدی تخلص می فرمود و مشارالیہ بہند وستان نہ رسیدہ وایں اشعار وایں طرز و روش بزادہای طبع آں حکمت پناہ آشنائی ندارد کہ نسبت باو توان داد (مآثر رحیمی: ۳/۱۱۱۹۔۱۲۱۱، مولف نے مولانا رشدی کا ایک قصیدہ اور ایک ساقی نامہ بھی نقل کیا ہے)

اس معاصر اقتباس سے مندرجہ ذیل نکات سامنے آتے ہیں:

۱..... مولانا رشدی نہایت رشد و رشاد پر فائز تھے۔

۲..... وہ مدت دراز سے خان خانان کے دربار سے وابستہ تھے۔

۳..... کوئی بھی ان کے نام و مقام سکونت سے واقف نہیں ہے کہ لکھا جا سکے۔

۴..... صرف اس قدر معلوم ہے کہ وہ خانِ خانان کے قدیم مدح سرا تھے۔

۵..... رشدی قدیم ملازم اور جاگیردار تھے۔

۶..... حکیم رشدی قمی جو ایک بڑا طبیب اور ایران کے شعراء میں سے

Marfat.com

تھا اس کا تخلص بھی رشدی تھا لیکن وہ کبھی ہندوستان نہیں آیا۔

۷..... لیکن جو اشعار، طرز اور روشِ شعری مولانا رشدی ہندوستانی کی ہے، رشدی قمی اس سے آشنا ہی نہیں تھا کہ ان اشعار کو اس سے منسوب کیا جا سکے۔

یاد رہے کہ مولانا رشدی اور حکیم رشدی قمی ایرانی کی اہلیت شعری کا موازنہ کسی ہندوستانی نے نہیں بلکہ ایران کے ایک مردم خیز خطہ نہاوند کا رہنے والا اور خانِ خانان سے متوسل مورخ ملا عبدالباقی نہاوندی نے کیا ہے۔

گویا میاں شیخ اسماعیل رشدی نقشبندی نے مرزا عبدالرحیم خان خانان سے وابستگی کے دوران بھی خود کو مخفی ہی رکھا اور محض اپنا تخلص رشدی ہی اپنائے رکھا، اس طرح کتاب حاضر زادالمعاد کے ذریعہ علمی دنیا کو پہلی مرتبہ اس حقیقت کا علم ہوا ہے کہ مآثر رحیمی میں مذکور جس مولانا رشدی کا قصیدہ اور ساقی نامہ درج ہوا ہے وہ کوئی ایرانی نہیں بلکہ ایک ہندی نژاد مولانا اسماعیل رشدی دہلوی ہیں، اس امر کی ایک اور قوی دلیل یہ بھی ہے کہ مولانا شاہ عبدالعزیز چشتی دہلوی کے دیگر فرزندان واہل خاندان سلاطین وامراء کے ہاں ملازم رہے ہیں جن میں سے بعض اشارات انہی تعلیقات میں کئے جا چکے ہیں۔ پھر حضرت خواجہ نے جامع سے جس طرح ان کے سلسلہ چشتیہ سے انسلاک کا ذکر کیا ہے وہ بھی اس امر کا موید ہے کہ جامع شاہ عبدالعزیز چشتی دہلوی کی اولاد میں سے تھے۔

ہمیں یہ طویل بحث اور دلائل اس لئے دینے پڑے کہ ڈاکٹر غلام

Marfat.com

مصطفی خان مرحوم نے بغیر کسی قطعی دلیل کے ملفوظات حضرت خواجہ کے جامع مولانا محمد صدیق ہدایت کشمی کو فرض کرلیا ہے (باقیاتِ باقی : ۴۷۔۵۱) اس سلسلہ میں مرحوم کی دلیل یہ ہے کہ موصوف حضرت خواجہ کے احوال سے سب سے زیادہ واقف تھے اور صاحبِ حضرات القدس نے حضرت خواجہ کے احوال انہی سے دریافت کر کے داخل کتاب کئے تھے، مذکورہ دلائل کی روشنی میں مرحوم کے تمام نکات بے وزن ثابت ہوجاتے ہیں۔

ہم نے زادالمعاد پر تحقیق وتعلیق سے قبل ڈاکٹر غلام مصطفی خان مرحوم کے ان دلائل پر بلا تحقیق اعتماد کرتے ہوئے اپنے ایک مقالہ (بعنوان بدخشی، محمد صدیق ہدایت کشمی، مشمولہ دانشنامہء زبان وادب فارسی درشبہ قارہ: ۲/ ۸۱۷) میں یہ لکھ دیا ہے کہ خواجہ محمد صدیق ہدایت ہی حضرت خواجہ کے ملفوظات ورسائل کے جامع تھے، اب معاصر شہادتوں سے حقائق کے سامنے آنے پر ہم اپنی اس غلطی سے رجوع کرتے ہیں۔

لیکن مذکورہ دانشنامہ (۲/ ۷۷۹) میں ہم نے اپنے ایک اور مقالہ (بعنوان باقی باللہ) میں زادالمعاد ہی کی بنیاد پر اس مجموعہ کے جامع کا نام شیخ اسماعیل رشدی لکھا ہے۔

۲۷۴/ ۱۷۔۱۹.....خدمت میاں شیخ اسماعیل بعدازانقضای یک مدتی ازرحلت حضرت خواجہ قدس سرہ چوں زیر بار علائق بسیار بودند ناچار اختیار نوکری سلاطین وقت نمودہ.....

میاں شیخ اسماعیل رشدی نے مکتوبات حضرت خواجہ کے آخر میں بھی اس کی وضاحت کردی ہے کہ درگاہ میں میں کبھی کبھی آتا تھا میرے

Marfat.com

عزیزوں اور فرزندوں میں فقر برداشت کرنے کا تحمل نہیں تھا اس لئے میں کسب معیشت کے لئے چلا جاتا تھا (کلیات: ۱۴۲)

۴/۲۷۵ طغائی راقم حروف احقر عبیداللہ اند.....

یعنی نواب خواجہ محمد قلیچ خان مولف زادالمعاد خواجہ کلاں کے طغائی تھے، طغائ ترکی زبان کا لفظ ہے جو تغائی اور طغائ دونوں طرح مستعمل ہے، لغات فیروزی میں تغائی بمعنی ماموں والدہ کا بھائی بتایا گیا ہے، جو یہاں معنوی اعتبار سے درست ہے۔ حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ کی دو ازواج مطہرات تھیں اول نواب محمد قلیچ خان (قلیچ محمد خان) کی بہن تھیں جو نواب محمد جان مدعو بہ خلج بہادر کی صاحبزادی تھیں جن کے بطن سے حضرت خواجہ کے صاحبزادے عبیداللہ تولد ہوئے، دوسری زوجہ محترمہ خواجہ محمد صادق ہمدانی کشمیری دہلوی کی بہن تھیں جن کے بطن سے خواجہ عبداللہ تولد ہوئے یہ اپنے بھائی سے چار ماہ چھوٹے تھے، اس لئے یہ خواجہ خرد کہلائے اور بڑے صاحبزادے خواجہ کلاں کے عرف سے معروف ہوئے جو کتاب حاضر کے مولف ہیں۔

حضرات القدس (۲/۵۱) میں بھی مولانا محمد قلیچ خان کو ''خسر پورہ حضرت خواجہ'' لکھا گیا ہے،

۱۱/۲۷۵۔۱۳ نوعِ رنجشی از برادران پیدا شدہ بنابر آں ترک صحبت آنہا گفتہ ہم در ہند ساکن گشتہ اند و بہ عفیفہ از بنات سلیمان خان کرانی عقد ازدواج نمودہ.....

یعنی نواب قلیچ خان کے والد گرامی میر محمد جان مدعو بہ خلج بہادر کی اپنے بڑے بھائیوں سے قدرے رنجش پیدا ہوگئی اور وہ اپنے وطن قرشی جانے کی بجائے ہندوستان میں ہی مقیم ہو گئے اور سلطان سلیمان کرانی

Marfat.com

کی ایک عفت مآب بیٹی سے شادی کر لی جن سے اولاد پیدا ہوئی۔

سلیمان خان کررانی (۹۷۱۔۹۸۰ھ/ ۱۵۶۴۔۱۵۷۲ء) بنگال کا حاکم تھا اس نے بادشاہ یا سلطان کا لقب اختیار نہیں کیا بلکہ اعلیٰ حضرت کہلواتا تھا، معاصر مورخ عبدالقادر بدایونی کا بیان ہے کہ سلیمان خان کررانی اتنا دین دار حاکم تھا کہ وہ ہر روز ایک سو پچاس مشائخ وعلماء کے ساتھ تہجد کی نماز باجماعت ادا کرتا تھا، فجر کی نماز تک ان کی صحبت میں رہتا ان سے ''تفسیر وتذکرہ'' سنتا اور پھر ملکی مہمات میں مصروف ہو جاتا تھا، (منتخب التواریخ: ۲/ ۱۳۸)

یقیناً اس کے مصاحبین میں میر محمد خان مدعو بہ خلج بہادر بھی ہوں گے جن کے تقویٰ سے متاثر ہو کر سلیمان کررانی نے اپنی بیٹی کا عقد کیا ہوگا، ان کی اس عفیفہ کے بطن سے جو اولاد ہوئی وہ اتنی پاک دامن تھی کہ ان کی صاحبزادی سے حضرت خواجہ جیسے متقی، ولی اور عالم کا عقد مسنون ہوا، اور ان کے فرزند جنہیں حضرات القدس میں مولانا محمد قلیج خان لکھا گیا ہے بھی درج اول کے عالم اور صوفی بزرگ تھے، انہیں اکبری اور پھر جہانگیری دور میں بڑے بڑے عہدوں پر فائز کیا گیا وہ دو مرتبہ لاہور کے صوبہ دار بنائے گے، قریب العہد مولف فرید بھکری نے لکھا ہے کہ وہ اپنی صوبہ داری لاہور کے دوران فقہ، تفسیر اور حدیث کا درس دیتے تھے اور خلائق اس درس میں بکثرت شریک ہوتے تھے، وہ مذہب اہل سنت میں متصلب تھے، زہد، ریاضت اور تقویٰ ان کی زندگی کا شعار تھا:

Marfat.com

در مذہب اہل سنت تعصب بسیار داشت و در زہد و ریاضت و تقوی می کوشید (ذخیرۃ الخوانین:۱ / ۱۷۳، مآثر الامراء: ۳ / ۶۴)

گویا وہ اکبر کی پالیسی صلح کل اور دین الٰہی سے ہرگز متاثر نہیں ہوئے اور اتنے بڑے بڑے منصب رکھنے کے باوجود ''مسلمانانِ ہندو مزاج'' کے گروہ سے الگ رہے، حضرت مجدد الف ثانی کے کئی مکاتیب انہی قلیچ خان کے نام ہیں ایک مکتوب (۱/۷۶/۱۷۰) میں فرماتے ہیں کہ لاہور میں ان کا وجود بہت ہی غنیمت ہے ان کی کوششوں سے یہاں احکام شرعیہ کو بہت رواج ہوا ہے، جس سے دین کو تقویت ملی اور ملتِ اسلامیہ ہند کو ترویج ہوئی، یہ شہر میرے نزدیک ''قطب ارشاد'' کہ مانند ہے ..... اگر یہاں دین اسلام کی ترویج ہو جائے تو سمجھے کہ سارے ہندوستان میں دین کو استحکام حاصل ہو گیا..... اس نوعیت کے دیگر مکاتیب بھی ہیں جن میں سے بعض کی طرف ہم نے اس خانوادہ کی دین داری کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے مقدمہ کتاب حاضر میں ذکر کیا ہے۔

۲۷۵/۴-۸ .....اجداد کرام ایشاں را شرف ہم قومی و ہم الوسی بہ خاندان بزرگ پدری حضرت خواجہ ثابت است و والد شریف ایشاں میر محمد جان المدعو بہ خلج بہادر اواسط عہد پادشاہ معظم اکبر پادشاہ از قرشی کہ مستقر و مسکن الوس اخلاج قتلمشیہ .....

یعنی نواب خواجہ محمد قلیچ خان کے ساتھ حضرت خواجہ باقی باللہ کے والد قاضی عبدالسلام کی ''ہم قومی اور ہم الوسی'' تھی ان کے والد میر

Marfat.com

محمد جان خلج بہادر اپنے مستقر علاقہ قرشی سے جو کہ خلجیوں کا مسکن ہے اکبر کے عہد کے وسط میں ہندوستان آ گئے تھے۔

دیگر دو معاصر مآخذ یعنی زبدۃ المقامات اور حضرات القدس کی طرف مراجعت کی گئی تو زبدۃ المقامات میں آپ کے والد گرامی کا صرف نام ہی درج ہوا ہے۔ (ص ۵) جبکہ حضرات القدس: ۱/ ۳۵۱ قلمی میں ان کے نام کے ساتھ ان کی نسبت بھی درج ہے یعنی ''قاضی عبدالسلام خلجی سمرقندی قریشی''

حضرات القدس کے اردو ترجمہ از مولانا احمد حسین خان امروہوی میں جہاں سے حضرت خواجہ کے احوال کا آغاز ہوا ہے۔ (۱/ ۲۱۳) مترجم نے متن فارسی پر اضافہ کرتے ہوئے آپ کا نام ''حضرت سید رضی الدین معروف خواجہ محمد باقی قدس سرہ'' لکھا ہے جو متن سے مطابقت نہیں رکھتا اور اس سے حضرت خواجہ کو سید بنا دیا گیا، لیکن جہاں آپ کے والد کا نام آیا ہے وہاں ''قاضی عبدالسلام خلجی سمرقندی قریشی'' لکھا ہے (۱/ ۲۱۵) جو مولانا ابوالحسن زید فاروقی مرحوم کے نزدیک تحریف ہے۔ (کلیات خواجہ باقی باللہ، مقدمہ ص: ۱۲)

مولانا زید نے حضرت خواجہ کے مبارک منظوم کلام سے یہ ثابت کیا ہے کہ حضرت خواجہ خود کو ترک کہتے ہیں، ایک شعر یہ نقل کیا ہے:

اے صبح بروں میاکہ ترکان مستند
وی شب بنشین کہ فتنہ برخاستہ است

دوسرے شعر جس میں آپ نے اپنے فرزند خرد خواجہ محمد عبداللہ کی تاریخ ولادت نظم کی ہے کا یہ شعر:

Marfat.com

گل شکری بوالعجبی دست داد
شکرہندی وگل ترک زاد

آپ نے اپنے فرزند کو ایسا گل شکر یعنی گلقند بتایا ہے جس کی شکر ہندی ہو اور پھول ترک کا ہو، اس سے معلوم ہوا کہ اس فرزند کی والدہ کشمیر کی تھیں اور پدر بزرگوار ترک ہیں۔ (ایضا:۱۲)

گویا صاحبِ حضرات القدس نے بہت واضح الفاظ میں حضرت خواجہ کے والد گرامی کو ''خلجی سمرقندی قریشی'' لکھا ہے جو کتاب حاضر زادالمعاد کے عین مطابق ہے، پھر زادالمعاد بھی مولف حضرات القدس کے پیش نظر تھی۔ (۱/ ۴۵۲) جسے نہ صرف تقدم زمانی حاصل ہے بلکہ اسے براہ راست خاندانی روایت کی حیثیت سے سب تذکروں پر ترجیح حاصل ہے کہ مولف حضرت خواجہ کے فرزند عزیز تھے۔

اب یہی کتاب حاضر میں درج نسبت قرشی جسے مولف نے واضح الفاظ میں اسے قبائل اخلاج قتلمشیہ کا مستقر بھی بتایا ہے یعنی حضرت خواجہ نسباً خلجی اور متوطناً قرشی تھے، ہندوستان میں لکھے جانے والے تذکروں میں قریشی تحریف ہے۔

ظفرنامہ یزدی ہے:

سبب اشتہا آں شہر بہ قرشی آن شد کہ کبک خان در دو فرسخی نسف و نخشب قصری بنا نمود و مغول قصر را قرشی خواند (۱/ ۸۵)

علاقہ قرشی پر مختلف حملوں کی تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو مطلع سعدین ۱/ ۳۳۳، ۳۳۴، ۳۷۵، ۳۷۷) کبک خان دو مرتبہ حکمران بنا اول

Marfat.com

۷۰۹ھ/ ۱۳۰۹ء دوسری مرتبہ ۷۱۸۔۷۲۶ھ/ ۱۳۱۸۔ ۱۳۲۶ء

(زامباور: معجم الانساب: ۳۷۰)

شہر قرشی (نخشب پیش از اسلام ونسف بعداز اسلام) نام کنونی خود را آں کاخ اخذ کردہ (قرشی درمغولی ۔ ترکی بہ معنی کاخ است)

(گزیدۂ مقالات تحقیقی بارٹولڈ ترجمہ کریم کشاورز ص: ۱۳۰)

بخارا وکش (شہر سبز) ونسف (قرشی) راہم جز سغد می شمارند

(ایضاً بحوالہ استخری: ۳۱۶، بارٹولڈ ۴۴۴)

وہ تمام کتب تاریخ جن تک رسائی ہوئی ہے کہ مطابق کبک خان مرتے دم تک کافر ہی رہا (ایضاً بارٹولڈ: ۱۳۰)

گویا حضرت خواجہ نسباً خلجی تھے اوران کے اجداد کا مسکن قرشی تھا اس لئے آپ کی نسبت ''خلجی قرشی'' قرار پائے گی۔

اب دوسری بحث کی طرف آیئے کہ آپ نے خود کو اپنے اشعار میں ترک لکھا ہے، اسے جدید تحقیقات کے مطابق تُرک (ت کی پیش) نہیں پڑھیں گے بلکہ حضرت خواجہ کا جن علاقوں سے تعلق تھا وہاں تُرکان (باشندگان ترکی) آباد نہیں تھے بلکہ وہ خالصتاً افغان تھے جو تَرک تھے۔ (ت اور ر پر زبر) یہ اشتباہ عرب مورخین کو اس خالص افغانی نسبت پر اعراب نہ ہونے کی وجہ سے ہوا ہے۔ گویا خلجی تُرک نہیں تَرک تھے۔ مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو:

عبدالحی حبیبی ''رفع یک اشتباہ قدیم دربارۂ ترک وترک واصل خلجیان افغانی'' (مقالہ مشمولہ یادنامہ مینورسکی: ۶۰۔۷۶)

Marfat.com

گویا اب آپ کا پورا نام نامی اس طرح ہوگا:

''خواجہ باقی باللہ بن قاضی عبدالسلام خلجی تَرَکی قرشی سمرقندی کابلی دہلوی'' اب ایک اور اہم نکتہ کی طرف توجہ فرمایئے کہ مولفِ زادالمعاد نے اپنی ایک اور کتاب مبلغ الرجال میں اپنا نام اس طرح لکھا ہے۔

''خانہ زاد خواجہ آفاق سبط آل النبی موید الملۃ والدین الرضی ابوالوقت خواجہ محمد الباقی قدس سرہ احقر عبیداللہ ..... (کلیات باقی باللہ، مقدمہ: ۱۳)

اس سے عام قاری یہی خیال کرے گا کہ حضرت خواجہ نسباً سید تھے لیکن یہ حقیقت ہے کہ عربی میں سبطؑ صرف نواسہ کو کہتے ہیں، زبدۃ المقامات (ص:۸) میں ہے کہ حضرت خواجہ کی والدہ ماجدہ ''از دودمانِ سیادت بود'' یعنی آپ کی والدہ سادات میں سے تھیں۔ حضرات القدس (۱/۳۵۱) میں ہے کہ آپ کا نسب والدہ کی طرف سے حضرت شیخ عمر باغستانی تک پہنچتا ہے جو حضرت خواجہ احرار کے جد مادری تھے اور یہ کہ حضرت خواجہ کی نانی بھی سیدہ تھیں؛

والدۂ ایشاں از جانب والدہ از دودمان سیادت بودہ اند

گویا اسی مولف بزرگ خواجہ کلاں نے اپنی دوسری مذکورہ کتاب میں اپنی نانی کے نسب کی طرف اشارہ کیا ہے کہ وہ سادات میں سے تھیں اس لئے میں مادری نسبت سے ''سبط آل النبی'' یعنی سید ہوں۔

Marfat.com

غالباً اس غلط فہمی کی بنیاد پر حضرت خواجہ کی اولاد نے ۱۳/۱۹ء میں اپنے آپ کو سید لکھنا شروع کر دیا تھا حضرت خواجہ کی قبر مبارک پر جو کتبہ ہے اس میں آپ کو سید ہی لکھا ہوا ہے جو بالکل غلط ہے، مولانا قاضی عالم الدین نے مکتوبات حضرت خواجہ کا جو اردو ترجمہ لاہور سے شائع کیا تھا اس میں شامل شجرۂ نسب میں آپ کی اولاد کو سید ہی لکھا گیا ہے۔

۲۷۵/۱۵_۲۰..... بعد از رحلت ایشاں (میر محمد جان مدعو بہ خلج بہادر) خدام طغائی نیز چندگاہی درلباس سپاہ گذراندہ.....درآں ایام نیز بحکم سعادت مندی وسابقہ ہم قومی معرفت وآشنائی بلکہ اخلاص و بندگی بحضرت خواجہ داشتہ اند.....

یعنی نواب قلیج خان اپنے والد کی وفات کے بعد حضرت خواجہ کی خدمت گرامی میں حاضر ہوئے ''سابقہ ہم قومی'' کے باعث بھی آپ کے حلقہء ارادت میں شامل ہو گئے، آپ انہی کی وساطت سے نواب مرتضیٰ خان فرید بخاری کو محتاجوں کے لئے رقعات سفارش بھی لکھا کرتے تھے، انہی ایام میں نواب قلیج خان نے اپنی ہمشیرہ کا عقد حضرت خواجہ سے کیا جو اس فقیر (خواجہ کلاں مولف کتاب حاضر) کی والدہ ہیں اور انہی ایام میں نواب نے سپاہ گری (ملازمت) سے بھی سبکدوشی اختیار کر لی۔

کتب تاریخ سے قلیج خان کے والد میر محمد جان خلج بہادر کے سال وفات کا علم نہیں ہوتا لیکن قیاسی سنہ متعین کیا جا سکتا ہے، مولف نے لکھا ہے کہ والد کی وفات کے بعد انہوں نے اپنی بہن کا نکاح

Marfat.com

حضرت خواجہ سے کیا جس کے بطن سے مولف کی ولادت ہوئی، خواجہ محمد عبیداللہ ملقب بہ خواجہ کلاں کا سال ولادت خود حضرت خواجہ نے نظم کیا تھا یعنی وہ یکم ربیع الاول ۱۰۱۰ھ کوتولد ہوئے تھے۔ (کلیات خواجہ باقی باللہ ص: ۲۴۳۔ ۲۴۴) اور حضرت خواجہ کا اس کے دوسال بعد ۲۵ جمادی الآخر ۱۰۱۲ھ کو وصال ہوگیا گویا والد بزرگوار کے وصال کے وقت خواجہ کلاں ۲ سال چار ماہ کے تھے، خواجہ کلاں کی ولادت ۱۰۱۰ھ سے حدود دوسال پہلے یعنی ۱۰۰۸ھ یا ۱۰۰۷ھ میں حضرت خواجہ کا یہ عقد ہوا ہوگا اور حدود یہی سال وفات میر محمد جان کا قرار پائے گا، حضرت خواجہ امکنگی (من مضامات سمرقند) سے خلافت یاب ہوکر واپس دہلی آئے تھے، پہلے ایک سال لاہور میں قیام فرمایا آپ کی والد محترمہ بقید حیات تھیں، سمرقند روانگی سے قبل آپ کا نکاح نہیں ہوا تھا اس کا ثبوت یہ ہے کہ آپ کی والدہ آپ کی بے قراری اور روحانی راہنما کے لئے آپ کی سخت کوشی پر اللہ تعالیٰ کے حضور جو دعا کیا کرتی تھیں اس میں ایک جملہ یہ بھی تھا کہ میرے اس فرزند نے از لذات جوانی دست شستہ برآوردہ'' (حضرات القدس: ۱/ ۳۵۴) یعنی آپ نے روحانی تسکین کے لئے جوانی کی لذات سے بھی علیحدگی اختیار کر رکھی ہے، جس کا مطلب بہت واضح ہے کہ آپ نے خلافت یاب ہوکر اور واپس ہندوستان آکر یہ نکاح کیا اور آپ کی والدہ محترمہ اس وقت بقید حیات تھیں نواب قلیچ خان کے والد کا نام ہمیں معاصر کتب تاریخ میں نہیں مل سکا زادالمعاد ہی معاصر تذکرہ ہے جس میں خاندانی روایت کے مطابق اس کے مولف خواجہ کلاں نے جو نواب قلیچ خان کے بھانجے اور

Marfat.com

نواب کے والد کے نواسے تھے اپنے نانا کا نام میر محمد جان مدعو بہ خلج بہادر لکھا ہے، لیکن ایک متاخر کتاب تاریخ محمدی (تالیف بسال ۱۱۶۱ھ/ ۱۷۴۸ء) میں ان کا نام امیر تنکری بردی آقا بن امیر خدا بردی اویرات جانی قربانی حاشیہ پر درج ہے (تاریخ محمدی ۲/ ۵/ ۱۲۰، تاریخ اکبری، تعلیقات بحوالہ تاریخ محمدی: ۳۵۴)

معاصر تذکرہ نویس امین احمد رازی نے لکھا ہے کہ قلیج خان کے اجداد سلاطین چغتائی کے ہاں ''صاحب نسبت'' تھے، ان کے دادا (امیر خدا بردی اویرات) ابوالغازی سلطان حسین مرزا کے ہاں ''مرتبہ قوی'' رکھتے تھے۔ (ہفت اقلیم ۱/ ۴۸۱) اسی مولف نے ان کے دائمی درس و تدریس کے شغل کا ذکر کرتے ہوئے بتایا ہے کہ قلیج خان فارسی میں شعر بھی کہتے اور الفتی تخلص کرتے تھے۔ (ایضاً)

دوسرے معاصر مورخ عبدالقادر بدایونی نے قلیج خان کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ ''دین پر پاک اعتقاد'' رکھتے تھے، ان کا تخلص الفتی تھا چار فارسی اشعار بھی نقل کئے ہیں (منتخب التواریخ: ۲/ ۱۳۱) ان کا تعلق قبیلہ جان قربانی (جانی قربانی) سے بھی بتایا ہے، یہ قلیج خان ابتداء میں الفتی تخلص کرتے تھے لیکن بعد میں اسے بدل کر لامعی رکھ لیا تھا۔ (کاروانِ ہند: ۱/ ۴۲)

جانی، بخارا، سمرقند، فرغانہ، بلخ و بدخشان کے حکمران امراء کا خاندان تھا، جو ۱۰۰۷ تا ۱۲۰۰ھ/ ۱۵۹۸۔ ۱۷۸۵ء حاکم رہا، ایک امیر یار محمد خان اور اس کا فرزند جان حاکم بخارا سکندر شیبانی کی پناہ میں چلا گیا تو سکندر نے اپنی دختر زہرا خانم کا نکاح جان سے کر دیا جس کے

Marfat.com

بطن سے باقی محمد تولد ہوا جو اس خانوادہ کا پہلا حکمران تھا۔ (لغت نامہ دھخدا، طبقاتِ سلاطین اسلام، معجم الانساب زمباور) چونکہ یہ جان کی اولاد سے تھے اس لئے جانی کہلائے۔

کتب تاریخ اور تذکروں میں نواب قلیچ خان کے ذی علم عالم و مدرس ہونے کا ذکر تو ملتا ہے لیکن ان کی روحانیت سے گہری دلچسپی کا تذکرہ نہیں کیا گیا، کتاب حاضر زاد المعاد میں ان کا تذکرہ حضرت خواجہ کے خلفاء میں کیا گیا ہے، ان کے معاصر غزالی مشہدی نے ان کی جو ہجو کی ہے اس سے ان کے باقاعدہ خرقہ یافتہ (مجاز خلیفہ) ہونے پر بھی پھبتی اڑائی ہے۔

صوفی زرہی زخرقہ در بردارد (ایضاً ۱ / ۴۰۲ حاشیہ)

جو ان کے صوفی باصفا ہونے کی معاصر دلیل ہے، غزالی مشہدی ایک ملحد تھا۔ (منتخب التواریخ: ۳ / ۱۱۹)

نواب قلیچ خان کی ایک خاندانی نسبت اندجانی بھی ہے۔ (مآثر الامراء: ۳۔/۶۱، ذخیرۃ الخوانین: ۱ / ۱۷۳) میں ہے کہ وطن ایشاں از نواہی کابل است، اندجان تو کابل کے نواح میں نہیں بلکہ فرغانہ کے قریوں میں سے ایک قریہ ہے معجم البلدان، کلمہ اندکان، اندگان ۱ / ۲۶۱، اندجان، اندیجان، کے قدیم تلفظ اور دیگر اختلافات کے لئے ملاحظہ ہو: گزیدۂ مقالات تحقیقی بارٹولڈ ترجمہ کریم کشاورز ۵۶ و بہ بعد بامداد راہنما، نواب قلیچ خان ۹۸۰ھ/ ۱۵۷۲ء کو اکبر کے زمرۂ ملازمین میں داخل ہوئے اور اہم ترین ملکی مہمات وامور ان کے سپرد کئے گئے وزیر کے درجہ پر فائز رہے دو مرتبہ لاہور کے ناظم بھی مقرر ہوئے، بہت سی

Marfat.com

خدمات انجام دینے کے بعد پشاور میں ۱۰۲۳ھ/ ۱۶۱۴ء کو انتقال ہوا (مآثر الامراء ۳/ ۶۴) دیگر تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو:

Athar Ali: Apparatus of Empire (index)

نواب قلیچ محمد خان کے نام میں مورخین اور تذکرہ نویسوں میں اختلاف ہے، قدیم ترین ماخذ تاریخ اکبری عارف قندھاری (۱۷۲) میں عمدۃ الملک قلیچ محمد خان، ہفت اقلیم ۱/ ۴۸۱ میں بھی یہی ہے، دیگر کتب تاریخ منتخب التواریخ (۳/ ۴۲، ۸۰، ۱۳۰ وبہ بعد) اکبرنامہ، آئین اکبری، ذخیرۃ الخوانین اور مآثر الامراء ۳/ ۶۲ میں بھی اسی طرح ہے، حضرات القدس ۲/ ۵۱ مولانا محمد قلیچ خان، مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی (۱/ ۷۶، ۱۴۱ وغیرہ میں بھی محمد قلیچ خان ہے، اسی طرح تاریخ محمدی: ۲/ ۵/ ۱۲۰ میں بھی محمد قلیچ خان ہی درج ہوا ہے۔

نواب قلیچ خان کے کئی فرزند تھے (مآثر الامراء ۳،/ ۳۰۰، ۶۶ وبہ بعد) ان میں سے قلیچ اللہ جو حضرت مجدد الف ثانی کا مکتوب الیہ (۱/ ۷۳، ۱۵۹، ۱۸۴/ ۲، ۲۹۷/ ۳۲/ ۷۱) اور اپنے والد کی طرح متقی تھا، اپنے خانوادہ کے احوال پر ایک کتاب لکھی تھی جس کے تاریخ محمدی کے مولف نے جابجا حوالے دیئے ہیں لیکن ہمیں ان تعلیقات کی تحریر تک اس رسالہ قلیچ اللہ کے وجود کا علم نہیں ہے گویا یہ رسالہ تاریخ محمدی کی تالیف ۱۱۶۱ھ/ ۱۷۴۸ء تک موجود اور اس کے مولف کے پیش نظر تھا، اگر یہ رسالہ مل جاتا تو ہمیں نواب قلیچ خان اور ان کے خاندان سے متعلق جابجا قیاسات کا سہارا نہ لینا پڑتا قلیچ اللہ کئی رسائل کے مولف تھے، انہوں نے اپنا ایک رسالہ حضرت مجدد الف

Marfat.com

ثانی کی خدمت میں بھی بھیجا تھا، جس کے مطالب پڑھ کر آپ نے خوشی کا اظہار فرمایا تھا، لکھا ہے:

.....رسالہ کہ فرستادہ بودند رسید جاہا کہ خواندہ شد در نظر خوب درآمد .....(مکتوبات:۱/ ۱۸۴/ ۲۹۸)

۲۷۶/ ۸۔۹ .....وایشان ہمدراں ایام از عقال واثقالِ سپاہ گری خلاص گشتہ .....

یعنی نواب قلیچ خان نے ملازمت سے علیحدگی اختیار کر کے حضرت خواجہ سے تعلق خاطر پیدا کرلیا، کتب تاریخ سے ان کی قطع نوکری کا ثبوت نہیں ملتا، اس پر ہمیں تعجب نہیں کرنا چاہئے کتاب حاضر زادالمعاد کے مولف نواب کے بھانجے اور یہ ان کی گھر کی روایت ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اپنی بہن کا عقد حضرت خواجہ سے کرنے کے بعد کچھ عرصہ وہ ترک علائق کئے رہے پھر حضرت خواجہ کے وصال (۱۰۱۲ھ/ ۱۶۰۳ء) کے بعد ملازمت کا نئے سرے سے آغاز کیا۔

۲۷۶/ ۱۰۔۱۱ چوں درسوابق ایام دست ارادۃ درسلسلہ قادریہ بحضرت شیخ بہلول دادہ بودند.....

یعنی نواب قلیچ خان حضرت خواجہ کی خدمت میں آنے سے قبل سلسلہ قادریہ میں شیخ بہلول دہلوی (ف ۱۰۰۷ھ/۱۵۹۹ء) کے مرید تھے جو شاہ قمیص قادری کے خلیفہ تھے۔ (تاریخ محمدی: ۲/ ۵/ ۴۹، کلمات الصادقین ۱۵۵۔۱۵۶، رک تعلیقات حاضر ۲۲۸/ ۹۔۱۰)

۲۷۷/ ۴۔۶ .....اجلہ خدمات ایشان خدمت تعمیر صفہ منورہ و تقطیع چہار چمن باغ آں آستانہ متبرکہ واتمام حجرہاء مرتفع سنگین.....

Marfat.com

یعنی نواب قلیچ خان کی خانوادۂ حضرت خواجہ کے لئے خدمات جلیلہ میں سے اہم ترین خدمت حضرت خواجہ کے مزار پر صفہ اور اس روضہ مبارک سے منسلک باغ چہار چمن کی تقطیع ہے، جوانہوں نے خواجہ حسام الدین احمد کے ایما پر کی اور وہاں بلند اور سنگین پختہ حجروں کی تعمیر کی خدمت بھی انہوں نے ہی انجام دی، زادالمعاد کے ذریعہ روحانی دنیا میں یہ بات پہلی بار منظر عام پر آئی رہی ہے کہ حضرت خواجہ کے مزار کا صفہ (چبوترہ) نواب قلیچ خان کی کوشش اور مالی تعاون سے تعمیر ہوا تھا یہ صفہء مبارکہ نواب کے انتقال ۱۰۲۲ھ/ ۱۶۱۳ء سے پہلے بن چکا تھا۔

آپ کے وصال ۱۰۱۲ھ کے فوراً بعد آپ کے ملفوظات وکلیات کا جو مجموعہ مرتبہ ہوا تھا اس میں آپ کے مدفن پر کسی صفہ کا ذکر نہیں ہے (کلیات:۶۵)

اسی طرح ۱۰۲۳ھ/ ۱۶۱۴ء تک کے مدفونین دہلی کے تذکرہ کلمات الصادقین (ص: ۱۶۳) میں بھی کسی چبوترہ یا صفہ کا ذکر نہیں ہے تاہم مذکورہ کتاب کی تالیف سے قبل اور نواب کی وفات ۱۰۲۲ھ سے پہلے یہ مبارک صفہ تعمیر ہو چکا تھا، دہلی کی عمارات کی تاریخ پر لکھی جانے والی کتب سیر المنازل، آثار الصنادید اور واقعات الحکومت میں اس تعمیر اور تعمیر کنند کا نام تک درج نہیں ہے۔

۲۷۷/۷۔۸ نیز از خدمات شائستہ ایشان مقرر ساختن وظائف بعضی از علماء دہلی وصلحاء سرہند بود.....

یعنی نواب مذکور کی دوسری اہم خدمت اس خانوادہ کے لئے یہ

Marfat.com

بھی ہے کہ انہوں نے علمائے دہلی اور حضرت مجدد الف ثانی سے وابستہ بعض اصحاب کے لئے حکومت وقت جہانگیر سے وظائف منظور کروائے، حضرت مجدد الف ثانی کے مکاتیب میں کئی مقامات پر اس امر کا ذکر ملے گا۔

۲۷۷/۱۲۔۱۳ ایشان بعدازفوت نواب مرتضوی انتساب۔درحصین وجع مدد معاش ایں فقراء بطریق وکالت ونیابت.....

یعنی نواب مرتضیٰ خان فرید بخاری جو کہ خانوادۂ نقشبندیہ کے سب سے بڑے معاون اور مددگار تھے اور بہت سے فقراء کے لئے مدد معاش کے طور پر جاگیریں دے رکھی تھیں کی وفات (۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء) کے بعد بھی ان حضرات کی وکالت کرتے ہوئے وہ بحال کروائیں۔

۲۷۷/۱۶۔۱۷ .....اکنون کہ سن شریف ایشان قریب بہ ہفتاد رسیدہ.....

یہاں حضرت مولف کو سہو ہوا ہے یعنی وہ کہنا چاہتے ہیں کہ اس وقت (۱۰۴۴ھ) نواب قلیچ خان کے عمر ستر سال ہو چکی ہے، جیسا کہ اس سے قبل ہم معاصر کتب تاریخ کے حوالہ سے لکھ چکے ہیں کہ وہ ۱۰۲۲ھ/ ۱۶۱۳ء کو پشاور میں فوت ہو گئے تھے وفات کے وقت ان کی عمر ۸۲ سال تھی (تاریخ محمدی: ۲/۵/۱۲۰)

اس خانوادہ کے بعض اسماء کتب تاریخ سے معلوم ہوئے ہیں جو بصورت شجرہ اس طرح ہیں۔

Marfat.com


محمد جان مدعو بہ خلج بہادر
(بیرم) میرم قلیج سلطان
(ف ۱۰۰۰ھ/ ۱۵۹۱ء)(تاریخ محمدی ۲/۵/۸)
نواب محمد قلیج خان
(ف ۱۰۲۲ھ)
جان قلیج سلطان
(ف ۱۰۲۱ھ تاریخ محمدی ۲/۵/۱۱۵)
دختر (منسوب بہ حضرت خواجہ باقی باللہ)
خواجہ کلاں
التون قلیج (آئین ۱/ ۲۸۷)
پورالتون قلیج (آئین: ۱/ ۲۸۶)
محمد سعید (ذخیرہ ۱/ ۱۵۹)
بالجو قلیج (ف ۱۰۴۱ھ)
خواجہ محمد صادق
(زادالمعاد)
مرزا سیف اللہ
محمد عبداللہ
(ف ۱۰۰۰ھ، تاریخ محمدی ۲/۵/۸)
داماد چنوخان کوکہ
مرزا چین قلیج خان
ف ۱۰۲۴ھ
(تاریخ محمدی ۲/۵/۱۳۰)
دختر
(منسوب بہ شہزادہ دانیال)
وفات دختر ۱۰۰۸ھ
(تاریخ محمدی ۲/۵/۵۳)
عزیز اللہ لاہوری
ف ۱۰۴۷ھ/ ۱۶۳۷ء
(تاریخ محمدی ۲/۵/۲۳۶)
فتح اللہ (ف ۱۰۴۲ھ)
(تاریخ محمدی: ۲/۵۔۲۱۷)
(نواسۂ آصف خان جعفر)
قلیج اللہ
مکتوب الیہ حضرت مجدد
۱/۷۳، ۲،۱۸۴/ ۳۲
محمد فضل اللہ (ف ۱۰۲۲ھ)
(تاریخ محمدی ۲/۵/۱۲۲)
حافظ عنایت اللہ
(اسرایہ ۶۸، زادالمعاد)
شہاب الدین قلی
(ف ۱۱۰۳ھ، تاریخ محمدی ۲/۶/۳)

Marfat.com

قلیج اللہ (مولفؒ رسالہ در احوالِ خانوادۂ خود) بالچو قلیج خان بن بیرم قلیج خان اور جان قلیج کے نام بھی کتب تاریخ میں ملتے ہیں (مآثر الامراء ۳/ ۳۰۰، تاریخ محمدی: ۲/ ۵/ ۲۰۶ وبہ بعد وبامداد اشاریہ)

خواجہ خرد نے لکھا ہے:

مولانا محمد قلیج، ایشان طغائی حضرت اخوی اعظمی خواجہ عبیداللہ اند، بعداز وقوع نسبت ترک تعلق ونوکری کردہ درخدمت حضرت خواجہ دادند وضع صلاح تمام داشتند وتقید عبادات واوراد وفضائل وکمالات حضرت اخوی بیش از حوصلہ بیان است ..... فقیر در بیماری اخیر ہم خدمت مولانا محمد قلیج رادیدہ بود، درنظر بسیار خوب نمودند بذکر اشتغال داشتند (شرح رباعیات ۲۸ب، ۲۹۔الف)

مرزا محمد سعید بن میرم قلیج برادر زادہ، قلیج محمد خان ایشان شش صدی سی صد سوار منصب داشت ودر ریاضت وسخاوت وحق گوئی مشہور آفاق بود (ذخیرۃ الخوانین: ۱/ ۱۷۳، ۱۷۵، ۱۵۹)

۲/۲۷۸ .....خواجہ محمد صادق دام برکاتہ طغائی برادر اعز خواجہ محمد عبداللہ می شوند.....

یعنی خواجہ محمد صادق میرے (مولف) کے چھوٹے بھائی خواجہ محمد عبداللہ کے ماموں ہوتے ہیں، خود خواجہ خرد نے وضاحت کی ہے:

''مخدومی خواجہ محمد صادق طغائی ایں فقیر بودند'' (شرح رباعیات: ۲۹۔الف)

۲/۲۷۸۔۵ ..... بزرگان ایشان بہ نجابت ونیک ذاتی در ہمدانِ عراق متبعین بودہ اند و جد قریب ایشان برفاقت بعضی ذی اعمام خود در خدمت حضرت سید علی

Marfat.com

ہمدانی.....درولایت کشمیر رسیدہ اند

یعنی خواجہ محمد صادق ہمدانی کے اجداد حضرت سید علی ہمدانی (ف ۷۸۶ھ/ ۱۳۸۵ء) کے ہمراہ ہمدان سے کشمیر آئے اوران سے منسلک رہے، آج ان اصحاب کے اسماء کسی ذریعہ سے بھی معلوم نہیں ہوسکتے۔

۲۷۸/۷۔۱۱.....ازوجوہ روساء قبیلہ ایشان نخستیں کسی کہ بحضرت دہلی رسیدہ.....

کمالات .....مولانا حاجی محمد ند ..... برفاقت مولانا کمال کشمیری بجہتہ طلب علوم غریبہ از کشمیر برآمدہ.....

یعنی خواجہ محمد صادق کے خانوادہ میں سے جو صاحب سب سے پہلے دہلی تشریف لائے وہ مولانا حاجی محمد کشمیری تھے، جو مولانا کمال کشمیری کے ہمراہ حصول علم کے لئے کشمیر سے روانہ ہوئے تھے۔

خود خواجہ محمد صادق ہمدانی نے لکھا ہے:

جد، مادری کاتب حروف است واصل وی از ہمدان است، یکی از آبای کرام وی ہمراہ میر سید علی ہمدانی بکشمیر آمد و آں جا متوطن شد.....مولانا تخمیناً درسن سی وسہ سالگی بہ نیت تحصیل علوم تجارت را کہ شیوۂ چندی از آبادی کرام وی بود قباب خود ساختہ بدہلی تشریف آورد چنانکہ از خدمت مغفرت پناہ.....مولانا کمال کشمیری کہ بسیالکوتی شہرت دارند وجامع بودند میاں علوم ظاہری و باطنی، منقول است کہ ماوخدمت مولانا حاجی محمد و ..... مادرسیالکوت ماندیم وایشان بجانب دہلی تشریف بردند و تحصیل علم وفضائل وکمالات را آنجا تمام کردند..... در مدرسہ دہلی بافتاد مشغول بودہ وگاہ گاہی طبع شریف وی میلی بجانب شعر نیز

Marfat.com

فرمودی وایں دو بیت جملہ از اشعار بلاغت آ ثاراوست..... چون سن شریفش ہفتاد وشش رسید.....روز پنج شنبہ نوردہم ماہ صفر سنہ ہزار وشش ازیں سپنج سرای ظلمانی بعالم جاودانی رو آورد وخدمت مخدومی ولی نعمی مولانا حسن کہ ولد ارشد مولانا است.....ایں قطعہ در تاریخ وفاتش درنوشت.....(کلمات ۱۵۹_۱۶۱)

اس اقتباس سے مندرجہ ذیل نتائج اخذ ہوئے ہیں:

۱.....مولانا محمد کشمیری مولف خواجہ محمد صادق کے جد مادری یعنی نانا تھے۔

۲..... مولانا حاجی محمد کشمیری اصلاً ہمدان کے تھے، ان کے اجداد میر سید علی ہمدانی کے ساتھ ہمدان سے کشمیر آئے اور وہاں سکونت اختیار کرلی۔

۳..... وہ ۳۳ سال کی عمر میں دہلی گئے یعنی حدود ۹۶۳ھ/ ۱۵۵۵ء، ۳۳_۱۰۰۶= ۹۶۳ھ)

۴..... ان کے ہمراہ ایک اور متعلم مولانا کمال کشمیری بھی تھے، جو سیالکوٹ حصول علم کے لئے گئے اور وہیں سکونت اختیار کرلی۔

۵..... لیکن مولانا محمد کشمیری دہلی چلے گئے وہاں تحصیل وتکمیل کے بعد مدرسہ دہلی میں درس وتدریس کا سلسلہ شروع کردیا۔

۶..... مولانا محمد کشمیری کبھی کبھار شعر بھی کہتے تھے، مولف نے ان کے دو اشعار نقل کئے ہیں جو فارسی میں ہیں۔

۷..... موصوف ۷۶ سال کی عمر میں ۱۹ صفر ۱۰۰۶ھ کو فوت ہوئے تو ان کے فرزند مولانا حسن نے قطعہء تاریخ وفات کہا

Marfat.com

مولانا حاجی محمد کشمیری کے ہم سبق وہم سفر مولانا کمال کشمیری بن قاضی موسیٰ حنفی جو سیالکوٹ جا کر سکونت پذیر ہو گئے تھے اپنے عہد کے اکابر علماء میں سے تھے، موصوف سیالکوٹ اور لاہور دونوں مقامات پر درس دیتے تھے۔ ۱۰۱۷ھ/ ۱۶۰۸ء کو لاہور میں فوت ہو کر یہیں دفن ہوئے، اخوند ملا جمال الدین انہی کے بھائی تھے، حضرت مجدد الف ثانی اور علامی عبدالحکیم سیالکوٹی انہی ملا کمال کشمیری کے شاگرد تھے (روضۃ الابرار: ۴۶) خواجہ عبدالشہید احراری نقشبندی (ف ۹۸۲ھ) بن خواجکا بن خواجہ احرار (احوال وسخنان خواجہ احرار ۷۰) سے بیعت ارادت تھی (تحائف الابرار: ۱۷۷)

۱۴/ ۲۷۸ درمدرسہ معلّٰی حضرت بیگم کہ در وسط شہر واقع شدہ.....

یعنی مولانا محمد کشمیری دہلی کے مدرسہ حضرت بیگم میں پڑھاتے تھے جو شہر کے وسط میں واقع ہے.....

خواجہ محمد صادق نے اسے ''مدرسہ دہلی'' لکھا ہے۔ (کلمات: ۱۶۰)

۲۷۸/ ۱۷۔۲۰ .....ہم در آں ایام شیخ.....نام از شیخ زادہ ہای ولایت جون پور بدہلی رسیدہ وخدمت مولانا حاجی را بصبیہ آں عزیز عقد مواصلت دست دادہ .....انجب وافضل فرزندان ایشاں.....مولانا حسن دہلوی اند

یعنی جن دنوں مولانا حاجی محمد کشمیری دہلی میں مدرس تھے تو جونپور کے ایک شیخ زادہ دہلی آئے اور ان کے تقویٰ سے متاثر ہو کر انہوں نے اپنی بیٹی کا نکاح ان سے کر دیا، زادالمعاد کے نسخہء انڈیا آفس کے فلم میں کوشش کے باوجود اس شیخ زادہ کا نام پڑھا نہیں جا سکا، حاجی محمد کشمیری کے ہاں دو اولادیں ہوئیں اول خواجہ مولانا حسن دہلوی

Marfat.com

یہ وہی بزرگ ہیں جن سے حج پر جاتے ہوئے حضرت مجدد الف ثانی کی ملاقات ہوئی تھی اور وہ آپ کو حضرت خواجہ باقی باللہ کی خدمت میں لے گئے تھے، خود حضرت مجدد الف ثانی ان کے اس احسان کا ذکر کرتے ہیں۔ (مکتوبات ۱/۲۷۹) مولانا حاجی محمد کشمیری کے ہاں ایک بیٹی بھی متولد ہوئی تھیں ہمیں معلوم نہیں ہوسکا کہ اس صاحبزادی کا عقد کن سے ہوا تھا بہر حال ان سے بھی دو اولادیں ہوئیں اول یہی صاحب ترجمہ خواجہ محمد صادق ہمدانی اور ایک صاحبزادی، خواجہ محمد صادق کی دو تصانیف تک ہماری رسائی ہوئی ہے اول کلمات الصادقین اور دوم طبقاتِ شاہ جہانی دونوں کے آغاز میں مولف نے اپنے والد کا نام نہیں لکھا ورنہ آج ہمیں یہ معلوم ہوجاتا کہ حضرت خواجہ باقی باللہ کے دوسرے خسر کا نام کیا تھا؟ کیوں کہ اس صاحبزادی کے بطن سے جو بیٹی تولد ہوئی تھیں ان کا عقد مسنون حضرت خواجہ باقی باللہ سے ہوا تھا۔ خواجہ خرد انہی کے بطن سے تھے، انہوں نے شرح رباعیات میں بھی اپنے نانا کا نام نہیں لکھا۔

ہمیں تعجب ہے کہ مولانا زوار حسین مرحوم نے خواجہ محمد صادق کے والد کا نام کمال الدین کشمیری کیسے فرض کرلیا (حضرت مجدد الف ثانی ۸۰۷) جب ہم نے ان کی محولہ کتاب نزہۃ الخواطر (۵/۳۷۸) کی طرف رجوع کیا تو وہاں سرے سے ان کے والد گرامی کا نام ہی درج نہیں ہے، مزید افسوس یہ ہوا کہ ان کے مرید اور سلسلہء نقشبندیہ کے معروف محقق ڈاکٹر غلام مصطفی خان مرحوم نے بغیر تحقیق کے اپنے شیخ کا بیان باقیات باقی (ص:۲۶) میں نقل کردیا۔

Marfat.com

ہمارا قیاس ہے کہ ان دونوں حضرات کو مولوی فقیر محمد جہلمی کے تذکرہ حدائق الحنفیہ (ص: ۴۴۷) سے التباس ہوا ہے جہاں ملا محمد صادق حکیم دانا بن ملا کمال الدین سیالکوٹی کے حالات لکھے گئے ہیں یہ خواجہ محمد صادق کشمیری زیر بحث سے مختلف شخصیت ہیں اور ملا کمال الدین سیالکوٹی (ف ۱۰۱۷ھ) مذکور کے فرزند ہیں، مولانا کمال کشمیری سیالکوٹی بابا فتح اللہ ثانی کے داماد تھے۔ (تحائف الابرار: ۱۷۷)

۲۷۹/۳۔۴ ..... درخدمت حضرت شیخ چائیں لدہہ کہ از کبار خلفاء حضرت شیخ عبدالعزیز چشتی قدس سرہ بودہ اند.....

یعنی حاجی شیخ محمد کشمیری شیخ عبدالعزیز چشتی دہلوی (رک تعلیقاتِ حاضر ۲۳۳/۱۷۔۱۸) کے خلیفہ شیخ چائیں لدہہ (ف ۹۸۹ھ/ ۱۵۸۱ء) کے مرید تھے، شیخ مشہور وحدت الوجودی مکتب فکر کے نمائندہ اور فصوص ونقد نصوص کا درس دیتے تھے آخری عمر میں اکبر بادشاہ ان سے متاثر ہوا اور ''عبادت خانہ میں محل خاص'' کے قریب انہیں جگہ دی اور رات کو خلوت میں ان سے باتیں کرتا تھا (منتخب التواریخ: ۳/ ۷۴۔ ۷۵)

۲۷۹/۲۰ .....مخدومی خواجہ محمد صادق ہمشیرہ زادہ ایشان می شوند.....

یعنی مخدومی خواجہ محمد صادق ہمدانی مخدومی مولانا حسن دہلوی کے ہمشیرہ زادہ یعنی بھانجے تھے، وہ اس طرح کہ مولانا حسن کی بہن خواجہ محمد صادق کی والدہ تھیں، ان کا خانوادہ دہلی کے چند شرفا میں سے تھا۔

۲۸۰/۲۔۵ اعظم مفاخر ایں خاندان حصول شرف مواصلت بحضرت خواجہ است بذرۃ فاخرہ صدف بطن والدہ خواجہ محمد صادق.....

Marfat.com

یعنی اس خاندان کے قابل افتخار اقدام میں سے سب سے اہم وہ مواصلت ہے جو اس خاندان کی ایک دختر نیک اختر کا عقد حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ سے ہوا۔ وہ دختر خواجہ محمد صادق کی والدہ کے بطن سے تولد ہوئی تھیں یعنی خواجہ محمد صادق کی بہن تھیں اور ان ایام میں جب کہ یہ نکاح ہوا خواجہ محمد صادق صرف پندرہ سال کے تھے، اس مواصلت ومناکحت کے بعد یہ خانوادہ اپنی پرانی سکونت ترک کر کے حضرت خواجہ کے جوار قلعہ فیروزی میں آباد ہو گیا۔

خواجہ محمد صادق کا سال ولادت معلوم نہیں ہے ورنہ اس سے بآسانی اس نکاح کا سال معلوم ہو جاتا تاہم قیاسی سال مناکحت ۱۰۰۹ھ/ ۱۶۰۰ء)

اس طرح متعین کیا جا سکتا ہے کہ اس زوجہ محترمہ سے جو فرزند یعنی خواجہ خرد تولد ہوئے ان کا سال ولادت خود حضرت خواجہ نے ۶ رجب ۱۰۱۰ھ پر قطعہ تاریخ کہا تھا، (کلیات ص:۲۴۸) یقیناً یہ نکاح ولادت سے ایک سال قبل ۱۰۰۹ھ کو ہوا ہوگا، اور اس زوجہء محترمہ کے بھائی خواجہ محمد صادق اس وقت پندرہ سال کے تھے یعنی ۱۰۰۹-۱۵ = ۹۹۴ھ) یعنی خواجہ محمد صادق کا سال ولادت ۹۹۴ھ قیاس کیا جا سکتا ہے۔

گویا حضرت خواجہ کی یہ دوسری زوجہء محترمہ اصلاً کشمیر کی تھیں ان کے بطن سے خواجہ خرد تولد ہوئے تھے اپنے نوشتہ قطعہ تاریخ [illegible] میں لکھا ہے:

گ شکری بوالعجبی دست داد
شکر ی و گل ترک

Marfat.com

یعنی اپنے اس فرزند کو حضرت خواجہ نے ایسا گل شکر یعنی گلقند بتایا ہے جس کی شکر ہند کی ہو اور پھول ترک کا ہو اس سے معلوم ہوا کہ اس فرزند کی والدہ کشمیر کی تھیں اور پدر بزرگوار ترک ہیں (کلیات، مقدمہ نوشتہ مولانا ابوالحسن زید ص ۱۲)

۹/۲۸۱ در مجموعہء کلمات الصادقین کہ تالیف دادہ خدمت ایشان است.....

یعنی خواجہ محمد صادق ہمدنی کی تالیف کلمات الصادقین ہے ۔ یہ کتاب ۱۰۲۳ھ/ ۱۶۱۴ء تک مدفونین دہلی کا تذکرہ ہے جس میں دہلی اور اس کے مضافات میں دفن ہونے والے علماء، مشائخ اور شعراء کے مفصل حالات مع ذکر محل وقوع مدفن درج کئے گئے ہیں ۔ یہ کتاب ڈاکٹر محمد سلیم اختر نے کئی خطی نسخوں کی بنیاد پر ایک مفصل مقدمہ کے ساتھ ایڈٹ کر کے مرکز تحقیقات فارسی ایران، پاکستان اسلام آباد سے ۱۹۸۸ء کو طبع کروائی۔

۲۸۱/۱۶_۱۸ تصنیف وتالیف فوائد لطیفہ ونکاتِ شریفہ توجہ می گمارند ورسائل ومجموعہ ہای خوب در ہر باب از نتائج قلم شریف ایشان بر صفحہ روزگار نسبت می گردد.....

یعنی خواجہ محمد صادق ہمدانی اوراد واذکار کے بعد تصنیف وتالیف میں مصروف رہتے تھے اور ان کے قلم سے کئی رسائل اور مجموعے مرتب ہوکر یادگار بن چکے ہیں ۔ خواجہ محمد صادق ہمدانی کی اب تک حسب ذیل تالیفات ہمارے علم میں ہیں:

۱..... کلمات الصادقین (تعلیقات حاضر: ۹/۲۸۱)

۲.....طبقات، شاہ جہانی، اس کتاب میں مولف نے امیر تیمور (۷۷۰۔

Marfat.com

۸۰۷ھ/ ۱۳۶۹ـ ۱۴۰۵ء) سے لے کر شاہ جہان بادشاہ کے آغاز حکومت ۱۰۳۷ھ/ ۱۶۲۷ء سے سال تالیف ۱۰۴۶ھ/ ۱۶۴۶ء تک کے اکابر و اعیان کا تذکرہ کیا ہے یہ کتاب دس طبقات پر مشتمل ہے، ہر طبقہ کے تین ابواب ہیں باب اول میں سادات، علماء و اصفیاء کے احوال ہیں، باب دوم میں علماء وحکماء کے اور باب سوم ہر عہد کے شعراء کے حالات ونمونہ کلام کیلئے مخصوص ہے۔

یہ کتاب تا حال پوری طبع نہیں ہوئی ہے صرف اس کے طبقات نہم ودہم ہی شائع ہوئے ہیں جنہیں ڈاکٹر محمد اسلم خان نے مرتب کر کے شعبہ فارسی دہلی یونیورسٹی سے شائع کیا ہے طبقات کے خطی نسخے کتابخانہ آصفیہ حیدرآباد دکن، انڈیا آفس لائبریری، لندن اور برٹش میوزیم، لندن وغیرہ میں ملتے ہیں:

1. Storey C.A: Persian literature, vol. I.part II. p.1172

2. M. Saleem Akhtar: Kalimat-ul-Sadiqin, introduction.
pp. 76-77

۳..... آثارِ شاہ جہانی، اس کا ایک نسخہ خدا بخش لائبریری پٹنہ میں ہے، جو نا تمام ہے، اس میں جہانگیر کے عہد تک کے مختصر واقعات درج ہیں لیکن اس میں شاہ جہان کے عہد کا تذکرہ نہیں ہے۔ (مقدمہ ڈاکٹر محمد سلیم اختر بر کلمات الصادقین ص) سٹوری نے اس کے ایک اور نسخہ ذخیرۂ براؤن کا ذکر کیا ہے۔ (۵۶۸/۱/۱)

۴..... سلسلۃ الصادقین، قیاس ہے کہ اس میں مولف نے اپنے مشائخ کا مفصل تذکرہ لکھا ہوگا لیکن یہ کتاب اب کہیں نہیں ملتی ۔ (سٹوری

Marfat.com

(۱۱۷۱/۲/۱

۵..... اسماء الرجال مشکوٰۃ، موضوع نام سے عیاں ہے اس کے بھی کسی خطی نسخے کا ہمیں تا حال علم نہیں ہے، خواجہ خرد نے شرح رباعیات (ورق ۲۹۔الف) میں اس کا ذکر کیا ہے۔ نیز ملاحظہ ہو اسراریہ: ۸۱)

۶..... حکایات الراشدین، کتاب کے نام سے سال تالیف برآمد ہوتا ہے۔

مولف اسراریہ خواجہ کمال محمد سنبھلی جن کے ساتھ خواجہ محمد صادق کی نشست رہتی تھی اس میں سے ایک رباعی بھی نقل کی ہے۔ (اسراریہ: ۸۱) حکایات الراشدین کے کسی خطی نسخے کا تا حال ہمیں علم نہیں ہے۔

۲۸۱/۲۰ اعظم حسناتِ ایشان .....درباب تحصیل علوم متداولہ برادر اعز خواجہ محمد عبداللہ طال عمرہ از دست و ہمت ایشان بظہور آمدہ

یعنی خواجہ خرد (خواجہ محمد عبداللہ) مولف زاد المعاد کے برادر اصغر کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داری خواجہ محمد صادق ہمدانی نے قبول کر لی تھی جو خواجہ حسام الدین احمد کی نگرانی میں ہوئی تھی خود خواجہ خرد نے انہیں مخدومی لکھا ہے۔ (شرح رباعیات ورق: ۲۹۔الف)

مخدومی خواجہ محمد صادق طغائی ایں فقیر بودند بعد ازاں کہ ایں نسبت واقع شد بخدمت شرف شدند باوالدۂ خود ہمانگی آنحضرت جاگر فتند، حضرت بایشان بسیار التفات داشتند وتوجہات می فرمودند۔۔۔ مخدومی را فضائل وکمالات بسیار بود تالیفات لطیفہ از قلم ایشان ظاہر شدہ مانند اسماء الرجال مشکوٰۃ وکلمات الصادقین وغیرہ آں در اوائل رمضان ایں سال کہ سال پنجاہ ودویم بعد الالف است بہوش تمام

Marfat.com

ذکر گویاں از عالم رفتند (شرح رباعیات:۹۲_۱)

۱.....خواجہ محمد صادق کشمیری ہمدانی کی بہن حضرت خواجہ باقی باللہ کی زوجہ محترمہ تھیں۔

۲..... شرح رباعیات کے مولف خواجہ خردانہی کے بطن سے تھے اسی لئے خواجہ محمد صادق کو اپنا ماموں بتایا ہے۔

۳..... خواجہ محمد صادق اس نسبت ازدواجگی کے بعد حضرت خواجہ کے حلقہء مریدین میں شامل ہوئے۔

۴.....خواجہ محمد صادق کتاب اسماء الرجال مشکوٰۃ اور کلمات الصادقین کے مولف تھے۔

۵..... خواجہ محمد صادق ہمدانی کا سال وفات رمضان ۱۰۵۲ھ ہے۔

۶..... یہی سال شرح رباعیات کا سال تالیف ہے۔

خواجہ محمد صادق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کے شاگرد بھی تھے انہوں نے خود انہیں جابجا ''حضرت مخدوم'' لکھا ہے (کلمات ۱۴۹، طبقات ۱۰/۴) ان کے علاوہ شیخ فرید دہلوی (ف ۱۰۲۲ھ/ ۱۶۱۳ء) کی خدمت میں بھی مطول پڑھی تھی۔ (کلمات بحوالہ مقدمہ:۱۸)

اسراریہ کے معاصر مولف خواجہ کمال محمد سنبھلی جو خواجہ خرد کے مرید خاص تھے خواجہ خرد کی زبانی خواجہ محمد صادق کے متعلق بعض روایات بیان کی ہیں اور لکھا ہے کہ وہ میرے گہرے دوست تھے۔ میرے شیخ خواجہ خرد کی خدمت میں اکثر آیا کرتے تھے، انہوں نے مولف سے حضرت خواجہ باقی باللہ سے متعلق کئی روایات بیان کیں، انہوں نے وضاحت کی ہے کہ خواجہ محمد صادق ہمدانی کے ایک فرزند

Marfat.com

خواجہ محمد صدیق تھے جو خواجہ خرد کے خاص شاگرد تھے اور انہی کے صحبت یافتہ یعنی مرید بھی تھے، وہ عالم وفاضل تھے اور جامع مسجد فیروزی دہلی میں علوم دینہ کا درس دیتے تھے، وہ ۱۰۷۱ھ/ ۱۶۶۰ء کو فوت ہوئے اور متصل صفہء حضرت خواجہ باقی باللہ میں دفن کئے گئے۔

(اسراریہ:۸۱۔۸۲)

خواجہ محمد صادق ہمدانی کا اوائل رمضان ۱۰۵۲ھ کو انتقال ہوا۔

(ایضاً ۸۱) خواجہ محمد صادق ہمدانی کشمیری دہلوی کے خانوادہ کے اسماء بصورت شجرہ اس طرح ہیں



Marfat.com

۲۸۲/۸۔۹ .....جد بزرگوار ایشان مخدوم اجل اکمل شیخ یوسف قتال علیہ الرحمہ در عہد حکومت وسلطنت افاغنہ صاحب مسند مشیخت .....

یعنی میاں شیخ جعفر کے جداعلیٰ مخدوم شیخ یوسف قتال دہلی کے اکابر میں سے تھے۔

شیخ یوسف قتال دہلوی قاضی جلال الدین لاہوری کے مرید وداماد تھے، دہلی میں بہت ریاضت کی تھی، ۹۳۳ھ/۱۵۲۶ء کو دہلی میں انتقال ہوا، وہیں پل سلطان تغلق کے قریب ان کا مزار ہے (اخبار الاخیار: ۴۵۱) شیخ علاء الدین بن نورالدین اجودھنی نے شیخ یوسف کی زندگی میں ۹۰۳ھ/۱۴۹۷ء کو ان کا خوبصورت مقبرہ بنوایا تھا (نزہۃ الخواطر: ۴/۳۹۸) خواجہ محمد صادق ہمدانی نے شیخ یوسف قتال کی کسی کتاب میں سے ان کے چار اقوال نقل کئے ہیں (کلمات الصادقین: ۱۲۰۔۱۲۱)

۲۸۳/۹۔۱۰ .....وآخر بامر حضرت خواجہ بعضی از اعزہ را مشغول کردہ اند واثر توجہ ایشان در آن اعزہ ظاہر گشتہ

مولف کے برادر اصغر خواجہ خرد سے بھی یہی روایت ہے کہ حضرت خواجہ نے اپنے حین حیات شیخ جعفر کو اپنے بعض مریدوں پر توجہ کیلئے فرمایا تو اس کے اثرات ظاہر ہوئے۔ (اسراریہ: ۸۸)

زادالمعاد کی تالیف (۱۰۴۴ھ) کے دوران شیخ جعفر بقید حیات تھے، معاصر مولف شیخ کمال محمد کا بیان ہے کہ وہ ۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰ء کو فوت ہوئے، شیخ یوسف قتال کی اولاد میں سے ایک اور فرد شیخ ہاشم بھی تھے جو شیخ جعفر کے ماموں تھے وہ بھی حضرت خواجہ سے منسلک

Marfat.com

تھے ان کا انتقال ۱۰۵۱ھ/۱۶۴۱ء کو ہوا۔ (اسرایہ:۸۸)

ایک جعفر بیگ تھانی کے حالات طبقات شاہ جہانی (۹ / ۶۳) میں ہیں جو ۱۰۲۶ھ کو فوت ہوئے جو زیر نظر شیخ جعفر سے مختلف ہیں۔

۲۸۴ / ۳۔۴ ..... جناب ایشاں (سید مصطفی باغ پتی) قبل از ظہور حضرت خواجہ در سلسلہ قادریہ مجاز و مرخص بودہ اند بمشیخت و اقامت مراسم

معاصر مولف خواجہ محمد صادق ہمدانی نے ان کے بارے میں لکھا ہے:

..... سالہا بر مسند مشیخت قیام داشت وصاحب سجادہ پدران خود بودہ ومردم را ہدایت می کردہ ازاں جا کہ صدق و راستی تمام داشت، چوں آوازہ ارشاد وہدایت حضرت خواجہ ما شنید ترک مشیخت دادہ پیش آنحضرت آمدہ وطلب طریقہ نمود و در اندک مدت طریقہ نقشبندیہ در وی درگرفت ورخصت یافتہ ودر سن ہزار و سی و ہفت وفات یافت .....(طبقاتِ شاہ جہانی:۹ / ۴۲۔۴۳)

خواجہ محمد صادق نے سید مصطفی کی وفات (۱۰۳۷ھ) پر ایک قطعہ تاریخ بھی لکھا تھا جو انہوں نے طبقات میں نقل کیا ہے۔

۲۸۵ / ۱۷۔۱۸ .....در ایام حضور حضرت خواجہ قدس سرہ سن شریف ایشان قریب بہ ہفتاد رسیدہ بود.....

یعنی شیخ عمر بنوری جب اپنے مستقر بنور (من مضافات سرہند) سے حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ان کی عمر تقریباً ستر سال تھی اگر موصوف ۱۰۱۰ھ کو حاضر ہوئے ہوں تو اس اعتبار سے شیخ عمر بنوری کا سال ولادت قیاسی طور پر ۹۴۰ھ (۱۰۱۰۔۷۰=۹۴۰ھ)

Marfat.com

متعین کیا جاسکتا ہے۔

۲۸۶/۱۹۔۲۰ بعد از شش ہفت سال از رحلت حضرت خواجہ بعالم بالا انتقال نمودند قبر ایشان در بنور.....

یعنی شیخ عمر بنوری حضرت خواجہ کے وصال ۱۰۱۲ھ کے چھ سات سال بعد فوت ہوئے یہاں بھی قیاس سے کام لیتے ہوئے شیخ عمر کا سال وفات حدود ۱۰۱۸ھ (۱۰۱۲+۶= ۱۰۱۸) فرض کیا جاسکتا ہے۔ شیخ عمر بنوری کے حالات متعارف تذکروں میں نہیں ملتے یقینا یہ مشہور شیخ آدم نبوری (خلیفہ حضرت مجدد الف ثانی) سے پہلے کی شخصیت ہیں اور زاد المعاد کے مندرجات سے ان کا آبائی سلسلہ تصوف کا اظہار نہیں ہوتا۔

حاجی عبید اللہ سندھی جو کہ حضرت خواجہ کے مزار مبارک کی دیکھ بحال کرتے تھے کی شہادت کے بعد خواجہ حسام الدین احمد کے حکم سے شیخ عمر بنوری کے برادر زادہ شیخ عبدالرحمن بنوری دہلی آئے اور اپنے خاندان سمیت بارہ سال تک یہ خدمت انجام دیتے رہے، خواجہ حسام الدین احمد کے وصال ۱۰۴۳ھ کے بعد وہ واپس بنور چلے گئے اور ان کی بجائے یہ خدمت شیخ عالم نے اپنے ذمہ لے لی (زاد المعاد: ۳۰۵۔ ۳۰۶) یہاں پھر قیاس کا سہارا لیا جارہا ہے کہ شیخ عبدالرحمن خواجہ حسام الدین احمد کے وصال ۱۰۴۳ھ سے پہلے بارہ سال تک حضرت خواجہ کے مزار کے متولی رہے یعنی (۱۰۴۳۔ ۱۲= ۱۰۳۱ھ کو دہلی آئے اسی سال حاجی عبید اللہ سندھی شہید ہوئے ہوں گے۔

۲۸۷/۶ ..... بملازمت حضرت شیخ ابن انبروہہ کہ بکشف اسرار.....

یعنی حضرت خواجہ سے منسلک ہونے سے پہلے شیخ ابوبکر سنبھلی

Marfat.com

امروہہ کے مشہور شیخ طریقت شیخ ابن سے وابستہ تھے۔

شیخ ابوالفتح عبداللہ ملقب بہ بدر چشتی معروف بہ ابن امروہوی کے سال وفات میں اختلاف ہے، معاصر مورخ عبدالقادر بدایونی نے جوان سے ملے بھی تھے ۹۸۷ھ درج کیا ہے (منتخب التواریخ: ۳/ ۲۸)، اگر یہ سنہ درست تسلیم کرلیا جائے تو حضرت خواجہ باقی باللہ کی عمر اس وقت صرف پندرہ سال بنتی ہے (ولادت ۹۷۲۔ ۹۸۷= ۱۵) شیخ ابن شیخ علاءالدین چشتی کے خلیفہ تھے (اسراریہ: ۸۹)

گویا شیخ ابن نے نور باطن سے یہ جان لیا تھا کہ حضرت خواجہ ولایت سمرقند سے خلافت یاب ہوکر آئے تو شیخ ابوبکر کو ان سے روحانی فیض حاصل ہوگا، یا ممکن ہے کہ ان کے فرزندوں میں سے کسی سے ان کا اتصال رہا ہوں، شیخ ابن کے چھ بیٹے تھے تفصیل کیلئے دیکھئے: محمود احمد عباسی: تاریخ امروہہ: ۲/ ۴۵)

خورشید مصطفی رضوی؛ تذکرہ بدر چشت، مطبوعہ: ۱۹۷۵ء، اخبار الاخیار: ۴۶۴، نزہۃ الخواطر: ۴/ ۲۰۳، مآثر الکرام: ۱۴۷)

۲۰/۲۸۷ ..... بعداز استماع ایں بشارت خدمت شیخ ابوبکر..... بلاہور رسیدہ اند وہم درآں حدود بشرف دیدار حضرت خواجہ مشرف گشتہ.....

یعنی شیخ ابن سے یہ بشارت حاصل کرنے کے بعد شیخ ابوبکر حضرت خواجہ کی آمد کی خبر سن کر ملاقات وزیارت کے لئے لاہور حاضر ہوئے اور حلقہ ارادت میں شامل ہونے والوں میں آپ سرفہرست تھے .....(حضرت خواجہ کی لاہور میں تشریف آوری اور دیگر امور کے لئے کتاب حاضر پر ہمارا مقدمہ ملاحظہ کریں)

Marfat.com

۵/۲۸۹ .....الحال کہ از ہشتاد سالگی متجاوز گشتہ ہماں وضع وافتاد مصروف اند.....

یعنی زادالمعاد کی تالیف (۱۰۴۴ھ) کے دوران شیخ ابوبکر بقید حیات تھے، شیخ ابوبکر کی عمر سو سال سے زیادہ ہوئی (اسراریہ:۹۰) ان کی وفات حدود ۱۰۵۰ھ/ ۱۶۴۰ء کو ہوئی اور باغ آستانہ حضرت خواجہ میں دفن ہوئے۔ (اسراریہ:۹۲)

اسراریہ کے مولف کمال محمد نے جوان کے ہم وطن اور عزیز ترین دوست تھے ان کے بارے میں خواجہ خرد کی بہت اہم روایات نقل کی ہیں جن میں بعض کا خلاصہ یہ ہے:

انہوں نے شیخ جعفر کی علاقائی نسبت سنبلی لکھی ہے گویا وہ سنبھل کے رہنے والے تھے۔

خواجہ خرد فرماتے ہیں کہ ایک بار شیخ تاج الدین سنبلی نے اہل سنبھل کی شکایات حضرت خواجہ کی خدمت میں لکھیں جن میں شیخ جعفر کا ذکر بھی تھا، حضرت خواجہ نے اس شکایت کو نا پسند کیا، مولف اسراریہ کے والد (سید لعل) کے ساتھ شیخ جعفر کی ہم وطنی کے باعث خوب دوستی تھی، دونوں نواب مرتضیٰ خان فرید بخاری کے ہاں ملازم تھے اور سرائے کڑہ شیخ فرید (فرید آباد، دہلی) میں مقیم رہے، ایک بار شیخ جعفر ان کے گھر مقیم تھے کہ بیمار ہو گئے حضرت خواجہ عیادت کے لئے ان کے گھر تشریف لائے تھے، مولف کے ساتھ ان کی کم سنی سے بہت دوستی تھی، شیخ جعفر کی عمر سو سال سے زیادہ ہوئی تھی، وہ حضرت خواجہ کا سفارشی رقعہ لے کر برہانپور میں بیرم خان سے بھی ملے تھے۔

(اسراریہ:۸۹۔۹۲)

Marfat.com

۲۸۹/۱۷۔۲۰ قبل از رحلت حضرت خواجہ قدس سرہ بامر آں عالی حضرت یک مدتی در صحبت میاں شیخ احمد قدس سرہ کہ اعظم خلفاء حضرت خواجہ اند نیز بودہ اند

یعنی حضرت خواجہ کے حکم کے مطابق ملا قاسم علی تعلیم وتربیت کے لئے حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی کی خدمت میں رہے تھے،

معاصر ماخذ زبدۃ المقامات میں ہے کہ

تربیت او (ملا قاسم علی) حوالہ بحضرت ایشان (مجدد الف ثانی) شدہ بود (ص:۳۷۸)

حضرت مجدد الف ثانی اپنے ایک عریضہ بنام حضرت خواجہ میں ملا قاسم علی کی استعداد کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں:

ملا قاسم علی کا حال بہتر ہے اس پر استغراق واستہلاک کا غلبہ ہے اور اس نے جذبہ کے تمام مقامات سے فوق کی طرف قدم بڑھایا ہے اور صفات کو جو پہلے وہ اصل میں سے دیکھتا تھا اب وہ باوجود اس کے صفات کو خود سے جدا دیکھتا ہے اور خود کو اس نور سے جس سے صفات قائم ہیں الگ پاتا ہے۔ (مکتوبات:۱/۱/۸)

اسی طرح دفتر اول کے مکتوب نمبر ۱۱ اور پھر ۱۴ میں بھی ملا قاسم علی کی روحانی ترقی کا ذکر ملتا ہے۔

۲۹۰/۱۔۳ .....بعدازاں بخدمت حضرت ایشاں ..... رجوع نمودہ تا آخر نفس از آنحضرت مفارقت نہ نمودہ اند.....

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی کے وصال (۱۰۳۴ھ/ ۱۶۲۴ء) کے بعد ملا قاسم علی واپس دہلی حاضر ہوکر خواجہ حسام الدین

Marfat.com

احمد سے منسلک ہو گئے تھے اور تادم حیات آپ سے وابستہ رہے۔

۲۹۰/۳-۶ ..... بامر عالی حضرت ایشان بہ تعلیم و تادیب ماہر دو برادر و مخدوم زادہ بزرگ خواجہ جمال الدین حسین و مخدرہ سرادق..... عاجزہ بزرگ آنحضرت مقید گشتہ بسواد خوانی فرقان مجید رسانیدند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کے حکم پر ملا قاسم علی ہم دونوں بھائیوں یعنی خواجہ کلاں اور خواجہ خرد اور ساتھ ہی خواجہ حسام الدین احمد کے بڑے بیٹے خواجہ جمال الدین حسین اور آپ کی بڑی بیٹی کی تعلیم و تربیت پر مامور ہوئے۔

۲۹۰/۱۶-۱۷.....ہم در آن سفر قبل از رحلت حضرت ایشان بہشت ماہ از عالم در گذشتند

یعنی ملا قاسم علی اسی سفر اکبر آباد کے دوران خواجہ حسام الدین احمد کے وصال صفر ۱۰۴۳ھ سے آٹھ ماہ قبل یعنی حدود جمادی الثانی ۱۰۴۲ھ/ ۱۶۳۲ء کو فوت ہوئے۔ ظاہر ہے کہ وہیں اکبر آباد میں صوفی آباد جہاں حضرت خواجہ حسام الدین احمد کو امانتاً دفن کیا گیا تھا وہیں دفن ہوئے ہوں گے۔

۲۹۱/۷-۱۰ ..... بعد از فوت حافظ کلاں..... بشرف دیدار و بیعت حضرت.....خواجہ عبدالشہید.....

یعنی حافظ میر جلال الدین محمد سمرقندی دہلوی مولانا حافظ کلاں کے وصال کے بعد حضرت خواجہ عبدالشہید احراری (ف ۹۸۲ھ/ ۱۵۷۴ء رک تعلیقاتِ حاضر) سے بیعت ہوئے اور آخر میں حضرت خواجہ باقی باللہ کے حلقہ ارادت میں داخل ہوئے۔ (اسرایہ: ۷۰)

۲۹۲/۱۵-۱۹ بالجملہ خدام حافظ از نیکان روزگار بودند و حق منصب خطابت و.....از

Marfat.com

تاثیر حسن صوت خود از فراز نیز غلطان برزمین افتادہ اند.....

یعنی حافظ میر جلال الدین سمرقندی کو حسن قرأت کا اتنا ملکہ تھا کہ سامعین محظوظ بھی ہوتے تھے اور ان پر اتنی رقت طاری ہوجاتی تھی کہ مرغ بسمل کی طرح گڑپنے لگتے تھے، خود مولف اسراریہ نے کم سنی میں ان کا ایک خطبہ سنا تھا، (اسراریہ:۷۱)

حضرت خواجہ کی بہت سے خوارق وکرامات ان کی وجہ سے ظہور پذیر ہوئیں، حافظ جلال الدین کا انتقال ۱۰۳۷ھ/ ۱۶۲۷ء کو دہلی میں ہوا۔ (ایضاً:۷۶)

۲۹۳/۶۔۸ .....حضرت خواجہ قدس سرہ بتقریب طوی جناب میاں شیخ رفیع الدین ولد حضرت قطب عالم متوجہ قصبہ اعظم پور بودہ اند عبور سنبل نیز فرمودہ.....

یعنی جب حضرت خواجہ شیخ رفیع الدین بن شیخ قطب عالم بن شیخ عبدالعزیز چشتی دہلوی کی شادی میں شرکت کیلئے دہلی سے اعظم پور تشریف لے گئے تو راستہ میں سنبھل بھی گئے جہاں مولانا عبدالغفور سنبھلی آپ سے ملنے کے لئے حاضر ہوئے، اخلاص ومحبت کے ساتھ تعلیم سلوک کی درخواست کی جسے آپ نے قبول فرمایا اور انہیں اپنے حلقہ ارادت میں داخل کرلیا۔

مولانا عبدالغفور اور میاں شیخ مرتضیٰ سنبھلی کے مابین مصاحبت و دوستی کا گہرا رشتہ تھا وہ کئی بار ایک ساتھ حضرت خواجہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وصال حضرت خواجہ کے بعد بھی آتے رہے۔ (اسراریہ:۷۸)

۲۹۳/۱۵۔۱۶ یارب کہ برکات وجود شریف ایشان برای فقرا تا دیر گاہ سایہ.....

یعنی مولانا عبدالغفور سنبھلی کتاب حاضر کی تالیف (۱۰۴۴ھ)

Marfat.com

کے دوران بقید حیات تھے، اسرار یہ کے مولف خواجہ کمال محمد سنبھلی ان کے ہم وطن اور دوست تھے انہوں نے اپنے شیخ خواجہ خرد کی کئی روایات ان سے متعلق نقل کی ہیں اور براہِ راست ان سے بھی روایات کی ہیں، انہوں نے ان کی وفات جمادی الاول ۱۰۵۹ھ/۱۶۴۹ء پر ایک قطعہ تاریخ بھی کہا تھا جو اسرار یہ میں موجود ہے (۷۸۔۷۹)

شیخ عبدالغفور کے وصال کے بعد ان کے فرزند شیخ عبدالواسع ان کے جانشین بنے مولف اسرار یہ کے ساتھ ان کی بڑی دوستی تھی وہ خواجہ خرد کی خدمت میں تعلیم وتربیت حاصل کرتے رہے۔ ان کا سنبھل میں ۱۰۶۸ھ/ ۱۶۵۸ء کو انتقال ہوا اپنے والد کے پہلو میں سنبھل میں ہی دفن ہوئے مولف ان کے جنازے میں شریک تھے۔ (ایضاً:۷۹)

شیخ، عبدالغفور سنبھلی کے ایک بھائی شیخ رفیع بھی تھے جو جامع مسجد سنبھل کے خطیب تھے۔ (ایضاً:۷۹)

۲۹۵/۱۔۲ .....اکنون نیز صاحبِ عہدہ ایں خدمت بایشانند وتا حال کہ سن ایشان بہ پنجاہ رسیدہ.....

معاصر وہم وطن تذکرہ نویس شیخ کمال محمد سنبھلی نے شیخ محمد ہاشم سنبھلی کا سال وفات ۱۰۵۱ھ/۱۶۵۱ء لکھا ہے (اسرار یہ:۸۹) اور بعض اہم امور کا بھی تذکرہ کیا ہے، لکھتے ہیں:

از یاران خواجہ بیرنگ است آثار وبرکات ازوی نیک ظاہر بود اخلاق ومروت عالی داشت وغربت وشکستگی عالی تر، شیخ من (خواجہ خرد) گفتہ کہ وی از خوردسالی بصحبت خواجہ بیرنگ رسیدہ واز نسبت شریف

Marfat.com

متاثر گشتہ ..... وبعد از خواجہ بیرنگ بصحبت خواجہ ابرار تا آخر عمر پیوستہ ونسبت خوبی داشتہ ..... وی را بشیخ مرتضیٰ نسبت خواہر زادگی بود ..... من ہرگاہ از اوائل ہابوی می شدم بہ نسبت وطن مرا دوست گرفتی ، پس ازاں گاہی کہ با شیخ من مرا دیدی بہتر ازان لطف داشتی (اسراریہ: ۸۸۔۸۹ ملخصاً)

۲۹۵ / ۱۲۔ ۱۳.....اکنون مدتی است کہ از جانب ایشان (شیخ عبدالہادی بداونی) چیزی نہ رسیدہ.....

شیخ عبدالہادی بداؤنی حضرت خواجہ سے منسلک تھے ، خود حضرت خواجہ نے تعلیم وتربیت کے لئے حضرت مجدد الف ثانی کے سپرد کیا (زبدۃ المقامات: ۳۸۱) وہ آپ کے ہمراہ دہلی سے سرہند گئے ، مولانا یار محمد قدیم اور مولانا عبدالہادی ایک ہی حجرہ میں رہتے تھے (حضرات القدس: ۲ / ۳۴۴)، حضرت مجدد الف ثانی نے حضرت خواجہ کی خدمت میں اپنے ایک عریضہ میں شیخ عبدالہادی کی روحانی ترقی کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

ملا عبدالہادی حضور بااستغراق دراں پیدا کردہ است ونیز می گوید کہ مطلق منزہ راجلشانہ در اشیاء صفت تنزیہ می بینم و افعال راہم ازو تعالیٰ می دانم دولت ایشان است کہ بطالبان ومستعدان فائض می شود (مکتوبات: ۱ / ۱۴ / ۳۵)

حضرت مجدد الف ثانی کا ایک مکتوب (۱ / ۲۷۵) بھی شیخ عبدالہادی کے نام ہے جو در بیان آنکہ در اختیار عزلت باید کہ حقوق

Marfat.com

مسلمانان ضائع نشود..... کے موضوع پر ہے۔

مولانا شیخ عبدالہادی بدایونی بدایون کے منگن فاروقی خانوادہ سے تعلق رکھتے تھے، ۹ شعبان ۱۰۴۱ھ/ ۱۶۳۲ء کوفوت ہوئے ان کا مزار بدایوں میں تکیہ خرم شاہ میں ہے (نسیم احمد فریدی: تذکرہ خلفائے مجدد الف ثانی، مشمولہ تذکرۂ امام ربانی مجدد الف ثانی: ۳۴۳)

۳۰۰/۱۰-۱۱ .....میاں شیخ طاہر از تربیت یافتہ ہاء حضرت ایشان اند.....

یعنی میاں شیخ طاہر فیروز آبادی، خواجہ حسام الدین احمد کے تربیت یافتہ تھے، شیخ طاہر فیروز آبادی کے حالات متعارف تذکروں میں نہیں ملتے ان کے ایک فرزند میاں محمد باقر تھے، انہوں نے بھی خواجہ حسام الدین احمد کی خدمت میں تعلیم و تربیت حاصل کی تھی، شیخ محمد عبداللہ خواجہ خرد سے بیعت تھے اور زادالمعاد کی تالیف کے دوران انہی کی نگرانی میں منازل سلوک طے کررہے تھے۔ (زادالمعاد: ۲۹۰)

.....آنحضرت عمرہا است کہ بشغل کتابت وجہ معیشت وکفاف وقت حاصل نمودہ.....

یعنی میاں شیخ طاہر فیروز آبادی نے ہر قسم کی ملازمت ترک کرکے کتابت کا فن اختیار کرلیا تھا، خواجہ خرد نے بھی اس کی وضاحت یوں کی ہے:

مدتہا است کہ بکسب کتابت وجہ قوت بہم می رسانند و باوضاع نیک می گذرانند (شرح رباعیات: ۱۳۰-۱۳۱

۳۰۴/۱۲-۱۳ .....صبیہ.....میاں شیخ کمال والدہ فرزندان خلافت مآبی میاں شیخ

Marfat.com

رستم می شوند.....

یعنی میاں شیخ کمال کی بیٹی حضرت خواجہ کے خلیفہ میاں شیخ رستم سے منسوب تھیں، جو میاں شیخ رستم کے فرزندوں کی والدہ تھیں، معاصر مولف کمال محمد سنبھلی نے ان کے ایک فرزند شیخ محمد قلی کا ذکر کیا ہے جو عالم وصوفی تھے انہوں نے شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی شرح مشکوٰۃ فارسی کی لغات سراج المشکوٰۃ کے تاریخی نام سے تالیف کی تھی، شیخ محمد قلی کا انتقال ۱۰۷۳ھ/ ۱۶۶۲ء کو ہوا۔ (اسراریہ: ۶۷۔۶۸)

لاحقہ قسم دوم

۳۱۰/۱۸۔۲۰ .....ایشاں ثمرۃ الفواد.....حضرت خواجہ آفاق اند.....دوسالہ بودہ اند کہ حضرت خواجہ اززیں عالم پرملال بقرب حضرت ذی الجلال.....

یعنی حضرت خواجہ باقی باللہ کے وصال ۱۰۱۲ھ کے وقت خواجہ محمد عبداللہ صرف دوسال کے تھے، حضرت خواجہ کی والدہ محترمہ نے جو اس وقت بقید حیات تھیں ان کی پرورش کی، انہوں نے اس سرعت کے ساتھ ابتدائی تعلیم کے مراحل طے کئے کہ صرف دس ماہ میں فارغ ہو گئے جبکہ دیگر اطفال یہ ابتدائی مرحلے دس سال میں بمشکل مکمل کرتے ہیں۔

حضرت خواجہ کے دو فرزند تھے بڑے عبیداللہ ملقب بہ خواجہ کلاں اور دوسرے محمد عبداللہ مخاطب بہ خواجہ خرد یہ دونوں صاحبزادے دو ازواج محترمات سے تھے دونوں ایک ہی سال یعنی ۱۰۱۰ھ کو متولد ہوئے، وصال کے وقت خواجہ کلاں دوسال چار ماہ کے اور خواجہ

Marfat.com

خرد صرف دوسال کے تھے خود حضرت خواجہ نے قطعہ تاریخ ولادت کہا تھا۔ (رک مقدمہ کتاب حاضر)

۲۰/۳۱۱، ۱_۲/۳۱۲

..... ہم درسن مذکور (ہفدہ ہژدہ سالگی) رخصت و اجازت از حضرت ایشاں گرفتہ بجہتہ دریافت ملازمت..... حضرت میاں شیخ احمد قدس سرہ بسر ہند تشریف بردند و.....

یعنی خواجہ خرد ۱۷۔۱۸ سال کی عمر میں ہی خواجہ حسام الدین احمد سے رخصت واجازت لے کر تکمیل سلوک کے لئے حضرت میاں شیخ احمد مجدد الف ثانی کی خدمت میں سرہند حاضر ہوئے، خواجہ محمد ہاشم کشمی نے لکھا ہے:

ذکر ومراقبہ کی تعلیم آپ نے ہمارے حضرت سے لی اور کئی مرتبہ دیوانہ وار دہلی سے پیدل اور سوار حالت میں آستانہ پر حاضر ہوئے، الطاف وتوجہات حاصل کیں، شرح مواقف جیسی علم کلام کی کتابیں اور بعض رسائل صوفیہ بھی آپ نے حضرت سے پڑھے ہیں، حضرت ان کے بارے میں بہت کچھ فرماتے تھے۔ (زبدۃ المقامات: ۶۶، ۶۷)

۴_۵/۳۱۲ ..... براحوال و مقامات وحقائق و معارف وعلوم وکشوفِ خاصہ ایشان اطلاع تمام پیدا کردہ بدہلی رجوع نمودند.....

یعنی خواجہ خرد کو حضرت مجدد الف ثانی کے خاص احوال واسرار کی کامل اطلاع تھی، زبدۃ المقامات میں ہے:

از علومِ اسرارِ خاصہ حضرت ایشان نیز بہرہ ہای لانہایۃ

Marfat.com

برداشتہ (ایضاً ۷۶)

۳۱۲/۶_۸ ..... بعد از یک مدتی باز عزم ملازمت ایشان نمودہ در لاہور ایشان را دریافتند دشش ہفت ماہ در ملازمت ایشاں گذراندہ با اجازت نامہ ارشاد رجوع فرمودند.....

یعنی خواجہ خرد دوبارہ حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں حاضری کے ارادہ سے نکلے تو آپ لاہور میں مقیم تھے خواجہ خرد وہیں آپ کی خدمت میں گئے، اس فقرہ سے حضرت مجدد الف ثانی کا چھ سات ماہ تک مسلسل لاہور میں قیام کا علم ہوتا ہے جو اس سے پہلے آپ کے سوانحی مواد سے معلوم نہیں تھا، خود خواجہ خرد لکھتے ہیں:

این فقیر چند مرتبہ از وطن مالوف بخدمت ایشاں در سہرند و یک بار در لاہور مشرف شدہ و ہر بار چندگاہ در خدمت بسر بردہ الطاف بسیار می فرمودند و امیدواری چناں ست کہ آں الطاف سبب نجات اخروی کردو اجازت عمل طریقہ و اجازت تعلیم نیز فرمودند بشارتہا می دادند معارف غامضہ برزبانِ قلم ایقان میرفتد (شرح رباعیات: ۲۲ ب)

۳۱۲/۸_۹ .....دریں حین سن مبارک آں عالی نژاد بہ بیست و چہار رسیدہ بود.....

یعنی خواجہ خرد جب لاہور حاضر ہوئے تو ان کی عمر ۲۴ سال کی ہو چکی تھی گویا اس سے ان کے قیام لاہور کا قیاسی سنہ ۱۰۳۴ھ= (ولادت ۱۰۱۰+عمر ۲۴) برآمد ہوتا ہے اور یہی سال وصال ہے حضرت مجدد الف ثانی کا، حضرت خواجہ محمد معصوم نے بھی حضرت مجدد الف ثانی کے قیام لاہور کا ذکر فرمایا ہے (مکتوبات معصومیہ: ۱/ ۲۵)

Marfat.com

جوغالباً انہی ایام کا ذکر ہے۔ (مقامات معصومی: ۴/ ۸۳)

اس سے قبل حضرت خواجہ محمد معصوم کی لاہور میں شادی کے ایام میں بھی آپ کا لاہور میں طویل قیام کرنا ثابت ہے (مقامات معصومی: ۴/ ۸۴_۸۶)

۳۱۲/ ۱۲_ ۱۴ .....در حقیقت جمیع مکاتیب ورسائل حضرت میاں قدس سرہ خاص در تخاطب آں عالی نژاد بظہور آمدہ.....

یعنی حضرت مجدد الف ثانی کے کئی مکاتیب خواجہ خرد کے نام ہیں، ملاحظہ ہو:

مکتوبات امام ربانی ۱/ ۲۲۹، ۲۶۶، ۲۶۷، ۲۷۳، ۲/ ۲۶، ۳/ ۱۱۵ (بحوالہ فہارس تحلیلی)

۳۱۲/ ۱۵_۱۷ ..... بعداز آں عالی نژاد مخدوم زادہ ہای عالی استعداد حضرت میاں اعنی خواجہ محمد سعید وخواجہ محمد معصوم نیز اہلیۃ تخاطب آں مکاتیب دارند.....

یعنی خواجہ خرد کے نام حضرت خواجہ محمد سعید اور حضرت خواجہ محمد معصوم کے مکاتیب ہیں۔

مکتوبات سعیدیہ میں خواجہ خرد کے نام آپ کے تین مکتوبات ۲۷، ۳۰، ۳۱ ہیں، خواجہ خرد کے دو عریضے بنام حضرت خواجہ محمد سعید بھی اسی مجموعہ میں پائے جاتے ہیں۔ (ص: ۳۳، ۶۰)

لیکن حضرت خواجہ محمد معصوم کا کوئی مکتوب مخدومزادہ خواجہ خرد کے نام مکتوبات معصومیہ کی مطبوعہ ومروجہ جلدوں میں موجود نہیں ہے۔

(مطابق اشاریہ مکتوبات مرتبہ غلام مصطفی خان)

۳۱۲/ ۱۹_۲۰ ..... بعداز انقراض صحبتہا ء مذکور آں عالی نژاد پای تردد در دامن

Marfat.com

استقامت کشیدہ.....

یعنی حضرت مجدد الف ثانی کی مبارک صحبتوں کے بعد خواجہ خرد کو تردد لاحق ہوا، خواجہ محمد ہاشم کشمی لکھتے ہیں:

حضرت مجدد الف ثانی نے فرمایا اگر ہمارے یہ خواجہ زادہ اپنے ''کمال وسعت مشرب، شوریدہ حالی، بے تقیدی و تعینی'' نہ ہوتے تو میں ان کو تعلیم طریقہ کی اجازت دے دیتا تا کہ وہ اپنے والد بزرگوار کی جگہ سجادہ نشین ہوتے۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ مخدوم زادہ بہت آزاد طبیعت ہیں چونکہ ''نسبت توحید وجود'' سے مغلوب ہیں..... سرود و نغمہ سے بھی لطف اندوز ہوتے ہیں، اکثر شوریدہ حالی اور بے فکری کے عالم میں آنکھیں سامنے کو اٹھائے اور ٹیڑھی ٹوپی لٹکائے ہوئے کوچوں اور بیابانوں کی سیر کرتے ہیں اور پرسوز اشعار پڑھتے ہیں۔ (زبدۃ المقامات: ٦٧)

معلوم ہوتا ہے کہ بعد میں حضرت مجدد الف ثانی نے انہیں اجازت وخلافت ارشاد سے بھی نواز دیا تھا۔ (حضرات القدس ۱ / ۳۱۴ اردو ترجمہ)

حضرت مجدد الف ثانی خواجہ خرد کی وسعت مشرب سے ہمیشہ ہراساں رہتے تھے کہ اس تعین کے ساتھ اپنے والد ماجد کے مسند ارشاد اور سجادہ پر جانشین ہو سکیں گے یا نہیں (ایضاً ۱ / ۲۱٦) (خواجہ خرد کا وصال دہلی میں ۱۰۷۴ھ / ۱٦٦۳ء کو ہوا، اسراریہ: ۲۹)

ان میں سے بعض امور کی توضیح کے لئے کتاب حاضر پر ہمارا مقدمہ ملاحظہ کریں۔

۳۱۴/۱۱_۱۳.....حلیلۂ جلیلۂ دومین حضرت ایشان اند و والدۂ حضرت مخدوم زادہ

Marfat.com

کمالات آمادہ خواجہ سراج الدین محمد طال عمرہ.....

یعنی حضرت خواجہ حسام الدین احمد نے اپنی پہلی اہلیہ بی بی فاطمہ بنت ملا مبارک ناگوری کی وفات ۱۰۲۲ / ۱۶۱۳ء کے ایک عرصہ بعد دوسرا نکاح بی بی زہری سے کیا جو کہ مخدوم زادۂ خرد خواجہ سراج الدین محمد کی والدہ تھیں بی بی زہرہ ولیۂ عصر بی بی دولت کی صاحبزادی تھیں جو حضرت خواجہ باقی باللہ کی تربیت یافتہ اور خلافت یاب تھیں۔

۱۱-۹/۳۱۵ .....جناب سید.....شیخ محمد یوسف صاحب سجادۂ حضرت شیخ عبدالوہاب بخاری علیہ الرحمت والغفران تشریف آوردند.....

یعنی جب سید شیخ محمد یوسف بخاری سجادہ نشین درگاہ شیخ عبدالوہاب بخاری خواجہ حسام الدین احمد سے ملنے کیلئے آئے تو ایک خواب کے بیان پر شیخ محمد یوسف نے آپ کو اس کی تعبیر کے طور پر نکاح ثانی کی طرف متوجہ کیا۔

شیخ محمد یوسف بخاری اپنے جد اعلیٰ حاجی عبدالوہاب بخاری دہلوی (۸۶۹۔ ۹۳۲ھ/ ۱۴۶۴۔ ۱۵۳۵ء) کی درگاہ کے سجادہ نشین تھے اور معروف روحانی شخصیت نواب مرتضیٰ فرید بخاری سے بھی مودت اور رشتہ داری کے باعث خوشگوار مراسم رکھتے تھے۔ (تذکرۃ الابرار، ورق ۱۵۷۔الف)، شیخ محمد یوسف بن شیخ عبدالوہاب بن شیخ محمد شہید بن شیخ عبدالکریم بن محمد مشائخ بن شیخ حاجی عبدالوہاب، اپنے عہد کے اکابر علماء وصوفیہ میں سے تھے جو علماء وامراء کا مرجع تھے۔ شیخ محمد یوسف بخاری کی وفات ۱۰۲۰ھ/ ۱۶۱۱ء کو ہوئی سرای شیخ عبداللہ قریشی روضۂ بخاریان دہلی میں دفن ہوئے، ان کے فرزند شیخ عبدالوہاب بن

Marfat.com

محمد یوسف مذکور اپنے والد کے سجادہ نشین تھے جو حدود ۱۰۶۰ھ/ ۱۶۵۰ء کو مریدین کی کثیر تعداد کے ساتھ حج کیلئے گئے تھے، شیخ عبدالوہاب بخاری ثانی (والد شیخ محمد یوسف) دہلی کے حاکم بھی بن گئے تھے۔ ۱۰۱۸ھ/۱۶۰۹ء کو ان کا انتقال ہوا (اسراریہ ۱۵۰۔ ۱۵۲ ملخصاً تذکرۃ الابرار ۶۱ ب) شیخ محمد یوسف بخاری کا سال وفات ۱۰۲۰ھ تذکرۃ الابرار سے ماخوذ ہے جو سہو کتابت معلوم ہوتا ہے، کیوں کہ زادالمعاد کی روایت کے مطابق وہ ۱۰۲۲ھ (وفات بی بی فاطمہ) کے عرصہ بعد خواجہ حسام الدین احمد کے نکاح ثانی کے محرک تھے، قیاس ہے کہ شیخ محمد یوسف بخاری سجادہ نشین حاجی عبدالوہاب بخاری اور شیخ محمد یوسف بن حاجی عبدالوہاب بن محمد شہید دو الگ الگ شخصیتیں ہوں گی۔

۳۱۷/ ۱۴۔۱۶ .....از محصول وضع مدد معاش وثمن بیع حویلی لاہور سرِ ہر سال بحساب سراسری موازی سہ چہار ہزار روپیہ درآمد شد.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کے آخری سات آٹھ سال میں معاشی تنگی دور ہوگئی تھی اور تین چار ہزار روپیہ سالانہ آمدنی ہونی لگی تھی، آپ کی لاہور میں ایک حویلی تھی جس کا باقاعدہ محصول (غالباً کرایہ) آپ کو حاصل ہونے لگا تھا، اس حویلی کی تفصیلات ہمیں معلوم نہیں ہیں خواجہ حسام الدین احمد مدتوں لاہور میں رہے تھے کتاب حاضر کے لاحقہ کی قسم اول کے آخر میں ان بزرگ افراد کے نام درج ہیں جو حضرت خواجہ باقی باللہ سے ارادت رکھتے تھے اور آپ کے سمرقند سے خلافت یاب ہوکر واپس آنے کا انتظار کررہے تھے یہ افراد لاہور میں مقیم تھے اسی لاحقہ میں لکھا ہے کہ ان افراد کی کفالت خواجہ

Marfat.com

حسام الدین احمد کے ذمہ تھی جب آپ سمرقند سے واپس تشریف لائے تو حضرت خواجہ کے حلقہ میں ''سابقین اولین'' یہی بزرگ تھے، یہی حضرات حضرت مجدد الف ثانی کی تحریک احیاء دین کیلئے مرتبہ کردہ ''جرگہ ممدان دولت اسلام'' کے رکن بنے تھے، یقیناً یہ طالبان صادق خواجہ حسام الدین کی اسی حویلیٔ لاہور میں رہتے ہوں گے ممکن ہے کہ یہ حویلی آپ کے والد نواب غازی خان نے خریدی ہو یا ان کی بیگم بی بی فاطمہ بنت ملا مبارک ناگوری کو ورثہ میں ملی ہو اور ان کی وفات ۱۰۲۲ء کے بعد کی آمدنی خواجہ حسام الدین احمد کو ملنا شروع ہوئی ہوگئی ہو، لاہور کے مقامی مورخین نے اس قسم کی کسی حویلی کا ذکر نہیں کیا۔

۳۱۸/۱۰۔۱۱ نواب سپہ سالار مہابت خان در دہلی بود ہر روز گاہی دو روز .....

نواب مہابت خان کیلئے دیکھئے تعلیقاتِ حاضر (۱۶۱ / ۱۲)

۳۱۸/۱۶۔۱۷ .....غم خواری شصت ہفتاد کس از منتسبان و متعلقانِ ہمشیرہ عزیزہ خان زادہ ماہ رحمہا اللہ سبحانہ.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد اپنی ہمشیرہ خان زادہ ماہ کے متعلقین بھی جو تعداد میں ساٹھ ستر سے کم نہیں تھے کی غم خواری کرتے تھے یعنی ان کی مالی اعانت و کھانا وغیرہ بھی بہن کی وفات کے بعد ان کے ذمہ ہوگئی تھی۔

اس سے مندرجہ ذیل دو امور کا علم ہوتا ہے:

(۱) آپ کی بہن (خان زادہ ماہ) کے شوہر خواجہ حسام الدین احمد کے حین حیات ہی فوت ہوگئے تھے۔

(۲) آپ کی بہن بھی آپ کی حیات میں فوت ہوئیں

Marfat.com

ان کے عزیز واقارب اوراولاد وغیرہ جن کی تعداد ساٹھ یا ستر کے قریب تھی کی کفالت خواجہ خسام الدین احمد کرتے تھے۔

اس سے قبل جب آپ شاہ جہان کی طلبی پر دارالحکومت اکبرآباد میں جاکر مقیم تھے تو وہاں آپ کا متعدد مرتبہ اپنی ہمشیرہ کی حویلی میں جانے کا ذکر ملتا ہے۔ (تعلیقات ۱۷۸/۲) گویا یہ بہن اکبرآباد (آگرہ) میں رہتی تھیں یا ممکن ہے کہ یہ معاملہ کسی دوسری ہمشیرہ کا ہو جس کی تفصیلات سے ہم بے خبر ہیں۔

۳۱۹/۱۶۔۱۷.....دریں خرچہارِ مذکوراثر ضحرت وملال ظاہر نمی کردند.....

یعنی زوجۂ خواجہ حسام الدین احمد ہر سال جو اخراجات کرتی تھیں انہیں اس پر ملال نہیں ہوتا تھا، ان مصارف کا تخمینہ ایک گراف کے ذریعہ یوں بیان کیا جاسکتا ہے۔

خرچ سالانہ برہمسایان فیروزآباد	۴۰۰ روپے
۴۰ عرس بزرگان	۸۰۰ روپے
خاطرداری سالانہ نواب مہابت خان	۲۰۰۰ روپے
متعلقان ہمشیرۂ خود	۱۵۰۰ روپے
خانقاہ	۱۰۰۰ روپے
عطریات	۵۰۰ روپے
	۶۴۰۰ روپے

۳۲۱/۷۔۸ .....ابوالنصر خواجہ جمال الدین حسین.....فرزند بزرگ حضرت ایشاں اند.....

یعنی خواجہ جمال الدین حسین خواجہ حسام الدین احمد کے بڑے

Marfat.com

فرزند تھے، یہ زوجۂ اول بی بی فاطمہ بنت ملا مبارک ناگوری کے بطن سے تھے۔

۳۲۱/۱۰۔۱۲ .....تولد ایشان قبل از رحلت حضرت خواجہ قدس سرہ بسہ سال روی داد و چوں اکثر فرزندان آنحضرت سابقاً درصغرسن فوت شدہ بودند.....

یعنی خواجہ جمال الدین حسین کی ولادت حضرت خواجہ باقی باللہ کے وصال (۱۰۱۲ھ) سے تین سال قبل ہوئی گویا وہ ۱۰۰۹ء[۱۰۱۲۔۳] کوتولد ہوئے، ان کی ولادت سے پہلے خواجہ حسام الدین احمد کے کئی بیٹے کم سنی میں ہی فوت ہوگئے تھے، جب یہ پیدا ہوئے تو آپ انہیں حضرت خواجہ کی خدمت میں لے گئے اور عرض احوال کے بعد آپ نے طوالت عمر کی دعا دی اور ان کا نام نفحات الانس دیکھ کر رکھا۔ گویا یہ فرزند عالی قدر حضرت خواجہ کے حضور زیر تربیت رہے۔

۳۲۲/۱۶۔۱۹ .....درآں ایام بامر حضرت ایشان .....بقصد ملازمت حضرت میاں شیخ احمد قدس سرہ مصحوب انواع ریاضت و ..... درسرہند مدت پنج شش ماہ بملازمت حضرت میاں گذراندہ.....

یعنی ابتدائی تعلیم سلوک کے بعد خواجہ جمال الدین حسین خواجہ حسام الدین احمد کے حکم پر حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں سرہند حاضر ہوکر فیض یاب ہوئے اور وہاں پانچ چھ ماہ قیام کیا.....

حضرت مجدد الف ثانی نے اپنے کئی مکاتیب بنام خواجہ حسام الدین احمد میں آپ کے اس فرزند کا ذکر فرمایا ہے ۱/۲۰۷ میں حضرت خواجہ باقی باللہ کے دو فرزندان گرامی خواجہ کلاں و خواجہ عبداللہ (خواجہ خرد) اور میاں جمال الدین حسین اور حضرت خواجہ کے خلفاء میاں شیخ

Marfat.com

الہ داد اور شیخ الہ دیا کے نہ پہنچنے کے بارے میں لکھا ہے۔ ۲/۲۶ میں ہے کہ خواجہ کلاں اور خواجہ جمال الدین حسین کے میاں شیخ الہ داد سے تعلیم تلقین لینے پر شرمندگی کے باعث ابھی تک وہ میرے پاس سرہند نہیں آئے ہیں۔

اسی طرح حضرت مجدد الف ثانی کے بعض مکاتیب خواجہ جمال الدین حسین کے نام ہیں۔

۲/۴۲ کا موضوع ہے در بیان انحصار نمودن صوفیہ سیر را در آفاق و انفس و.....

بارہ صفحات کا یہ طویل مکتوب تصوف وعرفان کے مسائل کا ایسا خلاصہ ہے جو صرف ایسے حضرات ہی کو لکھا جا سکتا تھا۔

۳/۵۶ بنام پیرزادہ خواجہ محمد عبداللہ (خواجہ خرد) اور خواجہ جمال الدین حسین کے نام مشترکہ طور پر صادر ہوا ہے۔ ۳/۸۱ در حل معاملہ وتعبیر واقعہ او

حضرت خواجہ کے وصال کے کچھ دن بعد خواجہ حسام الدین احمد اور حضرت مجدد الف ثانی کے مابین کسی معاملہ پر کچھ ''ملال'' پیدا ہو گیا تھا جو بعد میں دور ہو گیا، اس کے بعد آپ نے اپنے فرزند بزرگ کو تربیت کیلئے حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں بھیجا تھا۔ (زبدۃ المقامات ۸۱۔۸۲)

۳۲۳/۲۔۹ .....در خلال ہمیں ایام بحکم مبالغہ وابرام عمہ' شریف خود ملازمت پادشاہ معظم .....امتیاز یافتند .....و بتدریج جد بمرتبہ بزرگوار ایشان حضرت

Marfat.com

نواب غازی خان برسانند.....

یعنی خواجہ جمال الدین حسین کو ان کے چچا خواجہ علاء الدین حسن نے بڑے مبالغہ کے ساتھ شاہی ملازمت کرنے کی ترغیب دی کیوں کہ وہ خود بھی بادشاہ جہانگیر کے ہاں منصب دار تھے۔ (تعلیقاتِ حاضر ۳۸/ ۳ وبہ بعد) ان کے کہنے پر خواجہ جمال الدین حسین جہانگیر کے پاس چلے تو گئے لیکن توجہ ان کی فقر و تجرید ہی کی طرف رہی مختلف طریقوں سے ہر قسم کی مراعات لینے سے انکار کرتے رہے، زاد المعاد ہی سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنا یومیہ بھی کم کر کے صرف ۱۰ روپے قبول کیا، یہی وجہ ہے کہ کتب تاریخ میں اس نام کے کسی منصب دار کا ذکر نہیں ملتا۔

۳۲۴/ ۱۳۔۱۵.....مقابلۂ کتب فقہ و حدیث مثل مشکوٰۃ و سفر السعادت و کیمیائی سعادت وغیرھن.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کے فرزند بزرگ خواجہ جمال الدین حسین جب جہانگیر سے علیحدہ ہو کر آ گئے تو پھر خانقاہ میں ہی تلاوت و مطالعۂ کتب اور مقابلہ کتب متداولہ میں مصروف رہے، مذکورہ کتب حدیث، فقہ و اخلاق میں بہت مشہور ہیں۔

خواجہ جمال الدین حسین کو خواجہ خرد سے بھی کمال درجہ محبت تھی اور ان سے طریقۂ نقشبندیہ میں اجازت بھی حاصل تھی، خواجہ خرد کے مریدِ خاص شیخ کمال محمد سنبھلی جن پر خواجہ جمال الدین حسین ایسی شفقت فرماتے تھے جو تحریر و تقریر سے مبرا ہے لکھتے ہیں:

Marfat.com

باشیخ من (خواجہ خرد) رابطۂ اخلاص و محبتِ تمام دارد و شیخ من اجازت ارشاد طریقۂ نقشبندیہ بوی عنایت کردہ وہم شیخ من رسالہ در وحدت از خلص مصنفات خود از علم توحید نوشتہ بوی عطافرمودہ۔ لطفی وعنایتی کہ برمن دارد زیادہ از گفت ونوشت است (اسراریہ ۱۶۳)

خواجہ جمال الدین حسین کا سال وفات ہمیں معلوم نہیں ہے کتاب اسراریہ کی تکمیل ۱۰۷۳ھ تک بقیدِ حیات تھے۔

۳۲۶/۶_۷ .....شیوہ ورفتار آں نوردیدہ آفرینش نسبت بحضرت ایشاں راست مانند معاملۂ حضرت خواجہ محمد یحییٰ بحضرتِ خواجہ عالم خواجۂ احرار بود.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کا اپنے فرزند اصغر خواجہ سراج الدین محمد کے ساتھ اُسی نوعیت کی محبت والفت تھی جو حضرت خواجہ احرار کو اپنے فرزند خواجہ محمد یحییٰ کے ساتھ تھی، اگر خواجہ سراج الدین محمد چند دنوں کیلئے کہیں جاتے تو جدائی برداشت نہیں کرسکتے تھے، یا ان کے اور ان کے والد گرامی کے ساتھ کوئی معاملہ ہوتا تو آپ رشحات کی وہ فصل پڑھ کر سناتے جو خواجہ محمد یحییٰ سے متعلق ہے، رشحات میں ہے:

بغایت محبوب ومقبول آنحضرت چنانچہ در آخر حیات حضرت خواجہ راقائم مقام خود ساختند.....(۲/۵۷۹)

۳۲۶/۱۳_۱۵ درسفر آخریں کہ باکبرآباد تشریف بردند آں نوردیدۂ افرینش راہمراہ گرفتہ بودند در مدت یک سال درست کہ در دارالسلطنت مذکور توقف واقع شد.....

Marfat.com

یعنی جب آخری ایام مرض میں خواجہ حسام الدین احمد شاہ جہان کی طلبی پر اکبر آباد گئے تو اپنے اس فرزند خواجہ سراج الدین محمد کو ہمراہ لے گئے، خواجہ حسام الدین احمد ایک سال کامل وہاں مقیم رہے۔

اس سے آپ کی دہلی سے روانگی کا سال ۱۰۴۲ھ متعین کیا جا سکتا ہے اور اگلے ہی سال آپ کا اکبر آباد میں وصال ہو گیا تھا۔

خواجہ سراج الدین محمد کو شاہ جہان کی طرف سے قدر وجہ معیشت حاصل تھی، معاصر مولف کمال محمد سنبھلی کا بیان ہے کہ آپ میرے شیخ خواجہ خرد کے خاص شاگرد اور داماد تھے، لکھتے ہیں:

وی نبیسہ شیخ الہداد و بی بی دولت در علوم ظاہر و علوم باطن از مہین شاگردان شیخ من است وداماد شیخ من، عالی فطرت است وبلند ہمت امروز بسا مردم غریب ماوراء النہر وبدخشان در ظل عنایت وی بہرہ مند و مرزوقند وی معزز سلطان ست (اسراریہ ۱۶۳)

مولف نے جو رباعی نقل کی ہے وہ خواجہ سراج الدین محمد کی معلوم ہوتی ہے۔ خواجہ سراج الدین محمد کا سال وفات معلوم نہیں ہے اسرایہ کی تکمیل ۱۰۷۳ء تک بقیدِ حیات تھے۔

یہاں اسراریہ کے منقولہ جملہ کی وضاحت کر دی جائے کہ خواجہ سراج الدین حضرت خواجہ کے خلیفہ شیخ الہ دیا اور بی بی دولت کے نواسے تھے یعنی ان کی بیٹی بی بی زہری خواجہ حسام الدین احمد کے عقد میں تھیں جن سے یہ تولد ہوئے تھے۔

۳۲۹/۷-۹ .....خواجہ محمد قاسم .....خالہ زادۂ حضرت خواجہ اند.....حضرت خواجہ در

Marfat.com

ایام صغرسن بیشتر با والدۂ عزیزۂ ایشاں.....محشور بودہ اند تربیتہا و پرور شہاءِ تمام ازاں مشفقہ مہربان دیدہ.....

یعنی خواجہ محمد قاسم حضرت خواجہ باقی باللہ کی خالہ کے فرزند تھے، حضرت خواجہ کم سنی میں انہی کے ساتھ رہتے تھے اور انہوں نے آپ کی تربیت اور پرورش کی سعادت حاصل کی تھی، ایک عرصہ کے بعد جب حضرت خواجہ نے دہلی میں سکونت اختیار کر لی تو اپنی اس مہربان خالہ کو جن کا وطن کابل تھا دہلی بلا لیا وہ اپنے بیٹوں اور متعلقین سمیت دہلی آ گئیں۔

یہ بہت اہم روایت ہے جو کسی اور تذکرہ میں نہیں ملتی، یعنی حضرت خواجہ کی والدہ کی بہن بھی اس وقت تک بقید حیات تھیں بلکہ وہ حضرت خواجہ کے وصال (۱۰۱۲ھ) کے بعد فوت ہوئیں اس سے ہمارے اس قیاس کو مزید تقویت ملتی ہے کہ حضرت خواجہ کے والد گرامی نے کابل آ کر شادی کی تھی یہ خاندان کا بلی نژاد تھا یہیں حضرت خواجہ کی ۹۷۱ھ میں ولادت ہوئی تھی، زادالمعاد کے الفاظ کہ خالہ کا ''وطن کونہ'' کابل تھا، اس امر کا بین ثبوت ہے۔

۳۳۰/۷۔۸ .....اکنون مدتہاست کہ وضع سپاہگری را قباب حال خود ساختہ اند.....

یعنی خواجہ محمد قاسم نے عرصہ دراز سے فوج میں ملازمت اختیار کر لی ہے، غالباً کوئی بلند مرتبہ عہدہ پر فائز نہیں ہوں گے، اس لیے کتب تاریخ میں ان کے کارنامے درجہ نہیں ہیں۔

۳۳۰/۱۲۔۱۳.....جناب ایشان (میر سلطان منصور) از ابناءِ ملوک دیار بدخشان اند و نوعی قرابتی بحضرت ایشان ما نیز دارند.....

Marfat.com

یعنی میر سلطان منصور کے اجداد ختلان و بدخشان کے حکمران تھے ان کے والد اور دیگر افراد وہاں سے اکبر بادشاہ کے عہد میں ہندوستان چلے آئے تھے یہ حضرات امیر تیمور کی اولاد میں سے تھے، اکبر کے ہاں انہیں اعزاز و اکرام حاصل ہو گیا تھا۔
تفصیل کیلئے تعلیقاتِ حاضر (۲۸ / ۱۴) ملاحظہ کریں

ان میں سے مرزا سلیمان بن خان مرزا بن ..... بن میران شاہ بن امیر تیمور ۹۹۷ھ/۱۵۸۸ء کو لاہور میں فوت ہوا (تاریخ محمدی ۲/۴/۴۶۰) باقی افراد مختلف معزز عہدوں پر فائز رہے اور یہ گروہ ''مرزایان بدخشان'' کہلاتا تھا مآثر الامراء وغیرہ میں ان کے احوال منتشر صورت میں ملتے ہیں۔ (تعلیقات مذکورہ ۲۹ / ۱۲)

البتہ یہ بات یہاں پہلی بار بیان ہوئی ہے کہ اس خانوادۂ ملوک کی نواب غازی خان (والد خواجہ حسام الدین احمد) سے رشتہ داری تھی، کیا رشتہ تھا یہ ہمیں معلوم نہیں ہے۔

۳۳۰/۲۰، ۳۳۱/۱-۵

آں جناب (میر سلطان منصور) ..... بعضی از فتورات عہد حضرت جنت مکانی ..... خویشتن را سبک از محشر حشرات دنیا پرستان بیرون آوردہ بخدمت حضرت ایشان پیوستہ .....

یعنی ابتداء میں اپنے اجداد کی طرح میر سلطان منصور بھی سلطنت سے وابستہ رہے اور پھر عہد اکبری و جہانگیری کے فتورات اور مسلمانان ہندو مزاج کی صحبت سے دل برداشتہ ہو کر ان سے الگ ہو گئے اور خواجہ حسام الدین احمد سے روحانی وابستگی اختیار کر لی۔ (رک مقدمہ

Marfat.com

کتاب ہذا)

۳۳۱/۸۔۱۱ .....زبان مدحت وتوصیف.....حضرت میاں شیخ احمد قدس سرہ کشودند و ترغیب وتشویق تمام فرمودہ آں جناب را بخدمت حضرت میاں قدس سرہ فرستادند.....

یعنی جب میر سلطان منصور نے خواجہ حسام الدین احمد سے تعلیم طریقہ کی درخواست کی تو انہوں نے حضرت مجدد الف ثانی کی تعریف و توصیف میں بہت کچھ کہہ کر انہیں خود سرہند بھیجا جہاں انہیں بہت روحانی فوائد حاصل ہوئے، حضرت مجدد الف ثانی کے احوال پر دو معاصر تذکروں زبدۃ المقامات اور حضرات القدس میں میر منصور کے سرہند حاضر ہوکر فیض یاب ہونے کا ذکر نہیں ملتا البتہ مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی میں ایک مکتوب الیہ میر منصور بیگ ہیں جن کے نام مکاتیب سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ یہی بزرگ ہیں:

۳/۵۶/۳۹۸ سے جو خواجہ خرد اور خواجہ جمال الدین حسین بن خواجہ حسام الدین احمد کے نام سے لکھا ہے کہ از میر منصور بیگ چہ گوید کہ ہمیشہ آرزوئے صحبت دارند واز قوت بفعل نمی آرند.....

اس کے علاوہ میر منصور کے نام آپ کے مندرجہ ذیل مکاتیب ہیں:

۳/۶۳، ۶۷، ۱۲۰

آخری مکتوب میں ان کے ملازمت ترک کر کے گوشہ نشینی اختیار کرنے پر تحسین فرمائی ہے، اسی خط میں خواجہ خرد کے سرہند سے دہلی واپس جانے اور بھرپور روحانی فوائد حاصل ہونے کا ذکر فرمایا ہے، جو اس امر پر شاہد ہے کہ ان میر منصور بیگ کا تعلق اسی درگاہِ حضرت خواجہ

Marfat.com

باقی باللہ (دہلی) سے تھا۔

زادالمعاد ہی میں (لاحقہ قسم اول خاتمہ) میں حضرت خواجہ کے سمرقند سے خلافت یاب ہوکر واپس آنے کا انتظار کرنے والے افراد کی فہرست میں مرزا منصور بیگ ولد مہدی خان کا نام بھی درج ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اس حلقہ کے قدیم اوراولین افراد میں سے تھے۔

۲۰/۳۳۱، ۱/۲۳۲

چوں یادایشان درخاطر پادشاہ مبرور حضرت جنت مکانی مخطور بود بعنایت والتفات ایشان راطلبیدہ.....

یعنی میر سلطان منصور جہانگیر بادشاہ کو جب یاد آئے تو اس نے انہیں بلا بھیجا اوراعزازات سے نوازا، توزک جہانگیری میں اس نام کی کسی شخصیت کا ذکر نہیں ہے، ایک منصور خان کا چند مرتبہ نام آیا ہے جس سے یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ یہ زیر نظر شخصیت ہیں۔

۱۰۳۵ھ/۱۶۲۶ء کے واقعات کے تحت مہابت خان کی بغاوت کے سلسلہ میں جہانگیر کی میر منصور بدخشی سے ترکی میں گفتگو کا ذکر ملتا ہے (توزک ۴۸۷) ممکن ہے کہ اس سے مراد یہی میر منصور بیگ ہوں۔

۵/۳۳۲۔۱۰..... حضرت ایشاں می فرمودند کہ درعہد آں پادشاہ مبرور (جہانگیر) قریب بدآنچہ ازحضرت قاضی اسلم ومولوی میر محمد فاضل ..... نفع وتقویۃ بدین واسلام میرسید واز آں جناب نیز بظہور می آمد..... درحقیقت شیخ الاسلام آن عرصہ جناب میر بودند.....

Marfat.com

یعنی جہانگیر کے عہد میں دین اسلام کو جو تقویت قاضی اسلم ہروی اور قاضی مولوی میر محمد فاضل سے ہوئی وہ قابل توجہ ہے اور اس عہد میں شریعت کی ترویج کیلئے جو کام میر منصور نے کیا حقیقت میں وہی شیخ الاسلام ہیں۔

قاضی اسلم ہروی کے حالات اسی لاحقہ میں ملاحظہ کریں، انہوں نے اہل اسلام کی ہمہ وقت پشت پناہی کی (طبقات شاہ جہانی ۱۰/ ۳۶)

مولانا محمد فاضل بدخشی اپنے عہد کے اکابر علماء میں سے تھے اور حضرت خواجہ باقی باللہ کے مرشد مولانا خواجگی امکنگی کے مرید خاص بھی تھے۔ (طبقات شاہ جہانی ۱۰/ ۳۶) وہ عین القضاۃ ہمدانی کی اولاد میں سے تھے، لاہور میں سکونت اختیار کرلی تھی، جہانگیر نے انہیں پنجاب کی صدارت پر متعین کیا پھر میر عدل عسکر بنا دیا.....شاہ جہان کے ابتدائی عہد میں ملازمت سے علیحدگی اختیار کرلی اور لاہور میں درس وتدریس کا آغاز کردیا۔ ۱۰۵۰ھ/ ۱۶۴۰ء کو فوت ہوئے (مراۃ العالم ۲/ ۲۴۰) (رک مقدمۂ کتاب حاضر)، میر منصور حج کیلئے گئے تھے وہیں مکہ مکرمہ میں دفن ہیں (مکتوبات معصومیہ ۳/ ۷۰/ ۱۱۳۔ ۱۱۴)

۱۸/۳۳۳ .....(خواجہ محمد افضل) از اقرباء قریبہ حضرت ایشانند.....

یعنی خواجہ محمد افضل خواجہ حسام الدین احمد کے قریبی رشتہ داروں میں سے تھے۔

اس وقت تک ہمارے پاس اس امر کی شہادت کیلئے کوئی شواہد نہیں ہیں کہ خواجہ محمد افضل کا خواجہ حسام الدین احمد کے ساتھ نسبی طور پر

Marfat.com

کیا تعلق تھا؟ ایک افضل محمد بن شیخ یوسف تمیمی انصاری آپ کے ہم زلف تھے یعنی ملا مبارک ناگوری کی ایک بیٹی سے ان کا نکاح ہوا تھا لیکن وہ تو بہت پہلے ۱۰۰۳ھ/ ۱۵۹۴ء کو فوت ہو گئے تھے (تاریخ محمدی ۲/۴/۲۵)

اس لئے اس افضل محمد اور خواجہ محمد فضل میں کوئی مناسبت نہیں ہوسکتی موخر الذکر زادالمعاد کی تالیف کے دوران (۱۰۴۴ھ) بقید حیات تھے، ان کے نام کے ساتھ ''دامت برکاتہ'' کا دعائیہ جملہ بھی اس کی شہادت دیتا ہے، افضل محمد کے فرزند عبدالصمد نے ابوالفضل کے انشاء مرتبت کئے تھے اور صوفیہ کا ایک تذکرہ اخبار الاصفیاء بھی تالیف تھا۔

۳۳۴/۴۔۷.....شرح ملا.....بمطول وشرح شمسیہ ----- بہدایہ وتلویح

یہ تمام درسی کتب ہیں جو اس وقت مدارس اسلامیہ پاکستان وہند میں رائج تھیں شرح ملا جامی سے تلویح تک سب کتب معروف اور متداول ہیں۔

۳۳۵/۵۔۶ .....حضرت ایشاں علیۃ التحیۃ والرضوان جناب ایشاں را نیز بملازمت .....حضرت میاں جیو.....فرستادند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد نے خواجہ محمد افضل کو تعلیم وتربیت کیلئے حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں سرہند بھیجا۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابتداء میں انہیں کچھ تردد رہا، خود حضرت مجدد الف ثانی اپنے ایک مکتوب بنام خواجہ خرد اور خواجہ جمال الدین حسین بن خواجہ حسام الدین احمد میں یہ گلہ فرماتے ہیں:

Marfat.com

خواجہ محمد افضل کا کیا گلہ کروں وہ تو تم دونوں سے زیادہ دوستی کے معاملہ میں بہت دور ہیں بلکہ ہماری دوستی سے ہراساں ہیں۔ (مکتوبات ۵۶/۳)

حضرت مجدد الف ثانیؒ کا ایک مکتوب بھی مولانا محمد افضل کے نام ہے جس کا موضوع ہے: دربیان معنی آنکہ گفتہ اند دران حضرت ذوق یافت ست نہ یافت و در تحقیق اندراج النہایۃ فی البدایۃ کہ خاصۂ این طریقہ است و بیان افضلیت این طریقہ بر طرق دیگر (مکتوبات ۴۳/۲)

۳۳۵/۱۱۔۱۳ ..... درعہد..... پادشاہ دین پناہ..... بخدمت خطر قضاء دارالسلطنت نامزد گشتہ .....

یعنی شاہ جہان بادشاہ نے خواجہ محمد افضل کو اکبر آباد طلب کر کے انہیں دارالسلطنت میں قاضی کے عہدہ پر فائز کیا۔

افسوس کہ ہمارے پاس اس امر کی توضیح کیلئے مآخذ نہیں ہیں کہ وہ کب اور کتنا عرصہ قاضی رہے، ڈاکٹر اطہر علی کے مرتبہ گوشواروں سے بھی ہمیں اس نام کے کسی قاضی کا علم نہیں ہو سکا۔

Ather Ali : Apparatus of Empire,

خواجہ محمد افضل حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی سے بھی عقیدت کامل رکھتے تھے اور انہیں حضرات صاحبزادگان سرہند سے قلبی تعلق تھا، حضرت خواجہ شاہ محمد یحییٰ بن حضرت مجدد الف ثانی کا مکتوب لے کر آپ دہلی سے سرہند حاضر ہوئے تھے اور حضرت خواجہ محمد معصوم کی خدمت میں پیش کیا تھا (مکتوبات معصومیہ: ۲/ ۱۱۸)

Marfat.com

خواجہ محمد افضل کو خواجہ محمد عبیداللہ ملقب بہ مروج الشریعت بن حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی کی خدمت میں بھی ارادت کامل تھی انہیں خواجہ عبیداللہ کی طرف سے خلافت ''بطریق سفارت'' بھی حاصل تھی جو انہوں نے خود اپنے ایک مکتوب ۳۱ میں انہیں لکھ کر بھیجی تھی (خزینۃ المعارف:۵۲)

اس کے علاوہ خواجہ عبیداللہ کے ایک اور مکتوب سے ان کے سفر حرمین الشریفین کے ارادہ کا بھی علم ہوتا ہے (ایضاً ۲۹/۵۰) غالباً خواجہ محمد افضل کا یہ سفر انہی حضرات کے ہمراہ ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۶ء میں ہوا ہوگا.....

خواجہ محمد افضل کو جو اجازت وخلافت ملی تھی وہ ''بطریق سفارت'' تھی، خلافت کا یہ سلسلہ حضرت خواجہ محمد معصوم سرہندی نے جاری کیا تھا آپ نے اپنے چار خلفاء کو اورنگ زیب عالمگیر کی تربیت کیلئے جو خلافت مقیدہ دی تھی اسے سفارت کا درجہ بھی حاصل تھا (مقامات معصومی ۱/۱۶۷۔۱۷۳) اس سلسلہ کو آگے بڑھاتے ہوئے آپ کے صاحبزادہ خواجہ عبیداللہ نے انہی اسی خلافت کے اہل قرار دیا تھا کیوں کہ وہ شاہ جہان کی طلبی پر آگرہ میں جاکر وہاں کے قاضی مقرر ہوئے تھے (زادالمعاد ۲۸۰/۱۰/۱۷) گویا وہ خدمت قضا کے ساتھ اصلاح احوال اور ترویج شریعت کا فریضہ بھی انجام دیتے تھے۔

۳۳۶/۱۷۔۱۸..... مخدوم معظم مولانا محمد یوسف مرغینانی اند کہ حضرت ایشانِ ما پارۂ وقتی بہ نزد مخدوم معظم چیزی خواندہ اند.....

یعنی مولانا محمد دوست کے والد مولانا محمد یوسف مرغینانی حضرت

Marfat.com

خواجہ کے اکمل اصحاب میں سے تھے، خواجہ حسام الدین احمد نے ان سے کچھ پڑھا بھی تھا، پھر حضرت خواجہ کے حکم پر وہ حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے اور وہیں سرہند میں ہی انتقال کیا.....

زبدۃ المقامات (ص ۳۶۷) میں مولانا یوسف سمرقندی نام کے حضرت مجدد الف ثانی کے ایک خلیفہ کے جو احوال درج ہیں وہ یہی مولانا محمد یوسف مرغینانی معلوم ہوئے ہیں، مرغینان ماوراء النہر میں فرغانہ کے قریب واقع ہے، فقہ حنفی کی مشہور کتاب الہدایہ کے مولف شیخ الاسلام برہان الدین علی مرغینانی (ف ۵۹۳ھ/ ۱۱۹۷ء) کا تعلق بھی اسی علاقہ سے تھا، سمرقند اور مرغینان انہی علاقوں میں سے ہیں سمرقندی کی زیادہ شہرت کے باعث قیاس ہے کہ مولانا محمد یوسف کو زبدۃ المقامات میں مرغینانی کی بجائے سمرقندی لکھ دیا گیا ہوگا، البتہ زبدۃ المقامات کے مولف کا یہ بیان کہ مولانا حضرت خواجہ کے وصال کے بعد حضرت مجدد الف ثانی سے منسلک ہوئے تھے اور صاحب زاد المعاد کی اطلاع کہ خود حضرت خواجہ کے حکم پر وہ حضرت مجدد الف ثانی کی خدمت میں آئے قدرے تضاد ہے تاہم دونوں مولف معاصر ہیں ان کے بیان کو ترجیح دینے کے ذرائع اب مفقود ہیں۔

حضرت مجدد الف ثانی کا ایک مکتوب (۱/ ۵۷) شیخ محمد یوسف کے نام ہے جہاں ان کے نام کے ساتھ کوئی نسبت درج نہیں ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ بزرگی ان کے خاندان میں موروثی تھی حضرت مجدد الف ثانی نے انہیں دعا دی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے بزرگوں

Marfat.com

کے طریقہ پر قائم رہتے ہوئے شریعت کا پابند رکھے.....

۳۳۷/۷۔۸ .....مولانا دوست محمد نیز درعہد حضرت خواجۂ آفاق قدس سرہ بہفت ہشت سالگی رسیدہ بودند.....

یعنی خواجہ مولانا محمد دوست بن مولانا محمد یوسف مرغینانی حضرت خواجہ باقی باللہ کے حین حیات صرف سات آٹھ سال کے تھے، خود حضرت خواجہ نے تربیت کا آغاز فرمایا، حضرت خواجہ ۱۰۰۷ھ/۱۵۹۸ء کو سمرقند سے خلافت یاب ہوکر دہلی تشریف لائے مولانا محمد دوست انہی ایام میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہوں گے یعنی ان کی ولادت حدود.....۹۹۹ھ=(۱۰۰۷۔۸) کو ہوئی ہوگی۔

۳۳۸/۹۔۱۰ .....آنحضرت لطف فرمودہ رسالہ والدیہ رابایشان عنایت کردہ اند.....

یعنی خواجہ حسام الدین احمد نے مولانا محمد دوست کو رسالہ والدیہ عنایت کیا کہ اسے پڑھیں اور اس کے مطابق عمل کریں۔

رسالہ والدیہ حضرت خواجہ احرار کی تالیف ہے۔ متعدد مرتبہ طبع ہو چکا ہے، تفصیل کے لئے دیکھئے:

احوال وسخنان خواجہ عبیداللہ احرار مولفہ عارف نوشاہی ص ۸۰۔ ۸۴

۳۳۹/۱ ازاعاظم سادات بقعۂ منورہ انروہہ اند.....

مولف نے میر سید ابراہیم کے اجداد کے نام تک نہیں لکھے اس لیے تفصیلات معلوم نہیں ہیں۔

۳۳۹/۳۔۸ .....ازاوایل عہد ..... اکبر پادشاہ دولتہاء صوری بخاندانِ ایشان راہ یافت .....بسی از معضلات امور سلطنت رابدست و بازوی شجاعت وقوت بہ نیروی بسالت می بخشیدند.....

Marfat.com

یعنی میر سید ابراہیم کے اجداد کو اکبر بادشاہ کے ابتدائی عہد میں معزز عہدے ملے اور انہوں نے اہم فوجی مہمات میں شرکت کر کے سلطنت مغلیہ کو استحکام بخشا۔

چونکہ مولف زادالمعاد نے ان کے اجداد کے نام ہی نہیں لکھے اور کسی دوسرے ذریعہ سے ہمیں معلوم بھی نہیں ہو سکے اس لیے اس کی تفصیلات سے ہم واقف نہیں ہیں۔

۳۴۰/۹۔۱۰ .....اکنون من عنایت آنحضرت صاحبِ احول واخلاق پسندیدہ اند.....

یعنی میر سید ابراہیم ان دنوں خواجہ حسام الدین احمد کی عنایت سے پسندیدہ اخلاق کے مالک ہیں گویا وہ زادالمعاد کی تالیف ۱۰۴۴ھ تک بقید حیات تھے۔

میر سید ابراہیم امروہوی، حضرت خواجہ حسام الدین احمد کے تربیت یافتہ مرید تھے۔ ایک میر سید ابراہیم حسین بن حسینی کلابی بھی تھے جو آپ کے داماد اور ان سے مختلف شخصیت تھے، ان کے احوال کتاب حاضر کے مقدمہ میں ملاحظہ کریں

۳۴۰/۱۴۔۱۵ .....آنکہ زادۂ حضرت ایشاں بودہ و والدین او در خدمت حضرت خان و حضرت ایشاں مصدر خدمات پسندیدہ گشتہ بودند

یعنی خوش حال بیگ خواجہ حسام الدین احمد کے پروردہ تھے ان کے والدین نے نواب غازی خان بدخشی (والدِ خواجہ حسام الدین احمد) کی خدمت کی تھی یعنی ان کے زمانہ امارت میں ان کے ملازم تھے، غالباً یہ ان کے ہمراہ بدخشان سے ہندوستان آئے ہوں گے۔

۳۴۱/۸۔۹ ..... در چند روز ازاں عالم رحلت کردہ.....

Marfat.com

یعنی خواجہ حسام الدین احمد کے مرید خوش حال بیگ کا انتقال آپ کے حین حیات ۱۰۴۳ھ سے پہلے ہی ہو گیا تھا۔

تاریخ محمدی (۲/۴/۳۳۸) میں ایک خوش حال بیگ کا ذکر آیا ہے جسے ۹۷۴ھ/۱۵۶۶ء کو قتل کر دیا گیا تھا یقیناً یہ ان سے مختلف شخصیت تھی۔

۱۶/۳۴۱ ..... خواجہ محمد افضل.....

رک تعلیقات ہذا (۱۸/۳۳۳)

۳۴۲/۱۰۔۱۱ .....مولانا محمد حیدر کشمیری .....کہ از اقرباء قریبۂ مادری برادر اعز اکمل خواجہ محمد عبداللہ.....

یعنی مولنا محمد حیدر کشمیری خواجہ خرد بن حضرت خواجہ کی والدہ کے قریبی رشتہ دار تھے، وہ اس طرح کہ مولانا محمد کشمیری کی بیٹی کے بطن سے تھے اسی بیٹی کی بیٹی سے جو دختر تولد ہوئیں وہ حضرت خواجہ کی زوجۂ محترمہ تھیں، شجرۂ تعلیقات حاضر میں ملاحظہ کریں۔(۲۰/۲۸۱)

مولانا حیدر کشمیری کے متعلق معاصر بیان ہے کہ انہوں نے علم حدیث حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی خدمت میں رہ کر حاصل کیا۔ اجازت لے کر کشمیر گئے اور وہاں درس وتدریس میں مصروف ہیں۔ (طبقات شاہ جہانی ۱۰/ ۴۶، نزہۃ الخواطر ۵/ ۱۳۹) یہ شخصیت یعنی مولانا حیدر بن فیروز کشمیری اول الذکر مولانا محمد حیدر کشمیری سے مختلف ہیں کیونکہ زادالمعاد کے بیان کے مطابق یہ کشمیر نہیں گئے تھے بلکہ خانقاہ حضرت خواجہ میں ہی درس وتدریس میں مصروف رہے۔

۳۴۳/۳۔۵ .....میاں شیخ محمد حارث.....ولد شیخ.....تاج الدین

Marfat.com

یعنی حضرت خواجہ کے خلیفہ شیخ تاج الدین سنبھلی کے فرزند شیخ محمد حارث عرب سے اپنے والد کے حکم پر دہلی آئے اور خواجہ حسام الدین احمد کی خدمت میں چند سال رہ کر علوم اور فضائل کا کسب کیا اور پھر واپس مکہ مکرمہ چلے گئے۔

معاصر مولف شیخ کمال محمد سنبھلی جنہوں نے شیخ محمد حارث کو کئی بار دیکھا بھی تھا لکھتے ہیں:

نسبت با پدر خود درست می کند.....روزی در اوائل من با پدر خود (سید لعل) بوی شدم.....نشستہ بود..... پدر من آں روز بہ جمعی از دوستان راتعریف وی ایں عبارت گفتہ کہ امروز انسانی دیدہ ام بر ہیت فرشتہ پس اذاں بسا لہای دراز اول جلوس بادشاہ صاحب قران ثانی (شاہ جہان) ومن در ملازمت شیخ خود (خواجہ خرد) آمدوی داشتم در اکبر آباد روزی یکی آمد بلباس لشکریان قیاس در بر وشمشیری در کمر ساعتی نشست وبرخاست.....منصبی نیک یافتہ بجا گیر خود رفتہ وآنجا کار ہا وشجاعت بجا آورد.....بادشاہ..... پدروی کہ نیک معتقد بودہ است..... گویند خواجہ ابرار (خواجہ حسام الدین احمد) بہ محمد حارث گفت کہ امروز پدر تو در دیار عرب شیخی است مقتدیٰ چرا نہ پیش اوروی ومعزز شوی اوی رفت بمکہ و با پدر صحبت داشت.....پس ازاں از پدر جدا شدہ بحجاز برفت وآں جابر فت از دنیا پیش از پدر بہ پنج روزی درسال ہزار و پنجاہ و یک وقبروی در زمین حجاز است، دراوائل شیخ مرا باوی مراسلات بودہ است (اسرار یہ

Marfat.com

۳۵۳۔۳۵۴)

اس اقتباس سے مندرجہ ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں:

(۱) شیخ محمد حارث خواجہ حسام الدین احمد کے پاس دہلی آنے سے پہلے اپنے شیخ تاج الدین سنبھلی کی خدمت میں سلوک کی ابتدائی تعلیم حاصل کر چکے تھے۔

(۲) مولف اسرایہ نے انہیں اپنے والد سید لعل کے پاس دیکھا تھا۔

(۳) اول جلوس شاہ جہانی ۱۰۳۷ھ/ ۱۶۲۸ء کو مولف نے انہیں اکبر آباد میں دیکھا تھا جو ملازم پیشہ اور سپاہیانہ وضع کے ساتھ خواجہ خرد کے پاس آئے تھے۔

(۴) شاہ جہان نے انہیں جاگیر اور منصب دیا تھا، بادشاہ ان کے والد کا بھی معتقد تھا۔ (احوالِ شیخ تاج الدین ملاحظہ کریں)

(۵) خواجہ حسام الدین احمد نے جب انہیں اپنے والد کی صحبت اختیار کرنے کیلئے کہا تو وہ واپس مکہ چلے گئے۔

(۶) مکہ سے اپنے والد سے رخصت لے کر حجاز گئے تو وہیں اپنے والد کی وفات ۱۰۵۱ھ سے پانچ روز قبل فوت ہو کر دفن ہوئے۔

ان کے والد شیخ تاج الدین سنبھلی نے مکہ مکرمہ میں ۱۸۔ جمادی الاول ۱۰۵۱ھ کو انتقال کیا۔ (اسرار یہ ۳۶)

اس اعتبار سے ان کے فرزند ۱۳۔ جمادی الاول کو فوت ہوئے۔

ہم نے مولف اسرار یہ شیخ کمال محمد سنبھلی کے درج کردہ تاریخِ وسال وصال کو ان کے ہم وطن اور معاصر ہونے کی وجہ سے ترجیح دی

Marfat.com

ہے حالانکہ خلاصۃ الاثر (۱/۴۷۰) میں سال وفات ۱۸ جمادی الاول ۱۰۵۰ھ دیا ہے یعنی ایک سال کا فرق ہے۔

شیخ محمد حارث کے ایک بھائی شیخ محمد معاذ بھی تھے، جو مکہ مکرمہ میں تولد ہوئے، ۱۰۶۰ھ کو ہندوستان آئے، شاہ جہان کو تحائف دیئے، وہ اپنے وطن سنبھل بھی گئے تھے مولف اسراریہ نے انہیں وہاں دیکھا تھا، ایک روز وہ دہلی آئے اور خواجہ خرد بن حضرت خواجہ باقی باللہ سے ملے اور اپنا حال بیان کیا تھا۔ (اسراریہ ۳۵۵)

۳۴۳/۱۰ .....میاں شیخ احمد طغائی حضرت مخدوم زادہ.....حضرت سراج الدین محمد.....

یعنی شیخ احمد خواجہ حسام الدین احمد کے برادر نسبتی اور مخدومزادہ خواجہ سراج الدین محمد کے ماموں تھے ان کی والدہ بی بی زہری خواجہ حسام الدین احمد کی دوسری زوجۂ محترمہ اور بی بی دولت کی بیٹی تھیں جو حضرت خواجہ باقی باللہ کی تربیت یافتہ اور خواتین کی روحانی تربیت کیلئے متعین تھیں (تعلیقاتِ ۲۲۹/۱۵۔۱۷)

۳۴۳/۱۶۔۱۷.....اخوی میر محمد صادق.....ولد خواجہ محمد قلیج طغائی زادہ این فقیر است

یعنی میر محمد صادق بن خواجہ محمد قلیج خان مولف (خواجہ کلاں) کے ماموں خواجہ محمد قلیج خان کے فرزند تھے، شجرۂ انہی تعلیقات میں ملاحظہ کریں۔

۳۴۴/۲۔۳ ..... پسر دیگر خواجہ محمد قلیج اعنی حافظ عنایت اللہ نیز در ملازمت آنحضرت

یعنی خواجہ محمد قلیج خان کے دوسرے فرزند حافظ عنایت اللہ بھی خواجہ حسام الدین احمد کے تربیتِ یافتہ تھے۔ ملاحظہ ہو شجرہ

Marfat.com

۳۴۴/۶۔۷ .....پیر محمد صدیق ولد خواجہ محمد صادق، طغائی زادۂ برادر گرامی فقیر اند.....

یعنی مولف کے برادر اصغر خواجہ خرد کے مامون خواجہ محمد صادق ہمدانی کشمیری کے فرزند خواجہ محمد صدیق تھے جن کی پرورش اور تعلیم وتربیت خواجہ حسام الدین احمد نے کی تھی، ۱۰۷۱ھ/۱۶۶۰ء کو فوت ہوئے (تعلیقاتِ حاضر ۲۸۱/۲۰)

۳۴۴/۱۲۔۱۳ .....میاں محمد قلی ولد.....میاں شیخ رستم.....

یعنی حضرت خواجہ کے خلیفہ میاں شیخ رستم کے فرزند میاں محمد قلی نے کم سنی سے ہی خواجہ حسام الدین احمد سے منسلک ہو کر تربیت حاصل کی، حالات کیلئے دیکھئے تعلیقات ہذا

شیخ احمد گجراتی تربیت یافتہ بی بی قطب (تعلیقات حاضر ۲۶۱/ ۱۴۔۱۸) کی بیٹی بی بی قطب کے انہی فرزند میاں محمد قلی کے نکاح میں تھی (زادالمعاد ۲۸۸/۱۶)

خواجہ صوفی محمد بن خواجۂ بزرگ، یہاں خواجۂ بزرگ سے مراد مخدوم اعظم شیخ حسین خوارزمی (ف ۹۵۸ھ) ہیں۔ (رک زادالمعاد کلمات ۲۰۲)

۳۴۵/۲۔۳ ..... میاں محمد باقر ولد میاں شیخ طاہر فیروز آبادی.....

میاں محمد باقر کے والد میاں شیخ طاہر فیروز آبادی بن مولانا شیخ مبارک کم سنی میں حضرت خواجہ کی خدمت میں آئے اور خواجہ حسام الدین احمد سے سلوک کی تعلیم حاصل کی، حالات کیلئے ملاحظہ زادالمعاد (۲۹۸)

۳۴۸/۱۳۔۱۴.....صلبیہ ایشان (شیخ احمد گجراتی) در حبالہ نبیرۂ حضرت بی بی (قطب)

Marfat.com

میاں محمد قلی است..... (تعلیقاتِ حاضر ۲۸۸/۶۔۱۲)

۳۴۸/۱۶۔۱۷..... بعد از رحلت حضرت ایشان..... یک سال و چند ماہ رحلت نمودند یعنی شیخ احمد گجراتی نے خواجہ حسام الدین احمد کے وصال یکم صفر ۱۰۴۳ھ کے ایک سال چند ماہ بعد وفات پائی یعنی حدود ۱۰۴۴ھ کو فوت ہوئے۔

۳۴۸/۱۸۔۱۹..... میاں شیخ ولی محمد از اولاد شیخ صوفی بدہنی.....

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء اور حضرت شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلی شیخ صوفی بدہنی کی روحانیت کی تعریف کیا کرتے تھے، چنگیزیوں نے دہلی پر حملہ کے دوران حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اور شیخ صوفی بدہنی کو گرفتار کرلیا تھا، جب قیدیوں کو شدید بھوک و پیاس لگی تو خواجہ قطب الدین نے انہیں نان (کاک) دیا اور شیخ صوفی نے پانی کے کوزے دیئے ہندی زبان میں کوزہ کو بدھن کہتے ہیں اسی کرامت کے باعث خواجہ قطب الدین کاکی معروف ہوئے اور شیخ صوفی بدہنی کہلائے (اخبار الاخیار ۱۵۰۔۱۵۱) صوفی بدہنی کیتھل کے باشندے تھے سال وفات معلوم نہیں ہے (گلزار ابرار ۶۷)

۳۴۸/۲۰..... مثل میاں شیخ ولی محمد ولد امجد حضرت شیخ عبدالواحد اجودھنی علیہ الرحمۃ کہ.....

یعنی حضرت خواجہ کے خلیفہ میاں شیخ عبدالواحد اجودھنی (تعلیقاتِ حاضر ۲۰۰/۲۔۵) نے خواجہ حسام الدین احمد کی خدمت میں رہ کر تعلیم و تربیت حاصل کی تھی، مولف نے وضاحت کی ہے کہ حضرت خواجہ کے وصال (۱۰۱۲ھ) کے بعد خواجہ حسام الدین احمد نے شیخ عبدالواحد

Marfat.com

اجودھنی کی اولاد کو خاص عزت واحترام دیا تھا (زادالمعاد ص ۲۳۸)

۳۵۱/۱۔۳ ..... میاں محمد یوسف برادرزادہ وداماد حضرت میاں شیخ الہ داد.....درسن پانزدہ شانزدہ سالگی از قصبہ انبروہہ کہ وطن ایشاں است بدہلی رسیدہ.....

یعنی حضرت خواجہ کے خلیفہ میاں شیخ الہ داد امروہوی (ف ۱۰۵۱ھ/۱۶۴۱ء) [اسرایہ ۴۳، تاریخ امروہہ ۲/۱۷، طبقات شاہ جہانی ۱۰/۱۸] کے بھانجے اور داماد میاں شیخ محمد یوسف نے بھی خواجہ حسام الدین احمد کی خدمت میں رہ کر تعلیم وتربیت حاصل کی تھی۔

۱۲/۳۵۲ احقر عبیداللہ عبیداللہ الزاہدی الاحراری.....

یعنی مولف کتاب حاضر زادالمعاد حضرت عبیداللہ ملقب بہ خواجہ کلاں نے اپنی دو نسبتیں زاہدی اور احراری لکھی ہیں۔

زاہدی نسبت ہے مولانا محمد زاہد وخشی کی طرف، حصار کے مضافات میں ایک موضع وخش ہے جسے وخشوار بھی کہتے ہیں۔ (نسمات القدس ۲۷۴) موصوف مولانا یعقوب چرخی کے قریبی عزیزوں میں سے تھے، پھر حضرت خواجہ احرار کی خدمت میں رہ کر سلوک کی تکمیل کی، چونکہ حضرات نقشبندیہ کا سلسلۂ ارادت مولانا محمد زاہد وخشی کے ذریعہ خواجہ احرار سے واصل ہوتا ہے، اس لیے مولف نے اپنی نسبت ''زاہدی'' لکھی۔

دوسری نسبت احراری، مشہور نقشبندی بزرگ حضرت خواجہ عبیداللہ احرار سے ہے مولف کا نام بھی انہی کے نام پر عبیداللہ رکھا گیا تھا۔

۱۳/۳۵۲ ..... قابل الدفع جسد مطہر حضرت خواجہ است.....

Marfat.com

یعنی مولف حضرت باقی باللہ کے فرزند گرامی تھے۔

۳۵۲/۱۴ ..... درحین رحلت آن عالی حضرت دوسالہ وچہار ماہ وشش روزہ بودہ

یعنی خواجہ کلاں حضرت خواجہ کے وصال (۱۰۱۲ھ) کے وقت دوسال چار ماہ اور چھ یوم کے تھے۔

خود حضرت خواجہ نے اپنے دونوں صاحبزادوں کی ولادت (۱۰۱۰ھ) کے موقع پر قطعۂ تاریخ ولادت لکھا تھا، فرماتے ہیں:

مابین ظہور آں دو گوہر بگذشتہ چہار ماہ و اکثر
آں گشتہ دریں خرابہ منزل روز یکم از ربیع الاول

(کلیات خواجہ باقی باللہ ص ۲۴۴)

یعنی خواجہ کلاں یکم ربیع الاول کو تولد ہوئے اور اسی سال (۱۰۱۰ھ) حضرت خواجہ کی دوسری زوجۂ محترمہ کے بطن سے حضرت محمد عبداللہ ملقب بہ خواجہ خرد کی ولادت ۶ رجب کو ہوئی اس اعتبار سے ٹھیک چار ماہ کا وقفہ ہے چھ یوم کا علم زادالمعاد سے ہوتا ہے۔

۳۵۳/۳ ..... والدۂ ماجدۂ ایں مسکین.....

حضرت خواجہ کلاں کی والدہ محترمہ یعنی حضرت خواجہ کی زوجۂ اول جو نواب محمد جان مدعو بہ خلج بہادر کی بیٹی اور نواب قلیج خان کی بہن تھیں۔

۳۵۵/۱-۴ .....خواجہ محمد عبداللہ و حضرت مخدومزادہ بزرگ خواجہ جمال الدین حسین بشرف تلقین و اخذ طریقہ از قطب المحققین حضرت میاں شیخ احمد و حضرت میاں شیخ الہ داد مشرف شدند.....

Marfat.com

یعنی ابتدائی سلوک کی تحصیل کے بعد خواجہ حسام الدین احمد نے مجھے، میرے چھوٹے بھائی خواجہ خرد اور اپنے بڑے فرزند خواجہ جمال الدین حسین کو مزید تعلیم سلوک و تکمیل کیلئے حضرت مجدد الف ثانی اور میاں شیخ الہ داد کی خدمت میں بھیجا۔

حضرت مجدد الف ثانی کے کئی مکاتیب خواجہ کلاں کے نام ہیں (رک مقدمۂ کتاب حاضر، احوالِ مولف)

۶/۳۶۰ .....تمت رسالہ فی.....من شہر رمضان المبارک احدی یوماً سنہ اربعہ و اربعین بعد الالف.....

یعنی کتاب حاضر زاد المعاد یکم رمضان المبارک ۱۰۴۴ھ کو مکمل ہوئی۔ (رک مقدمۂ کتاب ہذا)

Marfat.com

مآخذ مقدمہ وتعلیقات

مخطوطات

آدم بنوڑی، شیخ: خلاصۃ المعارف، مملوکہ جناب خلیل الرحمن داؤدی، لاہور
بدرالدین سرہندی، شیخ: حضرات القدس، جلد اول، عجائب گھر، لاہور
ایضاً: سنوات الاتقیا، کتابخانہ درگاہ خواجہ غلام محی الدین قصوری، قصور
توکل بیگ: نسخہ احوال شاہی، کتابخانہ برٹش میوزیم، لندن، ۱۳۰/۳۲۰۳
خواجہ خرد (عبداللہ) شرح رباعیات، کتابخانہ خانقاہ شاہ ابوالخیر، دہلی
ایضاً: بحرالحقائق، کتابخانہ انڈیا آفس، لندن
خواجہ کلاں (عبیداللہ) مبلغ الرجال، کتابخانہ انڈیا آفس، لندن
شیر محمد: بازنامہ، مملوکہ جناب خلیل الرحمن داؤدی، لاہور
عبدالفتاح، مفتاح العارفین، ذخیرۂ شیرانی، کتابخانہ دانش گاہ، پنجاب، لاہور
عبدی، عبداللہ خویشگی قصوری: معارج الولایت، ذخیرۂ آذر، کتابخانہ دانش گاہ پنجاب، لاہور
کمال محمد سنبھلی: اسراریہ، کتابخانہ، ندوۃ العلماء، لکھنو
کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ، کتابخانہ خانقاہ خواجہ غلام نبی، للہ ضلع جہلم
محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین (جلد سوم) کتابخانہ انڈیا آفس، لندن
محمد ہاشم کشمی: نسمات القدس، کتابخانہ، گنج بخش، مرکز تحقیقات، فارسی ایران پاکستان، اسلام آباد

Marfat.com

مجدالدین: جامع السلاسل، کتابخانہ گنج بخش، اسلام آباد
معین الدین خاوندی کشمیری: کتاب رضوانی، مملوکہ جی معین الدین، لاہور
ایضاً: مقامات محمودیہ، کتابخانہ گنج بخش، اسلام آباد

مطبوعات عربی

آزاد، غلام علی بلگرامی: سبحۃ المرجان فی آثار ہندوستان مرتبہ فضل الرحمن ندوی، علی گڑھ، ۱۹۷۶ء
ابن سعد: الطبقات الکبریٰ، مدینۃ المنورہ، ۱۹۸۷ء
ابونعیم اصفہانی: حلیۃ الاولیاء، بیروت ۱۹۸۰ء
ابن عساکر: تاریخ مدینہ دمشق مرتبہ محب الدین ابی سعید عمر، بیروت ۱۹۹۵ء
خطیب، ابوبکر احمد: تاریخ مدینۃ الاسلام مرتبہ بشار عواد معروف، بیروت، ۲۰۰۱ء
زامباور: معجم الانساب ترجمہ ذکی محمد حسن بک، بیروت ۱۹۸۰ء
ذہبی، شمس الدین محمد: سیر اعلام النبلاء مرتبہ جماعۃ محققون، بیروت ۱۹۸۱ء ۱۹۸۸ء
ایضاً: تاریخ الاسلام وطبقات المشاہیر والاعلام مرتبہ عمر عبدالسلام تدمری، دمشق ۲۰۰۳ء
زرکلی، خیرالدین: الاعلام، بیروت ۱۹۵۹ء
زغلول، محمد سعید: موسوعۃ اطراف الحدیث النبوی الشریف، بیروت ۱۹۸۹ء
سلمی، ابوعبدالرحمن: طبقات الصوفیہ مرتبہ نورالدین شریبہ، قاہرہ ۱۹۵۳ء
سمعانی، عبدالکریم: الانساب مرتبہ ابوعبدالرحمن معلمی، حیدرآباد، دکن، ۱۹۶۳ء ۱۹۸۲ء

Marfat.com

حاجی خلیفہ: کشف الظنون مرتبہ شرف الدین یالتقایا، بیروت۔ (س۔ن)
عبدالحی حسنی: الثقافۃ الاسلامیہ فی الھند، دمشق، ۱۹۸۵ء
ایضاً: نزہۃ الخواطر، حیدرآباد، دکن
غزی، نجم الدین: الکواکب السائرہ، بیروت ۱۹۵۴ء
قرشی، ابی محمد عبدالقادر: الجواھر المضیہ، حیدرآباد، دکن، ۱۳۲۲ء
کحالہ، عمر رضا: معجم المولفین، بیروت، ۱۹۵۷ء
صیمری، ابوعبداللہ حسین: اخبار ابی حنیفہ واصحابہ، حیدرآباد، دکن، ۱۹۷۴ء
محبی، محمد بن فضل اللہ: خلاصۃ الاثر، بیروت طبع عکسی
المزی، جمال الدین: تہذیب الکمال فی اسماء الرجال مرتبہ بشار عواد معروف، بیروت ۲۰۰۲ء
وحدت، عبدالاحد سرہندی: لطائف المدینۃ (احوال خواجہ محمد سعید سرہندی) تحقیق وتعلیق محمد اقبال مجددی، لاہور، ۲۰۰۴ء
یاقوت حموی: معجم البلدان، بیروت (طبعی عکسی قدیم)

مطبوعات فارسی

آزاد، غلام علی بلگرامی: خزانہ عامرہ مرتبہ شکیل اسلم بیگ، تہران ۲۰۱۲ء
ایضاً: مآثر الکرام، مرتبہ محمد عبدہ، لاہور، ۱۹۷۱ء
ایضاً: سرو آزاد مرتبہ عبداللہ خان وعبدالحق، حیدرآباد دکن، ۱۹۱۳ء
امین رازی: ہفت اقلیم مرتبہ سعید محمد رضا طاہری حسرت، تہران، سروش ۱۳۷۸ء
الہ بخش گڈ مکتسیری: مونس الذاکرین، بریلی، ۱۸۸۸ء
باقی باللہ، خواجہ: کلیات، مرتبہ ابوالحسن زید فاروقی وبرہان احمد فاروقی، لاہور، ۱۹۶۷ء

Marfat.com

بدایوانی، عبدالقادر، منتخب التواریخ، کلکتہ، ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال، ۱۸۶۸۔
۱۸۶۹ء، تہران، ایران، ۲۰۰۱ء
ایضاً: نجات الرشید مرتبہ معین الحق، لاہور، ۱۹۷۳ء
عرفانیات باقی، مرتبہ حیرت کاظمی، دہلی، ۱۹۷۰ء
حبیبی، عبدالحی، تاریخ افغانستان در عصر گورگانی، کابل، ۱۳۲۰ ش
ایضاً، رفع یک اشتباہ قدیم در بارہ ترک وترک واصل خلجیان افغان، مقالہ
مشمولہ یادنامہ ایرانی مینورسکی مرتبہ مجتبی مینوی وایرج افشار، تہران، ۱۹۶۹ء
بارٹولڈ، وی، وی: ترکستان نامہ ترجمہ کریم کشاورز، تہران ۱۳۰۳ ش
ایضاً: گزیدۂ مقالات تحقیقی ترجمہ کریم کشاورز، تہران ۱۳۵۸ ش
اوحدی، تقی الدین: عرفات العاشقین، مرتبہ ذبیح اللہ صاحبکاری، آمنہ فخر
الدین، تہران، ۲۰۱۰ء
تقی الدین کاشانی: خلاصۃ الاشعار (بخش کاشان واصفہان) تہران، ۲۰۰۵ء
تاریخ الفی مرتبہ گروہ مولفین احمد ٹھٹھوی، آصف خان قزوینی وغیرہ تصحیح غلام رضا
مجد تہران، ۱۳۸۲ ش
بختاور خان: مراۃ العالم مرتبہ ساجدہ علوی، لاہور، ۱۹۷۹ء
بایزید بیات: تذکرۂ ہمایوں واکبر مرتبہ ہدایت حسین، کلکتہ، ۱۹۴۱ء
احمد ابوالخیر مکی: ہدیہ احمدیہ (انساب اولاد حضرت مجدد الف ثانی) کانپور، ۱۳۱۳ء
ابوالفضل علامی: آئین اکبری مرتبہ سر سید احمد خان، لکھنو، نولکشور ۱۸۶۹ء
ایضاً: اکبر نامہ کلکتہ ج ۱، دہلی، ج ۲۔ ۳ کلکتہ، ۱۸۷۳۔۱۸۸۷ء
ایضاً: مہابھارت (مقدمہ) لکھنو، نولکشور ۱۸۷۹ء
ایضاً رقعات ابوالفضل لکھنو، نولکشور ۱۸۷۸ء

Marfat.com

احمد منزوی: فہرستوارہ کتابہای فارسی، تہران ۱۳۷۴ ش
ایضاً: فہرست مشترک نسخہ ہای خطی فارسی پاکستان، اسلام آباد، ۱۴ ج
اقتدار حسین صدیقی: مجمع الافکار، (مجموعہ مکاتیب تاریخی) پٹنہ ۱۹۹۳ء
باخزری، عبدالواسع نظامی: مقامات جامی مرتبہ نجیب مائل ہروی، تہران ۱۳۷۱ ش
بدرالدین سرہندی، شیخ: حضرات القدس مرتبہ محبوب الٰہی، لاہور، ۱۹۷۱ء
بیولر، آرتھر، فہارس تحلیلی ہتشگانہ مکتوبات احمد سرہندی، لاہور، ۲۰۰۱ء
جامی، عبدالرحمن: نفحات الانس مرتبہ محمود عابدی، تہران، ۱۳۷۰ ش
ایضاً: دیوان جامی، مرتبہ ہاشم رضی، تہران (س۔ن)
ایضاً: ہفت اورنگ، تہران ۱۳۸۵
جہانگیر بادشاہ: توزک جہانگیری مرتبہ سرسید احمد خان، علی گڑھ، ۱۸۶۴ء
ومرتبہ محمد ہاشم، تہران، ۱۳۵۹ ش
حارثی، محمد بن رستم: تاریخ محمدی (۲/۴۔۵) مرتبہ نثار احمد فاروقی، رام پور
(۲/۶) مرتبہ امتیاز علی عرشی، علی گڑھ، ۱۹۶۱ء
حبیب اللہ: ذکر جمیع اولیای دہلی مرتبہ شریف حسین قاسمی، ٹونک، ۱۹۸۸ء
حکمت، علی اصغر، جامی، تہران، ۱۳۶۳ ش
حمید شاعر قلندر: خیر المجالس (ملفوظات شیخ نصیر الدین محمود چراغ دہلی) مرتبہ
خلیق احمد نظامی، علی گڑھ، ۱۹۵۹ء
خافی نان: منتخب اللباب، کلکتہ، ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال، ۱۸۷۴ء
خواندامیر، غیاث الدین، حبیب السیر، تہران، ۱۳۵۳ ش
خوشگو، بندرابن داس: سفینہ خوشگو، ج ۳ مرتبہ عطاء الرحمن کاکوی، پٹنہ، ۱۹۵۹ء،
ج ۲ مرتبہ سید کلیم اصغر، تہران، ۱۳۸۹ ش

Marfat.com

انوشہ، حسن: دانشنا ئیہ زبان وادب فارسی درافغانستان، تہران ۱۳۸۱ ش
تاج الدین حسین خوارزمی، شرح فصوص الحکم، تہران، ۱۳۶۸ مئی
دارالشکوہ: سکینۃ الاولیاء مرتبہ تاراچند وجلالی نائنی، تہران ۱۹۶۰ء
برنی، ضیاءالدین: تاریخ فیروز شاہی، کلکتہ، ۱۸۶۲ء
دانشنامہ زبان وادب فارسی درشبہ قارہ، تہران، ایران
احرار، عبیداللہ، خواجہ، رسالہ والدیہ، مشمولہ مقالات عارف، تہران
رحمن علی: تذکرہ علمای ہند، لکھنو، نولکشور، ۱۹۱۴ء
دھخدا: لغت نامہ، تہران
راشدی، حسام الدین، تکملہ تذکرہ شعرای کشمیر، لاہور، ۱۳۶۸ ش
ساقی، مستعدخان: مآثر عالمگیری، کلکتہ ۱۸۷۱ء
سٹوری، سی اے: ادبیات فارسی (روسی ترجمہ برگل) تہران ۱۳۶۳ ش
سلمان بن سعداللہ: احوال مشائخ کبار (ملفوظات شیخ محمد اشرف شطاری لاہوری)
مرتبہ محمد اقبال مجددی، اسلام آباد، مرکز تحقیقات فارسی، ۲۰۰۰ء
سنگ محمد بدخشی: تاریخ بدخشاں مع تتمہ مولفہ میرزا افضل علی بیگ سرخ افسر،
مرتبہ، منوچہر ستودہ، تہران، ۱۳۶۷ ش
سنگین بیگ، مرزا: سیر المنازل مرتبہ شریف حسین قاسمی، دہلی، ۱۹۸۲ء
سیف الدین، خواجہ: مکتوبات سیفیہ مرتبہ غلام مصطفی خان، کراچی،
صادق کیا: نقطویان یا پسیخوانیاں، تہران، ۱۳۲۰ ش
صفراحمد معصومی: مقامات معصومی تحقیق وتعلیق وترجمہ محمد اقبال مجددی، لاہور،
ضیاءالقرآن پبلی کیشنز، ۲۰۰۴ء
عارف نوشاہی: احوال وسخنان خواجہ عبیداللہ احرار، تہران، ۱۳۴۰ ش

Marfat.com

عبدالباقی نہاوندی: مآثر رحیمی، مرتبہ ہدایت حسین، کلکتہ، ۱۹۲۵۔۱۹۳۱ء

عبدالحمید لاہوری: بادشاہ نامہ، کلکتہ ۱۸۶۶۔۱۸۷۲ء

عبدالحق محدث دہلوی: اخبار الاخیار، دہلی، مطبع مجتبائی، ۱۳۳۲ھ مرتبہ علیم اشرف، تہران

ایضاً: مدارج النبوۃ، لکھنو، نولکشور، ۱۸۶۷ء

ایضا: رسالہ نوریہ سلطانیہ مرتبہ محمد سلیم اختر، اسلام آباد ۱۹۸۵ء

ایضاً: اشعۃ اللمعات، لکھنو، نولکشور، ۱۳۰۲ھ

عبدالستار لاہوری: مجالس جہانگیری مرتبہ عارف نوشاہی و معین نظامی، تہران، ایران

عبیداللہ مروج الشریعت: خزینۃ المعارف (مکتوبات خواجہ مروج الشریعہ) مرتبہ غلام مصطفی خان، حیدرآباد، سندھ، ۱۹۷۳ء

ایضاً: حسنات الحرمین (ملفوظات و مکاشفات خواجہ محمد معصوم سرہندی) ترجمہ فارسی محمد شاکر سرہندی، تحقیق و تعلیق و ترجمہ محمد اقبال مجددی، موسیٰ زئی، ۱۹۸۱ء

عطار، فریدالدین، نیشاپوری، تذکرۃ الاولیاء مرتبہ محمد استیلامی، تہران، ۱۳۶۰ش

عفیف، شمس سراج: تاریخ فیروز شاہی، کلکتہ ۱۸۸۸ء

عرفی شیرازی: قصائد عرفی، لکھنو، نولکشور

غلام سرور لاہوری، مفتی: خزینۃ الاصفیاء، کانپو، ۱۸۷۳ء

غوثی مانڈوی: گلزار ابرار مرتبہ محمد ذکی، پٹنہ

غلام حسن کھویہامی، تاریخ کشمیر حسن، کشمیر ۱۹۵۶ء

فخری ہروی: روضۃ السلاطین، مرتبہ حسام الدین راشدی، حیدرآباد، سندھ ۱۹۶۸ء

فرید بھکری: ذخیرۃ الخوانین مرتبہ معین الحق، کراچی۔ ۱۹۶۸۔۱۹۷۰ء

فضل اللہ قندھاری: عمدۃ المقامات، لاہور، ۱۳۵۵ھ

Marfat.com

فیضی، ابوالفیض، انشای فیضی مرتبہ اے ڈی ارشد، لاہور، ۱۹۷۳ء
فیروزشاہ: فتوحات فیروزشاہی مرتبہ عذرا علوی، دہلی
ایضاً: کلیات فیضی مرتبہ اے ای ارشد، لاہور، ۱۹۶۷ء
فہرست نسخہ ہای خطی فارسی کتابخانہ رضا، رام پور
فخرالدین حسین واعظ کاشفی: رشحات عین الحیات، تہران، ۱۳۷۷ ش
کمال الدین عبدالرزاق: مطلع سعدین مرتبہ محمد شفیع، لاہور، ۱۳۶۰_۱۳۶۸ھ
کیول رام: تذکرۃ الامراء مرتبہ معین الحق وانصار زاہد خان، کراچی ۱۹۸۶ء
کنبوہ، محمد صالح لاہوری: عمل صالح مرتبہ غلام یزدانی ووحید قریشی، لاہور، ۱۹۷۲ء
قندھاری، محمد عارف، تاریخ اکبری مرتبہ حاجی معین الدین، اظہر علی، عرشی، رام پور ۱۹۶۲ء
قاموس جغرافیائی افغانستان، کابل
قاطعی ہروی: مجمع الشعرای جہانگیر شاہی مرتبہ محمد سلیم اختر، کراچی
گلچیں معانی، احمد: کاروان ہند، مشہد
فوتی، محمد الدین، روضۃ الابرار، لاہور
کیخسرو اسفندیار: دبستان مذاہب مرتبہ رحیم رضازادہ ملک، تہران، ۱۳۶۲ ش
لیسترنج: جغرافیہ خلافت شرقی ترجمہ محمود عرفان، تہران ۱۳۶۴ ش
لعلی، لعل بیگ: ثمرات القدس مرتبہ سید کمال حاج سید جوادی، تہران ۱۳۷۶ ش
مجدد الف ثانی، شیخ احمد سرہندی: مکتوبات امام ربانی مرتبہ نور احمد امرتسری، امرتسر ۱۳۳۴ھ
ایضاً: رسائل مجددیہ مرتبہ محبوب الٰہی، لاہور، ۱۹۶۵ء
محمد امین قزوینی: پادشاہ نامہ (بخش تراجم اعیان) مرتبہ محمد سلیم اختر، مشمولہ

Marfat.com

(رسالہ) اردو، کراچی، ج ۵۵، ش ۱، ۳ (۱۹۷۹ئ)
محمد اعظم دیدہ مری: تاریخ کشمیر اعظمی، مقبوضہ کشمیر ۱۳۵۵ھ
محمد معصوم، خواجہ: مکتوبات معصومیہ ج اول کانپور ۱۳۰۴ھ، دوم لدھیانہ ۱۳۲۴ھ، سوم مرتبہ نور احمد امرتسری، امرتسر، ۱۳۴۰ھ
جلد اوّل و دوم مرتبہ غلام مصطفی خان، کراچی ۱۹۷۶ء
محمد نقشبند ثانی، حجۃ اللہ: وسیلۃ القبول الی اللہ والرسول مرتبہ غلام مصطفی خان، حیدر آباد، سندھ، ۱۹۶۳ء
محمد ہاشم کشمی، زبدۃ المقامات، لکھنو، نولکشور، ۱۳۰۷ھ
مظہر جان جاناں شہید: مکتوبات مرتبہ عبدالرزاق قریشی، بمبئی ۱۹۶۶ء
مطربی سمرقندی: تذکرۃ الشعراء مرتبہ اصغر جانفدا، تہران، ۱۳۷۷ھ
مسکین، محی الدین: تحائف الابرار، امرتسر ۱۳۲۱ھ
محمد صادق ہمدانی کشمیری: کلمات الصادقین (تذکرہ مدفونین دہلی تا ۱۰۲۳ھ) مرتبہ محمد سلیم اختر، اسلام آباد، ۱۹۸۸ء
ایضاً: طبقات شاہ جہانی (طبقہ نہم و دہم) مرتبہ محمد اسلم خان، دہلی ۱۹۹۰ـ ۱۹۹۳ء)
محمد سعید، خواجہ: مکتوبات سعیدیہ جامع محمد فرخ مجددی، لاہور، ۱۳۸۵ھ
محمد یوسف، منشی: تذکرہ مقیم خانی مرتبہ فرشتہ صرافان، تہران، ۱۳۸۰ھ
نظام الدین احمد بخشی: طبقات اکبری مرتبہ بی ڈی، بینی پرشاد، کلکتہ ۱۹۳۶ء
نظام غریب یمنی: لطائف اشرفی، دہلی، ۱۲۹۸ھ
ناصر الدین بخاری: تحفۃ الزائرین، بخارا، ۱۳۲۸ھ
نثاری، بہاء الدین حسن بخاری: مذکر احباب، حیدر آباد، دکن، ۱۹۶۹ء
نمکین، ابوالقاسم حسینی: منشآت نمکین مرتبہ اشتیاق احمد ظلی، دہلی ۲۰۰۷ء

Marfat.com

وحدت، عبدالاحد سرہندی: گلشن وحدت، مرتبہ عبداللہ جان فاروقی، کراچی ۱۹۶۶ء
وڈیرہ، گنیش داس: چار باغ پنجاب، مرتبہ کرپال سنگھ، امرتسر ۱۹۶۵ء
ولی اللہ شاہ: انفاس العارفین، دہلی مطبع مجتبائی، ۱۳۳۵ھ
یزدی، شرف الدین، ظفر نامہ، تہران ۱۳۳۶ش

مطبوعات ترکی

احرار، عبیداللہ، خواجہ: رسالہ والدیہ ترکی ترجمہ ظہیر الدین بابر بادشاہ مرتبہ اکمل ایوبی، علی گڑھ، مسلم یونیورسٹی، ۱۹۶۸ء
طوسون، نجدت: بہاؤالدین نقشبند بخاری (مقالہ برائے حصول درجہ پی ایچ ڈی) انقرہ ۲۰۰۲ء
مجدد الف ثانی، شیخ احمد سرہندی، مکتوبات ترجمہ سلیمان سعد الدین مستقیم زادہ، مکتبہ المحمودیہ، استنبول
محمد معصوم، خواجہ، مکتوبات قدسیہ ترجمہ مستقیم زادہ، استنبول، ۱۸۶۰ء
فخر الدین علی کاشفی: رشحات عین الحیات، ترجمہ ابن محمد شریف عباسی، مکتبہ المحمودیہ، استنبول

مطبوعات اردو

آزاد، ابوالکلام: تذکرہ مرتبہ مالک رام، دہلی، ۱۹۶۸ء
ابوالحسن، سید: آئینہ اودھ، کانپور، مطبع نظامی، ۱۳۰۵ء
احمد خان، سرسید: آثار الصنادید مرتبہ خلیق انجم، دہلی ۱۹۹۰ء

Marfat.com

احمد قادری، سید: تذکرہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی، پٹنہ ۱۹۵۰ء

ادریس احمد: سرہند میں فارسی ادب، دہلی ۱۹۸۸ء

اطہر مبارک پوری، قاضی: دیار پورب میں علم اور علماء، دہلی ۱۹۷۸ء

اکرام، ایس، ایم، رودِ کوثر، لاہور، ۱۹۷۰ء

بشیر الدین احمد: واقعات دارالحکومت دہلی، ۱۹۹۰ء

برکت علی منشی: مراۃ الحقائق (احوال شیخ عبدالحق محدث) رام پور، ۱۳۲۲ھ

جہلمی، فقیر محمد، حدائق الحنفیہ مرتبہ خورشید احمد یوسفی، لاہور

راشدی، حسام الدین: مرزا غازی بیگ ترخان اور اس کی بزم ادب، کراچی

رحمن علی: تذکرہ علماء ہند ترجمہ وحواشی محمد ایوب قادری، کراچی، ۱۹۶۱ء

زوار حسین شاہ: حضرت مجدد الف ثانی، کراچی، ۱۹۷۲ء

خورشید مصطفی رضوی: تذکرہ بدر چشت، ۱۹۷۵ء

رحیم بخش امروہوی، تواریخ واسطیہ، مراد آباد، ۱۳۲۲ھ

دیسائی، ضیاء الدین: اکبر کا پس از مرگ خطاب عرش آستانی، مقالہ مشمولہ نذر مختار، دہلی

حسن کھویہامی: تاریخ حسن (جلد سوم) تذکرہ صوفیہ کشمیر، مقبوضہ کشمیر

فرید الدین دہلوی: السیف المسلول، دہلی ۱۸۵۰ء

فریدی، نسیم احمد: تذکرہ خواجہ باقی باللہ، لکھنو ۱۹۷۸ء

حکمت، علی اصغر: جامی ترجمہ واضافات عارف نوشاہی، اسلام آباد ۲۰۱۲ء

فوق، محمد دین: سوانحات عمر علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی، لاہور، ۱۹۲۴ء

شبیر احمد خان غوری: تسویہ کی شروح و جروح، مقالہ مشمولہ تصوف برصغیر میں، پٹنہ، ۱۹۹۱ء

Marfat.com

فانی، عطاء حسین: کیفیت العارفین، ۱۳۵۱ھ
صباح الدین عبدالرحمن: بزم تیموریہ، اعظم گڑھ
عبدالحق: چند ہم عصر، کراچی، ۱۹۶۲ء
غلام سرور لاہوری، مفتی: حدیقۃ الاولیاء تحقیق و تعلیق محمد اقبال مجددی، لاہور ۲۰۰۰ء
غلام مصطفی خان: باقیات باقی، حیدرآباد، سندھ (س۔ن)
کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ، لاہور، ۱۳۳۵ھ
قاسمی، دلی کی تاریخی مساجد، دہلی
محمد اسلم: دین الٰہی اور اس کا پس منظر، لاہور ۱۹۷۰ء
ایضاً: تاریخی مقامات، لاہور
محمد اسلم پسروری: فرحۃ الناظرین ترجمہ و حواشی محمد ایوب قادری، کراچی ۱۹۷۲ء
محمد اقبال مجددی: تذکرہ علماء و مشائخ پاکستان و ہند، لاہور ۲۰۱۳ء
محمد ہاشم کشمی: نسمات القدس ترجمہ محبوب واسطی، سیالکوٹ ۱۴۱۰ء
محمد عمر اخوند: ریاض الانوار، دہلی ۱۳۰۱۔۱۳۰۴ھ
محمد سعید احمد مارہروی: آثار اکبری یعنی تاریخ فتح پور سیکری، ۱۳۱۳ھ
محمد سعید، میاں: تذکرہ مشائخ شریف ہند جونپور، لاہور ۱۹۸۵ء
محمود احمد عباسی: تاریخ امروہہ، امروہہ ۱۹۳۲ء
منظور نعمانی (مرتب) تذکرہ مجدد الف ثانی، لکھنو
نجیب اشرف ندوی: مقدمہ رقعات عالمگیر، اعظم گڑھ (س۔ن)
سرور احمد زئی، ڈاکٹر غلام مصطفی خان، حیدرآباد، سندھ.
نظامی، خلیق احمد، حیات شیخ عبدالحق، محدث دہلی ۱۹۵۳ء

Marfat.com

عبدالوہاب تذکرہ علاہ شیخ محمد بن طاہر محدث پٹنی، ترجمہ ابوظفر ندوی، دہلی، ۱۹۵۴ء

European Sources

Abul-Fazl Allami: Ain-i-Akbari, Tran, Vol-I by H. Blochmann, II, III by H.S. Jarret, rept. Delhi 1984, Akbar Nama, Trans. H. Beveridge, Calcutta, 1939.

Afonso, J.C: Letles from the Mughal Court (First Jesuit Mission to Akbar), Bombay, 1980.

Ambashthya: B.P (ed) Contributions on Akbar and the parris, Patna, 1976.

Anayat Khan: Shah Jahan Nama, trans. Fuller, ed. W.E.Begley and Z.A. Desai, Dehli, 1990.

Athar Ali: Apparatus of Empire, Dehli, 1985.

Ibid: Mughal India, ed. Irfan Habib, Dehli 2006.

Alger, Hamid: Reflection of Ibin-i-Arabi in Early Naqsbandi tradition, J.f Muhyiddin Ibin Arabi Society, 10 (1991)

Bani Prasad: History of Jahangir, Allahabad, 1940

Marfat.com

Barthold W: Turkistan down to the Mongol Invasion, Combridge,

Buehler, A. F: Sufi Heirs of the Prophet (Indian Naqshbandiyya and the Mediating Shaykh Columbia, 1998.

Chawla, J. K: Ajodhan in 13th and 14th centuries (Panjab History conference, 30th session 1998).

Farid Bhakari: Zakhiraht ul Khawanin trans. Z. A: Desai.

Ethe, H: Catalogue of Persian Manuscripts in the library of India Office, Oxford, 1903-37

Fauzia, Z, A: Abdul Qadir Badauni, as a man and Historioqrapher, Delhi, 1987.

Friedmann, Yohanan: Shaykh Ahmad Sirhindi, (an outline of his thought .....) Montreal, 1971.

Fauja Singh (ed): Sirhindi through the Ages, Patiala, 1972.

Haar, Ten, J.G: Follower and Heir of Prophet, Sh. Ahmad Sirhindi, Leiden, 1992.

Iqtidar Alam Khan (ed): Akbar and his age, Dehli, 1999.

Irfan Habib (ed): Akbar and his India, Delhi, 2005

Du Jarric, Father: Akbar and the jesuits, trans. C.H. Payme, Delhi 1990.

Marfat.com

Khan, A.D: History of the Sadarat in Medieval India, Delhi, 1998.

Krishnamurti, R: Akbar, The Religious Aspect, Baroda, 1961

Maclagan, E: The Jesuits and the great Mughals, Delhi, 1990.

Monserrate, S.J: The Commentary of Father Monoserrate, trans by J. S. Holyland, Delhi, 1992.

Mukhia, Harbans: Historions and Historiography during the reign of Akbar, Delhi, 1976.

Nizami, K. A: Akbar and Religion, Delhi, 1989.

Ibid: Naqshbandi influence on Mughal Rulers and Politics, Islamic Culture, H. Deccan, Vol. 39 No.1 Jan 1965

Ibid: Shattari Saints and their attritude towards the state, medieval India, Aligarh, Vol.1 No.2. Oct. 1950

Ibid: Life and Times of Sh. Farid-ud-din Ganj-i-Shakar, Aligarh, 1955

Qamaruddin: Mehdavi Movement in India, Delhi, 1985.

Qurashi, I. H: Akbar, The Founder of Mughal Empire, Karachi, 1979.

Marfat.com

Rafat, M. B: Religious and Quasi-Religious departments of Mughal period, Delhi 1984.

Rieu, C: Catalogue of Persion manuscripts in the British Museum, London, 1879-95

Rizvi, S. A. A: Muslim Revivalist movements in Northen India, Agra, 1965.

Ibid: Religious and Intilectual History of the Muslims in Akbar's reign, Delhi, 1975.

Ibid: History of Sufism in India, Delhi, 1986.

Sakseena, B.P: History of Shah Jahan of Delhi, Allahabad, 1932.

Sharma, K: Bhakti and the Bhakti Movement, Delhi, 1987.

Sharma, S. R: Religious policy of the Mughal Emperors, Lahore, 1975.

Siddiqui, I.H(ed): Medival India, Delhi, 2003

Ibid: Nuqtavi thinkers at the Mughal Court, A study of their impact on Akber's religious and political Idias.
(Medieval India, Essays in Diplomacy and Culture, ed. by I. H. Siddiqui) Dehli, 2009

Marfat.com

Smith, V. A: Akbar the great Mughal, Delhi, 1967.

Storey, C. A: Persian literature, London, 1970.

Tara Chand: Influence of Islam on Indian culture, Lahore, 1979.

Triminghum: J. S. Sufi Qrders in Islam, Oxford, 1971.

Parihar: History and Archetctural remians of Sirhind, Delhi.

Muhammad Saeed Mian: Sharqi Sultanate of Jaunpur, Karachi.

Muhammad Habib: Politics and Society in Medieval India (ed) K. A: Nizami, Dehli.

Nath, R: History of Sultanate Archetecture, Dehli.

Thackston: Jahangir Nama, Oxford

Chakrabarty, P: Anglo-Mughal commercial relations, Delhi

Arasaratnam, S: Merchants, companies and the commerce on coromandel coast Delhi

Shajauddin: Life and times of Noor Jahan, Lahore

Findly, E. B: Nurjahan, Karachi,

Yar Muhamamd Khan: Dccean policy of the Mughals, Lahore

Zafar Hasan: Monaments of Delhi, Delhi

Marfat.com

Ejaz Hussain: Bengal Sultanate, Politics, Economy and Coins (1205-1576) Delhi, 2003

Guerreiro, Fernao: Jahangir and the Jesuits, Trans. by C. H: Payne, Delhi, 1997.

Iraqi, Shahbuddin (ed): Medieval India (2) Essays in Medieval Indian History and culture, Delhi, 2008

Bhadani, B.H(ed): Medieval India (3) Delhi, 2012

Page, J. A: A Memoir on Kotla Firozshah, Delhi, 1999.

Marfat.com

فہرست عکسیات مشمولہ تذکرۂ خواجہ حسام الدین احمد

۱۔ سمرقند، احاطہ مزار حضرت خواجہ عبیداللہ احرار (تصویر بشکریہ ڈاکٹر عارف نوشاہی)

۲۔ سمرقند، لوح مزار خواجہ احرار (تصویر: ڈاکٹر نوشاہی)

۳۔ اسفرار، مسجد مولانا درویش محمد نقشبندی (تصویر: ڈاکٹر نجدت طوسون)

۴۔ اسفرار، مزار مولانا درویش محمد نقشبندی (تصویر: ڈاکٹر نجدت طوسون)

۵۔ امکنہ (سمرقند)، مسجد مولانا خواجگی امکنگی (تصویر: ڈاکٹر نجدت طوسون)

۶۔ امکنہ، مزار حضرت مولانا خواجگی امکنگی (تصویر: ڈاکٹر نجدت طوسون)

۷۔ دہلی، جامع مسجد فیروز شاہ تغلق، جسے حضرت خواجہ باقی باللہ نے دعوت وارشاد کا مرکز بنایا، کا صدر دروازہ (تصویر از نور علی نور)

۸۔ دہلی، جامع مسجد فیروز شاہ تغلق کے آثار، جہاں حضرت مجدد الف ثانی نے حاضر ہو کر حضرت خواجہ سے فیض پایا۔ (تصویر از نور علی نور)

۹۔ دہلی، جامع مسجد فیروز شاہ تغلق کے آثار (تصویر، محکمہ آثار قدیمہ، دہلی ۱۹۳۶)

۱۰۔ دہلی قلعہ فیروز شاہ تغلق، جہاں حضرت خواجہ نے خلافت یاب ہو کر قیام فرمایا، (تصویر، محکمہ آثار قدیمہ، دہلی)

۱۱۔ دہلی، مزار حضرت خواجہ باقی اللہ

۱۲۔ دہلی، مزار حضرت خواجہ حسام الدین احمد (احاطہ مزارات حضرت خواجہ)

۱۳۔ دہلی، مزار مولف زاد المعاد خواجہ کلاں (احاطہ مزارات حضرت خواجہ)

۱۴۔ دہلی، مزار حضرت عبداللہ ملقب بہ خواجہ خرد (احاطہ مزارات حضرت خواجہ)

۱۵۔ زاد المعاد، خطی نسخہ انڈیا آفس لائبریری، لندن کا آخری ورق

Marfat.com

۱۶۔ زادالمعاد، خطی نسخہ انڈیا آفس لائبریری کے آخری ورق پر تملیکی تحریر

۱۷۔ زادالمعاد، خطی نسخہ انڈیا آفس، لندن کے پہلے زائد ورق پر تحریریں

۱۸۔ زادالمعاد، خطی نسخہ انڈیا آفس لائبریری، لندن کا پہلا ورق

۱۹۔ زادالمعاد، خطی نسخہ خیر پور پبلک لائبریری، سندھ، کا پہلا ورق

۲۰۔ مبلغ الرجال مولفہ خواجہ کلاں، آخری ورق

Marfat.com

محمد اقبال مجددی

(مرتب کتاب حاضر)

تذکرۂ خواجہ حسام الدین احمدؒ، حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ کے فرزند خواجہ کلاں کی تالیف زادالمعاد کا اردو ترجمہ ہے، اس کے بزرگ مولف کے حضرت خواجگی تمام خلفاء سے روابط تھے، اس میں ان کی درج کردہ روایات کے یہی حضرات براہ راست راوی ہیں، اس تذکرہ کی تمام تر معلومات پہلی مرتبہ علمی وروحانی دنیا کے سامنے آرہی ہیں۔اس کی جلد اول میں نقشبندی مشائخ کی تحریک احیاء دین، حضرت خواجہ باقی باللہ، خواجہ حسام الدین احمد اور دیگر حضرات کے تحقیقی احوال ہیں، جلد دوم اس کتاب کا اردو ترجمہ ہے، جلد سوم میں زادالمعاد کا فارسی متن شامل ہے جو پہلی بار شائع کیا جارہا ہے اور جلد چہارم اس کے متن کی توضیحات پر مشتمل ہے۔

اس گرانبہا کتاب کے مرتب محمد اقبال مجددی بیس تحقیقی کتابوں کے مولف ومرتب کی حیثیت سے معروف ہیں، جن میں سے مقامات مظہری، مقامات معصومی، حسنات الحرمین، احوال وآثار عبداللہ خویشگی قصوری، حدیقۃ الاولیائ، لطائف المدینہ، احوال مشائخ کبار، رسائل در دفاع حضرت مجدد الف ثانی اور تذکرۂ علماء ومشائخ پاکستان وہند بہت مشہور ہیں۔ان کے تقریباً ایک ہزار تحقیقی مقالات بھی دنیا کے موقر رسائل میں چھپ چکے ہیں۔

Marfat.com



۱۔ سمرقند، احاطہ مزار حضرت خواجہ عبیداللہ احرار (تصویر بشکریہ ڈاکٹر عارف نوشاہی)

Marfat.com



۲۔ سمرقند، لوح مزار خواجہ احرار (تصویر: ڈاکٹر نوشاہی)

Marfat.com

۳۔ اسفرار، مسجد مولانا درویش محمد نقشبندی (تصویر: ڈاکٹر نجدت طوسون)

Marfat.com

۴۔ اسفزار، مزار مولانا درویش محمد نقشبندی (تصویر: ڈاکٹر نجدت طوسون)

Marfat.com



۵۔ امکنہ (سمرقند)، مسجد مولانا خواجگی امکنگی (تصویر: ڈاکٹر نجدت طوسون)

Marfat.com



٦۔ امکنہ، مزار حضرت مولانا خواجگی امکنگی (تصویر: ڈاکٹر نجدت طوسون)

Marfat.com



۷۔ دہلی، جامع مسجد فیروز شاہ تغلق، جسے حضرت خواجہ باقی باللہ نے دعوت وارشاد کا مرکز بنایا، کا صدر دروازہ (تصویر از نور علی نور)

Marfat.com



۸۔ دہلی، جامع مسجد فیروز شاہ تغلق کے آثار، جہاں حضرت مجدد الف ثانی نے حاضر ہو کر
حضرت خواجہ سے فیض پایا۔ (تصویر از نور علی نور)

Marfat.com



۹۔ دہلی، جامع مسجد فیروز شاہ تغلق کے آثار (تصویر، محکمہ آثار قدیمہ، دہلی ۱۹۳۶)

Marfat.com

Plate II



۱۰۔ دہلی قلعہ فیروز شاہ تغلق، جہاں حضرت خواجہ نے خلافت یاب ہوکر قیام فرمایا، (تصویر، محکمہ آثار قدیمہ، دہلی)

Marfat.com



۱۱۔ دہلی، مزار حضرت خواجہ باقی اللہ

Marfat.com

۱۲۔ دہلی، مزار حضرت خواجہ حسام الدین احمد
(احاطہ مزارات حضرت خواجہ)

Marfat.com



۱۳۔ دہلی، مزار مولف زاد المعاد خواجہ کلاں
(احاطہ مزارات حضرت خواجہ)

Marfat.com



۱۴۔ دہلی، مزار حضرت عبداللہ ملقب بہ خواجہ خرد
(احاطہ مزارات حضرت خواجہ)

Marfat.com



۱۵۔ زادالمعاد، خطی نسخہ انڈیا آفس لائبریری، لندن کا آخری ورق

Marfat.com

۱۶۔ زادالمعاد، خطی نسخہ انڈیا آفس لائبریری کے آخری ورق پر تملیکی تحریر

Marfat.com

CMYK-SCAN ZONE 23-09-13

۱۷۔ زادالمعاد، خطی نسخہ انڈیا آفس، لندن کے پہلے زائد ورق پر تحریریں

Marfat.com



۱۸۔ زادالمعاد، خطی نسخہ انڈیا آفس لائبریری، لندن کا پہلا ورق

Marfat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

التحیات للہ والصلوٰۃ والطیبات والسلام علیک
ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین
اشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشہد ان
محمدا عبدہ ورسولہ یا خداوندی کہ ما ... بجز ان ...
... در معرض طاعت وعبادت خویش داشتہ
گناہکاری و نافرمان برداری ہای ہزاران ...
... نمایدہ افضال خویش برای ما ...
اورا سبحانہ کہ از صنعت ...

۱۹۔ زادالمعاد، خطی نسخہ خیر پور پبلک لائبریری، سندھ، کا پہلا ورق

Marfat.com

فرغت من تسويد هذه [illegible] ضحوة يوم الثلثاء عاشر

جمادی الاولی ۱۰۶۰ سنة ستين بعد الالف اللهم

تقبل منی هذا العمل اليسير والكلام [illegible] بما يليق القبول

عند الخبير البصير بحرمة حبيبك محمد هاشمی القدير

النبی عليه الصلوة والسلام وعلی آله

[illegible] والعشرة وعلی اصحابه [illegible] الی

يوم [illegible] بالاجابت

[illegible] وآخر دعوانا ان الحمد لله رب

العالمين والسلام علی [illegible]

[illegible] الصالحين [illegible]

[illegible]

۲۰۔ مبلغ الرجال مولفہ خواجہ کلاں، آخری ورق

Marfat.com

تذکرۂ خواجہ حسام الدین احمد

خلیفۂ حضرت خواجہ باقی باللہ نقشبندی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

زاد المعاد

جلد سوم

تالیف

خواجہ عبید اللہ ملقب بہ خواجہ کلاں بن حضرت خواجہ باقی باللہؒ

تحقیق و تقابل

محمد اقبال مجددی

تنظیم الاسلام پبلیکیشنز
121- بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ
پاکستان ☎:+92-55-3841160

Marfat.com